# صحائفِ مرشدیہ

(مکتوبات شریف خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد قدس سرہٗ)


تدوین و ترتیب:

**محمد نذیر رانجھا**

Marfat.com

216362
DATA ENTERED

# صحائفِ مرشدیہ

(مکتوبات شریف خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد قدس سرہٗ)

مقدمہ

سیّدنا حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب مدظلہم العالی

تدوین و ترتیب:

محمد نذیر رانجھا

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ
کندیاں، ضلع میانوالی

الفتح پبلی کیشنز
راولپنڈی

Marfat.com

©
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ
اشاعت اوّل ۲۰۱۳ء

صحائفِ مرشدیہ/ (مرتب) محمد نذیر رانجھا۔
راولپنڈی: الفتح پبلی کیشنز، ۲۰۱۳ء
۶۵۳ ص

Sahaaif e Murshadiya/ (comp.) Muhammad Nazir Ranjha.-
Rawalpindi: Al-Fath Publications, 2013
653 pp.
ISBN 978-969-9400-36-0

خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ
- + 92 300 609 1121
- کندیاں، ضلع میانوالی

الفتح پبلی کیشنز
- + 92 322 517 7413
- alfathpublications@gmail.com

*distributor*

**VPrint Book Productions**

- + 92 51 581 4796
- + 92 300 519 2543
- vprint.vp@gmail.com
- www.vprint.com.pk

A-392، گلی نمبر A-5، لین نمبر 5، گریز ہاؤسنگ سکیم-2، راولپنڈی

Marfat.com

# انتساب

بہ نامِ نامی قطبِ عالم زبدۃ العارفین وقدوۃ الکاملین شیخ المشائخ خواجہ خواجگان مخدوم زمان سیّدنا ومرشدنا ومخدومنا حضرت مولانا ابوالخلیل خان محمد نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں، ضلع میانوالی:

تا جان دارم در غمت آویزم    تا اشک بود بر سرِ کویت ریزم
چون صبح قیامت بدمد با عشقت    از خاکِ درت نعرہ زنان برخیزم
مرشد مہربان چنیں باید    تا درِ فیض زود بکشاید
آنکہ بہ تبریز دید یک نظر شمس دین    سخرہ کند بر دھہ طعنہ زند بر چلہ

اور

بہ نامِ نامی آفتابِ آسمانِ ولایت، ملجا و ماویٰ نیاز مندان، فیض مآب وعالی مراتب سیّدنا ومرشدنا ومخدومنا حضرت مولانا خواجہ ابوالسعد خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں، ضلع میانوالی:

اے دادہ رخِ تو ماہ را زیبائی    خاکِ قدم تو دیدہ را بینائی
در خدمتِ تو جان ودل ودیدہ وتن    می در بازم اگر قبول بنمائی
اگرچہ طاقت یک گردش نگاہم نیست    خدا کند ہمہ نازش بجان من باشد
یک چشم زدن غافل ازان ماہ نباشی    شاید کہ نگاہے کند آگاہ نباشی

Marfat.com

# نذرانۂ عقیدت

## بحضور خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب قدس سرہٗ

چہرے کی چمک صبحِ درخشاں کی طرح ہے
آنکھوں کی دمک شمعِ شبستاں کی طرح ہے

سجدوں کے نشانات سے روشن ہے جبین، اور
کھلتا ہوا ہر لب گل خنداں کی طرح ہے

کہتے ہیں جسے ختم نبوت کا سپاہی
باطل ہو مقابل تو یہ طوفاں کی طرح ہے

ناموس صحابہؓ پہ کرے جان بھی قربان
جھوٹوں کے لیے شعلہ بداماں کی طرح ہے

کوشش ہے کہ ہر کام ہو سنت کے مطابق
اس دور میں اللہ کے برہاں کی طرح ہے

دیکھے جو اسے، اُس کو خدا یاد ہے آتا
طالب کے لیے سایۂ یزداں کی طرح ہے

سلسلہ ہے چلا خان محمدؒ کا نبیؐ سے
اور ہر کڑی اس کی ماہ تاباں کی طرح ہے

مقبول زمانے میں ہے یہ سلسلۂ عالی
نام اس میں مجددؒ کا نگہباں کی طرح ہے

جب ہاتھ دیا ہاتھ میں ان کے، نہ رہا پھر
یہ شکوہ کہ دل خانۂ ویراں کی طرح ہے

آفاق شریعت ہو کہ آفاق طریقت
چمکے یہ وہیں نیر تاباں کی طرح ہے

اقبال کرے پیش تجھے ہدیۂ تبریک
سرور ہیں اگر آپ یہ درباں کی طرح ہے

قربان ہے راسخ بھی دل و جان سے اس پر
اس دور میں جو مظہر جاناںؒ کی طرح ہے

Marfat.com

# فہرست


مقدمہ حضرت مولانا خواجہ ابوالسعد خلیل احمد صاحب مدظلہم اللہ العالی 9
عرضِ مرتّب محمد نذیر رانجھا 19

۱. مولانا قاضی احسان احمد صاحب (مبلغ کراچی) ۲۵
۲. مولانا مفتی حکیم احمد حسن قریشی رحمۃ اللہ علیہ، بھوئی گاڑ ۲۵
۳. حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب، ملتان ۲۶
۴. حضرت مولانا ایاز احمد حقانی صاحب، پشاور ۲۶
۵. محترمہ بشریٰ تبسم، حسن ابدال ۲۷
۶. محترمہ بیگم صاحبہ فضل حسین چوہان صاحب، ملتان ۲۷
۷. حضرت مولانا تاج محمودؒ، فیصل آباد ۳۴
۸. مولانا جلال الدین صاحبؒ، بھیرہ، ضلع سرگودھا ۳۶
۹. ملک حاکم خان صاحب، خانقاہ سراجیہ ۴۵
۱۰. حضرت مولانا سیّد حامد میاںؒ، لاہور ۴۵
۱۱. رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ، ملتان ۴۸
۱۲. مولانا حسین احمد قریشی صاحب، بھوئی گاڑ ۵۰
۱۳. خاور محمود صاحب، مورگاہ، راولپنڈی ۵۴
۱۴. حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ ۵۸
۱۵. عزیزہ رضیہ صاحبہ ۷۳
۱۶. ریاض حسین صاحب ۷۴
۱۷. پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر، لاہور ۷۵
۱۸. ساجد اعوان صاحب، ایبٹ آباد ۷۸
۱۹. مولانا قاضی سراج الحق نعمانی صاحب، نوشہرہ صدر، خیبر پختونخوا ۸۰
۲۰. شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہٗ، کراچی ۸۳
۲۱. شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہٗ، اکوڑہ خٹک ۸۵


Marfat.com

۲۲. قاضی شمس الدین احمد قریشی صاحب، بھوئی گاڑ ۹۱
۲۳. ملک صغیر احمد صاحب، مانسہرہ ۹۲
۲۴. حضرت صاحبزادہ طارق محمودؒ، فیصل آباد ۹۲
۲۵. شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحقؒ، اکوڑہ خٹک ۹۳
۲۶. حضرت مولانا عبد الحکیم ہزارویؒ، راولپنڈی ۹۷
۲۷. حضرت مولانا صوفی عبد الحمید خان سواتیؒ، گوجرانوالہ ۹۹
۲۸. حضرت مولانا عبد الخالق بھتر الویؒ، راولپنڈی ۹۹
۲۹. حافظ عبد الرحمٰن بن محمد یعقوب صاحب، سرگودھا ۱۰۱
۳۰. مولانا حافظ عبد الرحمٰن علوی صاحب، راولپنڈی ۱۰۶
۳۱. حکیم قاری عبد الرحمٰن صاحب، راولپنڈی ۱۰۸
۳۲. عبد الرحمٰن صاحب ۱۱۱
۳۳. مولانا عبد الرحیم اشعرؒ، ملتان ۱۱۱
۳۴. حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق سکندر صاحب ۱۱۹
۳۵. حافظ عبد الرؤف راسخ صاحب، راولپنڈی ۱۲۰
۳۶. عبد الستار صاحب ۱۲۰
۳۷. حضرت مولانا سیّد مفتی عبد الشکور ترمذیؒ، ساہیوال ۱۲۱
۳۸. ڈاکٹر عبد الشکور عظیم صاحب، کوٹ اڈو ۱۲۳
۳۹. حضرت مولانا عبد الغفور مدظلہم العالی، ٹیکسلا ۱۲۳
۴۰. شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد المجید لدھیانوی صاحب مدظلہٗ، ملتان ۱۳۵
۴۱. عبد المجید خان صاحب ۱۳۶
۴۲. حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ ۱۳۷
۴۳. حضرت مولانا عزیز الرحمٰن خورشید علوی صاحب، ملکوال ۱۷۹
۴۴. مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہٗ، ملتان ۱۸۸
۴۵. حضرت مولانا مفتی عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہٗ، ڈیرہ اسماعیل خان ۱۸۹
۴۶. عقیل احمد کلیار صاحب، چنیوٹ ۱۹۰
۴۷. مولانا حافظ غلام حیدر صاحب، اسلام آباد ۱۹۲
۴۸. حضرت ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خانؒ، حیدر آباد ۱۹۲
۴۹. مولانا غلام یٰسین صاحب، سکھر ۱۹۳


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۵۰. | پروفیسر حافظ فتح شاہ ہاشمی صاحب، تلہ گنگ | ۱۹۸ |
| ۵۱. | حضرت مولانا فضل المولیٰ صاحب، کوئٹہ | ۲۰۸ |
| ۵۲. | فضل حسین چوہان صاحب، ملتان | ۲۱۰ |
| ۵۳. | حضرت مولانا فضل محمدؒ، بہاولنگر | ۲۱۱ |
| ۵۴. | جناب سردار فضل محمود خان خاکوانی مرحوم، ملتان | ۲۱۴ |
| ۵۵. | حضرت مولانا گل حبیب صاحب مدظلہم العالی، کوئٹہ | ۳۵۷ |
| ۵۶. | ملک مبارک علی صاحب | ۳۶۴ |
| ۵۷. | رانا محمد اختر | ۳۶۷ |
| ۵۸. | حضرت مولانا محمد اعلیٰؒ، کراچی | ۳۶۷ |
| ۵۹. | محمد اکرم خان صاحب | ۳۶۸ |
| ۶۰. | محمد اکرم عاصم صاحب | ۳۶۹ |
| ۶۱. | حضرت مولانا قاری محمد امین رحمۃ اللہ علیہ، راولپنڈی | ۳۷۴ |
| ۶۲. | صاحبزادہ محمد حامد سراج صاحب، خانقاہ سراجیہ | ۳۷۷ |
| ۶۳. | حضرت مولانا حافظ محمد داؤدؒ | ۳۸۳ |
| ۶۴. | حضرت شیخ محمد راشد صاحب | ۳۸۴ |
| ۶۵. | مولانا قاری محمد رزین (زرین) صاحب، راولپنڈی | ۳۸۵ |
| ۶۶. | حضرت مولانا حافظ محمد رمضان علویؒ، راولپنڈی | ۴۳۵ |
| ۶۷. | صوفی محمد ریاض الحسن گنگوہی صاحب | ۴۴۹ |
| ۶۸. | حافظ محمد زاہد صاحب، خانقاہ سراجیہ | ۴۵۰ |
| ۶۹. | محمد سلیم صاحب | ۴۵۳ |
| ۷۰. | مولانا محمد شریف جالندھریؒ، ملتان | ۴۵۴ |
| ۷۱. | شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب مدظلہ، سرگودھا | ۴۵۵ |
| ۷۲. | محمد ظہور صاحب، مانسہرہ | ۴۶۳ |
| ۷۳. | صاحبزادہ محمد عارف صاحب، خانقاہ سراجیہ | ۴۶۹ |
| ۷۴. | حضرت مولانا محمد عبداللہ خالدؒ، مانسہرہ | ۴۷۰ |
| ۷۵. | مولانا محمد عطاء الحق قلبی صاحب، حاجی شاہ، اٹک | ۵۱۳ |
| ۷۶. | محمد فاروق صاحب، راولپنڈی | ۵۱۴ |
| ۷۷. | حضرت مولانا محمد قاسم قاسمی صاحب، بہاولنگر | ۵۱۵ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۷۸. | محمد منظور وٹو صاحب، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب، لاہور | ۵۱۵ |
| ۷۹. | محمد نذیر رانجھا صاحب، راولپنڈی | ۵۱۵ |
| ۸۰. | محمد نعمان احمد صاحب، ٹیکسلا | ۵۱۸ |
| ۸۱. | ملک محمد نعیم صاحب، خانقاہ سراجیہ | ۵۱۹ |
| ۸۲. | مولانا محمد یار فاروقی صاحب، کراچی | ۵۲۰ |
| ۸۳. | حاجی محمد یعقوب صاحب، اسلام آباد | ۵۲۶ |
| ۸۴. | شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، کراچی | ۵۲۶ |
| ۸۵. | ملک محمود اقبال صاحب، خانقاہ سراجیہ | ۵۲۶ |
| ۸۶. | مختار احمد صاحب | ۵۲۸ |
| ۸۷. | ڈاکٹر مطیع الرحمٰن صاحب، لاہور | ۵۳۰ |
| ۸۸. | معین اللہ جان صاحب، لکی مروت | ۵۳۱ |
| ۸۹. | حضرت مفتی صاحب | ۵۳۱ |
| ۹۰. | محترمہ منور جہاں | ۵۳۴ |
| ۹۱. | حضرت مولانا نثار احمد الحسینی صاحب مدظلہٗ، حضرو | ۵۳۴ |
| ۹۲. | حضرت صاحبزادہ نجیب احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ | ۵۳۵ |
| ۹۳. | حافظ نذیر احمد نقشبندی مجددی صاحب، گوجرانوالہ | ۵۳۶ |
| ۹۴. | مولانا حافظ نذیر احمد صاحب، کندیاں، ضلع میانوالی | ۵۷۴ |
| ۹۵. | حضرت مولانا نذیر احمد رحمانی صاحب، لودھراں | ۵۸۸ |
| ۹۶. | راجہ نور محمد نظامی صاحب، بھوئی گاڑ | ۵۹۱ |
| ۹۷. | حضرت مفتی وقار الحق عثمان صاحب، مانسہرہ | ۵۹۲ |
| ۹۸. | محترمہ ہمشیرہ صاحبہ (شوکت صاحب)، ملتان | ۵۹۳ |
| ۹۹. | تنظیم فکر ولی اللّٰہی کے متعلق حضرت اقدس کا مکتوب | ۶۱۲ |
| ۱۰۰. | دورۂ حدیث پاک کے طلبہ کے نام | ۶۱۲ |
| ۱۰۱. | علمائے کرام | ۶۱۲ |
| ۱۰۲. | جناب فاروق ایچ نائیک چیئرمین سینٹ و محترمہ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا صاحبہ اسپیکر قومی اسمبلی و جناب بابر اعوان وفاقی وزیر قانون و دیگر جملہ اراکین پارلیمنٹ | ۶۱۳ |
| ۱۰۳. | مدیر ماہنامہ "شمس الاسلام"، بھیرہ، ضلع سرگودھا | [illegible] |
| ۱۰۴. | وفاق المدارس کی عاملہ کے ممبران کے نام | ۶۱۹ |


Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# مقدمہ

## مصاحفِ مرشدی نوَّرَ اللّٰہُ مَرۡقَدَہٗ

### تصوف وطریقت

تصوف وطریقت شریعت غرّا سے علیحدہ کوئی شے نہیں، بلکہ اِس کے تابع ہے، اور اِس کا اثر متشرع ومبتدین انسان کے باطن میں مغزِ اخلاص پیدا کرنا اور اُس کے ظاہر پر سنت خیر الوریٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو حسنِ صورت وسیرت کے ساتھ بسانا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شریعت کے بغیر محض تصوف وطریقت کسی حیثیت کے حامل نہیں۔ چنانچہ امام دار الہجرۃ حضرت امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

مَنْ تَصَوَّفَ وَلَمْ يَتَفَقَّه فَقَدْ تَزَنْدَقَ وَمَنْ تَفَقَّهَ وَلَمْ يَتَصَوَّف فَقَدْ تفسق وَمَنْ جَمَعَ بَيْنَهُمَا فَقَدْ تَحَقَّقَ. (اشعۃ، ج ۱، ص ۴۵)

### شانِ مرکزیت

حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم شریعت وطریقت ہر دونوں کے جامع تھے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسّلام بیک وقت معلّم بھی تھے اور مزکی بھی۔ بعد میں یہ شانِ جامعیت کسی کو حاصل نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرات علماء کرام اور مدارس نے شانِ معلّمیت کو سنبھالا اور حضرات صوفیائے کرام اور خانقاہوں نے شانِ تصوف وطریقت کو سنبھالا۔

### شیخ ومزکی

جس شخصیت نے تزکیہ کی ذمہ داری اٹھائی ہے اور افرادِ اُمت کی اصلاح احوال کو مرکز فکر بنانا ہے، وہ ایسی شخصیت ہو جو درج ذیل علامات واوصاف کی حامل ہو۔ کیونکہ ہر کس وناکس یہ ذمہ داری ادا نہیں کرسکتا۔

Marfat.com

## اوصافِ شیخ

۱۔ ان کا عقیدہ قرآن وسنت کے مطابق ہو، کیونکہ صحیح عقیدہ ہی عبادت کی روح اور قبولیتِ اعمال کی بنیاد ہے۔

۲۔ ضروریاتِ دین کا صحیح علم رکھتا ہو۔ با قاعدہ مستند عالم ہو تو سبحان اللہ، ورنہ علماء حقہ کا صحبت یافتہ ہو۔

۳۔ ورع وتقویٰ جیسے اوصاف سے موصوف ہو۔

۴۔ اتباعِ سنت پر پختگی سے عامل ہو اور بدعات سے کوسوں دور ہو۔

۵۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے غافل نہ ہو۔

۶۔ کسی صاحبِ نسبت شیخ سے ان کو بیعت کرنے کی اجازت ہو۔ بلا اجازتِ شیخ بیعت کرنا خیانت ہے، جیسا کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے مکتوبات شریف میں اس کی تصریح فرمائی ہے۔

پس جو شخص اِن اوصاف کا حامل نہیں، اس کے ہاتھ پر بیعت کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ خود بے راہ روی کا شکار ہے، اوروں کو کیا راہ دکھائے گا۔ افسوس صد بار اَفسوس! بعض داڑھی منڈوانے والے بھی پیری چمکانے کے چکروں میں ہیں اور بعض بدعتی شیخی کی محفل سجانے میں سرگرداں ہیں، شاید بعثت بعد الموت پر یقین کامل نہیں۔ العیاذ باللہ!

## مرید وسالک

شیخ کے ہاتھ پر اِمتثال بالا وامر اور اِجتناب عن النواہی کے عزم سے بیعت طریقت کرنے والے کو مرید کہا جاتا ہے، اور شیخ کے دیے ہوئے اسباق کے مطابق راہِ سلوک طے کرنے والے کو سالک کہا جاتا ہے جو راہِ سلوک طے کرتے کرتے مرتبۂ احسان تک جا پہنچتا ہے۔

## صورِ احسان

احسان کی دو صورتیں ہیں: (۱) سیر الی اللہ، (۲) سیر فی اللہ۔

سیر الی اللہ کا مطلب یہ ہے کہ اے عابد! تو اپنی ہر قسم کی عبادت میں یہ سمجھے کہ حق

Marfat.com

تعالیٰ شانہٗ میری تمام حرکات وسکنات کو دیکھ رہا ہے۔ میں ہر وقت اپنے رب کے سامنے ہوں۔ یہ احسان کا ادنیٰ درجہ ہے جس کو مراقبہ سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔

سیر فی اللہ کا مطلب یہ ہے کہ عابد اپنی تمام حرکات وسکنات میں یہ دھیان رکھے کہ میں اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہوں۔ یہ احسان کا اعلیٰ درجہ ہے جس کو مشاہدہ سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ مشاہدہ سے مراد یہ نہیں کہ عابد اپنی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے، بلکہ مشاہدہ حق تعالیٰ یہ ہے کہ عبادت کرتے وقت کیفیت مشاہدہ کا اس قدر غلبہ ہو کہ عابد کی تمام حرکات وسکنات ادب واحترام سے معمور ہوں۔ حدیث پاک میں احسان کے اِن دونوں درجوں کا بیان ہے۔ چنانچہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا اِرشادِ گرامی ہے، جو آپ علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے حضرت جبرائیل علیہ السّلام کو سوال عن الاحسان کے جواب میں فرمایا تھا:

اَنْ تَعْبُدَاللّٰهَ کَاَنَّکَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ یَرَاکَ.

یعنی: تو اِس طور پر اللہ کی بندگی کرے کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے۔ اگر یہ خیال نہ رہے تو یہ تو رہے کہ اللہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

حدیث میں احسان کے اعلیٰ درجے کو پہلے بیان فرمایا گیا اور ادنیٰ درجے کو بعد میں۔

**برکتِ درجاتِ احسان**

احسان کے انہی درجات کی برکت سے انسان فنا فی اللہ اور بقا باللہ کے مراتب تک پہنچ جاتا ہے۔ یعنی اپنے آپ کو مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کے لیے مٹا اور فنا کر دیتا ہے۔ مُوْتُوْا قَبْلَ مَوْتِکُمْ کا مصداق بن جاتا ہے۔ نہ تن اپنا نہ من، نہ زر اپنی نہ دھن۔ جب اس قدر فنائیت پہ پہنچ جاتا ہے تو اب اُس کو بقا باللہ کا درجہ عطا کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا کان بن جاتے ہیں جس سے یہ سنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی آنکھ بن جاتے ہیں جس سے یہ دیکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ بن جاتے ہیں جس سے یہ پکڑتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ پاؤں بن جاتے ہیں جن سے یہ چلتا ہے۔ چنانچہ اِسی کو حدیث پاک میں یوں فرمایا گیا:

وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّهٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ

Marfat.com

كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ يَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِيْ يُبْصِرُ بِهٖ وَيَدَهُ الَّتِيْ يَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِيْ يَمْشِيْ بِهَا وَاِنْ سَئَالَنِيْ لَاُعْطِيَنَّهُ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَ فِيْ لَاُعِيْذَنَّهُ. (الحدیث)

کیا ہی خوب کہا گیا:

فنا فی اللہ کی تہہ میں بقا کا راز مضمر ہے
جسے مرنا نہیں آتا اسے جینا نہیں آتا

## اوصافِ مرید

۱۔ اخلاص ہو، یعنی اپنے قول وعمل میں صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہی مطلوب ہو۔ اور رضائے الٰہی ایسی دولت ہے کہ جس کے مل جانے سے سب کچھ مل جاتا ہے۔

۲۔ طلبِ صادق ہو۔

۳۔ عزم علی العمل ہو۔

۴۔ اتباعِ سنت لُوں لُوں میں رچی بسی ہونے کی فکر وغم ہو۔

۵۔ عقیدت ومحبت شیخ ہو۔

۶۔ رابطہ مع الشیخ ہو۔

## رابطہ مع الشیخ کی اہمیت

اس سلسلے میں حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ کے مکتوب نمبر ۱۸۷ کی عبارت کا ایک حصہ باترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

بدانند کہ حصول رابطۂ شیخ مرمرید را بے تکلف و بے تعمل علامتِ مناسبت تام است درمیاں پیر و مرید کہ سبب افادہ و استفادہ است و ہیچ طریقے اقرب بوصول از طرق رابطہ نیست۔ (مکتوبات، ج۳، ص۷۴)

ترجمہ: جاننا چاہیے کہ مرید کو تکلف اور بناوٹ کے بغیر اپنے شیخ (پیر) کے ساتھ رابطہ کا حاصل ہونا، پیر و مرید کے درمیان اس کامل مناسبت کی علامت ہے جو اَفادہ و استفادہ (فائدہ پہنچانے اور فائدہ حاصل کرنے) کا

Marfat.com

سبب ہے اور وصول الی اللہ کے لیے رابطے سے زیادہ اقرب ترین طریق کوئی نہیں ہے۔

**رابطہ مع الشیخ کا فائدہ**

اس رابطے کا فائدہ یہ ہوگا کہ ایسا سالک و مرید اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حدود کی حفاظت کرنے والا بن جائے گا اور حفاظتِ حدود دین ہی ہے۔ حدود کا مطلب یہ ہے کہ کون سا کام کس حد تک کرنا ہے کہ اُس حد تک تو دین ہی ہے، اگر اُس سے آگے بڑھ گیا تو فقد ظلم نفسہ کا شکار ہو جائے گا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تعریف میں کہا گیا ہے کہ کان وقافا عند حدود اللہ. یعنی: اللہ تعالیٰ کی حدود کے آگے کھڑے ہونے والے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ کونسا کام کس حد تک کرنا ہے؟ عبادت کس حد تک کرنی ہے؟ بیوی بچوں سے محبت کس حد تک کرنی ہے؟ کسبِ معاش کس حد تک کرنا ہے؟ تحصیلِ علم کس حد تک کرنی ہے؟ جہاد کتنا کرنا ہے؟ تبلیغ کتنی کرنی ہے؟ یہ سب چیزیں حدود کی پابندیاں ہیں۔

شیخ الاسلام محدثِ کبیر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم اپنی کتاب ''انعام الباری شرح بخاری'' (ج ۱، ص ۴۱۰-۴۱۱) میں فرماتے ہیں، یہ نکتہ خدا کرے ذہن نشین ہو جائے کہ دین کی فہم ان حدود کو سمجھے بغیر نہیں آتی اور اِس کے اوپر عمل بغیر صحبت کے حاصل نہیں ہوتا۔ اس لیے کہتے ہیں کہ کسی شیخ سے تعلق قائم کرو۔ یہ پیری مریدی اصل میں اس کام کے لیے ہے۔ یہ وظیفوں کے لیے، خوابوں کی تعبیر معلوم کرنے کے لیے اور کشف و کرامت حاصل کرنے کے لیے نہیں، بلکہ حدود کی حفاظت کے لیے ہے کہ کون سی چیز کس درجہ میں ہو؟ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رحمت عطا فرماوے۔ آمین۔

مقامِ فکر ہے کہ آج مرید دنیاوی کاروبار کی ترقی کے لیے، نوکری کے لیے، جسمانی امراض کے دفعیہ کے لیے اور حصولِ زر و زن کے لیے شیخ سے رابطہ رکھتا ہے۔ لیکن پیری مریدی کی حقیقی غرض کو بھولا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں سمجھ عطا فرماوے۔

**رابطہ مع الشیخ کی صورتیں**

۱۔ صحبتِ شیخ: مرید کو چاہیے کہ با اَدب ہو کر شیخ کی صحبت اختیار کرے۔ سکوت کو لازم

Marfat.com

پکڑے۔ شیخ کی جانب پاؤں دراز نہ کرے۔ اپنے آپ کو فیوض و برکات کا محتاج تصور کر کے بیٹھے اور کوشش کرے کہ شیخ کی صورت و سیرت کا نقش محفوظ کر لے، یہاں تک کہ اپنے شیخ کی صورت و سیرت میں رنگ جائے۔ صحبتِ شیخ رابطے کی بہت قوی صورت ہے۔

۲۔ **خدمتِ شیخ:** شیخ کو راحت رسانی کے لیے جس قدر ہو سکے راحت پہنچانے کی کوشش کرے۔ ان کے دکھ درد کو اپنا دُکھ درد خیال کرے۔ سفر و حضر میں اس ذمہ داری کو اَحسن طریق پر ادا کرے، البتہ خدمت میں مزاجِ شیخ کی رعایت ضرور رکھے۔

۳۔ **انفاق علی الشیخ:** اللہ کے دیے ہوئے طیب مال سے اپنے شیخ کی ضروریات کے لیے خرچ کرے۔ ایسا انفاق زود اثر ہے۔

**واقعہ عجیبہ:** حکیم الاسلام خطیبِ ملت حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نور اللہ مرقدہٗ اپنے خطبات میں ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ اختصاراً اُنہی کی زبانی نقل کیا جاتا ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ اکابر اولیاء اللہ اور بڑے کاملین میں سے ہیں۔ دہلی میں ان کا مزار ہے۔ حضرت مجدد صاحب رحمہ اللہ کے شیوخ میں سے ہیں۔ اُن کے یہاں اتفاق سے مہمان آ گئے اور شیخ کے گھر میں کچھ نہیں تھا۔ کئی دن سے فاقہ ہو رہا تھا۔ حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ پریشان کہ کس طرح مدارات کروں، گھر میں ایک دانہ نہیں، مہمانوں کو کیا کھلاؤں؟ اسی گھبراہٹ میں کبھی گھر میں جاتے ہیں کبھی باہر آتے ہیں۔ پریشان ہیں کہ کس طرح مہمانوں کو کھلاؤں پلاؤں، گھر میں تو ایک دانہ بھی نہیں۔ حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ کے مریدوں میں سے ایک بھٹیارہ، جو کھانے کی دوکان کرتا تھا، آج اسے ہوٹل اور ہوٹل مالک کہتے ہیں، وہ بھٹیارہ سمجھ گیا کہ شیخ کے گھر فاقہ ہے اور کھانے پینے کو کچھ نہیں، مہمانوں کی وجہ سے پریشان ہیں۔ تو فوراً مجلس سے اٹھا۔ اپنی دوکان پر گیا اور عمدہ عمدہ کھانے، جو اُس کے ہاں پکے ہوئے تھے، ان میں سے کھانے لے کر خوان تیار کیا کئی آدمیوں کا اور کئی قسم کا بڑا عمدہ کھانا سر پر رکھ کر لایا اور ہدیہ کے طور پر پیش کیا۔

Marfat.com

حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ بیحد خوش ہوئے۔ مہمانوں کو کھانا کھلایا گیا۔ جب مہمان رخصت ہوئے تو خواجہ صاحب رحمہ اللہ نے جوش میں آ کر بھٹیارے سے فرمایا، مانگ کیا مانگتا ہے؟ بھٹیارے نے کہا، مجھے اپنے جیسا بنا دو۔ اب یہ سوال بہت بھاری تھا، اس میں اتنی استعداد کہاں؟ حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ نے بار بار فرمایا کہ آپ نے اپنے حوصلے سے بڑھ کر درخواست کی ہے، کوئی اور چیز مانگ۔ لیکن وہ اِسی پر ڈٹ گیا۔ اب خواجہ صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا، اُٹھ میرے ساتھ۔ اسے اپنی کوٹھڑی میں لے گئے۔ اندر سے دروازہ بند کیا اور بیٹھ کر اُس کے اوپر توجہ ڈالنی شروع کی، اس کی روح میں تصرف کیا، اس قدر نسبت و کمالات بھر دیے کہ جو چیزیں اپنے اندر تھیں، سب بھر دیں۔ اب کیفیت یہ ہوگئی کہ جو شکل باقی باللہ کی تھی، وہی بھٹیارے کی بن گئی۔ جب باہر نکلے تو لوگوں کو پہچاننا مشکل ہو گیا کہ اصلی باقی باللہ کون ہے اور بھٹیارہ کون۔

(خلاصہ از مکتوبات حکیم الاسلام، ج ۴، ص ۲۱۹-۲۲۲)

بہر حال اس واقعے سے معلوم ہوا کہ انفاق علی الشیخ کی وجہ سے بھی شیخ کی توجہ اپنی جانب پھیری جا سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔

۴۔ **ارسالِ تسلیمات وطلبِ ادعیہ**، یعنی اگر کسی وجہ سے صحبت شیخ میسر نہیں تو وقتاً فوقتاً شیخ کی خدمت میں سلام عرض کرتا رہے اور شیخ سے اپنے لیے دعائیں کرواتا رہے۔ یہ طریقہ بھی انقلابِ احوال کے لیے موثر ہے۔

۵۔ خط کے ذریعے اپنے احوال لکھ کر شیخ کی جانب روانہ کرے، تا کہ شیخ حسبِ احوال اپنے مکتوب کے ذریعے اوراد و وظائف بتائے اور اَمراضِ روحانیہ کا علاج کرے۔ یہ رابطہ بالمکتوب ہے جو شیخ و مرید کے درمیان تعلق کو قائم رکھتا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں؛ (۱) شیخ ابتداً ہی اپنی طرف سے مرید کی جانب مکتوب ارسال کرے اور اس کے مناسبِ حال نصائح و وظائف سے نوازے۔ یہ صورت مرید پر شیخ کی توجہ کامل کا مظہر ہے۔ (۲) مرید اپنی جانب سے خط لکھ کر اپنے مناسب احوال شیخ

Marfat.com

سے نصائح حاصل کرتا ہے، جس کے جواب میں شیخ کی جانب سے مکتوب روانہ کیا جاتا ہے۔ شیخ کی جانب سے مکتوب کی یہ دونوں صورتیں مرید و سالک کے لیے خیر و برکت، عزم و ہمت، استقامت و طمانیت کا باعث ہیں۔ کیونکہ اللہ والوں کے ابدانِ مبارکہ اخلاص سے بھرپور، سنت خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور، رحمت خداوندی کا مرکز و محور اور ظاہر و باطن میں مزکیٰ و مطہر ہوتے ہیں۔ جن کے قول و عمل اور فکر و قلم سے فیوض و برکات کے چشمہ ہائے صافی پھوٹتے ہیں جو قلب و جگر کی بے آباد دُنیا کو ایسا آباد کرتے ہیں کہ ان کو حیاتِ جاودانی مل جاتی ہے۔ اس لیے جہاں ان کے اقوال و افعال کو ضبط کر کے معرضِ تحریر میں لایا جاتا ہے، وہاں ان کے مکاتیبِ مقدسہ کو بھی جمع کر کے کتابی شکل میں شائع کیا جاتا ہے جو رہتی دنیا تک اپنے مقدس نقوش کے ذریعے منبع فیوضات بنے رہیں گے۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَوَّلًا وَّ آخِرًا.

## والد گرامی قدر

سیّدنا و سندنا قبلہ حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہٗ ذواتِ قدسیہ میں سے ایک شخصیت مقدسہ تھے۔ جامع تفقہ و تصوف تھے۔ بلا مبالغہ ہزاروں افراد کے شیخ و مرشد تھے، جنہوں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کر کے اپنی اُجڑی زندگیوں کو سنوارا، اور پریشان و مضطرب قلوب کو سکون دلایا۔ والد گرامی وہ شخصیت مقدسہ تھے جن کی خاموشی میں متانت و وقار، عظمت و رُعب ٹپکتا تھا۔ جن کی گویائی میں معرفتِ خداوندی اور سنتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام کے خوشبودار پھول جھڑتے تھے۔ جن کی دھیمی دھیمی مگر پُر وقار چال سے قیادت و سیادت کے رموز اَفشاں ہوتے تھے۔ جن کی تواضع و عاجزی سے رِفعت کے زینے ملتے تھے۔ جن کی مسند نشینی سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے فیوض و برکات چار دانگ عالم میں موسلا دھار بارش کی طرح برستے تھے۔ جن کی امارت میں تحفظ ختم نبوت نے پوری دنیا میں قادیانی بجوؤں کے خلاف ایک تہلکہ مچا دیا تھا۔ وہ والد گرامی جو لاکھوں فرزندانِ اسلام کے دلوں کی دھڑکن تھے، پون صدی تک توحید خداوندی کے جام بھر بھر کر پلاتے رہے۔ مرکزِ رُشد و ہدایت خانقاہ سراجیہ کی مسند نشینی کا سکہ قلب و جگر پر جماتے رہے۔ اور

Marfat.com

جن کی صلوٰۃ جنازہ ادا کرنے کے لیے زمین نے اپنی فصلوں اور فاصلوں کو سمیٹا۔ سورج کی تپش کے مقابلے میں بادلوں نے اپنا سائبان پھیلایا۔ لاکھوں افرادِ انسانیت نے نڈھال بدن، پُرنم وغم آنکھوں سے شیخ اقدس کی نمازِ جنازہ ادا کی۔ رَحِمَهُ اللّٰهُ رَحْمَةً وَّاسِعَةً دَائِمَةً.

**مصاحفِ والد گرامی قدر**

قبلہ حضرت والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ عالمی شخصیت تھے۔ آپ کے ارادتمند صرف ملکی سطح پر ہی نہ تھے بلکہ عالمی سطح پر تھے۔ پس جس طرح آپ سے قول وعمل کی صورت میں فیوضات جاری ہوئے اُسی طرح آپ کے قلم سے بھی علم ومعارف کے جواہرات صادر ہوئے اور اپنے متوسلین کی طرف ہزاروں مکتوبات روانہ فرمائے جو درسِ توحید وسنت سے مزیّن، اصلاحِ احوال کے لیے اکسیر تھے، جن کے بار بار مطالعے سے قلب سالک کو جِلا ملتی تھی۔

ماشاءاللہ والد گرامی قدر رحمہ اللہ کی تحریر میں فصاحت وبلاغت، مضمون میں تسلسل و ربط بہت جاذب تھا۔ ایک عرصے سے یہ فکر دامن گیر تھی کہ ان پھیلے ہوئے مکاتیب کو یکجا جمع کر کے کتابی شکل میں شائع کیا جائے، تاکہ رہتی دنیا تک حضرت والد گرامی کا یہ فیض سیلِ رواں کی طرح جاری وساری رہے۔ الحمدللہ یہ فکر بارآور ثابت ہوئی کہ حضرت قبلہ نور اللہ مرقدہٗ کے ایک ہزار سے زائد مکاتیب جمع ہوگئے، جو اَب مرکز رُشد وہدایت خانقاہ سراجیہ کی طرف سے کتابی شکل میں ''صحائفِ مرشدیہ'' کے نام سے منظرعام پر لائے جارہے ہیں۔
اللہ تعالیٰ خانقاہ سراجیہ کو اپنے اِرتقائی مقاصد میں کامیاب فرمائے اور والد گرامی نور اللہ مرقدہٗ کے مبارک مصاحف کے فیوض وبرکات کو عام وتام فرمائے، اور انقلابِ احوال کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ
وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ. بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

۱۸رصفر ۱۴۳۴ھ
یکم جنوری ۲۰۱۳ء

فقیر ابوالسعد خلیل احمد عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

# عرضِ مرتّب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَعَلٰی آلِہٖ الۡکِرَامِ وَاَصۡحَابِہٖ الۡعِظَامِ مَنۡ یَّوۡمِنَا ھٰذَا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیَامِ.

اَمَّابَعۡدُ، سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے عظیم روحانی پیشوا، مظہرِ کمالاتِ خفی وجلی حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ مکتوباتِ امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کا درس دے رہے تھے۔ایک جگہ تامّل فرمایا اور حاضرینِ مجلس کی جانب متوجہ ہوئے۔لحہ بھر کے بعد سر مبارک اُٹھا کر ارشاد فرمایا: ''پیر کا عصا پیر کی جگہ!'' بعدازاں مکتوباتِ امام ربانی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ''یہ بھی پیر کی جگہ ہیں۔'' پھر زبان مبارک سے یہ مصرع پڑھا:

ع گفت انسان پارہ انسان بود

(درالمعارف، ص۲۰۴)

اسی طرح ایک دوسرے روز حضرت شاہ صاحب قدس سرہٗ کی مجلس شریف میں مکتوباتِ امام ربانی پڑھے جارہے تھے اور آپ سُن رہے تھے۔اس دوران آپ نے فرمایا کہ ''میں ان مکتوباتِ قدسی سے اس طرح فیض اخذ کرتا ہوں جس طرح کہ مرید اپنے پیروں سے فیض وبرکات حاصل کرتا ہے۔'' (درالمعارف، ص۲۶۴)

جی ہاں! مرشدانِ کامل مکمل، مریدانِ باصفا، عقیدتمندانِ نیازکیش، طالبانِ حق اور رہروانِ جادہ عرفان کے لیے پیرومرشد کے مکاتیبِ شریفہ پیر کی جگہ ہوتے ہیں اور وہ ان کے پڑھنے اور سننے سے یوں فیض اخذ کیا کرتے ہیں جیسے مرید اپنے پیرومرشد سے فیوض و برکات حاصل کرتے ہیں۔ یہ باتیں ہیں جماعتِ مخلصین ومحبوبین اور گروہِ عاشقین و والہین کی:

Marfat.com

قدر گل و مل بادہ پرستاں دانند
نہ خود منشاں و تنگدستاں دانند

مرشدِ عالم قطب الاقطاب شیخ المشائخ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد کے وصال مبارک کے بعد مرشد العلماء والصلحاء، پیشوائے کاروانِ طریقت، شیخ واصلینِ حقیقت، سیّدنا ومرشدنا ومخدومنا حضرت مولانا خواجہ ابوالسعد خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی نے اس ناکارہ جہاں کو آپ کے مکتوبات شریف کی تدوین وترتیب کا حکم فرمایا۔ ناچیز بتوفیقِ الٰہی تعمیلِ ارشاد میں مشغول ہوگیا۔ کام کے آغاز سے لے کر انجام تک حضرتِ اقدس بسط اللہ ظلہم العالی کی نظرِ شفقت، مبارک دعاؤں اور بے انتہا عنایتوں کا برابر ساتھ رہا۔ نیز آپ نے کمال لطف وکرم فرماتے ہوئے اس کتاب کے لیے ایک خوبصورت مقدمہ بھی تحریر فرمادیا ہے۔ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی جَمِیْعِ نِعْمَآئِہٖ.

حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد ۱۹۵۶ء سے ۲۰۱۰ء تک چھپن برس خانقاہ سراجیہ شریف کی مسندِ ارشاد پر جلوہ افروز رہے۔ آپ کے مریدوں اور عقیدتمندوں کی تعداد چار دانگ عالم میں لاکھوں سے متجاوز تھی۔ ''صحائف مرشدیہ'' میں آپ کا قدیم ترین مکتوب شریف بروز جمعۃ المبارک ۹رشعبان ۱۳۶۴ھ/ ۲۰رجولائی ۱۹۴۵ء کا تحریر فرمودہ ہے، جو آپ نے اپنے شیخ معظم حضرت مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی قدس سرہٗ کے سفر سے واپس خانقاہ شریف تشریف فرما ہونے کے بعد مرقوم فرمایا تھا، اور یہ آپ کی سجادہ نشینی سے گیارہ سال پہلے کا ہے۔ اس طرح آپ نے چونسٹھ سال کے طویل عرصہ میں لاکھوں نہیں تو ہزاروں کی تعداد میں ضرور مکتوبات شریف رقم فرمائے ہوں گے۔ ان میں سے آپ کے ۱۰۳۶ رمکتوبات شریف اس کتاب میں شامل ہیں، جو مشتے از خروارے کا مصداق ہیں۔

ان مکتوبات شریف کی فراہمی ودستیابی کا عمل بھی درحقیقت سیّدنا ومرشدنا ومخدومنا حضرت مولانا خواجہ ابوالسعد خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی کی شفقت وعنایت اور دعاؤں کا ثمرہ ہے۔ آپ نے نہ صرف اپنے پاس موجود مکتوبات شریف احقر کے لیے

Marfat.com

بھجوائے، بلکہ خانقاہ شریف کے متوسلین کو فرمایا کہ وہ حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد کے مکتوبات شریف بھیجیں۔ اس طرح اس کتاب کی تدوین و ترتیب یا تکمیل کی توفیق ارزانی ہونے میں اس پُرتقصیر کا ہرگز کوئی کمال نہیں، یہ تو محض فضلِ الٰہی اور حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد اور سیّدنا و مرشدنا و مخدومنا حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی کے فیضِ عالیہ اور نظرِ شفقت و عنایت کا ثمرہ ہے:

من ہیچ و کم ز ہیچ ہم بسیارے
و ز ہیچ کم از ہیچ نیاید کارے

جن حضرات نے اپنے یا عزیزوں اور قرب و جوار کے صاحبان کے نام حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد کے مکتوبات شریف اس ناچیز کو فراہم فرمائے، احقر اُن سب کا تہِ دل سے شکر گزار ہے، بالخصوص محترمانِ گرامی قدر: جناب صاحبزادہ محمد حامد سراج، جناب حاجی محمد یعقوب، جناب مولانا قاری محمد زرین، جناب مولانا حافظ عبدالرحمٰن علوی، جناب حکیم قاری عبدالرحمٰن، جناب مولانا قاری عبدالرحمٰن ضیاء، جناب مولانا قاری محمد اخلاق مدنی، جناب مولانا عزیز الرحمٰن خورشید علوی، جناب مولانا حسین احمد قریشی، جناب راجہ نور محمد نظامی، جناب پروفیسر فتح شاہ ہاشمی اور جناب ڈاکٹر زاہد منیر عامر، جنہوں نے حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد سے اپنی بے پناہ مخلصانہ عقیدت و محبت اور وابستگی کا عملی و مثالی ثبوت پیش کیا۔ نیز برادر گرامی محمد بشیر رانجھا اور جناب محمد صفدر ملک، جنہوں نے اس کتاب کی کمپوزنگ و تیاری میں کمال محنت و لگن کا مظاہرہ فرمایا ہے۔ جَزَاهُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

ان مکتوبات شریف میں جہاں اہلِ ایمان کے عقائد و اعمال کی اصلاح کی فکر و مساعی، مسترشدین و طالبین اور مریدین و سالکین کی روحانی تعلیم و تربیت، تزکیہ نفس و محبت الٰہی کی تشویق و ترغیب، مذہبی و دینی طبقوں کی کامرانی و سرفرازی کی تڑپ، دینی و سیاسی جماعتوں کے اتحاد کی آرزو، ملکی حوادث و جنگوں پر اظہارِ افسوس، مملکتِ عزیز پاکستان کی سلامتی و بقا اور خوشحالی و امن کے لیے دعائیں و نیک تمنائیں اور خدا ترس افراد اور اپنے

Marfat.com

مخلص ترین سرکاری اعلیٰ حکام کے ذریعے غریب وستم رسیدہ افراد کی امداد وخلاصی کے سینکڑوں واقعات درج ہیں، وہاں حضرت خواجہ خواجگان نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد کی اپنی مبارک زندگی و خانگی امور کے مختلف پہلوؤں اور خوشی و غمی کے لمحات کی روئیداد، صاحبزادگان گرامی کی آموزش و پرورش، طالبان حق و سالکین طریقت کی تعلیم و تربیت، دوست واحباب اور خدامِ ومتوسلین پر شفقت وعنایت، مشائخ وعلماء کے ساتھ روابط اور عوام وخواص سے معاملات کی خوبصورت عکاسی بھی ہے۔ اس طرح ان سے نہ صرف سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے طالبین وسالکین اور خانقاہ سراجیہ شریف کے متوسلین، بلکہ تمام اہلِ علم ودانش یکساں طور پر مستفید و مستفیض ہو سکتے ہیں:

بس کنم خود زیرکاں را ایں بس است
بانگ دو کردم اگر در دہ کس است

''صحائفِ مرشدیہ'' مکتوباتِ حضرت خواجہ خواجگانؒ کا دوسرا مجموعہ ہے۔ پہلا مجموعہ ''تحائف مرشدیہ'' کے نام سے آپؒ کی حیات مبارکہ میں آپؒ کی تقریظ مبارک کے ساتھ ۲۰۰۶ء میں شائع ہوا تھا، جس میں آپؒ کے ۱۰۸ مکتوبات شریف (بنام راقم الحروف) شامل تھے اور وہ مکتوبات شریف ''صحائفِ مرشدیہ'' میں شامل نہیں ہیں۔

''صحائفِ مرشدیہ'' میں مکتوب الیہ حضرات کے ناموں کی ترتیب حروفِ تہجی کے لحاظ سے ہے اور ہر مکتوب الیہ کے نام مکتوبات شریف کی ترتیب تاریخ وار ہے۔ جن مکتوبات شریف کی تاریخِ تحریر درج نہیں ہے، وہ متعلقہ حصہ کے آخر میں ہیں۔ علاوہ ازیں ہر مکتوب شریف کے آغاز میں مکتوب کا نمبر شمار اور مکتوب الیہ کے نام لکھے گئے مکتوب کا نمبر درج ہے۔ مثلاً $\frac{1}{6}$ ظاہر کرتا ہے کہ یہ مکتوب الیہ کے نام پہلا مکتوب ہے اور کتاب میں موجود مکتوب کے مسلسل نمبر شمار کا چھٹا نمبر ہے۔ کتاب کے شروع کی فہرست میں کتاب میں درج تمام مکتوبات الیہان کے نام وصفحات، اور جن حضرات کے پتے دستیاب ہو سکے ہیں اُن کی فہرست کتاب کے آخر میں دی گئی ہے۔ سب سے آخر میں اشخاص، کتب ورسائل، اماکن اور مضامین کے اشاریے شاملِ اشاعت ہے۔

Marfat.com

یہ عرض کر دینا بھی ضروری ہے کہ حضرت خواجہ نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہُ الْمَجِیْد کے مزید مکتوبات شریف کی تدوین و ترتیب اور جمع آوری کا سلسلہ برابر جاری ہے، لہٰذا آپ کے تمام عقیدتمندوں اور خانقاہ سراجیہ شریف سے وابستہ سب حضرات گرامی سے انتہائی عاجزانہ التماس ہے کہ وہ آپ کے مکتوبات شریف کی فراہمی میں راقم الحروف کی مدد فرمائیں، تاکہ یہ مبارک کام پوری طرح پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے۔وَمِنَ اللّٰہِ التَّوْفِیْق.

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم. وَلَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ. یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّ بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْم.

خاکِ پائے اولیاءِ عظام
محمد نذیر رانجھا غفر ذنوبہ وستر عیوبہ
بروز منگل ۳۰ر شوال ۱۴۳۳ھ/ ۱۸ر ستمبر ۲۰۱۲ء

Marfat.com

Marfat.com

## بنام: مولانا قاضی احسان احمد صاحب (مبلغ کراچی)

۱/۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاضی احسان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ خدائے پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے اور آپ کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ نماز پابندی سے پڑھا کریں۔ عشاء کی نماز کے بعد حتی الوسع گھر سے باہر نہ جایا کریں۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۶ رصفر ۱۴۱۸ھ/۱۳ رجون ۱۹۹۷ء

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: مولانا مفتی حکیم احمد حسن قریشی رحمۃ اللہ علیہ، بھوئی گاڑ

۱/۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم ومکرم جناب حکیم احمد حسن صاحب قریشی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ حضرت مولانا عبدالحی مرحوم ومغفور کی وفات حسرت آیات کی خبر سے دلی صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ.

ع مرضی مولیٰ بر ہمہ اولیٰ

دعا ہے مولا کریم جل شانہٗ مولانا مرحوم کو مغفرت وعزت روزی گردانے اور اپنے جوارِ رحمت وقرب ورضا ومغفرت میں جگہ عطا فرمائے، آمین، اور جملہ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور آپ کو اُن کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین۔ فقیر انشاء اللہ العزیز مستقبل قریب میں اُس طرف سفر کا ارادہ رکھتا ہے۔ قبل از وقت انشاء اللہ العزیز آپ صاحبان کو حسب حال مطلع کیا جائے گا۔

Marfat.com

جملہ احباب کی خدمت میں فقیر کا سلام پہنچے۔ اور عزیزان کو دعوات و پیار۔ خانقاہ شریف پر بحمد اللہ تعالیٰ خیریت ہی خیریت ہے۔

والسّلام

۲۵/رمضان المبارک ۱۴۰۰ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا اللہ وسایا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔ آپ حضرات مناسب موقع پر بیان جاری کر سکتے ہیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ ۱/۳

جنرل صاحب کے ساتھ ملاقات کے سلسلہ میں کیا کچھ ہوا ہے؟ مطلع فرماویں۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔

والسّلام

۱۹/صفر ۱۳۹۸ھ/ ۲۹/جنوری ۱۹۷۸ء

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا ایاز احمد حقانی صاحب، پشاور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا ایاز احمد حقانی صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ مع رسالہ الصلوٰۃ والسّلام علیٰ رسول اللہ خیر الانام موصول ہوا۔ رسالہ عمدہ ہے۔ صرف ایک جملہ جس پر خط لگا دیا ہے، وہ نہیں ہونا چاہیے۔ درود پاک کے برکات سے کون انکار کر سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اِس سعی کو قبول فرماوے اور اپنی رضامندی وخوشنودی کا ذریعہ بناوے۔ آمین ۱/۴

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: محترمہ بشریٰ تبسم، حسن ابدال

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

۱/۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بشریٰ تبسم صاحبہ مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی ملا اور تحریر کردہ دردناک حالات پڑھنے پر فقیر کو سخت تشویش ہوئی۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کی جملہ پریشانیاں اور تکالیف دُور فرما کر ظاہری و باطنی سکون و اطمینان، خیر و برکت، حفظ و امان، خوشحالی، فارغ البالی، صحت و سعادت و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔اور فضل و کرم رحمت سے جملہ ابواب مفتوح فرمائے۔اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب کر کے اپنے ذکر و شکر و حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔اور آپ لوگوں پر اپنا خصوصی رحم و کرم نازل فرمائے۔آمین۔

والسّلام
فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

## بنام: محترمہ بیگم صاحبہ فضل حسین چوہان صاحب، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

۱/۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا جناب فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو مع جملہ اولاد و متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت، سلامتی دارین نصیب فرمائے۔اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے۔اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

۱۹ ؍محرم الحرام ۱۴۰۶ھ

فقط والسّلام

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال و متعلقین ہر خیر سے سرفراز فرمائے۔ اور ہر قسم کے شر سے بچائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

فقیر انشاء اللہ العزیز ۱۰/جون ۸۹ء کے فوراً بعد سفر مبارک حج پر روانہ ہو جائے گا۔

تحریر: ۲۰/شوال الکرام ۱۴۰۹ھ فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۳/۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ومکرمہ بیگم صاحبہ فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ طلعت سلمہ ربہٗ اور اُس کی اہلیہ کو عزت وآبرو سے رکھے اور اُن کو شرم وحیاء کی چادر میں حفظ خاص نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ہر قسم کے شرور وفتن سے محفوظ فرما کر آپس میں محبت ومروّت واخلاص نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور آپ سب کو مع متعلقین کرام ظاہری وباطنی خیر وبرکت، عفو وعافیت، حفظ وامان اور صحت وسعادت وسلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

۱۰/جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴/۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اولاد و متعلقین اپنے فضل وکرم ورضا و

Marfat.com

رحمت سے نوازے اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر اطمینان وسکون نصیب فرمائے۔آمین۔
اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

۱۹؍رجب المرجب ۱۴۱۳ھ فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۵/۱۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ومکرمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی ملا۔کوائف خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع جملہ متعلقین کرام اپنے فضل وکرم، رضا ورحمت سے نوازے۔آمین۔اور ظاہری وباطنی خیر وبرکت، عفو وعافیت، حفظ امان، صحت، سعادت، سلامتی دارین نصیب فرمائے۔آمین۔اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔آمین۔خانقاہ شریف پر بحمد اللہ تعالیٰ خیریت ہے۔

۳؍رمضان المبارک والسّلام مع الاکرام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۶/۱۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ میاں فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔آپ کا گرامی نامہ ملا۔کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔مولا کریم جل شانہٗ آپ کو مع الکرام وجملہ متعلقین کرام ظاہری وباطنی خیر وبرکت، حفظ عفو وعافیت، فوز وفلاح اور سلامتی دارین سے نوازے۔اور جملہ مقاصد خیر میں کامیابی بخشے۔ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرماوے۔آمین۔

تحریر: ۴؍رمضان المبارک فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۷/۱۲

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ومکرمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔

Marfat.com

آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف مندرجہ مطالعہ کر کے اور خیریت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع متعلقین واولاد اپنے خاص فضل وکرم و رضا ورحمت سے نوازے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔ خانقاہ شریف پر بحمد اللہ تعالیٰ عافیت ہی عافیت ہے۔

تحریر: ۷ ررمضان المبارک فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۸/۱۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات خیر وعافیت آنجائی مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اولاد و متعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصدِ خیر میں فائز المرام فرمائے۔ آمین۔ اور ظاہری و باطنی سکون و اطمینان، حفظ و امان، خیر و برکت، صحت، سعادت وسلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔ اور آپ کے ناپسندیدہ کرایہ دار سے آپ کی جان چھڑائے۔ اور بہترین متبادل صورت نصیب فرمائے۔ آمین۔

۸ ررمضان المبارک والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۹/۱۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا محترم فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ صاحبان کو مع اولاد، جملہ متعلقین اپنے مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے اور ظاہری و باطنی عفو وعافیت، حفظ وامان، صحت وسعادت، سلامتی دارین سے نوازے اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ فقط والسّلام

Marfat.com

۱۰/۱۵ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا محترم فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ آپ کو مع اولاد و متعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔ آمین۔ اور ظاہری وباطنی خیر و برکت، عفو وعافیت، صحت وسعادت دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر اور مہماتِ خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔ اور جمیع امور شادی خانہ آبادی باحسن وخوبی انجام فرمائے۔ آمین۔ اور دائمی خیر و برکت و عافیت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ والسّلام

۱۱/۱۶ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ بیگم صاحبہ فضل حسین صاحب چوہان سلمہا مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات مندرجہ واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی ہمشیرہ صاحبہ سلمہا کو صحت کاملہ اور شفاء کلیہ عطا فرمائے اور آپ سب کو اپنے فضل و کرم ورحمت خاص سے نوازے اور ظاہری وباطنی خیر و برکت، عفو وعافیت، صحت وسعادت و سلامتی دارین سے سرفراز فرمائے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب وفائز المرام فرمائے۔ آمین۔

اُن کی زکوٰۃ کی رقم سے امداد کی جاسکتی ہے۔ مولا کریم عز اسمہٗ آپ سب کو اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین آمین۔

جملہ عزیزان کو سلام ودعوات و پیار۔ فقط والسّلام

۱۲/۱۷ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو مع اولاد و متعلقین کرام اپنے خاص فضل وکرم و

Marfat.com

رضا و رحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۳/۱۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع عیال و متعلقین کرام اپنے خاص فضل و کرم و رضا و رحمت سے نوازے اور ظاہری و باطنی عفو و عافیت، حفظ و امان، خیر و برکت، حفظ خاص اور سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۴/۱۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ کریم عزاسمہٗ آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرما کر ظاہری و باطنی سکون و اطمینان، خیر و عافیت، برکت و کرامت، صحت و سعادت، سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین آمین آمین۔ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۵/۲۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ و مکرمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا خیریت نامہ موصول ہوا۔ حالات مندرجہ واضح ہوئے۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام و اولاد اپنے خاص فضل و کرم سے نوازے اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت و سعادت و سلامتی دارین نصیب فرما

Marfat.com

کر ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ والسّلام مع الکرام

۱۶/۲۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ ومکرمہ بیگم صاحبہ سلمہا فضل حسین صاحب چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اولاد و متعلقین کرام اپنے خاص فضل و کرم و رضا و رحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اور بیماروں کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔ اور آپ سب کو ظاہری و باطنی خیر و برکت، اطمینان، حفظ و امان، صحت و سعادت دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور عبادت کی توفیق کرامت فرمائے اور کرایہ دار کو ہدایت فرما کر مکان خالی کرائے۔ آمین۔ والسّلام

۱۷/۲۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمہ ومکرمہ بیگم صاحبہ سلمہا اللہ تعالیٰ جناب فضل حسین چوہان مطالعہ فرمائیں۔ آپ کے ہر دو مکتوب گرامی فقیر کو موصول ہوئے ہیں۔ لیکن کثرت سے سفر در سفر کے باعث (جس میں عمرہ پر حاضری بھی شامل ہے) جواب میں تاخیر ہوئی۔ فقیر معذرت خواہ ہے۔

آپ کے داماد مشتاق احمد قریشی مرحوم و مغفور کی وفات حسرت آیات کی خبر سے فقیر کو سخت صدمہ ہوا۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت و غفران میں جگہ عطا فرمائے اور آپ سب پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ.

جوانی کی موت ایک جانکاہ سانحہ ہے، جس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔ لیکن مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ کے پیشِ نظر صبر و الصلوٰۃ ہی لازمی سہارا ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے اہل و عیال کو اپنے فضل و کرم سے صبر و ثبات عطا فرمائے اور اِس عظیم المیہ کو برداشت کرنے کی توفیق اور

Marfat.com

استقامت عطا فرمائے اور جملہ عزیزان کو اپنے خاص فضل و کرم اور رحمت سے نوازے اور جملہ مقاصد اور مہماتِ خیر میں کامران فرمائے۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، حفظ و امان، درازیٔ عمر، صحت و سعادت و سلامتیٔ دارین نصیب فرمائے۔ اور آپ سب کو اپنے فضل سے اپنے ذکر و شکر و حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔

ع      ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد![1]

والسّلام مع الاکرام

## بنام: حضرت مولانا تاج محمودؒ، فیصل آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۱/۲۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا تاج محمود صاحب مطالعہ فرمائیں کہ فقیر ۳۰ رمئی سے لے کر ۱۴ر جولائی تک مسلسل سفر میں رہا اور ۱۴ر جون کو بعافیت خانقاہ پاک پہنچا۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

۳۰، ۳۱ر مئی اور یکم جون اسلام آباد قیام رہا اور یکم جون کو رات عشاء کی نماز کے بعد وہ واقعہ (حضرت قبلہؒ کی گرفتاری) پیش آیا جس کی وجہ سے کراچی سے لے کر بالاکوٹ اور کوئٹہ سے لے کر لاہور تک احتجاج ہوا۔ کوئٹہ سے ایک دوست نے جنگ اخبار، جو کوئٹہ سے شائع ہوتا ہے، اس کا ایک پرچہ بذریعہ ڈاک بھیجا، جس میں کوئٹہ میں احتجاجی خبریں، پشاور میں مسلسل دو جمعوں میں اکثر مساجد میں اسی مسئلہ پر خطیبوں نے خطاب کیا۔ مانسہرہ، بالاکوٹ، شنکیاری، ہری پور سے سینکڑوں تاریں صدر صاحب کو دی گئیں۔ بہر حال اس تھوڑے واقعہ کی بنا پر... اچھا خاص کام ہو گیا۔

اسی دوران اسرائیل نے لبنان پر حملہ کیا اور فلسطینیوں کو نشانہ بنایا اور اپنے مقصد میں کامیاب رہا۔ اس کا بھی مسلمان عوام نے بہت اثر لیا اور شاہ خالد مرحوم کی موت نے تو تمام اہلِ اسلام کو غم سے نڈھال کر دیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ۔ فقیر نے جلالۃ الملک شاہ فہد

---

ا۔ یہ میری دعا ہے اور سارے جہاں کی طرف سے آمین ہے۔

Marfat.com

کو جو تعزیت کا تار دیا ہے اور ایک تعزیت کا خط لکھا ہے، اس کی ایک ایک کاپی ارسال خدمت ہے۔ ۳۱؍مئی اور یکم جون کے جلسوں نے اسلام آباد میں (منکرین و مرتدین میں) زلزلہ کی کیفیت پیدا کر دی ہے۔ وہاں کے لیے اردو لٹریچر کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ آپ کا مرتب کردہ رسالہ ''عزائم'' بہت جلد کثیر تعداد میں وہاں پہنچنا چاہیے (حضرت کی ہدایت پر فوراً پہنچا دیا گیا)۔ لوگ شورش کاشمیری مرحوم کے رسالہ مرزائیت نام کا شاید ہوگا، بہت پوچھتے تھے، مولوی عبدالرؤف صاحب اس سلسلہ میں پریشان تھا، اس کے پاس جو کچھ تھا وہ ختم کر چکا تھا... رمضان المبارک کی آمد ہے، گرمی شدت سے پڑ رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی برکات سے ہم سب کو مالا مال فرمائے۔ آمین۔

آپ کی صحت کا کیا حال ہے؟ ۳۱؍مئی کے جلسہ میں ہمدانی صاحب کی تقریر کامیاب رہی، آپ کی کمی شدت سے محسوس ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرمائے اور اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے دیر تک سلامت باکرامت رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۳؍شعبان ۱۴۰۲ھ/ ۱۵؍جون ۱۹۸۲ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۲/۲۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حضرت مولانا تاج محمود صاحب مدظلہ العالی مطالعہ فرماویں کہ لولاک کے ذریعہ اور محترم محمد اسلم صاحب کے ذریعہ علالت کی کیفیت معلوم ہوتی رہتی ہے۔ دعائیں بھی جاری ہیں، اللہ تعالیٰ آثارِ قبولیت ظاہر فرماوے اور آپ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرماوے اور اپنے دین حقہ اسلام کی خدمت اور اشاعت اور صیانت کے لیے دیر تک سلامت باکرامت رکھے اور جملہ متعلقین کو آپ کی سرپرستی میں جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کے گھر والوں کو قدرے افاقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو بھی صحت و شفا عطا فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

## بنام: مولانا جلال الدین صاحبؒ، بھیرہ، ضلع سرگودھا

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۲۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ خواب مبارک ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے خوابوں کو حقیقت سے تبدیل فرماوے۔ اور آپ کو طریقہ پاک کے برکات وفیوضات سے مالا مال فرماوے۔ اور بچوں کو صلاح وفلاح سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے مشرف فرماوے۔

عزیز کے لیے تعویذ ارسال ہے۔ چمڑے میں بند کروا کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ اللہ تعالیٰ مفید کرے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ر صفر ۱۴۰۰ھ/ ۸ر جنوری ۱۹۸۰ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۲۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ. فقیر آپ کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ ۴، ۵ روز ہوئے، صوفی صاحب اور شیخ صاحب آئے تھے۔ ۱۸ر دسمبر کے جمعہ کا وعدہ لے گئے ہیں۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

ایک اہم گزارش یہ ہے کہ حاملِ عریضہ ہذا حافظ صلاح الدین صاحب اپنے ساتھی ہیں، ان کا تعلق خانقاہ پاک کے ساتھ ہے۔ جس مسجد میں ان کا تقرر ہوا ہے، وہ ان پر کسی قسم کا شبہ وغیرہ نہ کریں۔ اس سلسلہ میں آپ ان کی امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر کی جانب سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۸ر محرم ۱۴۰۲ھ/ ۲۶ر نومبر ۱۹۸۱ء ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳/۲۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ذکر کی پابندی معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ مزید اپنی یاد کی توفیق نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ اور صحت و عافیت اور سلامتی عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

۱۸/دسمبر کے جمعہ کا شیخ صاحب اور صوفی صاحب سے وعدہ کیا تھا۔ بعد میں ایک دو روز کے لیے ملتان جانا ہوا۔ نزلہ، کھانسی جو پہلے تھی، اس میں اور اضافہ ہوگیا۔ ملتان کے مشہور حکیم محمد حنیف اللہ صاحب کو دِکھایا، انہوں نے کہا کہ کھانسی خطرناک صورت اختیار کرتی جارہی ہے اور اِس سے پھیپھڑے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، اس لیے آپ سردیوں کو سفر بالکل نہ کریں۔ اس وجہ سے یہ سفر ملتوی کرنا پڑا۔ مارچ میں انشاء اللہ تعالیٰ سب وعدے پورے ہوں گے۔ علاج شروع ہے۔ کچھ تھوڑی سی تخفیف ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۴/صفر ۱۴۰۲ھ/۲/دسمبر ۱۹۸۱ء

از خانقاہ سراجیہ

۴/۲۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور صراطِ مستقیم پر اِستقامت کرامت فرماوے۔ اور ہر قسم کے فتنہ، ابتلاء، آزمائش سے محفوظ رکھے۔ اور مخالفوں کو اپنے عزائم میں ناکام فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے دینی مشاغل میں مشغول رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر ۵/ اگست کو تو ایک ہفتہ کے لیے سفر پر جا رہا ہے۔ حج کے لیے بھی سعی جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ آسانی اور کامیابی عطا فرماوے۔ آپ ۲۷/ اگست کے بعد تشریف لاویں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳/ شوال ۱۴۰۲ھ/ ۱۴/ اگست ۱۹۸۲ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵/۲۹ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہو کر کاشف حالات ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ اور صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور جملہ مخالفوں کے شر سے محفوظ اور مصئون رکھے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ مشاغلِ دینیہ میں مصروف و مشغول رکھے۔ اب فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر، اِنشاءاللہ تعالیٰ سرگودھا مجلس تحفظ ختم نبوت کی کانفرنس اپریل میں ہوگی، اس موقع پر بھیرہ، بھلوال کے لیے کچھ وقت نکال سکے گا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ/ ۶/ مارچ ۱۹۸۳ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۶/۳۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ تھوڑی دیر ہوئی، آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

بنوں سے واپسی پر آپ کا آنا جانا معلوم کر کے افسوس ہوا تھا کہ ملاقات نہ ہو سکی۔ اب یہ گرامی نامہ بھی باعثِ تشویش ہوا، کیونکہ فقیر آج خانیوال جا رہا ہے۔ وہاں سے واپسی ۲۳، ۲۴/ اکتوبر کو متوقع ہے، اس لیے بندہ کو حاضری سے محرومی پر افسوس ہوا۔ بہر حال فقیر

Marfat.com

کی دعائیں جاری ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ مدرسہ کو ترقی واستحکام عطا فرماوے۔ جلسہ کو کامیاب فرماوے اور آپ کی مساعی کو قبول فرما کر اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲۶ر اکتوبر کو رَبوہ پہنچے گا۔ ایک دن پہلے مشورہ کے لیے رکھا ہے۔ ۲۷، ۲۸ر اکتوبر کو کانفرنس ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۳ر محرم ۱۴۰۴ھ/ ۲۰ر اکتوبر ۱۹۸۳ء

از خانقاہ سراجیہ

۷/۳۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور مخالفوں کو اپنے عزائم میں ناکام فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کا اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲۴ر دسمبر کو لاہور جانے کا ارادہ ہے۔ یہاں سے چناب پر سوار ہوکر سرگودھا سے ویگن پکڑنے کا ارادہ ہے۔ لاہور سے واپسی پر چنیوٹ جانا ہوگا۔ جماعت والوں کا اصرار ہے کہ تینوں دن چنیوٹ قیام رہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا۔ چنیوٹ کے بعد گوجرہ اور پھر لاہور جانے کا ارادہ ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۸ر ربیع الاوّل ۱۴۰۴ھ/ ۱۴ر دسمبر ۱۹۸۳ء

از خانقاہ سراجیہ

۸/۳۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ علالت اور اس کی طوالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرماوے اور صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ تکالیف دور فرما کر جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۸ ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ / ۲۱ فروری ۱۹۸۴ء

از خانقاہ سراجیہ

۹ / ۳۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوکر کاشف حالات ہوئے۔ برادرِ نسبتی کے انتقال کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرماوے۔ اور جملہ پسماندگان کو اس صدمے کا اجرِ کثیر عطا فرماوے اور صبر وسکون سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

مسجد نور کے متعلق بھی معلوم کر کے افسوس ہوا۔ بے حسی اور بے غیرتی کی حد ہے۔ آپ اپنے متعلق ایسی بے حسی سے بچنے کی کوشش کریں اور ان میں سے کسی پر بھی بھروسہ نہ کریں۔

فقیر بہت مصروف رہا، جس کی وجہ سے جواب میں تاخیر ہوئی۔ بینائی بھی بڑی تیزی سے خراب ہوتی جارہی ہے۔ جس کی وجہ سے لکھنا پڑھنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ معاف فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۴ھ / ۲۳ فروری ۱۹۸۴ء

از خانقاہ سراجیہ

۱۰ / ۳۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ مقاصد خیر میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ذکر و شکر اور حسنِ عبادت کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ خانقاہ پاک سے چنیوٹ جاوے گا۔ سرگودھا ٹھہرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۵ ربیع الثانی ۱۴۰۶ھ / ۱۸ دسمبر ۱۹۸۵ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۱/۳۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بھیرہ کے حالات معلوم کر کے بہت افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ حضرات کو ہمت اور استقامت کرامت فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

ایسے واقعات ہم سب کی غیرت کو چیلنج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اہلِ حق کو ہی ایسے واقعات سے عبرت حاصل کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کی مساعی کو کامیاب فرماوے۔ اور مخالفوں کی جمیع سازشوں اور فتنہ انگیزیوں کو ناکام فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۳ مئی کو راولپنڈی جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس طرف ہفتہ عشرہ لگ جاوے گا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۳ رجب ۱۴۰۶ھ / ۱۴ مارچ ۱۹۸۶ء

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۲/۳۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ طبیعت کی بہتری کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے کامل ومکمل صحت عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. سرگودھا ۱۰ بجے صبح تک پہنچنا ہو جاوے گا۔ رات بھی سرگودھا ٹھہرنا ہے۔ قیام کا محمد خان صاحب سے معلوم ہو سکے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲ر صفر ۱۴۱۰ھ/۴ر ستمبر ۱۹۸۹ء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۳/۳۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آنکھ کے آپریشن اور کامیابی کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کامل ومکمل صحت عطا فرماوے۔ اور بینائی بحال فرماوے۔ اور عزیز کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے اور اپنی تعلیم کا شوق وذوق کرامت فرماوے۔ اور آپ کی خوشیوں کا باعث بناوے۔ اور اپنے دیگر جملہ دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابیاں عطا فرما کر جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ عزیز کو کسی طرح مشغول رکھنے کی سعی فرماویں۔ اور اس کے لیے جو بھی صورت مناسب سمجھیں، کریں۔ اللہ تعالیٰ آسانی اور کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر عمرہ کے سفر سے یکم دسمبر کو واپس بعافیت پہنچ آیا ہے اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ فقیر ۱۳ر دسمبر تک یہاں ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۶ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ/۶ر دسمبر ۱۹۸۹ء

Marfat.com

۱۴/۳۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور عزم و ہمت اور جرأت ایمانی میں ترقیات سے سرفراز فرماوے۔ اور ہر قسم کے فتنہ اور آزمائش اور اِبتلا سے محفوظ رکھے۔ اور اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ ساتھ دین حقہ، اسلام کی نشر واشاعت اور صیانت کی توفیق رفیق گردانے اور ظاہری و باطنی اور جسمانی روحانی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. محرم قریب ہے۔ بڑے ہی فہم وفراست اور تحمل وبردباری کے ساتھ کام کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت ونصرت سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۹ر ذی الحجہ ۱۴۱۰ھ/۲۳ر جولائی ۱۹۹۰ء

۱۵/۳۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر ۱۴ر فروری کو جھاوریاں پہنچے گا۔ ۱۶ر فروری آپ حضرات کے لیے ہے۔ ۱۷ر فروری کو لاہور جانا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر آپ سب کی صحت وعافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۵ر رجب ۱۴۱۱ھ/ یکم فروری ۱۹۹۱ء

۱۶/۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرمی مولانا جلال الدین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف حالات ہوا۔ خواب مبارک ہے، تعبیر بھی صحیح ہے۔ ہم سب کے لیے خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احباب کو اپنے مشائخ عظام کے فیوضات و برکات اور نسبت سے مالا مال فرمائے۔ عمرہ کی ادائیگی کے لیے آسانی پیدا فرماوے اور حرمین شریفین زادہما اللہ تعالیٰ شرفاً کی مقبول زیارات سے مشرف فرماوے۔ اور رضامندی و خداوندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ رمضان المبارک کا عمرہ بڑی فضیلت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب فرماوے۔ آمین۔ اس سارے سفر میں اتباعِ سنت نبوی علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسّلام کا التزام رکھیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر آج ۱۳؍مئی کو ظہر کے بعد سرگودھا کے لیے روانہ ہو رہا ہے۔ سرگودھا ایک رات کا قیام ہوگا۔ ۱۴؍مئی کی صبح کو اِنشاء اللہ تعالیٰ چناب پر سوار ہوکر گوجرہ روانہ ہوگا۔ ۱۸؍مئی کو خانقاہ پاک واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

$\frac{17}{41}$

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا جلال الدین احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ محترم بہنوئی مرحوم کے انتقال کا پڑھ کر صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرماوے اور مرحوم کو اپنی قبر میں جنت کی آسائشیں اور راحتیں عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو اِس صدمے کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

مولانا صاحب کا مسئلہ کچھ ٹیڑھا سا ہے۔ تفریق بین زوجین انتہائی گندا کام ہے۔ فقیر کے پاس تو ایسا کوئی تعویذ یا عمل نہیں ہے۔ فقیر کا یہ سارا موسمِ سرما سفروں میں گزرا۔ ۲۹؍جنوری کو پھر لاہور جانا ہے۔ مجلس عمل کے سلسلہ میں مشورہ ہے۔ اس سلسلہ میں بڑی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آسانی فرماوے۔ آمین۔ اسلم قریشی کے سلسلہ میں ۱۷؍

Marfat.com

فروری کو پورا سال ہو رہا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: ملک حاکم خان صاحب، خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۴۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرمی ملک حاکم خان صاحب۔ السّلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ!

قرونِ اولیٰ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے لے کر آج تک جمیع علماء کرام کا اجماعی طور پر حیات النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے متعلق جو عقیدہ ہے، وہ یہ ہے کہ حضرت اقدس نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم اور سب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسّلام وفات کے بعد اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور اُن کے ابدانِ مقدسہ بعینہٖ محفوظ ہیں، اور جسد عنصری کے ساتھ عالمِ برزخ میں ان کو حیات حاصل ہے، اور حیات دنیوی کے مماثل ہے، صرف یہ ہے کہ احکامِ شرعیہ کے وہ مکلّف نہیں ہیں۔ روضۂ اقدس پر جو درود شریف پڑھے وہ بلا واسطہ سنتے ہیں اور سلام کا جواب دیتے ہیں۔ حضرات دیوبند کا بھی یہی عقیدہ ہے۔ اب جو اس مسلک کے خلاف کرے، اتنی بات یقینی ہے کہ اس کا اکابرِ دیوبند کے مسلک سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ جو شخص اکابرِ دیوبند کے مسلک کے خلاف رات دن تقریریں بھی کرے اور اپنے آپ کو دیوبندی بھی کہے، یہ بات کم از کم ہمیں تو سمجھ نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صراطِ مستقیم اور اکابرِ دیوبند کے مسلک پر صحیح پابند بنا کر استقامت نصیب فرمائے۔ آمین۔

فقیر خان محمد عفی عنہ

(محرم الحرام ۱۴۲۶ھ)

خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا سیّد حامد میاںؒ، لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۴۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل

Marfat.com

خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا العلام جناب سیّد حامد میاں صاحب مدظلہ العالی عرض گزار ہے کہ اجلاس ختم ہونے کے بعد جب آپ حضرات سے رخصت ہوا تو طبیعت بہت خراب تھی۔ اپنی قیام گاہ پر پہنچنے کے بعد بھی نیند نہ آئی۔ ۱۱ر مئی صبح کو نزلہ اور سر درد کی شدت رہی۔ اسی حالت میں واپسی کا ارادہ کرلیا۔ بایں وجہ پریس کانفرنس میں بھی شریک نہ ہو سکا۔ لاہور سے چلتے وقت بذریعہ فون عزیز مکرم رشید میاں سلمہ اللہ تعالیٰ سے بات ہوئی اور شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عرضِ خدمت کیا ہوگا؟

یہ حقیر حضرت کی معاونت اور سرپرستی کا بے حد ممنون ہے۔ اور سوائے جَزَاکُمُ اللّٰہُ کے اس احسانِ عظیم کے شکریہ سے عہدہ برآ ہونا ناممکن ہے۔ حضرت کی سرپرستی کی بدولت اجلاس کامیاب اور جماعت ایک اور متحد ہوگئی۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

دلوں کی کیفیت یہ اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہیں، بہت بہتر جانتے ہیں۔ بہر حال یہ حقیر بہت مسرور ہے کہ مخالفین کے عزائم کو ایک دفعہ پھر ناکامی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس مفاہمت کو مستقل بناوے۔ اور دینِ حق اسلام کی خدمت واشاعت اور صیانت کا ذریعہ بناوے۔ اور ہم سب کی لغزشوں کو معاف فرما کر اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

(جماعتی) اخراجات کے سلسلہ میں اگر اطلاع ہو جاوے تو ضرور اَدائیگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ہم سب حضرت کی عنایتوں اور شفقتوں کے ہمیشہ امیدوار رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ حضرت کو مع جمیع متعلقین کے دیر تک سلامت باکرامت رکھے۔ آمین۔ سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔ ان دونوں پرچوں کی فوٹو کاپیاں ضرور ارسال فرماویں: ایک مولانا محمد عبیداللہ صاحب انور کے دستخط والا، ایک حضرت درخواستی کے اعلان والا۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۷ر رجب ۱۴۰۱ھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲/۴۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل

Marfat.com

خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت العلام مولانا سیّد محمد حامد میاں صاحب مدظلہ العالی عرض گزار ہے کہ ڈیرہ سے واپسی پر حضرت کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ڈیرہ کی کارروائی کا آنکھوں دیکھا حال رانا مبارک عرض کرے گا۔

آپ کا جو بیان اخبار میں صلح کے متعلق آیا ہے وہ بہت موزوں ہے۔ مولانا سیّد امیر حسین شاہ صاحب گیلانی کے گھر والوں کو آرام ہو تو اُن سے فرمائیں کہ وہ بہاولپور ڈویژن کے دورہ کا اہتمام کریں اور حضرت الامیر مدظلہ العالی کا دورہ کروائیں۔ نہایت ضروری ہے۔

یہ فقیر آپ کی دعاؤں کا محتاج ہے۔ پیشاب والی تکلیف بعض اوقات پریشان کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے حضرات صاحبزادگان سلمہم اللہ تعالیٰ کو سلام مسنون۔

والسّلام

۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

۴۳/۴۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، حضرت مولانا العلام سیّد محمد حامد میاں صاحب مدظلہ العالی عرض گزار ہے کہ رمضان المبارک سے پہلے اسفار کی کثرت اور مصروفیت رہی۔ رمضان المبارک میں کچھ معمولات ایسے ہوتے ہیں کہ اُن کے علاوہ دوسری سب مصروفیتوں سے الگ ہونا پڑتا ہے۔ اسی لیے خدمت میں کوئی عریضہ پیش نہ کر سکا۔ معذرت پیش ہے:

ع وَالْعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ النَّاسِ مَقْبُوْلٌ[۱]

رمضان المبارک کے بعد اللہ تعالیٰ شرفِ ملاقات سے مشرف فرماوے۔ آمین۔ اب تو بغیر کسی وجہ کے ملنے کو جی چاہتا ہے۔ جماعتوں وغیرہ کے کام ہوتے اور چلتے رہتے ہیں:

ع اللہ کرے الطافِ کرم اور زیادہ

---

۱۔ کریم لوگوں کے ہاں عذر قبول ہوتا ہے۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے عزیزانِ مکرم کو سلام و دعوات۔
والسّلام
دعا گو و دعا جو فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۱رمضان المبارک ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۴/۴۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا سیّد محمد حامد میاں صاحب مدظلہم العالی! عرض گزار ہے۔ گرامی نامہ موصول ہو کر باعثِ سرفرازی ہوا۔ یادفرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ.

موتیا دونوں آنکھوں پر تھا۔ دائیں آنکھ کا پہلا ۳۰/اکتوبر اور بائیں آنکھ کا آپریشن ۵/ نومبر کو ہوا۔ آپریشن اچھے ہو گئے، اب احتیاطی دور شروع ہے۔ کل جمعہ کو دوبارہ بہاولپور جانا ہے۔ اللہ تعالیٰ بینائی کو بحال فرمائے۔ آمین۔ فقیر بھی آپ حضرات کی صحت و عافیت کے لیے دعا گو ہے۔

فقیر کی طرف سے رشید میاں صاحب، محمود میاں صاحب، مسعود صاحب سب کو سلام و دعوات۔
والسّلام

۲۷/صفر ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

## بنام: رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۴۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

از فقیر خان محمد عفی عنہ، محترمی جناب حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی ملاحظہ فرمایند!

گرامی نامہ تعزیت و اظہار حسرت بر وفات آں ذات والا صفات مجموعہ مکارم نسخہ کمالات الشیخ المربی حضرت الحاج مولانا عبداللہ نور اللہ مرقدہٗ کہ نامزد فقیر ساختہ در دریافتہ و موجب تسکین قلوب غم زدہ و سینہ ہائے مجروح شدہ گردیدہ۔ تَقَبَّلَ اللّٰہُ مِنۡکُمۡ وَاَحۡسَنَ جَزَاکَ.

Marfat.com

محترما! صدمہ وفات حضرت مرحوم نہ صرف صدمہ احباب است، بلکہ مصیبت جملہ اہل اسلامست و ہر فرد مسلمان قابل تعزیت کہ مَوْتُ الْعَالِمِ مَوْتُ الْعَالَمِ، فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ.

سبحان اللہ حضرت شیخ طاب اللہ ثراہ واکرم مثواہ نہ فقط محط اصفیاء بود، بلکہ مرجع فضلاء وماویٰ ذوی الحاجات بودونہ بر تلقین اشغال واذکار طریقہ مکتفی، بلکہ دراعلائے کلمۃ اللہ وجہاد اعداء اللہ بہر طریق ممکن سابق وساعی وداعی از بصیرۃ نافذہ آں ذات ستودہ وصفات چہ اظہار نماید کہ اگر صوفیائے را بردقائق عیوب نفس وحقائق کمالات مکتسبہ ازاں شمع نوریست ہم جہاندیدہ علماء را در تحقیق دقائق مسائل علوم از آنحضرت شرکتے، بلکہ ہدایتے وتہنیت۔ فَجَزَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنِّىْ وَعَنْ جَمِيْعِ اَحِبَّائِهٖ وَعَنِ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا.

وچوں احباب ایں فقیر را برجائے حضرت والا برگرفتہ اند باوجود آنکہ ایں فقیر درخود چیزے نمی یابد کہ باوے شائستگی ایں منصوب دارد، لاجرم مستدعی است کہ از دعوات مستجابہ خود مدد ومعاون فقیر باشند کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ثابت القدمی برطریقہ حضرات عنایت فرمودہ توفیق ادائے حقوق الٰہی کرامت فرمایند۔ اِنَّهٗ مُيَسِّرٌ لِكُلِّ عَسِيْرٍ وَّعَلٰى مَايَشَآءُ قَدِيْرٌ. حضرت اقدس صبیہ بعمر ہفدہ سالہ وصغیر مسمی محمد عابد سلمہ بعمر سیزدہ سالہ گزاشتہ است، درحفظ قرآن کریم مصروفست۔ عزیز آں وجملہ احباب خانقاہ تسلیمات رسانند۔ بدعوات یاد فرمایند۔

والسّلام[1]

از ڈنگ براستہ کندیاں،

خان محمد، خلیفہ وسجادہ نشین مولانا عبداللہ شیخ طریقت خانقاہ کندیاں، ۱۹۵۶ء

---

۱۔ ترجمہ: فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمی جناب حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی ملاحظہ فرمائیں:

آں ذات والا صفات، مجموعہ مکارم، نسخہ کمالات الشیخ المربی حضرت الحاج مولانا عبداللہ نور اللہ مرقدہٗ کی وفات پر تعزیت اور اظہار افسوس کا جو گرامی نامہ آپ نے فقیر کے نام بھیجا ہے اس نے درد میں ہاتھ بٹایا اور غمزدہ دلوں اور زخمی سینوں کے لیے تسکین کا موجب بنا۔ اللہ تعالیٰ اسے آپ سے قبول فرمائے اور آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (بقیہ اگلے صفحے پر......)

Marfat.com

## بنام: مولانا حسین احمد قریشی صاحب، بھوئی گاڑ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱/۴۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حسین احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔ ترک حیوانات سے مراد گوشت اور گھی دودھ

---

(گذشتہ سے پیوستہ) میرے محترم! حضرت مرحوم کی وفات کا صدمہ نہ صرف احباب کا صدمہ ہے، بلکہ تمام اہلِ اسلام کے لیے مصیبت ہے اور ہر مسلمان آدمی قابلِ تعزیت ہے۔ عالم کی موت جہان کی موت ہے۔ پس ہم اللہ تعالیٰ ہی کا مال ہیں اور اُسی کی جانب لوٹ کر جانے والے ہیں۔

سبحان اللہ! حضرت شیخ طاب اللہ ثراہٗ واکرم مثواہٗ نہ صرف محطِ اصفیاء تھے بلکہ مرجع فضلاء تھے اور بہت زیادہ حاجتوں کا ماویٰ تھے۔ آپ نہ صرف طریقہ (عالیہ نقشبندیہ مجددیہ) کے اشغال و اذکار کی تلقین کے لیے کفایت کرنے والے تھے، بلکہ اللہ تعالیٰ کے فرمان کو بلند کرنے اور اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے ساتھ جہاد کے لیے ہر ممکن طریقہ سے (سب سے) آگے بڑھے ہوئے اور کوشش کرنے والے اور دعوت دینے والے تھے۔ آپ کی قابلِ تعریف ذات کی فراست و مہارت اور صفات سے (فقیر) کیا بیان کرے، کیونکہ اگر صوفیہ نے اس شمع کے نور کی بدولت نفس کے عیوب کی باریکیوں سے آگاہی پائی اور کمالات کی حقیقتیں حاصل کی ہیں تو تجربہ کار علماء کو بھی علمی مسائل کی دقیق تحقیق میں حضرت عالی سے ایک حصہ حاصل ہوا ہے، بلکہ ایک رہنمائی و مبارک بادی (نصیب ہوئی ہے)۔ پس اللہ تعالیٰ حضرت عالی کو میری طرف سے اور تمام مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔

نیز چونکہ احباب نے اس فقیر کو حضرتِ عالی کا جانشین مقرر کرلیا ہے، باوجود اس کے کہ یہ فقیر خود میں کوئی ایسی چیز نہیں پاتا کہ وہ اس منصب کے لائق ہے، لہٰذا التماس کرتا ہے کہ آپ اپنی مستجاب دعاؤں سے فقیر کے مددگار اور معاون رہیں کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرات کے طریقہ پر ثابت قدمی عنایت فرما کر حقوقِ الٰہی کی ادائیگی کی توفیق کرامت فرمائیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر مشکل کو آسان فرمانے والا ہے اور ہر اُس چیز پر جسے وہ کرنا چاہے، قادر ہے۔

حضرت اقدس نے ایک سترہ سالہ صاحبزادی اور اُن سے چھوٹا ایک صاحبزادہ محمد عابد تیرہ سال کی عمر میں چھوڑا ہے۔ وہ حفظِ قرآن میں مصروف ہے۔ یہ عزیز اور خانقاہ کے تمام احباب (آپ کو) سلام پیش کرتے ہیں۔ آپ (اپنی) دعاؤں میں یاد فرمائیں۔ والسلام

Marfat.com

ہے۔ یہ اعتکاف کے دنوں میں ترک شرط ہے۔ اعتکاف کے بعد کھا پی سکتے ہیں۔ حزب البحر کی زکوٰۃ کے بعد جو تعداد روزانہ آسانی سے پڑھنے کی مقرر کرے اُس تعداد کو لازماً روزانہ پورا کرے۔ قرآن پاک کے ترجمے کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے۔ وہ پابندی سے ہر قیمت پر جاری رکھا جائے۔ کچھ عرصہ پابندی ہوگی تو لوگ آہستہ آہستہ مانوس ہونے شروع ہو جائیں گے۔ لوگوں کی مخالفت سے بھی نہ گھبرائیں۔ اور ہمت کو بلند رکھیں۔ اس کے لیے سورۂ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۲۱ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف ۷، ۷ بار صبح اور مغرب کی نمازوں کے بعد پابندی سے پڑھا کریں۔ اور پھر اللہ تعالیٰ سے مخالفوں کے شر سے بچنے کی دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہوگا۔ معمولات سب باعثِ برکت ہیں، جاری رکھیں۔ درود پاک باعثِ برکت ہے۔ آمین

جتنے مصائب بھی آپ نے لکھے ہیں، یہ مخالفوں کی مخالفت کے اثرات ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

یہ معمولات جاری رہیں۔ استغفار کی کثرت کو لازمی پکڑیں۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور حج کی سعادت سے بہرہ ور فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۸ ربیع الاوّل ۱۴۰۲ھ

۲/۴۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا حسین احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے اور اپنے مقاصد حسنہ میں کامیابی عطا فرماوے اور اقبال

Marfat.com

مند، سعادتمند، لمبی عمر والی اولاد عطا فرماوے اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

اولاد کے لیے تعویذ ارسال ہیں۔ ایک تعویذ گھر والی کی کمر کے ساتھ بندھوا دیں، تاکہ تعویذ ناف کے نیچے رہے اور ہر حالت میں بندھا رہے۔ باندھنے کے بعد کسی حالت میں نہیں کھولا جاوے۔ ۹ تعویذ پینے کے لیے ہیں۔ ایام ماہواری سے پاک ہونے کے بعد ایک تعویذ پانی میں حل کر کے اس طرح کہ کاغذ بھی پانی میں حل ہو جاوے گھر والی تمام دن تھوڑا تھوڑا پیتی رہیں۔ دوسرے دن دوسرا تعویذ، تیسرے دن تیسرا تعویذ پانی میں حل کر کے پی لیا کریں۔ اس طرح اگلے مہینے ایام سے پاک ہونے کے بعد تین تعویذ تین روز پیئے جائیں۔ پھر اسی طرح تیسرے مہینے تین تعویذ تین روز پیئے جاویں۔ جن دنوں میں پینے والے تعویذ استعمال ہوں، اُن دنوں میں خاوند بیوی اکٹھے رہیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے والدہ صاحبہ کی خدمت میں سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۳/۵۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی حسین احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے اور مزید برآں اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور آپ کو اپنے مقاصدِ حسنہ میں کامیاب فرماوے۔ مدرسہ کو استحکام اور سالمیت اور ترقی عطا فرماوے۔ اور اخلاص وللّٰہیت دینِ حقّہ اسلام کی خدمت میں مشغول رکھے اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۸ر شوال ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۴/۵۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا حسین احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور آپ سب کی اِس محنت کو اپنی رضامندی وخوشنودی کا ذریعہ بناوے اور اہلِ اسلام کی ہدایت کا باعث بناوے، اور سفر کی صعوبتوں سے محفوظ رکھ کر جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۵ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۵/۵۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا حسین احمد صاحب قریشی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع جملہ متعلقین کرام اپنے فضل وکرم، رضا ورحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور آپ کی مساعی خیر کو مشکور ومقبول فرمائے۔ آمین۔ اور ہر قسم کے شر اور اشرار سے حفظ خاص عطا فرمائے۔ آمین۔ اور ظاہری وباطنی خیر وبرکت، فوز وفلاح، عفو وعافیت، حفظ وامان، سکون و اطمینان اور سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۶/۵۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب حسین احمد صاحب قریشی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لایا۔ حالات مندرجہ خیریت آنجائی مطالعہ کر کے سکون ہوا۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے اسلاف کرامؒ کے نقش قدم پر قائم دائم

Marfat.com

فرمائے۔آمین۔اورمع اہل اعیال و متعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورحمت سے نوازے۔ آمین۔اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے۔آمین۔اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔آمین۔

جہاں تک آپ کے فتویٰ کا تعلق ہے، اس کا بہتر جواب ضلع اٹک اور راولپنڈی کے مفتیانِ عظام بخوبی دے سکتے ہیں، ان سے دریافت فرمائیں۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۷/۵۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا حسین احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا، حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور اپنے جملہ مقاصد حسنہ میں کامیاب فرماوے اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

آپ فقیر کا نام بطور سرپرست لکھ سکتے ہیں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: خاور محمود صاحب، مورگاہ، راولپنڈی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۵۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم خاور محمود صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ کاروباری پریشانیاں دور فرماوے۔اور کاروبار میں برکت وترقی عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

Marfat.com

تاریخ والے دن صبح کی نماز کے بعد ایک ہزار ایک دفعہ قل شریف مع بسم اللہ تین چار آدمی مل کر پڑھ لیا کریں۔ اور پھر مقدمہ میں کامیابی کی دعا کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۱ر ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ

۲/۵۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خاور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرما کر جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۵ر صفر ۱۴۱۶ھ

۳/۵۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خاور محمود صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد دینی و دنیاوی میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۲۸ر شوال کو سفرِ حج کے لیے روانہ ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آسان و قبول فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۶ر شوال ۱۴۱۸ھ

Marfat.com

۴/۵۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم خاور محمود صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیاں دور کرے۔ آمین۔ اور قرض کی پریشانی سے نجات دے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۶ رمحرم ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵/۵۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خاور محمود صاحب مطالعہ فرماویں۔ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر وظیفہٗ دعا گوئی سے غافل نہیں ہے۔ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنی برکتوں سے سرفراز فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۸ رجمادی الثانیہ ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶/۶۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خاور محمود صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ عزیزہ کا خط بھی ساتھ تھا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام
۲۹ رربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۷/۶۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم خاور محمود صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں، آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اہل و عیال و متعلقین کرام اپنے گھر میں آباد، خوشحال و فارغ البال فرمائے۔ آمین۔ اور کشائش روزگار اور کشائش کاروبار، اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت، سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔

۹ ررمضان المبارک فقط والسّلام

۸/۶۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم خاور محمود صاحب مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ مل کر حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے خاص فضل و کرم سے نوازے اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے اور ہر طرح کے شر و فتنہ خصوصاً عورتوں کے فتنہ سے محفوظ فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر و شکر و حسنِ عبادت خاص طور پر پابندی نماز پنجگانہ کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین۔

آپ ہر نماز کے بعد سات بار یہ دعا نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا، پڑھنے کی کوشش کیا کریں۔ والسّلام

۹/۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خاور محمود صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور آپ سب کو باعزت روزگار نصیب فرماوے۔ اور جملہ حاجات پوری فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

شجرہ طیبہ ارسال ہے۔ اُس کے آخر میں درود شریف لکھا ہے۔ وہ پابندی سے پڑھیں۔ کم از کم تعداد ایک سوایک ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

١٠/٦٤ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب خاور محمود صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام اپنے فضل وکرم، رضا ورحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصدِ خیر میں فائز المرام فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت خاص طور پر پابندی نماز پنجگانہ باتعدیل ارکان، خشوع وخضوع کی توفیق کرامت فرمائے۔ آمین۔

فقط والسّلام

**بنام: حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

١/٦٥ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد وخلیل احمد سلمہما اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم لوگ ۲۸ ستمبر کی صبح کو بعافیت کراچی پہنچ آئے تھے۔ یہاں پہنچ کر ایسی مصروفیت پیش آئی کہ خط لکھنے کا وقت نہ مل سکا۔ ایک دو دفعہ فون کرنے کی کوشش کی، نہ منیر صاحب ملے اور نہ رب نواز صاحب ملے۔ اس لیے خیریت وعافیت کی اطلاع نہ ہوسکی۔ آج تیاری ہے۔ جمعہ کے

Marfat.com

بعد ۴ بجے ایئر پورٹ پر پہنچنا ہے۔ ۶ بجے جہاز روانہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہاں حج والوں نے ۱۸-۱۹ رنومبر واپسی کی تاریخ دی ہے، لیکن واپسی کی کوشش نومبر کے پہلے ہفتہ میں ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

مکہ مکرمہ میں مولانا محمد مکی صاحب کی معرفت خط لکھیں۔ ان کا پتہ یہ ہے: معرفت مولانا محمد صاحب مکی، ص۔ ب ۳۶۹۹، مکہ مکرمہ، سعودی عرب۔

اپنے کام کا پورا پورا خیال رکھیں۔ نمازوں میں سستی ہرگز نہ کریں۔ عید کے بعد ظہر کا وقت ایک بجے اذان اور ڈیڑھ بجے جماعت کا مقرر کریں۔ اسی طرح عصر کے وقت میں مناسب تبدیلی کرلیں۔

کمروں کا فرش جیسے طے ہوا تھا، ویسے ڈلوائیں۔ غسل خانوں کا فرش باریک چپس کا ڈلوائیں۔ گیلری اور برآمدوں کا فرش نہ ڈلوائیں۔ خیال یہی ہو رہا ہے کہ ٹیل کا فرش کروائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

رشید احمد کے متعلق جس طرح سمجھایا تھا، اُسی طرح کریں۔ مجھے اُس کا بڑا فکر ہے۔ اپنے چچا محمد افضل صاحب کو مقدمہ میں کامیابی کی مبارکباد دیں۔ اللہ تعالیٰ آئندہ سے بچائے۔ آمین

ڈاک دیکھتے رہیں۔ کوٹری سے ایک ڈرافٹ آنا تھا، شاید پہنچ گیا ہو۔ اسی طرح شیخ عبدالمجید صاحب، شفیق صاحب ڈھاکہ والوں کے والد دو ہزار روپے کا ڈرافٹ خلیل احمد کے نام بھیجیں گے۔ ایک ہزار آپا کو دے دیں اور ایک ہزار تعمیر میں خرچ کریں۔

ہو سکے تو خطوط دو دو چار چار روز بعد لکھتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کا حافظ و ناصر اور معین و مددگار رہو۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو بہت بہت سلام و پیار و دعوات۔ والسلام

۳ رذی الحجہ ۱۴۰۱ھ ازکراچی

۲/۶۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی

Marfat.com

عنہ کی طرف سے عزیزانِ مکرم عزیز احمد و خلیل احمد سلمہما اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آج ۱۳ر اکتوبر کو یہ خط لکھ رہا ہوں۔ حج کے ارکان اور منیٰ و عرفات سے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے نہایت آسانی کے ساتھ فراغت فرمائی اور نہایت سہولت کے ساتھ ارکان ادا ہوئے۔ ۱۰ر اکتوبر کی شام کو مغرب کے بعد واپسی ہوئی۔ واپسی پچھلے سال کی طرح سرنگ کے راستے سے ہوئی اور نہایت سہولت رہی۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین

آپ لوگ بھی عید سے فارغ ہو گئے ہوں گے۔ قربانیوں کا انتظام سہولت سے ہو گیا ہوگا۔ گھر میں سب چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہوں گے؟ اور باہر اصحاب بھی سب خیریت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور ہر قسم کی پریشانیوں سے محفوظ فرمائے۔ آمین

مدینہ منورہ حاضری کی کوشش شروع کرنی ہے۔ کوشش ہو گی کہ ۳ر نومبر کو واپسی ہو جائے اور ۵ر نومبر کو کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز ملتان پہنچا جائے۔ کراچی سے ہوائی جہاز صبح سویرے چلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پروگرام کی بعافیت تکمیل فرمائے۔ آمین

سب ساتھی خیریت و عافیت سے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

سب ساتھیوں کی طرف سے سب کو بہت بہت سلام و دعوات۔

مکان کا کام عید کے بعد شروع ہو گیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ تکمیل فرمائے۔ آمین۔ پختہ پروگرام کا خط بعد میں ارسال ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ!　　　والسّلام

۱۵ر ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ/۱۳ر اکتوبر ۱۹۸۱ء　　　ازمکہ مکرمہ

۳/۶۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزانِ گرامی قدر عزیز احمد و خلیل احمد سلمہما اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر کا پہلا خط مل گیا ہوگا۔ آج گوجرہ کے منور صاحب کے والد بزرگوار واپس جا رہے ہیں۔ اُن سے ملاقات ہو گئی۔ یہ چند سطور فوری طور پر لکھ کر ارسال ہیں۔ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے

Marfat.com

طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرمائے۔ آمین۔

پروگرام وہی ہے جو پہلے خط میں لکھا ہے۔ ابھی تک مکہ مکرمہ ہیں۔ چار روز کے بعد مدینہ منورہ جانے کی کوئی صورت پیدا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کوشش یہی ہوگی کہ ۳ر نومبر کو واپسی ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔ ہم سب کی طرف سے وہاں سب کو درجہ بدرجہ سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۸ر ذی الحجہ ۱۴۰۱ھ/ ۱۷ر اکتوبر ۱۹۸۱ء

از مکہ مکرمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۴/۶۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح سے عافیت ہے۔ گھر میں بھی سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

مستری یامین صاحب نے غسل خانے مکمل کر لیے ہیں۔ لکڑی والا مستری صاحب بھی باقی ماندہ کی تکمیل میں لگا ہوا ہے۔ مدرسہ کے کوارٹروں کا ارادہ چھوڑ دیا ہے۔ پہلے مکانوں کی مرمت شروع کروادی ہے۔ آجکل مہمانوں کی کثرت ہے۔ بہت سارے مہمان آئے ہوئے ہیں۔ سیّد شبیر صاحب کی شادی کا پروگرام بن رہا ہے۔ ۱۶ر اگست کو یہاں سے روانہ ہو کر باگڑ پہنچنا ہوگا۔ باگڑ سے ۱۸ر اگست کو روانہ ہو کر بہاولپور جانا ہوگا۔ ۲۰-۲۱ر اگست کو واپسی ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

ہم سب آپ کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب کرے۔ اور اپنی تعلیم کا ذوق و شوق نصیب فرمائے۔ اور علوم نافعہ کا عالم باعمل بناوے۔ آمین

سوائے اپنی تعلیم کے اور کسی قسم کے فکر اور شغل سے بچیں۔ سفر کی صعوبتیں جس مقصد کے لیے برداشت کی ہیں، اُس سے غفلت ہرگز نہ ہونے پائے۔ اپنے ساتھیوں کو سلام ودعوات۔ مولانا محمد یٰسین صاحب کی طرف سے سلام مسنون۔

والسّلام

۲۳ر شوال ۱۴۰۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۵/۶۹ بَعْدَالْحَمْدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمک اللہ تعالیٰ فی الدارین مطالعہ کریں، آپ کو فقیر کی مصروفیات کا علم ہے۔ ۲۴ ر اگست کو لاہور پنجاب کا اجتماع تھا، جو کہ خلافِ توقع کامیاب رہا۔ دو چار روز کے لیے کراچی جانا پڑا۔ آج رات عطاء اللہ پر واپسی ہوئی، اور اب ربوہ کانفرنس کے لیے تیاری ہو رہی ہے۔ ان پروگراموں سے پہلے شبیر صاحب کی شادی پر چار پانچ روز لگ گئے۔ اِن مصروفیات کی بناء پر خط نہ لکھا جاسکا۔ ربوہ کانفرنس سے واپسی کے بعد سفرِ حج کی تیاری ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ!

۱۱ ر ستمبر کو ظہر کے بعد یہاں سے روانہ ہو کر شام کو باگڑ پہنچنا ہوگا۔ باگڑ سے ۱۲ ر ستمبر کی صبح کو روانہ ہو کر ملتان پہنچنا ہوگا۔ ۱۲ ر ستمبر کو ملتان سے صبح ۱۰ بجے کے قریب جہاز کی روانگی کراچی کے لیے ہوگی۔ کراچی سے اُسی شام کو رات کو ۹ بجے کویت کے لیے پرواز ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ آپ ۱۱ ر ستمبر کی شام کو باگڑ پہنچ آئیں۔ اور سب گھر والے اور احباب آپ کی، آپ کے ساتھیوں کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ اللہ پاک نصیب فرمائے۔ آمین۔

سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔

فقیر کی طرف سے مولانا محمد یٰسین صاحب کی خدمت میں سلام مسنون۔

مولوی محمد امین صاحب اور حافظ عبدالقیوم صاحب کو فقیر کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۶ ر ذی قعدہ ۱۴۰۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۶/۷۰ بَعْدَالْحَمْدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ عید گزار کر بعافیت واپس پہنچ آئے ہوں گے اور گھر میں بھی ہر طرح عافیت ہوگی؟ آپ کے ساتھی بھی ساتھ آ

Marfat.com

گئے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی تعلیم میں محنت و محبت کے ساتھ مشغول رکھے اور کامیاب فرماوے۔ آمین۔

ہم لوگ بھی بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہیں۔ ماشاء اللہ اپنے پروگرام کے مطابق ۳/ اکتوبر کو مدینہ منورہ حاضری ہوئی۔ ۱۱/ اکتوبر کو یہاں سے واپسی ہے۔ ۱۲/ اکتوبر کو جدہ سے کویت اور کویت سے دوبئی ۱۹/ اکتوبر اور دوبئی سے کراچی ۲۳-۲۴/ اکتوبر تک ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حافظ محمد عابد صاحب، محمد اشرف خان صاحب کی طرف سے آپ سب کو بہت بہت سلام۔ فقیر کی طرف سے مولانا محمد یٰسین صاحب، مولوی محمد امین صاحب، حافظ عبدالقیوم صاحب کو بہت بہت سلام۔ والسّلام

۱۷/ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ/ ۶/ اکتوبر ۱۹۸۲ء از مدینہ منورہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ عید کی چھٹیاں گزار کر واپس جامعہ رشیدیہ پہنچ چکے ہوں گے؟ محترم استاذ صاحب اور آپ کے ساتھی خیریت و عافیت سے ہوں گے؟ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین

ہم لوگ ۲۰/ ستمبر کو کویت سے جدہ اور پھر جدہ سے ۲۱/ ستمبر کی صبح کو مکہ مکرمہ پہنچ گئے تھے۔ ۲۵/ ستمبر کو منیٰ جانا ہوا۔ ۲۶/ ستمبر کو حج تھا۔ ۲۲/ ستمبر کو تمام ارکان سے فارغ ہو کر واپس مکہ مکرمہ پہنچ آئے ہیں۔ واپسی اُسی طرح سرنگ کے راستے پیدل ہوئی ہے۔ اور تمام ارکان اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صحیح طریقہ سے ادا ہو گئے ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

یہاں سے ۲/ اکتوبر کی شام کو روانہ ہو کر جدہ جانے کا ارادہ ہے اور جدہ سے ۳/ اکتوبر کو بذریعہ ہوائی جہاز مدینہ منورہ جانے کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

مدینہ منورہ سے ۱۱/ اکتوبر کو واپسی ہو گی۔ عمرہ وغیرہ کا ارادہ ہے۔ ۱۴/ اکتوبر کو جدہ سے کویت واپسی ہو گی اور پھر کویت سے ۱۹/ اکتوبر کو ابوظہبی جانے کا ارادہ ہے۔ ۲۳-۲۴/

Marfat.com

اکتوبر تک کراچی پہنچنا ہو سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اگر وقت وفرصت ملی تو مزید پروگرام کی اطلاع دی جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ہمارا قیام الجزیرہ بنک میں چھٹی منزل پر ہے۔ مولانا الیاس صاحب جس کمرہ میں رہتے تھے اُس کے آگے جو کمرہ تھا، اُس میں قیام ہے اور الحمدللہ بڑا آرام ہے۔ پنکھا اور ایئر کنڈیشنر لگا ہوا ہے اور ہر قسم کا آرام ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

حافظ محمد عابد صاحب اور محمد اشرف خان صاحب کی طرف سے بہت بہت سلام اور فقیر کی طرف سے سب کو بہت بہت سلام و دعوات۔

۱۹۸۲ء والسّلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸ / ۴۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح سے عافیت ہے۔ گھر میں سب چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت وعافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرمائے اور علمِ نافعہ کا عالم باعمل بنائے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔

حامد صاحب اور محمود اقبال صاحب کویت پہنچ گئے ہیں۔ کسی قسم کی کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئی۔ اللہ تعالیٰ ملازمتوں کے سلسلہ میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

دسمبر کی پندرہ تک تو فقیر یقینی طور پر یہاں ہے۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام۔

فقیر کی طرف سے مولانا محمد یٰسین صاحب اور اپنے ساتھیوں کو سلام مسنون۔

تین سو روپے تمہارے لیے، ۱۵۰ روپے آپ کے ساتھیوں کے لیے ارسال ہیں۔

والسّلام

۸؍صفر ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۹/۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ گھر میں بھی سب عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرمائے۔ اور علم نافع عطا فرما کر اپنے دینِ حقہ اسلام کی خدمت کے لیے قبول فرمائے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین

پچھلے ہفتے طبیعت بہت خراب رہی۔ نزلہ وکھانسی کی شدت کے ساتھ ساتھ کچھ حرارت بھی ہوگئی۔ اسی وجہ سے فقیر چنیوٹ نہیں جاسکا۔ تمہاری آپا کی طبیعت بھی اِن دنوں ٹھیک نہیں ہے۔ جوڑوں کے درد کی تکلیف زیادہ ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ گاڑی عزیز احمد نے قسطوں پر بیچ دی ہے۔ ۲۰ ہزار نقد اور باقی اقساط ہیں۔ کندیاں کے قصائی ہیں، انہوں نے لی ہے۔ نئی گاڑی کی ابھی تک کوئی تجویز پک نہیں رہی۔ گاڑی ایک لاکھ ۳۵ ہزار میں گئی ہے۔ ملک منیر احمد کو اللہ تعالیٰ نے ایک ہفتہ ہوا فرزند عطا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نیک و صالح اور اقبال مند بنائے۔ آمین۔ ملک نور خاں کی شادی کی تاریخ بھی مقرر ہوگئی۔ اپریل کے پہلے ہفتہ میں ختم ہوجائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ عزت وآبرو کے ساتھ سرانجام فرمائے۔ آمین

محمد قاسم سرگانہ کی شادی کی تاریخ بھی مقرر ہوگئی ہے۔ یہ تاریخ ۲۷-۲۸/ جنوری کی ہے۔ اسی موقعہ پر باگڑ ملاقات ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ! فقیر کی طرف سے مولانا محمد یٰسین صاحب کو سلام مسنون۔ اور سب ساتھیوں کو سلام ودعوات۔

جمعرات ۳۰/ دسمبر کو محمد عابد صاحب اور خاں مارکہ آئے تھے۔ دو چار گھنٹے ٹھہر کر واپس ہوگئے۔ روپے دینے یاد نہ رہے۔ آج محمد عابد صاحب کو لکھ رہا ہوں۔ وہ آپ کو روپے پہنچا دیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

والسّلام

۱۵/ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۰
۷۴

بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح سے عافیت ہے۔ گھر میں سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

تمہاری آپا کا علاج حکیم محمد رفیق صاحب کر رہے ہیں۔ باگڑ سے واپسی پر دو جلاب دیے گئے۔ اب دوسری دوائیاں تجویز ہو رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

حافظ محمد عابد صاحب کو روپے اِدھر اُدھر سے لے کر ۷۰ ہزار اکٹھے کر دیے تھے اور گاڑی رکھ لی ہے۔ اللہ تعالیٰ باعثِ برکت اور فائدہ مند کرے۔ آمین۔

صوفی شیر محمد صاحب حکیم محمد رفیق صاحب کے والد بزرگوار (کا) ۵ اور ۶ رفروری کی درمیانی رات کو عشاء کے وقت انتقال ہو گیا ہے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت کرے۔ آمین۔

اِسی طرح اپنے صوفی محمد عبداللہ صاحب کا انتقال ۶-۷ رفروری کی درمیانی رات کو ساڑھے تین بجے سحری کے وقت انتقال ہو گیا ہے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ آمین۔

ہم سب کے لیے دعا گو ہیں کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور علومِ نافعہ کا عالم باعمل بنائے اور جمعیت و سکون نصیب فرمائے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳ ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ / ۷ رفروری ۱۹۸۳ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۱
۷۵

بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں۔ آپ کا خط ملا۔ مندرجات سے آگاہی ہوئی۔ ذکر و شغل کی طرف رجحان کا پڑھ کر از حد مسرّت ہوئی۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ خانقاہ پاک کے لوازمات کے مطابق اہلیت اور قابلیت سے سرفراز فرمائے اور نفس و شیطان کے مکر و فریب سے محفوظ رکھے۔ اور علوم ِ نافعہ دینیہ کا عالم باعمل بنا کر دارین کی سعادتوں سے مشرف فرمائے۔ آمین

شجرہ طیبہ ارسال ہے۔ اس کے آخر میں ذکر کا پورا طریقہ لکھا ہوا ہے۔ اس کے مطابق جتنا کچھ ہو سکے تعلیم (کے) دوران کرتے رہیں اور شجرہ شریف بھی دونوں وقت پابندی سے پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ پابندی کی توفیق نصیب فرمائے اور اپنی یاد سے آپ کے باطن کو مسرور و شاد فرمائے۔ آمین۔ رشید احمد، سعید احمد، نجیب احمد کے لیے مولوی ظہور احمد صاحب کو، جو مولوی نذیر احمد صاحب کندیاں والوں کے بھائی ہیں، اُن کو رکھا ہے اور انہوں نے کام شروع کروا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین

فقیر کی سفرِ حج کی تیاری ہو گئی ہے۔ ملاقاتی ویزا لگا ہے۔ اگست کے آخر میں روانگی ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ پختہ تاریخ سے اطلاع ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

ٹینکی کا کام شروع کرا دیا ہے۔ کل سے بنیاد کھودی جا رہی ہے۔ میٹرا بھی نہیں لگا۔

گھر میں سب راضی خوشی اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

سب گھر والوں کی طرف سے سب کو سلام و دعوات، فقیر کی طرف سے والسّلام

۳۰ رشوال ۱۴۰۳ھ　　　　از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.　　　　۱۲/۷۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ پہلا خط مل گیا ہو گا۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے، مولا پاک نصیب فرمائے اور علومِ نافعہ کا عالم باعمل بنائے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرمائے۔ آمین

سفر کا پروگرام کچھ اس طرح ہے کہ فقیر ۲۵ راگست کی رات کو چناب پر سوار ہو کر پشاور جائے گا۔ ۲۶ راگست جمعہ کو وہاں یکروزہ مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے کانفرنس

Marfat.com

ہے۔ پشاور سے ۲۷/اگست کو ہوائی جہاز پر سوار ہو کر ملتان پہنچے گا۔ یہ ہوائی جہاز ملتان ۹ بجے صبح پہنچتا ہے۔ پھر ملتان سے ۲۸/اگست کو ہوائی جہاز پر سوار ہو کر کراچی اور کراچی سے ۲۹/ اگست کو جدہ روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۷/ذی قعدہ ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۳/۷۷ بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ ہم لوگ ۳۰/اگست کو سحری کے وقت جدہ پہنچے۔ ۵-۶ گھنٹہ کے بعد فراغت ہوئی تو طاہر صاحب کے ساتھ جدہ چلے گئے۔ پھر محمد اسلم صاحب کے پاس لجرہ آ گئے۔ ۳۱/اگست کو ظہر کے بعد ہوائی جہاز سے مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔ قیام رفیق صاحب کے پاس ہوا۔ ۸/ستمبر کو واپس آئے۔ ۹/ ستمبر کو مکہ مکرمہ حاضر ہوئے۔ بنک الجزیرہ اُسی کمرہ میں قیام ہے۔ ۱۶/ستمبر کو جمعہ کے حج کا اعلان ہوا ہے۔ ۲۰/ستمبر کو یہاں سے کویت روانہ ہونے کی کوشش ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

یکم، دو اکتوبر تک پاکستان پہنچنے کی کوشش کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آپ عید کی چھٹیاں گزار کر واپس آ گئے ہوں گے؟ گھر میں خیریت ہوگی؟ بجلی کا میٹر لگ گیا ہوگا؟ ٹینکی بھی بن رہی ہوگی؟ جدہ سے بڑی کوشش کی فون کرنے کی، لیکن نہ ہوا۔ مدینہ منورہ سے دو (بار) فون ہو گیا تھا۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو خیریت وعافیت سے رکھے اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرمائے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۵/ذی الحجہ ۱۴۰۳ھ/۱۳/ستمبر ۱۹۸۳ء از مکہ مکرمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۴/۷۸ بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی

Marfat.com

عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرمائے۔ آمین۔ فون پر حافظ محمد عابد صاحب نے بتایا کہ وہاں کسی کے لیے ہانڈی والے تعویذوں کی ضرورت ہے، لہٰذا وہ ارسال ہیں۔ ترکیب یہ ہے: تعویذ کو نئی مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر ماش کی دال چھلکوں سمیت سات مٹھیں اُس تعویذ میں ڈالے۔ ماش کی دال کے آٹے کے ساتھ اُس کا ڈھکنا بند کریں۔ پھر مریض کو چارپائی پر لیٹا کر اُس ہانڈی کو اُس کے اردگرد سات چکر دے۔ پھر اُس ہانڈی کو آگ پر چڑھا دے۔ دھیمی دھیمی آگ دو تین گھنٹے اُس کے نیچے جلتی رہے۔ پھر اُس کو اُتار کر جنگل میں دفن کر دے۔ اس طرح سات روز کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین

تعویذ (میں) جہاں خالی جگہ چھوڑی گئی ہے وہاں مریض کا نام اور اُس کی والدہ کا نام لکھنا ہے۔ فقیر اور تمہاری آپا جمعرات کو یہاں سے روانہ ہو کر باگڑ پہنچیں گے۔ پھر فقیر رات کو خانیوال جائے گا۔ وہاں ایک جلسہ میں شرکت کرنی ہے۔ جمعہ کو واپس باگڑ آ جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹ محرم ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ۱۵ / ۷۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزِ مکرم خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ مولوی محمد امین صاحب کو بھیج رہا ہوں۔ یہ سامان لے آوے گا۔ آپ پنڈی جانا چاہتے ہیں تو ایسی گاڑی پر جائیں جو پنڈی دن کو پہنچے، اور یہ دُور دراز سفر لاری پر بالکل نہ کریں۔ کل ۸ رمئی کو فیصل آباد مجلس عمل کی میٹنگ ہے۔ اُس سے فارغ ہو کر فقیر فیصل آباد سے شام کو گاڑی پر سوار ہو کر ۹ رمئی کو راولپنڈی پہنچے گا۔ رات ٹیکسلا ہوگی۔ ۱۰ رمئی کو ہری پور جانا ہوگا۔ ہری پور سے ۱۲ رمئی کی صبح

Marfat.com

کو مانسہرہ جانا ہوگا۔ ۱۸ر کو اِس سفر سے واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

دو سو روپے بھی ارسال ہیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۵ر شعبان ۱۴۰۴ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱۶
۸۰ بَعْدَالْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم سب لوگ ۱۵ر اگست کو لندن سے روانہ ہو کر رات کو جدہ پہنچے۔ ضروری اُمور سے فراغت کے بعد باہر نکلے۔ چوہدری محمد اسلم صاحب اور بنگلہ دیش کے ایک ساتھی آئے ہوئے (ہیں)، انہوں نے پانی چائے وغیرہ سے تواضع کی۔ پھر روانہ ہوئے۔ جدہ، مکہ مکرمہ کے راستے بنگلہ دیشی ساتھی کا مکان ہے، وہاں گئے۔ صبح کی نماز پڑھی۔ ناشتہ کیا۔ پھر مکہ مکرمہ کی طرف روانگی ہوئی۔ ۱۶ر اگست کی صبح ۷ بجے مکہ مکرمہ حاضری نصیب ہوگئی۔ ہم سب نے تمتع کا احرام باندھا ہوا تھا۔ سامان رکھ کر وضو کر کے حرم پاک حاضر ہوئے۔ عمرہ ادا کیا۔ جمعہ کی نماز پڑھی اور واپس آئے، اور بڑے آرام سے رہائش بنک الجزیرہ میں ہے۔ پرسوں مولوی عبدالرحیم صاحب اپنے ساتھیوں کے ساتھ پہنچے، ساتھ لے گئے اور اپنے پاس رکھا۔ ان کا احرام قِران کا ہے۔ ضروری امور سے فارغ ہو کر مکان کی تلاش ہوئی۔ الحمدللہ ایک اچھا کمرہ مل گیا، وہ اُس میں چلے گئے ہیں۔ ۲۵ر اگست کو حج متوقع ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عزیز احمد صاحب، عابد صاحب اور سعدیہ کی طرف سے سب کو تھوک کے حساب سے سلام۔ خالد، ماجد، عاتکہ، سلمیٰ، جنید، عُمیر سب کو بہت بہت پیار۔

نمازوں اور مدرسہ اور لنگر و مہمانوں کا پورا پورا خیال رکھیں اور سب اُمور کی دیکھ بھال پوری ہوشیاری سے لازمی سمجھیں۔ سعید، نجیب کی نمازوں اور تعلیم کا پورا خیال رکھیں۔ اگر وہ کوتاہی کریں گے تو کوئی چیز نہیں ملے گی۔

ہم سب کی طرف سے محمد عارف صاحب، ملک محمد افضل صاحب اور سب ساتھیوں

Marfat.com

کو بہت بہت سلام۔ خاص کر محمد حامد صاحب کو سب کی طرف سے بہت بہت سلام۔

والسّلام

۳/ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ/ ۱۹/اگست ۱۹۸۵ء از مکہ مکرمہ

۱۷/۸۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ پہلا خط مل گیا ہوگا جو کہ مکہ مکرمہ پہنچتے ہی لکھا تھا۔ یہاں ۲۵/اگست کو حج ہوا۔ آج ۲۷/اگست کو مکہ مکرمہ سے یہ چند سطور لکھ رہا ہوں۔ کل ۲۶/اگست کو طوافِ زیارت کے لیے آئے۔ رات مکہ مکرمہ میں گزاری۔ آج رمی کے لیے واپس منیٰ کی تیاری ہے۔ ہم سب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بعافیت ہیں۔ حج بعافیت ادا ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین

مولانا محمد عبداللہ صاحب ۲۹/اگست کو واپس جارہے ہیں۔ اُن کو یہ رقعہ دینے کی کوشش ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ مولانا مل جائیں۔ حج کے بعد مدینہ منورہ حاضری ہوگی۔ ۲۸-۲۹/ ستمبر کی درمیانی رات ہماری سیٹیں ہیں۔ تفصیل کی بعد میں اطلاع ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ہم سب آپ سب کے لیے بہت بہت دعائیں کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین

محمد عابد صاحب، عزیز احمد اور سعدیہ اور ان کے ساتھ فقیر کی طرف سے بھی سب چھوٹے بڑوں کو تھوک کے حساب سے بہت بہت سلام ودعوات اور پیار۔ والسّلام

۱۱/ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ/ ۲۷/اگست ۱۹۸۵ء از مکہ مکرمہ

۱۸/۸۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَالۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ عزیزان سعید احمد اور نجیب احمد کا ختم قرآن پاک ۲۴/فروری جمعرات کو ہونا ہے۔ ان دونوں کا اصرار ہے کہ لالے خلیل احمد کو ضرور اطلاع دیں، لہٰذا آپ اور محمد عابد صاحب بدھ ۲۳/فروری کو عطاء اللہ پر ملتان

Marfat.com

سے سوار ہو کر آ جائیں۔ کندیاں گاڑی موجود ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱۹/۸۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ سبحانہٗ مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

بی بی کی طبیعت زیادہ خراب ہے۔ آج اُن کو راولپنڈی بھیجا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے فائدہ مند علاج کی صورت پیدا فرمائے اور صحت عطا فرمائے۔ آمین

فقیر فیصل آباد کی کانفرنس کے بعد لاہور، کوئٹہ، کراچی، حیدر آباد کے سفر سے بعافیت ۲۱/اپریل کو واپس خانقاہ پاک پہنچا ہے۔ ان جگہوں پر کانفرنسیں بڑی کامیاب رہیں۔ اب کل ۲۵/اپریل کو پنڈی جانے کا ارادہ ہے۔ وہاں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ بہتری فرمائے۔ آمین

کچھ مذاکرات کا سلسلہ بھی شروع ہے۔ کل شام ۲۳/اپریل کو مولانا محمد شریف صاحب جالندھری کی ملاقات صدر سے ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ بہتر نتائج پیدا فرمائے۔ آمین۔ ملک میں قادیانی عبادت گاہوں کے مسمار کرنے کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ ابتدا باگڑ والوں نے کی ہے۔ ۲۰/اپریل کو جمعہ کے بعد ایک قادیانی عبادت گاہ کو گرایا ہے۔ اس سلسلے میں ۱۷ آدمی گرفتار ہو کر جیل میں ہیں۔ میاں خان محمد صاحب، حاجی گل محمد صاحب، میاں اللہ دتہ صاحب وغیرہ ساتھی اُسی میں ہیں۔

جھنگ میں ایک عبادت گاہ گرائی جا چکی ہے۔ وہاں ایک آدمی گرفتار ہوا، جس کو شہریوں نے چھوڑا لیا۔ کل ۲۲/اپریل کی رات کو سیالکوٹ میں ایک قادیانی عبادت گاہ کو آگ لگائی گئی۔ ڈیڑھ گھنٹے کی محنت کے بعد فائر بریگیڈ نے اُس پر قابو پایا۔ نعیم آسی صاحب

Marfat.com

اور دو آدمی اور اِس سلسلہ میں گرفتار کیے گئے۔

۲۷/اپریل کو کیا ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۳۳ روپے ارسال ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: عزیزہ رضیہ صاحبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

۱/۸۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزہ رضیہ سلمہا اللہ تعالیٰ کریں کہ آپ کا خط فقیر کو خانقاہ پاک سے روانگی کے وقت موصول ہوا۔ فقیر ۲۳/جولائی کو لاہور پہنچا ہے۔ لاہور سے گوجرانوالہ، راولپنڈی کا قصد ہے۔ ہفتہ عشرہ لگ تک خانقاہ پاک واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

پاؤں پر زخم کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی کے ماتحت پُرمسرّت زندگی گزارنے کے مواقع نصیب فرماوے۔ آمین۔ دنیا خود فانی ہے۔ اور اِس کی سب رونقیں بھی آنی جانی اور فانی ہیں۔ انسانیت اِسی میں ہے کہ ان عارضی رونقوں میں دل نہ لگائے۔ اور اپنے مولائے حقیقی سے غافل نہ ہو جائے۔

ظفرؔ اُسے آدمی نہ جانئے گا خواہ کتنا ہی ہو صاحبِ فہم و ذکا
جسے عیش میں یادِ خدا نہ رہی اور طیش میں خوفِ خدا نہ رہا

اِس دنیا میں آنے کا واحد مقصود اللہ جل شانہٗ کی رضامندی حاصل کرنا ہے۔ اگر اپنے اس مقصد میں کامیاب ہے تو پھر دنیا کی سب چیزیں اُس کے لیے راحت کا سامان ہیں۔ اور اگر خدانخواستہ انسان اپنے اس مقصدِ اصلی سے بالکل غافل ہے تو دنیا کی سب چیزیں، آسائشیں اور رونقیں اُس کے لیے وبالِ جان ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی رضامندی اور خوشنودی حاصل کرنے کی توفیق عطا فرماوے اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے سرفراز

Marfat.com

فرماوے۔آمین۔

عزیزہ کلثوم فاطمہ کی خیریت وعافیت سے اطلاع دے کر احسان کیا۔جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ. عرب لوگ اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ اولاد جگر کے ٹکڑے ہیں جو زمین پر چل پھر رہے ہیں۔کلثوم فاطمہ تو میرا سب سے بڑا جگر کا ٹکڑا ہے۔فقیر جب روانہ ہوا تھا تو خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت تھی۔سب خورد وکلاں بعافیت تھے۔اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ سب کو اپنی حفاظت میں عافیت وسلامتی اور صحت کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے والدین بزرگوارین کی خدمت میں سلام مسنون عرض کریں۔اور حامد واسماء، ودیگر جمیع عزیزوں کو دعوات ودیدہ بوسی۔

والسّلام

۱۵/ربیع الاوّل ۱۳۸۴ھ — از لاہور

## بنام: ریاض حسین صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

1/85

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ریاض حسین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور اُن ڈاکوؤں کے شر سے جملہ مخلوق کو اپنی حفاظت میں رکھے۔اور آپ سب کو جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

خان صاحب (سردار فضل محمود خان) کی خدمت میں علیحدہ عریضہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔فقیر کا یہی خط اُن کی خدمت میں پیش کر دیں۔اور معاملہ کی تفصیل زبانی بیان کریں۔وہ انشاءاللہ تعالیٰ پوری پوری ہمدردی کریں گے۔

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ — والسّلام

۱۶/جمادی الثانیہ ۱۳۸۵ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

## بنام: پروفیسر ڈاکٹر زاہد منیر عامر، لاہور

١/٨٦ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم عزیز زاہد منیر صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر آپ کے جذباتِ حزن و ملال کا علم ہوا۔ بالکل یہی کیفیات ہم سب کی ہیں۔ مولانا مرحوم کے انتقال سے ملک و ملت کو عظیم نقصان پہنچا ہے۔ اور مجلس ختم نبوت پاکستان تو اپنے عظیم رہنما کی سرپرستی اور رہنمائی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محروم ہو گئی ہے۔ اور اِس ہنگامہ خیز دَور میں اُن کی رہنمائی کی ملک و ملت اور مجلس ختم نبوت کو شدید ضرورت تھی۔ لیکن خالقِ کائنات اللہ جل جلالہٗ کو اِسی طرح منظور تھا۔ اب سوائے صبر اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ پڑھنے کے کوئی چارہ کار نہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مرحوم کی مغفرت فرماوے۔ اور اُن کو اپنی قبر میں جنت کی راحتیں نصیب فرماوے۔ اور اُن کے جمیع پس ماندگان کو اِس عظیم صدمے کا اجرِ جزیل عطا فرماوے۔ اور ہم سب کو اُن کے مشن کو جاری و ساری رکھنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔

آپ نے اُن کی رہنمائی میں جو کام شروع کیا ہوا تھا، اس کو جاری رکھیں۔ اس صدمہ سے گھبرائیں نہیں۔ ہمت اور عزم کو بلند رکھیں۔ بلند ہمتی ایسے ہی صدموں کے وقت اور زیادہ اُجاگر ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب کرے۔ آمین۔

فقیر کی بینائی بڑی تیزی سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ لکھنے پڑھنے میں بڑی دقت ہوتی ہے۔ اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حافظ و ناصر ہووے۔ آمین۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۶ / جمادی الاولیٰ ۱۴۰۴ھ

٢/٨٧ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی زاہد منیر صاحب عامر سلمہ اللہ تعالیٰ۔ السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

Marfat.com

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ ملتان میں مولانا عزیز الرحمٰن صاحب نے آپ کا لفافہ دے دیا تھا کہ اس کو دیکھ کر اس کے لیے کچھ لکھ دوں۔ لیکن اپنی نالائقیوں کے باوجود اس قدر مصروفیتوں میں گھرا ہوا ہوں کہ اس کا موقعہ نہ مل سکا۔

مولانا مرحوم و مغفور کے متعلق کچھ چند بے ربط حروف لکھ دیے ہیں۔ آپ مہربانی فرما کر اسی کو غنیمت جانیں اور فقیر کو معذور سمجھیں۔

فقیر ۳۱ر جولائی کو سفرِ حج کی روانگی کے لیے مصروف ہے۔ یکم اگست کو ملتان سے کراچی اور کراچی سے ۲ر اگست کو براستہ لندن سفرِ حج کا آغاز ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ اس سارے سفر کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ سرانجام فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹ر ذی قعدہ ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

مجاہد ملت حضرت مولانا تاج محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ ضلع ہزارہ کے مردم خیز علاقہ کے نامور سپوت تھے۔ ایسے عبقری قسم کے انسان قسمت سے پیدا ہوتے ہیں۔ مولانا مرحوم کا نام تو اکثر سننے میں آتا تھا، مگر اُن سے بالمشافہ تعارف حضرت مولانا سیّد محمد یوسف صاحب بنوری رحمۃ اللہ علیہ کے زمانۂ امارت تحریک تحفظ ختم نبوت پاکستان کے زمانہ میں ہوا۔ اور جیسے جیسے ان سے تعارف بڑھتا رہا، اُن کے علم و فضل اور اخلاص و جرأت اور ہمت کے جوہر کھلتے چلے گئے۔ بظاہر مرنجان مرنج طبیعت کے بزرگ تھے جو اپنے احباب کے لیے اَبریشم سے بھی نرم اور معاندینِ اسلام کے لیے فولاد سے بھی سخت تر تھے۔ حال یہ تھا کہ پنجاب بلکہ صوبہ سرحد تک کے معتدل مزاج اہلِ حدیث، بریلوی، دیوبندی اور توحیدی حضرات کے لیے نقطہ اتحاد تھے۔ اُن کا دل اور دسترخوان سب کے لیے یکساں فراخ تھا۔ یہی وجہ تھی کہ فیصل آباد کی تاریخ میں مولانا مرحوم کے جنازے پر ہر مسلک کے علماء اور

Marfat.com

احباب کا بے مثال جمِ غفیر جمع ہو گیا تھا۔

ان کی وفات ملتِ اسلامیہ کے لیے اور خاص کر مجلس تحفظ ختم نبوت کے لیے بے حد صدمے اور نقصان کا باعث ہوئی۔ کیونکہ جب تحریک تحفظ ختم نبوت کے خدام کو اُن کی شدید ضرورت ہوئی، وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

فقیر سفرِ حج کے لیے پابرکاب ہے۔ اور پھر وہ الفاظ بھی نہیں ملتے جو حضرت مولانا تاج محمود صاحب مرحوم کے کمالات کا احاطہ کر سکیں۔ اس لیے عزیز نوجوان زاہد منیر صاحب عامر کے ارشاد کی تعمیل میں یہ چند ٹوٹے پھوٹے حروف لکھ دیے ہیں۔

فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیز زاہد منیر صاحب عامر کی اِس جدوجہد اور عرق ریزی کو منظور و مقبول فرمائے۔ آمین۔ جنہوں نے اس اہم فریضہ کو ہم سب کی طرف سے ادا کیا۔ جَزَاہُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ۔

اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کو جنت الفردوس نصیب فرماوے۔ اور اُن کے اکلوتے فرزند خلف الرشید صاحبزادہ طارق محمود سلمہٗ کو صحیح معنوں میں اُن کی تمام خوبیوں کا وارث بناوے۔

این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد[1]

۳ ۸۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

محدثِ اعظم حضرت علامہ مولانا محمد انور شاہ صاحب کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے طلبہ کو بطورِ نصیحت فرمایا کرتے تھے کہ بھائی اگر ہندوستان میں رہ کر دین حقّہ اسلام کی خدمت کرنا چاہتے ہو تو اُردو بولنا اور لکھنا سیکھو۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نصیحت کو آپ بھی حرزِ جان بنائیں۔ اور اُردو کو دینی خدمت کا ذریعہ بنا کر اِس میں کمال حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ صراطِ مستقیم کی ہدایت فرما کر اُس پر استقامت کرامت فرماوے۔ اور اِس راستہ کی جمیع مشکلات آسان فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۱۸؍ جمادی الثانیہ

---

۱۔ یہ میری دعا ہے اور سارے جہاں کی طرف سے آمین ہو۔

Marfat.com

## بنام: ساجد اعوان صاحب، ایبٹ آباد

۱/۸۹ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم ومحترم جناب ساجد صاحب سلمک اللہ تعالیٰ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ تفصیل سے آگاہی ہوئی۔ اپنے ایمان کی حفاظت، اس کے جملہ ذرائع کی حفاظت امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام والتحیہ پر فرض ہے۔ اس فرض کی ادائیگی کے لیے آپ سب حضرات کی مساعی قابلِ قدر ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے، اور کامیابیاں عطا فرماوے۔ آمین۔

بڑی ہمت وجرأت سے اپنے فریضے کو ادا کرتے رہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی علمائے کرام کی سرپرستی اور رہنمائی سے بھی غافل نہ رہیں۔ یہ بڑی ضروری چیز ہے۔ فقیر نے ۱۴ رمئی/ ۱۸ رشوال اپنی ڈائری پر تاریخ نوٹ کرلی ہے۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ضرور حاضر ہوگا۔ آپ سب اطمینان فرماویں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲ ررجب ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۹۰ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترم ساجد اعوان صاحب نے آقائے نامدار، خاتم الانبیاء والمرسلین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے فضائل میں بڑی محنت اور کاوش سے یہ کتاب مرتّب کی ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ محترم ساجد اعوان صاحب کی محنت کو قبول فرماوے، اور کتاب کو قبولیتِ عامہ عطا فرماوے اور مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔ والسّلام

۱۸ ررجب ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳/۹۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم ساجد اعوان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ مع اخباری تراشوں کے موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو ہمت و جرأت اور اِستقامت کے ساتھ مسئلہ ختم نبوت اور ناموسِ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں مشغول رکھے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

۲۶ ستمبر کی کانفرنس میں مولانا اللہ وسایا صاحب کی شرکت بڑی مشکل ہے۔ ۲۶، ۲۷ ستمبر کو تمام مبلغین کا اجتماع ہے۔ اور یہ تاریخ دو مہینے پہلے سے مقرر شدہ ہے، اس لیے معذرت پیش ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی کو قبول فرماوے اور کانفرنس کو کامیاب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۴۴
۹۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرم و محترم ساجد اعوان صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اپنے مقاصدِ دینیہ میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

فقیر کل ۱۰ ربیع الثانی کو کراچی جا رہا ہے۔ وہاں انگلینڈ روانگی ہو گی۔ مجلس تحفظ ختم نبوت کی سالانہ کانفرنس کے لیے جانا ہے۔ دو تین ہفتے اس سفر میں لگ جاویں گے۔ واپسی پر آپ رابطہ کریں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۵/۹۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم ساجداعوان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ خواب مبارک ہے۔ اپنے کسی اہم مقصد میں کامیابی کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب کرے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اوراعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کوسلام ودعوات۔ والسّلام

فقیرخان محمدعفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۶/۹۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم ساجد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک آپ کوصحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جماعت کی امداد واعانت کی ہمت وجرأت اور اِخلاص ولِلّٰہیت کے ساتھ توفیق عطافرماوے۔ اوراپنی رضامندی کاذریعہ بناوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۲۷؍ مارچ کوسفرِ حج کے لیے روانہ ہورہا ہے۔ ۳۰؍ مارچ کو لاہور سے جدہ روانگی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ آسان وقبول فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کوسلام ودعوات۔ والسّلام

فقیرخان محمدعفی عنہ

بنام: مولانا قاضی سراج الحق نعمانی صاحب، نوشہرہ صدر، خیبر پختونخوا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱/۹۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا قاضی سراج صاحب نعمانی مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

حضرت قاضی صاحب اور حضرت رائے پوری مدظلہم العالی ایک ہی سلسلہ کے بزرگ ہیں۔اور وہ طریقۂ چشتی صابری ہے۔ان دو حضرات سے اگر استفاضہ نہیں ہوسکا تو بہتر یہی ہے کہ کسی اور چشتی صابری کی تلاش کریں۔ بہرحال پورے استفاضہ کے لیے بیعت ہونا ضروری ہے۔

مصروفیت کی وجہ سے جواب میں تاخیر ہوئی،جس کی معذرت پیش ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۳رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۵ھ

۲
۹۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولانا قاضی سراج صاحب نعمانی مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔مندرجات سے آگاہی ہوئی۔خانقاہ سراجیہ کے حضرات کا تعلق موسیٰ زئی شریف سے ہے۔اور یہ طریقۂ نقشبندیہ مجددیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ اور جملہ حضرات دیوبند حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔اور حضرت حاجی صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ طریقۂ چشتیہ صابریہ سے تعلق رکھتے ہیں۔اس لحاظ سے ہمارے جملہ حضرات دیوبند والے چشتی صابری ہیں۔آپ بھی اسی سلسلہ کی مناسبت سے چشتی صابری کی تلاش کریں۔اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۱رجمادی الثانیہ ۱۴۱۵ھ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۳
۹۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم سراج نعمانی صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اعمال خیر کا پابند بنائے۔ اور مشائخ عظام کے طریقہ پر استقامت کرامت فرماوے۔ آمین۔ بزرگوں کا فرمان ہے کہ:

یک در گیر محکم گیر
ہر کہ ہمہ جا ہیچ جا[1]

اگر کسی مجلس میں جانے کا اتفاق ہو جائے تو اپنے شیخ کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھے۔
فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۲ محرم ۱۴۱۸ھ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴
۹۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاضی صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بہت سے بزرگ ازخود اپنی طرف سے فقیر کی طرف منسوب بیان شائع کرواتے ہیں۔ فقیر تردید کو ضروری نہیں سمجھتا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور فقیر کی کمزوریاں دور فرماوے۔ اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی دینی خدمات کو قبول فرماوے۔ اور مزید برآں توفیق کرامت فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۲ رشوال ۱۴۱۹ھ

ا۔ ایک کو تھام اور مضبوطی سے تھام، جو ہر جگہ (جاتا) ہے وہ کسی درجہ کو نہیں پاتا۔

Marfat.com

## بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہٗ، کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت حضرت المکرّم مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مزاج گرامی!

۱۔ آپ سے گزارش کی تھی کہ وفاق المدارس کے نصاب میں کسی وفاقی سال میں فتنہ قادیانیت سے متعلق دو سوالات لازمی قرار دیے جائیں۔

۲۔ مقامِ شکر ہے کہ وفاق المدارس نے اس گزارش کو شرفِ قبولیت سے نواز کر ہمیں حکم کیا کہ ختم نبوت، حیات عیسیٰ علیہ السّلام اور کذب مرزا قادیانی پر دس دس سوالات مرتب کر کے آپ کو بھجوائیں۔

۳۔ آپ کو وہ تیس سوالات بھجوائے گئے۔ یہ جان کر انتہائی مسرّت ہوئی کہ وفاق نے ان سوالات کو قبول فرما کر ان کے جوابات پر مشتمل کتاب مرتب کرنے کا فرمایا۔

۴۔ چنانچہ تمام سوالات پر مشتمل سوالاً جواباً کتاب (آئینہ قادیانیت لف ہذا) مرتّب کر کے ملک عزیز کے مقتدر تین علماء کرام کو وہ کتاب دی گئی جو مختصر اور جامع ہے کہ وہ اسے پڑھ کر مناسب ترمیم اور اضافہ سے سرفراز فرمائیں۔ ان حضرات میں وفاق المدارس کی عاملہ کے رکن شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید دامت برکاتہم (باب العلوم کہروڑپکا) بھی ہیں، ان سے گزارش کی ہے کہ وفاق المدارس کی میٹنگ میں اسے پیش فرمائیں۔

۵۔ آپ سے بھی گزارش ہے کہ انتہائی قریبی میٹنگ میں اس کو شامل ایجنڈا فرما کر حسبِ وعدہ حتمی منظوری سے سرفراز فرمائیں۔ اللہ رب العزت آپ کی عزتوں میں اضافہ فرمائیں اور ہم سب کو بیش از بیش دینِ اسلام کی خدمت کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

والسّلام

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان
حال وارد کراچی

۱۰ ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ

۲
۱۰۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مخدوم گرامی حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہٗ

صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مزاج گرامی!

آپ کے گرامی نامہ محررہ ۲۰ ربیع الاوّل ۱۴۱۹ھ کے ذریعہ معلوم ہو کر انتہائی مسرّت ہوئی کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے اپنے عاملہ کے اجلاس میں ہماری تجویز پر منتہی طلبا کے لیے ردّ قادیانیت کا مطالعہ اور اس کا امتحان لازمی قرار دے دینے کا فیصلہ فرمایا ہے۔ آپ نے ختم نبوت، حیات عیسیٰ علیہ السّلام اور کذب مرزا پر دس دس سوالات اور امدادی کتب کی فہرست طلب کی ہے۔ تینوں عنوانات پر دس دس سوالات لف ہذا ہے۔

امدادی کتب کے لیے ان پانچ کتابوں کا مطالعہ کافی ہوگا:

| | |
|---|---|
| قادیانیت | حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی مدظلہٗ |
| رئیس قادیان | حضرت مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوریؒ |
| احتسابِ قادیانیت (جلد اوّل) | حضرت مولانا لال حسین اخترؒ |
| احتسابِ قادیانیت (جلد دوم) | حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ |
| اسلام اور قادیانیت | حضرت مولانا عبدالغنی پٹیالویؒ |

البتہ اگر آپ ان سوالات کو قبول فرما لیتے ہیں تو آپ کے فیصلہ کے بعد آپ کا باضابطہ جواب آنے پر ان سوالات کے جوابات پر مشتمل مختصر مگر جامع مانع کتاب مجلس تحفظ ختم نبوت بہت جلد مرتّب کر دے گی۔ اللہ رب العزت آپ کے حامی و ناصر ہوں۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

Marfat.com

## بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہٗ، اکوڑہ خٹک

۱/۱۰۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت جناب مکرم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زید مجدکم۔

سلام مسنون، مزاج گرامی؟

۲۲/ مارچ ۷۸ء بروز جمعہ صبح دس بجے سے نمازِ عصر تک مرکزی جامع مسجد لال اسلام آباد میں آل پاکستان ختم نبوۃ کانفرنس مجلس عمل تحفظ ختم نبوۃ پاکستان کے زیر اہتمام رکھی ہے۔ کانفرنس کی اہمیت، مسئلہ ختم نبوت کی عظمت آپ پر پوشیدہ نہیں۔ یہ کانفرنس اس افتراق وتشتت کے دور میں اتحاد اُمت کا سیمینار ثابت ہوگی۔ آپ بروقت تشریف لاکر کانفرنس میں شرکت اور اُمت مسلمہ کی رہنمائی فرمائیں۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

صدر مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوۃ پاکستان

ربیع الاوّل، ربیع الثانی ۱۳۹۸ھ/ مارچ ۱۹۷۸ء

۲/۱۰۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترم المقام حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زید مجدکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

بعد از سلام مسنون کے مطالعہ فرماویں کہ کل یہاں سے ایک رجسٹری بھجوانے کے بعد آپ کی رجسٹری موصول ہوئی۔ آپ کی اس کرم فرمائی کا بہت بہت شکریہ کہ اس حقیر کو اپنی اس شفقت وعنایت کے قابل سمجھا۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. قادیانیت کے سلسلہ میں آئینی ترمیم کی بحالی کے متعلق آپ حضرات کی مساعی کا بھی بہت بہت شکریہ۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی مساعی کو قبول فرماوے اور اِس دور کے فتن سے دین حقہ اسلام کی حفاظت وصیانت کی مزید بر آں توفیق رفیق گردانے۔ آمین۔

Marfat.com

تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۷۴ء میں تو آپ براہِ راست شریک رہے ہیں۔ ملت اسلامیہ کے موقف کی تیاری میں آپ کا بہت سا حصہ ہے۔ اس لیے آپ پر اس موقف کی حفاظت کی ذمہ داری بھی آپ کا اپنا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس فریضہ کی ادائیگی کی کماحقہٗ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ گزارش ہے کہ پنجاب ہائی کورٹ بار کے وکلاء کی جو عرضداشت صدر صاحب کی خدمت میں پیش کی گئی تھی اس میں دو ترمیموں کی منسوخی کی نشان دہی کی گئی تھی۔ صدر صاحب نے ایک ترمیم کی منسوخی کو بحال کیا ہے اور دوسری ترمیم کی منسوخی کو باقی رہنے دیا ہے۔ وہ عرضداشت ارسالِ خدمت ہے۔ خط کشیدہ ترمیم کی منسوخی بدستور باقی ہے۔ اس طرح یہ آدھا کام باقی ہے۔ اس کی تکمیل کے لیے مسلسل محنت اور جدوجہد کی ضرورت لازمی ہے۔

اس پہلے کام کی تکمیل کے لیے سوچ و بچار اور غور و فکر جاری تھا کہ ایک اور اُفتاد میں مبتلا کر دیے گئے ہیں، اور وہ ہے بیانِ حلفی میں جو کہ حج فارموں، پاسپورٹ فارموں اور شناختی کارڈ فارموں میں درج ہے، اور ہر درخواست گزار مسلمان کو اُس پر دستخط کرنے لازمی ہیں۔ اس بیان حلفی کے تیسرے پیرے کو حذف کر دیا گیا ہے۔ پہلے بھی ووٹوں کے اندراج کے وقت یہ بیانِ حلفی تبدیل کر دیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کروڑ ہا رحمتیں نازل فرمائے حضرت مفتی محمود صاحبؒ کی قبر پر، اُن کی مداخلت سے یہ مسئلہ حل ہوا تھا اور حکومت کو کروڑ ہا روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا، اور کروڑوں فارم طبع شدہ کو ضائع کرنا پڑا اور نئے فارم صحیح بیانِ حلفی پر چھپوانے پڑے تھے۔ اس کے متعلق صدر صاحب کی خدمت میں فقیر نے عریضہ ارسال کیا جس کی ایک کاپی آپ کی خدمت میں پیش کی ہے۔

جب سے مارشل لاء نافذ ہوا ہے اور صدر ضیاء الحق صاحب نے مسند اقتدار کو زینت بخشی ہے، قادیانیوں کی حفاظت اور سرپرستی اور اُن کی نمائندگی کے فریضہ کی ادائیگی کو اپنا فرض سمجھ رکھا ہے۔ صدر صاحب کی اس روش نے خود اُن کے متعلق شک و شبہات کو تقویت پہنچائی ہے۔ کیا آئینِ اسلام کے نفاذ کے سلسلہ میں قادیانیت کا تحفظ ضروری ہے اور لادین عناصر کے تعاون کے بغیر یہ کام سرانجام نہیں دیا جا سکتا۔ اس معمہ کو سمجھنے کے لیے عامۃ

Marfat.com

المسلمین کے اذہان قاصر ہیں:

ع رموز مملکت خویش خسروانان دانند[1]

واجب الاحترام حضرت مولانا صاحب مدظلہ العالی کی خدمت میں سلام مسنون اور درخواست دعا۔

والسّلام

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

۲۳ ررجب ۱۴۰۲ھ/۱۹۸۲ء از خانقاہ سراجیہ

۳/۱۰۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرمی ومحترمی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب دامت برکاتہم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔مزاج گرامی!

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام لندن میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس ہوتی ہے۔اس سال یہ کانفرنس یکم اکتوبر ۸۹ء بروز اتوار لندن میں منعقد ہو رہی ہے۔جماعت کے رفقاء کی خواہش ہے کہ اس دفعہ آنجناب بھی شرکت سے ممنون احسان فرمائیں۔آپ کی تشریف آوری سے فقیر کو بہت خوشی اور راحت ہوگی۔امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے؟ دارالعلوم ٹھیک چل رہا ہوگا؟ اللہ رب العزت آپ کے حامی وناصر ہوں۔لندن کے بعد ۷، ۸ راکتوبر کو شکاگو امریکہ میں بھی کانفرنس ہے۔اگر گنجائش ہو اور ایک سفر میں تمام پروگرام ہو جائیں تو بہت اچھا ہو، ورنہ لندن تو ضرور تشریف لائیں۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۵ رصفر ۱۴۱۰ھ/ ۷ رستمبر ۱۹۸۹ء

۴/۱۰۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

محترم المقام جناب السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔مزاج گرامی!

اللہ رب العزت کا لاکھ فضل واحسان ہے کہ آپ حضرات کی اخلاص بھری کوششوں

---

۱۔ اپنی مملکت کے رموز بادشاہ ہی جانتے ہیں۔

Marfat.com

سے عالمی مجلس اب پوری دنیا میں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ برطانیہ وامریکہ کی ختم نبوت کانفرنسوں کے باعث جماعت کے اکثر ذمہ دار رہنما غیر ملکی سفر پر ہیں۔ ربوہ میں ہونے والی سالانہ آٹھویں ختم نبوت کانفرنس کے لیے فقیر کے کہنے پر رفقاء نے ۲،۳ر نومبر ۱۹۸۹ء جمعرات، جمعہ کی تاریخیں مقرر کی ہیں۔ میں آپ سے توقع رکھتا ہوں کہ کانفرنس کی کامیابی کے لیے بھرپور کاوش کریں گے۔ پہلے سے زیادہ رفقاء کو اِس میں شرکت کے لیے آمادہ کریں گے۔ اور ہماری غیر حاضری کو محسوس نہ ہونے دیں گے۔ ہم لوگ اب کانفرنس کے موقع پر ہی حاضر ہوں گے۔ ہماری غیر حاضری میں آپ اپنی ذمہ داری کو بھرپور اور احسن انداز سے نبھانے کی کوشش کریں اور کانفرنس کو مثالی طور پر کامیاب بنائیں۔ فقیر ہر وقت آپ حضرات کے لیے دعا گو ہے۔

والسّلام

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حال وارد (لندن)

۱۵ر ربیع الاوّل ۱۴۱۰ھ/ ۱۶ر اکتوبر ۱۹۸۹ء

۵
۱۰۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت عالی مرتبت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زید عنایتکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، مزاج گرامی!

اس وقت ہلاکت ودہشت گردی کے روز افزوں جو واقعات ہو رہے ہیں اس سے جہاں ملک عزیز پاکستان میں امن وامان کا مسئلہ پیدا ہوگیا ہے وہاں ہر اہلِ دل پر امن شہری اضطراب وپریشانی کا شکار ہے۔ اہل السنّت والجماعت دیوبندی مسلک حقہ سے وابستہ حضرات جس طرح افتراق وتشتت کا شکار ہیں وہ آپ کی نظروں سے اوجھل نہیں۔ کیا اتفاق واتحاد کے رابطہ باہمی کی کوئی شکل ہوسکتی ہے؟ صرف اس ایک نکتہ پر غور وفکر کے لیے دیوبندی مسلک کے اکابر کی ایک میٹنگ مورخہ ۹ر مارچ ۱۹۹۷ء بروز اتوار بعد از مغرب

Marfat.com

دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مکان نمبر ۱۱۵۹، جی-۶/ ۱-۳، اسلام آباد میں طلب کی گئی ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ اپنی تمام تر گوناں گوں مصروفیات کے باوجود اس مسئلہ کی اہمیت ونزاکت کے باعث اس میں اصالۃً شرکت فرما کر فقیر کو ممنون فرمائیں۔ فقیر ذاتی طور پر آپ سے درخواست گزار ہے کہ ضرور شرکت فرمائیں۔ اللہ رب العزت ہم سب کو اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق ارزاں فرمائیں۔ آمین

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

۲۳ر شوال ۱۴۱۷ھ/ ۳ر مارچ ۱۹۹۷ء صدر دفتر حضوری باغ روڈ، ملتان

۶/۱۰۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

بگرامی خدمت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی!

عرض گزارش ہے کہ حامل رقعہ ہٰذا ہمارے علاقے کا غریب آدمی ہے۔ کام کی نوعیت زبانی عرض کرے گا۔ کچھ شفقت ہو جاوے تو فقیر ممنون اور شکر گزار ہوگا۔ فقیر کی طرف سے احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵ر محرم ۱۴۲۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۷/۱۰۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرم ومحترم المقام حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زید مجدکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

سلام مسنون کے بَعْدَ اِلتماس ہے کہ مرزائیت کے سلسلہ میں ۲۰ر مارچ کو اسلام آباد مرکزی دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت میں مجلس عمل کی ایک میٹنگ بعد از ظہر بلائی گئی ہے۔ اس میں جناب والا کی شرکت از حد ضروری ہے۔ تشریف لا کر احسان فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیرخان محمد عفی عنہ

۸/۱۰۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترم ومکرم جناب حضرت مولانا سمیع الحق صاحب زید مجدکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

اس وقت اہلِ دین اور علماء کرام پر جو اِبتلاء آئی ہوئی ہے اور مستقبل قریب میں جس طرح کے حالات پیش آنے کا اندیشہ ہے، اس کے پیشِ نظر ہمارا مل بیٹھنا بہت ضروری ہے۔عزیزم محمد جمیل خان کو اس سلسلے میں اجلاس بلانے کی ذمہ داری سونپی تھی۔آپ احباب کی ملاقاتوں کی روشنی میں انہوں نے علماء کونسل اور دیگر بعض شخصیات کا ایک اہم اجلاس ۲۴/جنوری کو جامعہ اسلامیہ، کشمیر روڈ، راولپنڈی میں رکھا جو قاری سعید الرحمٰن صاحب کی میزبانی میں منعقد ہورہا ہے۔میری آپ سے حالات کے پیشِ نظر گزارش ہے کہ اس اجلاس میں ضروری طور پر شرکت فرمائیں۔میں ذاتی طور پر بھی بہت زیادہ ممنون ہوں گا۔ والسّلام

فقیرخان محمد عفی عنہ

۹/۱۰۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرمی جناب مولانا سمیع الحق!السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ،مزاج گرامی!

مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان غیر سیاسی تبلیغی جماعت ہے۔اتحادِاُمت اور تحفظ عقیدہ ختم نبوت مجلس کا خصوصی امتیاز ہے۔قادیانی جماعت کے عقائد وعزائم سراسر اہل اسلام کے خلاف اور بین الاقوامی طور پر دشمنان اسلام کے حق میں ہیں۔اللہ رب العزت نے آپ کو اس نازک دور میں ملک وملت کی خدمت کا موقع عطا فرمایا ہے۔ازراہِ کرم قادیانیوں کے متعلق جو مطالبات عرضداشت میں درج کیے گئے ہیں، وفاقی مجلس شوریٰ کے آنے والے

Marfat.com

اجلاس میں ان مطالبات کی بھرپور حمایت فرما کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل فرمائیے۔

فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

حضوری باغ روڈ، ملتان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱۰ / ۱۱۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرمی ومحترمی جناب حضرت اقدس مولانا سمیع الحق صاحب حفظکم اللہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مزاج گرامی!

وطن عزیز جن سنگین حالات سے دوچار ہے، ہر محبّ وطن پاکستانی کا دِل شدید دُکھی اور پاکستان کو پُرامن، خوشحال و مستحکم دیکھنے کا آرزومند ہے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے اس مرحلہ پر اپنا تعمیری فریضہ ادا کرتے ہوئے ۳۰/ مئی ۲۰۰۹ء بروز ہفتہ بعد نماز مغرب لیاقت باغ، راولپنڈی میں ایک تاریخ ساز ختم نبوت کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے جس میں عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت اور وطنِ عزیز کی بقاو سالمیت کے تقاضوں کی تکمیل کے لیے قومی شعور کو بیدار کرنا اہم ہدف ہے۔ انشاء اللہ ملک بھر سے جید علماء، مشائخ اور دینی وسیاسی قائدین شرکت کریں گے۔ اس مقدس مقصد کے حصول کی جدوجہد میں آپ کی شراکت ورہنمائی نہ صرف ہماری حوصلہ افزائی کا باعث ہوگی، بلکہ آپ کی دنیا وعقبیٰ کی فوز وفلاح کا ذریعہ بھی۔

دعا گو

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

## بنام: قاضی شمس الدین احمد قریشی صاحب، بھوئی گاڑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱ / ۱۱۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر نے مولانا شمس الدین صاحب کا یہ رسالہ (برکات الحرمین الشریفین) اوّل سے آخر تک دیکھا۔ فقیر کو مسائل حج اور زیارتِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر طور پر نہایت آسان اور احسن

Marfat.com

طریقہ کی ترتیب بہت پسند آئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو حجاج کرام کے لیے فائدہ مند کرے اور مولانا کی محنت کو قبول فرما کر اپنی رضامندی اور خوشنودی کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔

والسّلام

۱۷/شوال ۱۴۰۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: ملک صغیر احمد صاحب، مانسہرہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۱۱۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم ملک صغیر احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بچوں کو اُس پیر کے شر سے بچانا بڑا ضروری ہے۔ اس کی ہمت کریں۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین۔ دوسرے معاملہ کے لیے ملتان مجلس کے مرکزی دفتر سے رابطہ کریں۔ ویسے مجلس کے پاس فقیر کے خیال میں یہ شعبہ نہیں ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲/جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حضرت صاحبزادہ طارق محمودؒ، فیصل آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۱۱۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب طارق محمود صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف خیریت مطالعہ میں آئے۔ اسی دوران بالمشافہ ملاقات بھی ہو چکی ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ تحفظ ختم نبوت کے سلسلہ میں آپ کی مساعی کو مشکور بارآور فرمائے اور ہفت روزہ ''لولاک'' کو اپنے معیار و مواد اور افادیت اور فراست

Marfat.com

دین حق کے لیے اعلیٰ ترین کارکردگی کا ذریعہ بنائے رکھے اور دن دُگنی اور رات چوگنی ترقی اور قبولیت نصیب فرمائے اور آپ کو مع جملہ متعلقین کرام ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، ہمت و سعادت و سلامتی دارین سے سرفراز فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرماوے۔ آمین۔ فقط والسّلام مع الاکرام

## بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ، اکوڑہ خٹک

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱/۱۱۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

فقیر خان محمد عفی عنہ، عالی مرتبت حضرت مولانا عبدالحق صاحب دامت برکاتہم و عنایتہم کی خدمت عالیہ میں عرض گزار ہے کہ جناب والا کا گرامی نامہ شرف صدور لایا۔ مگر فقیر یکم شعبان سے سرہند شریف (ہندوستان) کے سفر پر رہا اور آج رات کو واپس خانقاہ شریف پہنچا، جبکہ آپ کی تحریر باعث فرمودہ تاریخ گزر چکی تھی۔ امید ہے کہ یہ معذوری بھی باعث دعا گوئی ہوگی۔

فقیر دعا کرتا ہے کہ حق سبحانہٗ دارالعلوم کو صحیح معنوں میں دارالعلوم دیوبند کا متبادل بناوے۔ اور آپ حضرات کے بیش قیمت اخلاص میں مزید برکت عطا فرمائے۔ والسّلام

سہ شنبہ ۱۶/ شعبان ۱۳۷۶ھ — از خانقاہ سراجیہ مجددیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۲/۱۱۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. ازفقیر خان محمد عفی عنہ، بخدمت گرامی مخدوم مکرم حضرت مہتمم صاحب دارالعلوم حقانیہ دامت برکاتہم وعنایتہم

گزارش آنکہ والا نامہ موجب عزت و مسرّت و افتخار ہوا۔ یاد فرمائی کا شکریہ۔ بار بار اس منبع فیوض و برکات و مرکز علوم و کمالات دارالعلوم کی زیارت موجب سعادت ہے، لیکن فقیر کے مشاغل مقامی کچھ اس نوعیت کے ہیں کہ اجلاس شوریٰ اور اجلاس عام دونوں میں حاضری موجب تکلیف و تکلف ہوگی۔ اگر آں جناب از راہِ لطف و عنایت کسی ایک حاضری سے مستثنیٰ فرماویں تو انتہائی کرم و عنایت ہوگی۔

Marfat.com

دوسرے جناب والا کے علم عالی میں ہوگا کہ ہم لوگ جلسوں میں تقاریر کرنے سے معذور ہیں۔ بلکہ بے کار محض ...... تو جبکہ جلسہ عام کے موقعہ پر کثرت ضیوف کا ہونا لازمی ہوتا ہے، اگر فقیر حاضر نہ ہو بلکہ پہلے اجلاس میں حاضر ہو جائے تو ممکن ہے انتظامی لحاظ سے آپ کے لیے آسان رہے۔ بہر حال جس طرح بھی آں جناب کا ارشاد عالی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ تعمیل ہوگی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آں جناب کو افادہ خلائق کے لیے دیرگاہ سلامت با کرامت رکھے اور مکروہات زمانہ سے محفوظ اور حسنات دارین سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین

والسّلام مع الاکرام

سہ شنبہ ۶ / جمادی الثانیہ ۱۳۸۷ھ　　　　از خانقاہ سراجیہ

۳ / ۱۱۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت گرامی مخدوم مکرم حضرت مولانا صاحب دامت برکاتہم وعنایتہم

گزارش آنکہ جناب والا کا نامہ گرامی موصول ہو گیا۔ ماشاء اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ فقیر کا ارادہ بروز ہفتہ ۲۹ / رجب ۱۳۸۷ھ بوقت صبح خود حاضر ہو جائیں گے۔ کسی قسم کی تردّد کی ضرورت نہیں۔ اطمینان فرماویں۔ قاری محمد امین صاحب سلام عرض کرتے ہیں۔

والسّلام از مدرسہ فرقانیہ مدنیہ، کوہاٹی بازار، راولپنڈی

نوٹ: محترم المقام حضرت مولانا عبدالحق دامت برکاتہم! سلام مسنون۔ مولانا سمیع الحق سے ملاقات تعلیم القرآن میں ہوگئی تھی۔ ساری چیزیں انشاء اللہ بروقت پہنچ جائیں گی۔ مجھے بیحد خوشی ہے۔ حضرت مدظلہ جلسہ میں شرکت فرمارہے ہیں۔　　　　فقط والسّلام

یکم رجب ۱۳۸۷ھ / ۳ / اکتوبر ۱۹۶۷ء　　　　محمد امین عفا اللہ عنہ

۴ / ۱۱۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مخدومی ومخدوم العلماء حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہٗ ملاحظہ فرماویں۔ مکتوب

Marfat.com

 

گرامی بسلسلہ دعوت حاضری مجلس شوریٰ موصول ہوا۔ مگر چونکہ فقیر سفر میں ہے اس لیے مکتوب شریف بر موقع نہ پہنچ سکا۔ یہاں سے مقامات سفر کا چکر کاٹ کر پرسوں ۲۹؍شعبان کو واپس پہنچا۔ بہر حال حاضری تو نہ ہو سکی، لیکن فقیر آپ کے لیے اور مدرسہ کے لیے ہمیشہ داعی الخیر ہے۔ اللہ اس دینی مرکز کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ اور خدمات دینیہ انجام دینے کی مزید برمزید توفیقات کرامت فرمائے۔ آمین۔ امید ہے کہ مزاج سامی مع الخیر ہوں گے۔

والسّلام

۲؍رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

۵
۱۱۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے بگرامی خدمت حضرت اقدس مولانا العلام عبدالحق صاحب مدظلہ العالی! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سلام مسنون کے بعد نہایت مودبانہ عرضِ خدمت ہے۔ شریعت بل کے سلسلہ میں فقیر نے اپنی طرف سے اپنے علاقہ میں کام شروع کیا ہوا ہے۔ اور ہزاروں کی تعداد میں یہاں سے فارم بھجوائے جا رہے ہیں۔

حضرت نے جو کنونشنوں کا پروگرام طے فرمایا ہے، ان کو اپنی سرپرستی میں جماعتی و گروہی پالیسی سے بالاتر ہو کر پایۂ تکمیل تک پہنچائیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت کا حافظ و ناصر ہووے۔ آمین۔ فقیر اس سلسلہ میں ہر ممکن تعاون سے ہرگز ہرگز گریز نہیں کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ محترم ریاض احسن صاحب اور حاجی راجہ نصیر الدین صاحب اسی سلسلہ میں حاضر خدمت گنگوہی ہو رہے ہیں۔

فقیر حضرت کی دعاؤں کا از حد محتاج ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۸؍رجب ۱۴۰۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۶
۱۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بگرامی خدمت حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ العالی!

عرض گزار ہے کہ حضرت کا والا نامہ موصول ہوکر باعث سرفرازی ہوا۔ یادفرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیۡرَ الۡجَزَآءِ.

مجلس شوریٰ کے اجلاس میں شرکت کی خواہش کے باوجود شرکت سے معذور ہوں۔ فقیر کا بڑا لڑکا عزیز احمد بہ عمر چودہ سال بعارضہ بخار محرقہ پندرہ روز سے بیمار ہے۔ اب اگر چہ بخار کی شدت نہیں رہی، لیکن ختم بھی نہیں ہوا۔ اور یہ ایام بہت ہی احتیاط کے ہیں۔ اس کو اس حالت میں چھوڑ کر سفر نامناسب ہے، اس لیے معذرت پیش خدمت ہے۔

ع وَالۡعُذۡرُ عِنۡدَ كِرَامِ النَّاسِ مَقۡبُوۡلٌ[1]

حضرت سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عزیز کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور لمبی عمر عطا فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے بہرۂ کامل نصیب فرما کر سعادت دینیہ، دنیویہ واُخرویہ سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر اِس وقت کی غیر حاضری کی تلافی انشاء اللہ تعالیٰ موقع ملنے پر ضرور کرے گا۔ اللہ تعالیٰ توفیق گردانے۔ آمین۔

فقیر کی دعائیں جو کچھ بھی ہیں، وہ جاری ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کے عزائم مبارکہ میں تکمیل کے اسباب پیدا فرماوے۔ اور دارالعلوم حقانیہ کو مزید برآں ترقیات کرامت فرماوے۔ اور اس پُرفتن دور میں دارالعلوم اور آپ سب حضرات کی مساعی کو اپنے دینِ حقہ اسلام کی خدمت و اشاعت اور حفاظت کے لیے قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی کا وسیلہ بناوے۔ آمین۔

حضرت ایک انتہائی ضروری اور اہم ترین التماس یہ بھی ہے کہ کراچی میں حالیہ علماء کا جو اِجتماع ہوا ہے اور ایک دوسری جمعیت العلماء اسلام قائم کی گئی ہے اور ان حضرات کے جو بیانات اخبارات میں آ رہے ہیں، ان سے ہم جیسے بادیہ نشین لوگوں کو ازحد پریشانی لاحق

۱۔ اور کریم لوگوں کا عذر قبول ہوتا ہے۔

Marfat.com

ہے۔ ایک ہی مسلک کے چوٹی کے علماء میں یہ اختلاف عوام کے لیے مہلک اور گمراہ کن ہے۔ اور ملحد وزندیق قسم کے لوگوں کے لیے انتہائی خوشی ومسرّت کا باعث ہے۔ حضرت تو دونوں کے درمیان مصالحت کنندگان میں سے ایک ہیں۔ اس میں ہر ممکن مساعی سے دریغ نہ فرماویں۔ اگر آپ حضرات کی مساعی سے یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچ گیا تو یہ ایک عظیم کارنامہ ہو گا۔ اور ملت اسلامیہ پر احسان عظیم ہوگا۔ اور اگر اس میں تھوڑی سی بھی کوتاہی روا رکھی گئی تو اس کا جو نقصان ہوگا اور اس کے جو اثرات ظاہر ہوں گے وہ اس قدر خطرناک اور بھیانک ہوں گے جن کا کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کی اخلاص وللّٰہیت پر مبنی مساعی کو بارآور فرماوے۔ اور آپس میں اتفاق واتحاد پیدا فرما کر اشاعت وحفاظت اور صیانت اسلام کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔

ع این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد[1]

خان محمد عفی عنہ خانقاہ سراجیہ کندیاں

اس تصدیع کی معذرت پیش ہے اور دعا کی درخواست، محترم المقام مولانا سمیع الحق صاحب کو سلام مسنون۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا عبدالحکیم ہزارویؒ، راولپنڈی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ١/١٢٠

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کے بالتفصیل گرامی نامجات پے در پے موصول ہوئے۔ فقیر آپ کے بارے میں بحمد اللہ تعالیٰ پوری طرح مطمئن اور خوش ہے۔ آپ شرار، حسود کے فتنے کی پروا کیے بغیر اشاعتِ علوم دین حق اسلام اور تبلیغ اسلام میں پوری عزیمت اور صبر واستقامت، ہمت سے ڈٹے رہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کا حامی وناصر ومعین باد ہو! آمین:

---

ا۔ یہ میری دعا ہے اور سب جہاں کی طرف سے آمین ہو۔

Marfat.com

عرفی میندیش ز غوغائے رقیباں
آواز سگاں کم نہ کند رزق گدا را[۱]

فقط والسّلام مع الاکرام

از خانقاہ سراجیہ
فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲/۱۲۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا عبدالحکیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مدرسہ کی ترقی، عزیز کی ولادت اور کلمۂ حق کی ادائیگی کا پڑھ کر ازحد مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنے انعامات سے نوازے۔ اور دینِ حقہٗ اسلام کی اشاعت اور صیانت و حفاظت کی توفیق مرحمت فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی عزت و آبرو کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر عزیز عبدالمجید احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی درازیٔ عمر کی دعا کرتا ہے۔ مولا پاک عزیز کو معمر اور نیک و صالح اور عالم باعمل بناوے اور والدین کی حقیقی مسرتوں کی آماجگاہ بناوے۔ آپ دونوں کو اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

آپ مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور چہار قل بالترتیب پڑھ کر عزیز پر دَم کر دیا کریں۔ آپ کی عدم موجودگی میں گھر والوں کو تاکید کریں کہ وہ ایسا کیا کریں۔ تعویذ بھی ارسال ہے۔ وہ چمڑے میں بند کروا کر عزیز کے گلے میں ڈال دیں۔ مولا پاک مفید کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے جمیع احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔

والسّلام

۱۸؍ جمادی الثانیہ ۱۳۸۱ھ
از خانقاہ سراجیہ

۱۔ اے عرفی! تو مخالفوں کے شور سے مت گھبرا (کیونکہ) کتوں کی آواز فقیر کے رزق کو کم نہیں کرتی۔

Marfat.com

۳/۱۲۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہذا مولانا صاحب اپنی داستان زبانی عرض کریں گے۔ پہلے حضرت مولانا ہزاروی نے بھی شفقت فرمائی تھی۔ مزید شفقت کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہورہے ہیں۔ ان کی ہر ممکن طریق سے امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر کی طرف سے قاری صاحب ودیگر احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتیؒ، گوجرانوالہ

۱/۱۲۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمی ومکرمی حضرت صوفی عبدالحمید صاحب ملاحظہ فرمائیں کہ جناب کا گرامی نامہ صادر ہوا۔ باعث مسرّت وشادمانی ہوا۔ فقیر کا ارادہ تھا کہ خود آپ کی مسئولہ باتوں کا کسی قدر مفصل جواب لکھوں، لیکن طبیعت خراب رہی اور تا حال جواب لکھنے کا موقعہ میسر نہیں۔ آئندہ بھی جیسا منظورِ خدا ہوگا۔ والسّلام

۵ر رمضان ۱۳۸۵ھ از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا عبدالخالق بھترالویؒ، راولپنڈی

۱/۱۲۴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ بگرامی خدمت مولانا عبدالخالق صاحب عرض گزار ہے کہ آپ کا والا نامہ موصول ہو کر باعث فرحت ومسرّت ہوا۔ یاد فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحْسَنَ

Marfat.com

اَلْجَزَآءِ. فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور صراطِ مستقیم پر استقامت کرامت اور اپنے مقاصد میں حسب تمنا پوری پوری کامیابی نصیب فرماوے۔ اور جمعیت و سکون قلبی کے ساتھ اپنے مشاغل میں مصروف رکھے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۶/ربیع الثانی ۱۳۸۳ھ                ازخانقاہ سراجیہ، کندیاں، ضلع میانوالی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۲/۱۲۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ باعث سرفرازی ہوا۔ یاد فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

فقیر کی دعا جس درجہ کی ہے، اور جو کچھ بھی ہے اُس سے دریغ نہیں ہے۔ مولا پاک اپنا فضل و کرم شامل حال رکھے اور اِس ابتلا کو دُور فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہراً و باطناً، قولاً و فعلاً حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اتباع نصیب فرما کر جمعیت ظاہری و باطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔ دفع شر کے لیے سورۃ لِاِیْلَافِ قُرَیْشٍ پڑھا کریں۔ اوّل آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف، درمیان میں سورۂ مذکورہ اکیس مرتبہ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند گردانے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور خواستگار دعا۔

والسّلام

۳/ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ                خانقاہ سراجیہ، کندیاں، ضلع میانوالی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۳/۱۲۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. مِن جانب فقیر خان محمد عفی عنہ، محترم و مکرم جناب مولانا عبدالخالق صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر اس وقت سفر پر ہے اور نصف شعبان المعظم تک انشاء اللہ العزیز واپسی کا ارادہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے حضور میں عجز و انکساری

Marfat.com

ہی ہم درویشوں کا سرمایہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب دوستاں فرمائے۔ آمین۔ باقی رہا خواب کا قصہ تو اس کے متعلق یہ عرض ہے:

چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم
نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم[۱]

کبھی میانوالی کی طرف آنے کا اتفاق ہو تو خانقاہ شریف سراجیہ مجددیہ کندیاں وہاں سے کچھ زیادہ دور نہیں ہے۔ فقط والسّلام مع الاکرام۔ اللہ تعالیٰ آپ کو فلاح دارین سے نوازے۔ آمین۔ از فضل آباد

## بنام: حافظ عبدالرحمٰن بن محمد یعقوب صاحب، سرگودھا

۱/۱۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اعمالِ خیر اور نماز کا پابند رکھے۔ اور تعلیم میں محنت ومحبت کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور کامیاب فرماوے۔ اور تعلیم کے سلسلہ میں جملہ مشکلات کو آسان اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابیاں عطا فرما کر جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۷ ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۱۲۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

---

۱۔ چونکہ میں سورج کا غلام ہوں لہٰذا سب کچھ سورج سے کہتا ہوں۔ نہ میں رات ہوں اور نہ ہی رات کی پوجا کرنے والا کہ خواب کی بات کروں۔

Marfat.com

ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور اِس موذی مرض سے کلیتاً نجات عطا فرماوے۔ اور اپنی تعلیم اور امتحان میں کامیاب فرماوے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

سمن آباد میں چوک باوا اعظم سے مغرب کی طرف جا کر بائیں طرف ایک گلی ہے۔ اُس میں جا کر ٹھیکیدار خالد خان صاحب طور کا مکان پوچھ لیں۔ فقیر اُن کے ہاں ٹھہرتا ہے۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۸ر فروری کو لاہور آنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد الحمد شریف پوری مع بسم اللہ سات بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پی لیا کریں۔ پھر دعا بھی کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۰ر رجب ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳/۱۲۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پتھری کی تکلیف کا معلوم کر کے فکرمند ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت وعافیت نصیب فرماوے۔ اور اپنی تعلیمی کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور دُکان وکاروبار میں برکت وترقی عطا فرما کر آپ سب کو جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

ایک تعویذ اَرسال ہے۔ اس کو پانی میں حل کر کے کسی صاف بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔ نماز نماز کے ساتھ گھونٹ گھونٹ پیا کریں۔ جتنا پانی نکالا اُتنا اور ڈال دیا کریں۔ ۴۱ روز پانی پینا ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۱ر ربیع الاوّل ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴/۱۳۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کو اِس طرح کوئی علم نہیں ہوسکتا۔ آپ اپنے خاندانی حالات اور والدین کی خواہش کو سامنے رکھیں۔ عموماً ایسا ہوتا ہے کہ اپنی پسند کی شادی کامیاب نہیں ہوتی۔ اور والدین کی پسند کی شادی کامیاب رہتی ہے۔

بہرحال خاندانی حالات آپ بہتر جان سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور ہر قسم کی پریشانیوں سے بچاوے۔ اور بہتر مستقبل کے لیے بہترین رفیقۂ حیات نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۴ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۵/۱۳۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فی الحال آپ سرگودھا نہ چھوڑیں۔ دریا خان میں ابتدائی کام شروع اپنی نگرانی میں کروائیں۔ کسی ایک حافظ صاحب کو بٹھائیں۔ جب کام کی رفتار اُمید افزا ہو تو پھر بیشک آپ یہاں آجاویں۔

فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳ رصفر ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۶/۱۳۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت مکرم ومحترم قاری عبدالرحمٰن جناب زید مجدکم۔

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ سلام مسنون کے بعد مؤدبانہ گزارش ہے کہ حاملِ رقیمہٴ ہٰذا حافظ ہارون الرشید صاحب جناب کے ایک مودّب شاگرد ہیں۔ ان سے جو لغزش واقع ہوگئی ہے، اس کی نہایت انکساری سے معافی چاہتا ہے۔ آپ مہربانی فرماویں، معاف فرماویں۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماویں۔ فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔

والسّلام

۲۲ / ربیع الاوّل ۱۴۲۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۷/۱۳۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت مکرم ومحترم جناب قاری عبدالرحمٰن صاحب زید مجدکم۔

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

سلام مسنون کے گزارش ہے۔ حاملِ رقیمہٴ ہٰذا آپ کا شاگردِ رشید ہے۔ تہہ دل سے اپنی کوتاہی کی معافی مانگتا ہے۔ شفقت فرماویں۔ اور معاف فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب متعلقین کو سلام مسنون ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۲ / ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۸/۱۳۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت جناب مولانا قاری عبدالرحمٰن صاحب ضیاء مدظلہ العالی۔

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

Marfat.com

سلام مسنون کے بعد مؤدبانہ گزارش ہے کہ حاملِ رقیمۂ ہٰذا حافظ عبدالرحمٰن صاحب جناب کا شاگرد رشید ہے۔ انتہائی ادب اور احترام سے معافی چاہتا ہے۔ خصوصی شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون و شکر گزار ہوگا۔ فقیر کی طرف سے جملہ متعلقین کی خدمت میں سلام مسنون و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۳؍ ربیع الثانی ۱۴۲۵ھ

۹/۱۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت مکرم و محترم جناب قاری عبدالرحمٰن صاحب ضیاء زید مجدکم۔

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ حامل رقیمۂ ہٰذا محترم محمد عمران صاحب حاضرِ خدمت ہو رہا ہے۔ آپ کا مؤدّب شاگرد ہے۔ جو غلطی ہوگئی ہے وہ بہ دل و جان معافی کے لیے حاضر ہو رہا ہے۔ خصوصی شفقت فرماویں۔ معاف فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔ فقیر بھی شکر گزار ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب متعلقین کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۳؍ رجب المرجب ۱۴۲۵ھ

۱۰/۱۳۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم قاری عبدالرحمٰن ضیاء سلمہٗ مطالعہ کریں کہ الحمدللہ فقیر خیریت سے ہے اور آپ کی خیریت کا طالب ہے۔ فقیر کی طرف سے آپ کو خانقاہ شریف میں جو تعویذات اور دیگر معمولات ہیں، ان کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے لیے اور عوام الناس کے لیے فائدہ مند بنائے اور صحیح طور پر عمل کی توفیق عطا فرماوے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۱۰؍ جمادی الاوّل ۱۴۲۸ھ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۱/۱۳۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، مکرم ومحترم جناب قاری عبدالرحمٰن صاحب رحیمی زید مجدکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

فقیر بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی صحت و عافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقیمہ ہٰذا حسین احمد آپ کا شاگرد ہے۔ استاد کو جو شفقت اپنے شاگردوں پر ہوتی ہے، وہ اپنی اولاد سے بھی زیادہ ہوتی ہے، اُسی شفقت کا معاملہ فرماویں۔ حاملِ ہٰذا کو معاف فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ والسّلام

۱۶ر رمضان المبارک فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۲/۱۳۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم حافظ عبدالرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات کامیابی وخیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے فضل و کرم ورضا ورحمت سے مزید مزید سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور آپ کو باعزت وباوقار عہدہ پر فائز فرمائے۔ آمین۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت اور سکون و اطمینان و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور آپ کے والد صاحب کے کاروبار میں بھی برکت و منفعت نصیب فرمائے۔ آمین۔ والسّلام

خانقاہ سراجیہ

## بنام: مولانا حافظ عبدالرحمٰن علوی صاحب، راولپنڈی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱/۱۳۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی حافظ عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط

Marfat.com

ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بعافیت ۸ر جون کو واپس پہنچ آیا ہے اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں آپ سب کو عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر انشاءاللہ تعالیٰ ۱۴ر جولائی کو ختم نبوت کانفرنس کے لیے انگلینڈ روانہ ہوگا۔ یکم اگست کو یہ کانفرنس ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے بعافیت یہ سفر سرانجام فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۸ر محرم ۱۴۱۴ھ

۲ / ۱۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ اس وحشت ناک حادثے کی اطلاع پہلے محترم سعید الرحمٰن صاحب دے چکے تھے۔ فقیر نے اُن کو بھی جواب دیا اور تعزیت نامہ بھی لاہور لکھا۔ ہم سب کے لیے یہ حادثہ ناقابلِ برداشت ہے۔ لیکن اب سوائے صبر کے اور چارہ ہی کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرماوے، جنت عطا فرماوے اور جملہ پس ماندگان کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور ہر حال میں سب کی حفاظت ونصرت فرماوے۔ اور آئندہ اس قسم کے حالات سے محفوظ رکھے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

عزیزہ طاہرہ سلمہا اللہ تعالیٰ کو دوسرا خط دے دیں۔ جب کبھی راولپنڈی آنا ہوا تو ضرور حاضری دے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۵ر ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ

Marfat.com

۳/۱۴۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم ومحترم جناب حافظ عبدالرحمٰن صاحب سلمک اللہ! السّلام وعلیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کے خط سے جو کہ خانقاہ کے پتہ پر لکھا تھا اور اِس رقعہ سے حادثہ کا معلوم کر کے بہت صدمہ ہوا۔اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے اور گھر والوں کو بے عیب صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرما کر اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر آج گوجرانوالہ پہنچا ہے۔کل سیالکوٹ جاوے گا۔۱۰رجون کا جمعہ سیالکوٹ ہو گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔آمین۔سیالکوٹ سے فراغت کے بعد خانقاہ پاک واپسی ہوگی۔اللہ تعالیٰ آپ سب کا حافظ وناصر ہووے۔آمین۔پیالیاں بہت اچھی ہیں۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔والسّلام

از گوجرانوالہ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام:حکیم قاری عبدالرحمٰن صاحب،راولپنڈی

۱/۱۴۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی عبدالرحمٰن صاحب معلوم فرمائیں کہ آپ کا خط مل کر کاشف حالات ہوا۔آپ کی پریشانیوں کی بابت پڑھ کر بہت ملال ہوا۔اپنے حق کے لیے لڑنا جہاد ہے۔کوئی وجہ نہیں کہ آپ اس کے مقابلہ میں بھاگ جائیں یا کمزوری دکھلائیں۔مضبوطی سے ڈٹ جائیں۔حق وانصاف تمہارے ساتھ ہیں، پھر اللہ تعالیٰ کی ذات تمہاری مددگار ہو گی،خوف نہ کھائیں۔بلکہ اس کی بدذاتی کو اس کے منہ پر ماریں۔بعداز نمازِ فجر سورہ لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ سوبار،سات سات مرتبہ درود شریف اوّل وآخر پڑھ لیا کریں۔

نمازِ ظہر کے بعد ختم سعدیہ، درود شریف ایک تسبیح، اِنَّهَا عَلَیۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ. فِیۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ. پانچ سوبار، درود شریف ایک تسبیح پڑھ لیا کریں۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ دشمنوں اور حاسدوں کو برباد کرے اور آپ کو اپنی امان میں رکھے۔ مولوی صاحب کو بھی سلام کہیں۔

والسّلام

۲۳ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ/ ۲۹ر اگست ۱۹۶۷ء

از خانقاہ سراجیہ

۲/۱۴۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور غنڈوں کے شر سے محفوظ رکھے۔ اور اپنے جملہ دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

گھر میں ایک ہفتہ سورۃ لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ۳۱۳ دفعہ پڑھوا کر اُن غنڈوں کے شر سے بچنے کی دعا کیا کریں۔ اوّل و آخر ۷-۷ بار درود شریف۔ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۹ر جون کی صبح کو سفرِ حج کے لیے روانگی کا ارادہ رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آسانی و کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۶ر ذی قعدہ ۱۴۱۰ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۳/۱۴۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ کافی دنوں سے آیا رکھا تھا۔ فقیر آپ کے جمیع امور کے متعلق دعا گو ہے کہ مولائے کریم اپنا کرم و رحم فرماوے۔ اور جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ساری مشکلات آسان فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر ۱۳ر جولائی کی صبح کو خانقاہ سے روانہ ہوگا۔ ۱۴ر جولائی کو کراچی سے جدہ روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳/ ذی قعدہ ۱۴۱۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴/۱۴۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری عبدالرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کی مرسلہ ادویہ مل گئی ہیں۔ آج صبح سے استعمال شروع کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے اور آپ کے مطب میں برکتیں فرماوے اور حاسدین کے شر سے محفوظ رکھے۔ اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

رشتہ کے متعلق بظاہر حالات آپ اطمینان کرلیں۔ لڑکا تو شریف ہے اور عالم بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ بہتر کرے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۵/۱۴۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم حکیم قاری عبدالرحمٰن صاحب سلمہ الرحمٰن مطالعہ فرماویں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بحمدللہ تعالیٰ سفر مبارک حج سے واپس خانقاہ پہنچ گیا ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو دکانوں کے مقدمہ میں کامیاب فرمائے۔ اللہ فیصلہ آپ کے حق میں کرائے۔ آمین۔ اللہ آپ کو قرضہ جات سے کلیتاً نجات دلائے اور آپ کا رہائشی مکان بھی محفوظ آپ کے حق میں خیر وبرکت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ اور آپ کو اپنے جملہ مشاغل خیر اور خدمت دین حق اور خدمت خلق میں کامیاب وکامران بنائے اور ہر قسم کے شرور اور اشرار سے بچائے رکھے۔ ذکر، شکر، حسنِ عبادت کی توفیق ارزاں فرمائے۔ آمین۔ والسّلام مع الاحترام

Marfat.com

## بنام: عبدالرحمٰن صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱/۱۴۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب عبدالرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ عدل و انصاف اور رعایا کے مال و جان و عزت و آبرو کی حفاظت وقت کے ہر حکمران کے ذمہ لازم ہے اور لازم رہی ہے۔ جو حکمران اپنی رعایا میں عدل و انصاف قائم نہیں رکھ سکتا اور ظلم و ستم اور جور جبر کو نہیں روک سکتا، سارے کا سارا ظلم و ستم اور ناانصافی جو اس کے ملک میں روا رکھا جائے گا، اس کا وہ پوری طرح ذمہ دار اور حصہ دار ہے۔

تمام اہلِ حق امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات والتحیۃ کے نزدیک اُس وقت حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ساری امت میں افضل اور بہترین تھے، لہٰذا جیسا کہ اوپر بیان ہوا، یزید اور اس کے کارپردازوں کی طرف سے اُن کو میدانِ کربلا میں انتہائی سفاکی سے تختۂ مشقِ ظلم و ستم بنانا اور امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء کرام کو ناحق قتل کرنا ایسا گھناؤنا جرم ہے جس کا یزید پوری طرح ذمہ دار، بلکہ حصہ دار ہے۔ لہٰذا اہلِ حق کی جماعت نے یزید کو کافر تو قرار نہیں دیا، لیکن اس سے کم درجے کا مجرم مختلف عنوانات سے اس کو ضرور قرار دیا ہے۔ بعض نے فاسق و فاجر کہا ہے۔ بعض نے بے دولت و بے نصیب کہا ہے۔ اور بعض نے اس سے بھی زیادہ سخت تر الفاظ میں اس کی مذمت کی ہے۔

بہرحال یہ جان لینا چاہیے کہ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں یزید کو بہتر اور برحق سمجھنے والا اپنے خاتمہ بالخیر کی توقع نہ رکھے۔

۲۹ محرم الحرام فقط والسّلام

## بنام: مولانا عبدالرحیم اشعرؒ، ملتان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱/۱۴۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا عبدالرحیم صاحب مدظلہٗ فرمادیں کہ آپ کا گرامی

Marfat.com

نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ اور کانفرنس (چناب نگر) ملتوی ہونے کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ فقیر مارچ میں سیرت کانفرنس کر لینے کے حق میں تھا، وہ ہو جاتی تو مسجد کی بنیاد کے سلسلہ میں بعد میں کوئی اہم شخصیت کو مدعو کر کے بنیاد رکھوالی جاتی، لیکن اب تو دونوں کام نہ ہوئے، جس کا افسوس ہے۔

آپ مبلغین اور ذیلی جماعتوں کے عہدہ داروں کا اجتماع ضرور بلوائیں اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی مصلحت کو روا نہ رکھیں۔ آپس میں مشورہ کر کے جو تاریخ مقرر کریں، فقیر کو اِطلاع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کی کوتاہیوں اور کمزوریوں کو دور و معاف فرماوے۔ اور ہم ناتواں اور کمزور لوگوں کے کندھوں پر جو عظیم ذمہ داری عائد فرمائی ہے، اس کی صحیح طریقہ سے ادائیگی کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کو سلام مسنون و دعوات۔

والسّلام

۱۶/ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۲ھ/ ۲۸/ جون ۱۹۷۲ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲/۱۴۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا عبدالرحیم اشعر صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

کنری مولوی عبدالرؤف صاحب کا خط ارسال خدمت ہے۔ مولوی سعید احمد صاحب دفتر میں آئے ہوں گے۔ وہ کیا بیان کرتے ہیں؟ لہٰذا مناسب کارروائی فرماویں۔ کراچی کانفرنس کے موقع پر جو پمفلٹ تقسیم کیا گیا تھا اس کی دو درجن کاپیاں درکار ہیں۔ حج کے لیے روپے تو داخل کروا دیے ہیں۔ روانگی کی تاریخ کی اطلاع کا انتظار ہے۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔ فقیر کل ۲۳ کی شام کو فیصل آباد جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

والسّلام

۱۹/ ذی قعدہ ۱۳۹۸ھ/ ۲۲/ اگست ۱۹۷۸ء

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳/۱۵۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا عبدالرحیم اشعر صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ مولانا عزیز الرحمٰن صاحب فقیر کے بلانے پر تشریف لے آئے ہیں۔ جماعت کے حسابات کی پڑتال کے لیے تو مولانا کو آمادہ کرلیا گیا ہے، اس سلسلہ میں جملہ ریکارڈ آمد وخرچ ان کے حوالے کر دیا جاوے۔ جماعت کا نقد روپیہ جو اس وقت بینک اور پیٹی میں موجود ہے، ان کو گنوا دیا جاوے اور جس طرح مولانا اطمینان کرنا چاہیں ان کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں۔ خزانچی کے عہدہ کے لیے تو مولانا نے معذرت کی ہے۔

شوریٰ کے لیے ۱۹، ۲۰ر فروری ۱۹۷۸ء کی تاریخ مقرر کر کے اراکین حضرات کو اطلاع دے دی جاوے۔ ایجنڈا مولانا تاج محمود صاحب کے مشورہ کے ساتھ تیار کرلیا جائے۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۳ر فروری کی شام کو روانہ ہو کر ۴ر فروری کی صبح کو لاہور رہے گا۔ ۵ر فروری کو قافلہ (سرہند شریف) روانہ ہوگا اور ۶ر فروری کو واپس لاہور پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۲۱ر صفر ۱۳۹۸ھ/ ۳۱ر جنوری ۱۹۷۸ء ازخانقاہ سراجیہ

۴/۱۵۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر آج صبح واپس خانقاہ پاک پہنچا۔ واپسی پر آپ کا والا نامہ آیا ہوا پڑھا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ والا نامہ پڑھنے کے تھوڑی دیر بعد حضرت مولانا علی محمد صاحب تشریف لائے اور مولانا صرف اسی واقعہ کے متعلق تشریف لائے جو کہ آپ نے تحریر فرمایا ہے۔ مولانا محمد شریف صاحب تشریف لے آئے ہوں گے؟ آپ حضرات آپس میں مشورہ کر کے اس

Marfat.com

معاملہ میں کوئی مثبت تعاون کا پروگرام بناویں۔ کلیتًا کنارہ کش ہونا کسی طرح بھی مفید نہیں ہے۔ ہنگامی طور پر دو چار مبلغوں کو اس علاقہ کے لیے متعین فرماویں۔ ایک ہفتہ اس علاقہ میں کام کریں۔ اس جگہ پر قبضہ مسلمانوں کا کروا دیویں اور جتنا کچھ اس سلسلہ میں ہو سکے، ضرور کرنا چاہیے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بخیر و عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر دس پندرہ روز تک آنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس وقت مولانا تاج محمود صاحب وغیرہ حضرات کو بلا کر ان سارے امور پر مشورہ ہو جانا چاہیے۔ پختہ تاریخ سے اطلاع ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مندرجہ بالا معاملہ کے متعلق ہر ممکن ذرائع سے ہمت فرماویں، تاکہ قادیانیوں کا یہ اڈا نہ بننے پائے، ورنہ تو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ حافظ و ناصر ہووے۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔ والسّلام

۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۹۸ھ/ ۱۱ر مئی ۱۹۷۸ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵/۱۵۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

انگلینڈ سے جو خط موصول ہو رہے ہیں وہ ارسالِ خدمت ہیں، ملاحظہ کر لیں۔ اس کے علاوہ گزارش ہے کہ جولائی کی ابتدا میں کراچی میں عالمِ اسلام کی ایک کانفرنس ہو رہی ہے۔ اس موقع پر وہاں کام کی ضرورت ہے۔ عربی انگریزی میں مختصر سے پمفلٹ، جس میں تحفظ کا تعارف اور کام کی نوعیت اور قادیانیت کی شرانگیزی اور قومی اسمبلی کی قرارداد پر مشتمل ہوں، وہاں تقسیم ہونی چاہیے۔ اگر یہ تجویز کسی درجہ میں مفید ہو تو اس پر ضرور کام ہونا چاہیے۔ حضرات سے مشورہ کر لیں۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔ ۱۶ر جون کی کیا تاریخ حتمی ہے؟ اطلاع فرماویں۔ والسّلام

۲۷ر جمادی الثانیہ ۱۳۹۸ھ/ ۵ر جون ۱۹۷۸ء ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. ۶/۱۵۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات وکوائف سے آگاہی ہوئی۔ فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۱۹ر رجب کو اتوار کے دن جابہ پہنچنے کی سعی کرے گا۔ اطمینان فرماویں۔ بلوچستان کا پروگرام مجوزہ تاریخوں میں ہو جانا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آسانیاں پیدا فرماوے اور کامیابیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بلوچستان کے پروگرام میں شریک نہیں ہو سکے گا۔ یہ تاریخیں فارغ نہیں ہیں، اس لیے معذرت پیش ہے۔ مولانا محمد حیات صاحب کا کل والا نامہ موصول ہوا جو کہ ارسال ہے۔ اس کے متعلق کیا کچھ ہونا چاہیے؟ آپس میں مشورہ کر کے جو مناسب اور مفید سمجھیں، اس سے ان کو اِطلاع کر دی جاوے۔

مولانا محمد مکی صاحب کے پروگرام کے متعلق کچھ بھی نہیں ہو سکا، اور شاید ہو بھی نہ سکے۔ اس کے متعلق گزارش ہے کہ آپ ایک پیڈ مرکزی امیر کے نام کا، جس پر اُردو، انگریزی اور عربی کے عنوان ہونے چاہئیں اور اس میں سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کے الفاظ نہیں آنے چاہئیں، چھپوادیں اور اس کے علاوہ ایک مہر بھی بنوالیں۔ پیڈ میں خانقاہ سراجیہ کا لفظ بھی نہیں آنا چاہیے۔ اپنے مرکزی دفتر کے پتہ کا پیڈ ہونا چاہیے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۲ر رجب ۱۳۹۸ھ/ ۱۹ر جون ۱۹۷۸ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. ۷/۱۵۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ

Marfat.com

بعافیت ہے اور رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر نے پیڈ اور مہر کے لیے گزارش کی تھی، وہ اگر تیار ہوں تو ان میں سے کچھ بھجوا دیویں۔ اس کے علاوہ مولانا محمد حیات صاحب اور مکی صاحب کا ایک خط آپ کے حوالے کیا تھا، آپ اس کی نقل یا اصل فقیر کی طرف بھجوا دیویں۔ نہایت ضروری ہے۔

مولانا منظور احمد صاحب چنیوٹی انگلینڈ گئے ہوئے ہیں۔ وہاں کی کارگزاری کی اطلاع بھجواتے رہتے ہیں۔ ان کے دو اشتہار اور دو دعوتی کارڈ محض دیکھنے کی غرض سے ارسال ہیں۔ کسی صاحب نے بہاولپور سے ایک خط بھیجا ہے اور ایک مرکزی دفتر سے گمنام خط آیا ہے جو کہ ارسال ہے۔ ملاحظہ فرمالیں۔

لولاک میں جماعت کے لیے امداد کی اپیل شائع نہیں ہو رہی۔ اس سلسلہ میں مولانا تاج محمود صاحب کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا تھا۔ اس کے جواب میں مولانا اللہ وسایا صاحب کا یہ کارڈ موصول ہوا جو کہ ارسال ہے۔ فقیر کی طرف سے مولانا محمد شریف صاحب، مولانا عزیز الرحمٰن صاحب، دیگر احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۶/ رمضان المبارک ۱۳۹۸ھ / ۲۱/ اگست ۱۹۷۸ء

از خانقاہ سراجیہ

۸/۱۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ رمضان المبارک کے آخری دنوں میں موصول ہوا۔ جمیع کوائف سے آگاہی ہوئی۔ گزارش ہے کہ انتظامیہ کا اجلاس سر دست ہو جاوے۔ انتظامیہ کے اجلاس میں شوریٰ کے اجلاس کے متعلق بھی غور ہو جاوے گا۔ فقیر نے چونکہ ۱۱/ شوال جمعہ کے روز جھنگ پہنچنا ہے، اس لیے گزارش ہے کہ انتظامیہ کا اجلاس آپ ۱۰/ شوال جمعرات کے روز رکھ لیں۔ پھر ملتان سے فقیر جھنگ چلا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

یہ تجویز اگر قابلِ عمل ہوتو پھر آپ فقیر کو بذریعہ فون اطلاع دے دیں، تاکہ فقیر سفر کا پروگرام اسی کے مطابق بناوے۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔

والسّلام

۴رشوال ۱۳۹۸ھ/ ۸رستمبر ۱۹۷۸ء　　　　　ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۹/۱۵۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالرحیم اشعر صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ جمعہ ۲۲رستمبر کو ملتان پہنچے گا۔ آپ اگر ہفتہ ۲۳رستمبر کو میٹنگ رکھ سکیں تو بہتر رہے گا۔ سرِ دست میٹنگ انتظامیہ کی ہونی چاہیے۔ اسی میٹنگ میں شوریٰ کے اجلاس کے متعلق غور کر لیا جاوے گا۔ فقیر آپ کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کو سلام مسنون۔　　　　والسّلام

۲۳رشوال ۱۳۹۹ھ/ ۱۶رستمبر ۱۹۷۹ء　　　　　ازجھنگ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۰/۱۵۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا عبدالرحیم اشعر صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر ۲۲راکتوبر کی شام کو کراچی بعافیت پہنچ آیا ہے۔ صبح ۲۴راکتوبر کو ۴ بجے ائیرپورٹ پہنچنا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

آج ۲۳راکتوبر کو ظہر کے بعد دارالعلوم بنوری ٹاؤن حاضری ہوئی۔ وہاں مولانا مفتی احمدالرحمٰن صاحب، مولانا عبدالرزاق صاحب، مولانا محمد یوسف صاحب اور یعقوب باوا صاحب سے ملاقات ہوئی اور بہت سی باتیں ہوئیں۔ گزارش یہ ہے کہ مولانا محمد یوسف صاحب عید کی رخصتوں پر گھر آویں گے۔ واپسی پر ان کو مولانا محمد شریف صاحب جالندھری اور مولانا تاج محمود صاحب کے کراچی تشریف لانے کے لیے تاریخ مقرر کروادیں، تاکہ یہ حضرات کراچی میں دوتین روز اطمینان وسکون کے ساتھ دستور پر غور فرمالیں۔ اس کے علاوہ

Marfat.com

مجلس کے لیے آئندہ لائحہ عمل کے متعلق کچھ غور وفکر کر کے کوئی پروگرام ترتیب دے دیں اور اس کا شوریٰ میں پیش ہونے کے لیے ایجنڈا کے طور پر اراکین کو بھیج دیا جاوے، تاکہ فقیر کے آنے پر شوریٰ کا اجلاس بلا لیا جاوے۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲۰ رنومبر تک واپسی کی کوشش کرے گا۔ اس سے پہلے پہلے یہ کام ہو جانا چاہیے۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون ودعوات۔

والسّلام

۲رذی الحجہ ۱۳۹۹ھ/۲۳راکتوبر ۱۹۷۹ء ازکراچی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۱/۱۵۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالرحیم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ مندرجہ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جو کچھ آپ نے تحریر فرمایا ہے، اس میں ہم دونوں برابر ہیں۔ اگر آپ اپنے کو اس عہدہ کا اہل نہیں سمجھتے، حالانکہ آپ کی ساری زندگی جماعت کے ساتھ وابستہ چلی آتی ہے۔ پہلے بھی آپ اس عہدہ پر رہے ہیں۔ اس کے باوجود آپ یہ سمجھتے ہیں تو پھر اس فقیر کی حالت تو نہایت ہی قابلِ رحم ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے اور ہم سب کی کمزوریوں کو معاف فرماوے اور اپنی رحمت سے اپنی حفاظت میں رکھے۔ اور ایک لمحہ بھی اپنی حفاظت سے علیحدہ نہ فرماوے۔ آمین۔

فقیر سفر میں تھا۔ فقیر کی عدم موجودگی میں یہ رجسٹری خط (لف ہذا) موصول ہوا ہے۔ اس پر پتہ واضح نہیں ہے، لہٰذا یہاں سے جواب نہیں دیا جاسکتا۔ آپ ان صاحب کے اس خط کو محفوظ رکھیں اور اس کو بلوا کر یہ روپے اس کے حوالے کریں۔ اگر جماعت منظوری نہیں دے گی تو پھر فقیر اپنے پاس سے جماعت کو ادا کر دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کل ۳۰ر اپریل کو واپس خانقاہ پاک پہنچا ہے۔ آتے ہی طبیعت خراب ہوگئی۔ اب لاہور جانے کی ہمت نہیں ہے، لہٰذا معذرت پیش ہے۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

## بنام: حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر صاحب

۱/۱۵۹ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق صاحب سکندر مدظلہ العالی عرض گزار ہے کہ حاملِ رقیمہ ہٰذا مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ یہ مولانا صاحب جلالپور روڈ، لودھراں جنکشن پر ایک دینی مدرسہ دارالعلوم سراجیہ چلا رہے ہیں۔ اور اِس علاقہ میں ان کے ذریعہ بہت دینی کام ہو رہا ہے۔ آپ ان کی خصوصی امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۷ر رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ

۲/۱۶۰ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر صاحب مدظلہ العالی!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

سلام مسنون کے بعد اِلتماس ہے کہ حاملِ رقیمہ ہٰذا مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی، دارالعلوم سراجیہ، لودھراں حاضر ہو رہے ہیں۔ پہلے بھی حاضر ہوتے رہتے ہیں۔ مدرسہ کے سلسلہ میں حاضر ہو رہے ہیں۔ خصوصی شفقت فرماویں۔ اس کے علاوہ حاجی ابراہیم صاحب کو بھی فون کر کے ان کی سفارش فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب حضرات کو اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۳ر ربیع الاوّل ۱۴۲۱ھ

۳/۱۶۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر صاحب زید مجدہٗ!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ! سلام مسنون کے بعد نہایت مؤدبانہ گزارش ہے کہ دارالعلوم سراجیہ، جلالپور روڈ، لودھراں کے مہتمم مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی مدظلہ العالی حاضر ہو رہے ہیں۔ جنابِ حسبِ سابق خصوصی شفقت فرماویں۔ اور اِس کے علاوہ محترم المقام حاجی ابراہیم صاحب کو بھی فون فرما کر خصوصی شفقت کے لیے فرماویں۔ فقیر اِس سلسلہ میں آپ کی شفقتوں اور عنایتوں کا ممنون اور شکر گزار ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید بر آں اپنے انعامات سے مشرف فرماوے۔ اور برکات نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ احسانِ عظیم ہوگا۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۱۸ر جمادی الثانیہ ۱۴۲۳ھ

## بنام: حافظ عبدالرؤف راسخ صاحب، راولپنڈی

۱/۱۶۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

عزیزم! آپ کے والد بزرگوار (مولانا عبدالخالقؒ) کے انتقال کا پڑھ کر صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور جنت عطا فرمائے اور آپ کو اِس صدمے کا اجرِ جزیل عطا فرمائے اور جمعیت وسکون کرامت فرمائے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو دعوات وسلام۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: عبدالستار صاحب

۱/۱۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل

Marfat.com

خان محمد عفی عنہ، محترم جناب عبدالستار صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ ''یہ فکرولی اللہ'' صحیح ادارہ ہے۔ لیکن یہ اُن بزرگوں کے مخلصین کے لیے ہی مفید ہے جو اُن کے حلقۂ بیعت میں داخل ہیں۔ لہٰذا یہ دودھ آپ کے لیے مفید نہیں ہے۔ آپ کو اپنے حضرت شیخ کی طرف ہی متوجہ ہونا چاہیے اور اُنہی کے ارشادات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔ اِدھر اُدھر ہرگز نہیں جھانکنا چاہیے۔

ہر کہ ہر جا، ہیچ جا     و ہر کہ یک جا، ہر جا است

یعنی: جو آدمی ہر جائی بن جائے وہ کسی جگہ کا نہیں رہتا۔ اور جو پورے استقلال سے ایک جگہ ڈٹا رہتا ہے، وہ ہر جگہ پوری طرح کامیاب رہتا ہے۔

کچھ وقت نکال کر اِس جگہ خانقاہ شریف پر تشریف لانا بہت ہی مفید ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا سیّد مفتی عبدالشکور ترمذیؒ، ساہیوال

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم ومکرم جناب مولانا سیّد عبدالشکور صاحب ترمذی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ جو اِشتہار منجانب علماء ہزارہ آپ کی نظر سے گزرا تھا وہ بالکل صحیح تھا۔ اور جن صاحب نے یہ اشتہار مرتب فرمایا تھا، وہ بھی فقیر کو ذاتی طور پر ملتے رہتے ہیں۔ باقی رہا اصل مواد تو اس کے لیے آپ مندرجہ ذیل پتہ پر تحریر کریں اور فقیر کے حوالہ سے ان کو تحریر کریں، کیونکہ اصل مشتہر مولانا محمد یعقوب خان صاحب وہیں رہتے ہیں اور آپ کا عقدہ حل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۱/۱۶۴

(بخدمت محترم مولانا قاضی محمد شمس الدین صاحب نقشبندی مجددی، بمقام درویش، ہری پور، ہزارہ، صوبہ سرحد)

۱۹/ رمضان المبارک ۱۳۹۳ھ     والسّلام مع الاکرام

Marfat.com

۲/۱۶۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر حضرت مولانا مفتی عبدالشکور صاحب مدظلہ العالی کے اس مکتوب سامی کی حرف بحرف تائید کرتا ہے اور اس کے ساتھ دل وجان سے متفق بھی ہے۔

فقیر خان محمد عفی عنہ

۷/محرم الحرام ۱۴۰۱ھ خانقاہ سراجیہ، کندیاں، ضلع میانوالی

۳/۱۶۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر خان محمد عفی عنہ کو آج ۱۲/شعبان المعظم کو مدرسہ عالیہ حقانیہ، ساہیوال، ضلع سرگودھا میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ مدرسہ حقانیہ کے مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالشکور صاحب ترمذی مدظلہ العالی ہیں۔ حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی کے اخلاص وللّٰہیت کا اثر ہے کہ مدرسہ عالیہ حقانیہ اپنے تعلیمی پروگرام میں اعلیٰ معیار پر چل رہا ہے اور نظم ونسق کے لحاظ سے ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ سالانہ امتحان کے نقشہ سے اور امتحان لینے والے حضرات کی آراء سے جس کی تصدیق ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی کو تادیر سلامت کرامت رکھے۔ اور ان کے صاحبزادگان اور مدرسہ کے جملہ اراکین کو حضرت مفتی صاحب سے کامل استفادہ کی توفیق عطا فرما کر مدرسہ عالیہ حقانیہ کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سب کو سرفراز فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۲/شعبان ۱۴۰۸ھ خانقاہ سراجیہ، کندیاں، ضلع میانوالی

۴/۱۶۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر خان محمد کو آج ۲۱/شوال المکرم ۱۴۲۱ھ کو حضرت مولانا مفتی عبدالشکور قدس سرہ

Marfat.com

العزیزؒ کی تعزیت کے سلسلہ میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم و مغفور کی مغفرت فرماوے۔ اور اپنی قبر میں راحت کرامت فرماوے۔ اور حضرت کے جملہ پسماندگان کو حضرت مرحوم کے برکات سے سرفراز فرماوے۔ اور ہر قسم کی بدمزگیوں سے محفوظ فرماوے۔ آمین۔ اور حضرات صاحبزادگان سلمہم اللہ تعالیٰ کو آپس میں پیار و محبت سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۱ر شوال المکرّم ۱۴۲۱ھ

خانقاہ سراجیہ

بنام: ڈاکٹر عبدالشکور عظیم صاحب، کوٹ اڈو

۱۶۸/۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت اور نصرت (سے) سرفراز فرماوے اور ہمہ وقت اپنی حفاظت و نصرت سے سرفراز فرماوے۔ آمین

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۳رر مضان المبارک ۱۴۲۹ھ/۱۴ر ستمبر ۲۰۰۸ء

خانقاہ سراجیہ

بنام: حضرت مولانا عبدالغفور مدظلہم العالی، ٹیکسلا

۱۶۹/۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولوی عبدالغفور صاحب مطالعہ فرمادیں کہ آپ کا خط ملا۔ دانتوں کے درد کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور اس تکلیف کو دور فرما کر صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ اور جمعیت ظاہری و باطنی نصیب فرماوے۔ آمین۔

اس زمانہ میں فن خطابت بہت ضروری اور لازمی ہے۔ پاکستان میں خدمتِ دین بہترین اردو بولنے اور لکھنے میں مضمر ہے۔ اس میں جس قدر مشق ہو سکے کریں۔ اور تقریر و

Marfat.com

تحریر میں ظاہری ادب کے ساتھ اثباتی رنگ پیدا کرنے کی سعی کی جانی چاہیے اور بالکل قرآن پاک کے ارشاد کے موافق اپنی تقریر کو ڈھالنا چاہیے۔ جس طرح کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ اس میں اللہ تعالیٰ نے تبلیغ کے جمیع لوازمات بطریق اعجاز بیان فرما دیے ہیں۔ زبان کی سلاست، حکیمانہ اسلوبِ بیان، دلائل ونصائح کا طریق اور اندازِ تردید۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کا تا حال لاہور وغیرہ کا کوئی قصد نہیں ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۱ ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ

۲
۱۷۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے دعائے خیر وسلامتی واستقامت برشریعت مطہرہ کے بعد مطالعہ فرماویں۔

گرامی نامہ موصول ہو کر باعث دعا وتوجہ غائبانہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ آمین۔

آپ کی خالہ صاحبہ کو غائبانہ داخل طریق کر لیا ہے۔ مولا کریم فیوضات اکابر سے بہرہ ور فرماوے۔ ذکر قلبی اسم ذات اللہ اللہ خیال سے دل کی توجہ ذات پاک مولا کریم کی طرف کر کے چلتے پھرتے، بیٹھتے اٹھتے دھیان سے کریں۔ زبان نہ ہلے۔ رات کو ایک تسبیح استغفار نماز عشاء کے بعد سونے سے پہلے پڑھ لیا کریں۔ اللہ تعالیٰ پابندی نماز کی توفیق عطا فرماویں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو دانتوں کی تکلیف سے نجات دیں۔ آمین۔ اور صحت وسلامتی عنایت فرماویں۔

جس قدر ذکر ایک جگہ بیٹھ کر توجہ قلب کے ساتھ ہو بہتر ہے۔ ویسے ہر حال میں ذکر کا دھیان رکھیے۔ ذکر سے پہلے ۲۵ بار استغفار اور فاتحہ برارواح پیران کبار کے بعد موت کا دھیان رکھتے ہوئے کریں اور شیخ کا تصور رکھیے۔ اللہ تعالیٰ برکات طریقہ پاک سے بہرہ کامل عطا فرماوے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۳ شوال ۱۳۸۶ھ

Marfat.com

۳ / ۱۷۱ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت و عافیت وسلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور اپنی رضامندی کے اسباب پر عمل کرنے کی توفیق رفیق فرماوے۔ آمین۔

ذکر کے وقت قلب کی شکل وصورت کا حال بس وسوسہ ہے۔ اس کو بس دفع کرنے کی سعی کرنی چاہیے۔ ذکر اسم ذات جس تیزی سے ہوگا۔ وساوس کم ہوں گے۔ فقیر ایک ہفتہ کے لیے باہر سفر پر جارہا ہے۔ اگلے جمعہ تک واپسی ہوجاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے مولانا عبیداللہ صاحب کوسلام مسنون۔ والسّلام

۱۶ / ربیع الثانی ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۴ / ۱۷۲ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ انقباضی کیفیت معلوم ہوئی۔ ایسا اکثر ہوا کرتا ہے۔ گھبرانا نہیں چاہیے اور بہ تکلف وعظ وتقریر کی طرف طبیعت کو لگانا چاہیے۔ اس زمانہ میں تبلیغ کے لیے وعظ وتقریر فرائض میں سے ہے۔ فقیر چونکہ اس فن سے عاری ہے اس لیے فقیر کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بس بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو سے رکھے اور مزید برآں اپنی رضامندی کے اسباب پر عمل

Marfat.com

کرنے کی توفیق عطا فرماوے اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے مولانا محمد عبید اللہ صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۰ رجمادی الثانیہ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

(پس ورق اضافی تحریر)

مولانا محمد عبید اللہ صاحب کو سفر کے پروگرام کی اطلاع دی نہیں۔ وہ پروگرام اچانک ایک ضرورت کے ماتحت بدل گیا ہے۔ (فقیر) اب عنقریب دوسرے پروگرام کی اطلاع دے گا۔ انشا اللہ تعالیٰ۔ ایک ضرورت کے تحت یکم اکتوبر کو فقیر نے راولپنڈی ضروری جانا ہے۔ وہاں تین چار روز لگ جاویں گے۔ واپسی پر بہت جلدی اس سفر کا آغاز ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ صوفی احمد یار صاحب کو اس تبدیلی کی ضرور اطلاع کروادیں۔

والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵/۱۷۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولوی عبد الغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ الحمد للہ کہ وہ انقباضی کیفیت رفع ہوئی۔ آج کل خطابت کے فرائض میں سے ہے۔ اچھا مقرر اور خطیب اس زمانہ میں دین کی خدمت اور اشاعت بہت بہتر طریقہ پر کرسکتا ہے، اس لیے اس فن سے ضرور واقفیت ہونی چاہیے۔ درس و تدریس کے ساتھ خطابت کا مشغلہ بہت ضروری ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھے اور مسلک حقہ اہلِ سنت و الجماعت کے موافق دین کی خدمت واشاعت کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔

ذکر کے دوران جو یہ مختلف کیفیات وارد ہوتی ہیں ان سے نہ گھبرائیں، یہ ہوتی ہیں۔ ان مختلف کیفیات کے ساتھ جو ضروری امر ہے وہ ہے اطمینانِ قلب۔ یہ اگر حاصل ہے تو یہ سب کیفیات محمود ہیں۔ ان کا کوئی فکر نہ کریں۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مزید برآں اپنی یاد کی توفیق نصیب فرماوے۔ اور اپنے فکر

Marfat.com

کے نور سے دل کو منور کرے۔ اور اپنے قرب کے راستے کو آسان فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ آمین۔

فقیر ہری پور سے ۱۸/ اکتوبر کو واپس آ گیا تھا۔ آج ۲۴/ اکتوبر کو لاہور جا رہا ہے۔ شعبان کے آخر تک فقیر کے سفروں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ رمضان المبارک کے اندر آنے کی سعی کریں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ والسّلام

۱۹/ رجب ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۶/۱۷۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ، وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور خدمت و اشاعتِ علوم دینیہ کے سلسلہ میں آپ کی مساعی کو قبول فرماوے۔ اور اپنی رضا مندی و خوشنودی کا وسیلہ بناوے۔ اور اس سلسلہ میں جملہ رکاوٹوں کو دور فرماوے اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بہت مصروف رہا ہے اس وجہ سے جواب میں تاخیر ہوتی رہی۔ فقیر آج بھی لاہور کی تیاری میں ہے۔ ہفتہ عشرہ اس سفر میں لگ جاوے گا۔ وسط اپریل کے بعد آپ جب چاہیں تشریف لے آویں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۳/ ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ خانقاہ سراجیہ

۷/۱۷۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولوی عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے آپ کو صحت

Marfat.com

کاملہ وشفائے عاجلہ عطافرماوے۔اور کامل ومکمل صحت عطافرماوے اور بیش از بیش اپنی یاد کی توفیق رفیق گردانے۔اوراپنی رضامندی وخوشنودی سے مشرف فرماوے۔آمین۔

فقیر نے پہلے گرامی نامے کا جواب دے دیا تھا۔معلوم نہیں کیوں نہیں ملا۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب احباب کوسلام مسنون۔

والسّلام

۲۳؍جمادی الاولیٰ ۱۳۹۲ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸ / ۱۷۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔ٹیکسلا کے متعلق پڑھ کر مسرّت ہوئی۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مزید کامیابی عطافرماوے اور آپ کی اس محنت کو قبول فرماوے۔اوراپنی رضامندی وخوشنودی کا وسیلہ بناوے۔اور ہمت واستقامت سے سرفراز فرماوے۔اور حسبِ تمنا پوری پوری کامیابی عطافرما کر ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر فروری کی آخری تاریخوں تک یہاں ہی ہے۔فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۱؍صفر ۱۳۹۵ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۹ / ۱۷۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ ٹیکسلا کے لیے ۲۰؍شوال تاریخ مقرر ہوئی تھی۔اب صورت حال یہ ہے کہ گوجرانوالہ میں جمعیت کا کنونشن ہورہا تھا، وہ مؤخر کردیا گیا ہے۔اوراس کی تاریخ ۱۹-۲۰؍شوال مقرر ہوگئی ہے۔اس طرح تو اب ٹیکسلا فقیر کا پہنچنا مشکل ہو جائے گا۔اس لیے مناسب ہوگا کہ آپ تاریخ

Marfat.com

تبدیل کردیں اور دو تین روز بعد میں رکھ لیں۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اس فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۶ر شوال ۱۳۹۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۰/۱۷۸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ کل فقیر نے ایک کارڈ اس غرض کے لیے لکھا ہے۔ شاید مل جاوے۔ فقیر نے لکھا ہے ۲۵، ۲۶ر اکتوبر کے بعد کی کوئی تاریخ ۲۹، ۳۰ر اکتوبر میں سے کوئی ایک تاریخ رکھ لیں۔ فقیر ۲۲، ۲۳ر اکتوبر تک یہاں ہی ہے۔ کسی طرف سفر کا ارادہ نہیں ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸ر شوال ۱۳۹۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۱/۱۷۹ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۸ر اکتوبر کو گوجرانوالہ کی طرف سے کسی وقت راولپنڈی قاری محمد امین صاحب کے ہاں پہنچ جاوے گا۔ وہاں سے پھر ۲۹ کو ٹیکسلا، انشاء اللہ۔ گوجرانوالہ میں قیام حافظ نذیر احمد صاحب کے پاس نزد گھنٹہ گھر ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵ر شوال ۱۳۹۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۲/۱۸۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے بیش از بیش ترقیات نصیب فرماوے۔ اور حسبِ تمنا پوری پوری کامیابی عطا فرماوے اور اپنے مقاصدِ خیر (میں) کامیاب فرماوے اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی پوری عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۱۴/ فروری تک یہاں ہے۔ فروری کے آخر میں یقینی نہیں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

یکم صفر ۱۳۹۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۳/۱۸۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مدرسہ کی ترقی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور مزید ترقیات نصیب فرماوے۔ اور آپ کے اخلاص میں ترقی اور کام میں برکت عطا فرماوے۔ اور مخالفوں کے شر سے محفوظ رکھے۔ اور مخالفوں کی سازشوں کو ناکام فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

شر پسند لوگوں کی مخالفت سے نہ گھبرائیں اور عزم وہمت اور استقامت کے ساتھ اپنا کام جاری رکھیں۔ وہ اپنا کام کریں آپ اپنا کام کریں۔ ان کی مخالفت کام میں ترقی کا باعث ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر ۲۷/ جمادی الاولیٰ جمعرات کی صبح کو کندیاں سے ریل کار پر سوار ہوگا۔ انشاء اللہ

Marfat.com

تعالیٰ۔اور سید ھاہری پور جاوے گا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔　　　　والسّلام

۲۳ ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۶ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۴
۱۸۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور آپ کے اخلاص میں برکت اور کام میں ترقی عطا فرماوے اور مدرسہ کو مضبوط و مستحکم اور ترقیات عطا فرماوے اور جملہ مخالفتوں کو فروونا کام فرماوے۔اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے کام (میں) مشغول رکھے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔　　　　والسّلام

۱۵ ر رجب ۱۳۹۶ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۵
۱۸۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔فقیر کے ساتھ جو آپ حضرات کو حسنِ ظن ہے اللہ تعالیٰ اسی کے موافق آپ سب سے معاملہ فرماوے۔اور اس فقیر کو اس کے موافق بناوے۔ اور دنیا وآخرت کی رسوائیوں سے بچاوے۔اور آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور آپ کے مدرسہ کو کامیاب بناوے اور آپ کی محنتوں کو قبول فرما کر اپنی رضامندی کا وسیلہ بناوے۔اور اس راستہ کی جملہ رکاوٹوں کو دور فرماوے۔اور ظاہری وباطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. اس وقت کوئی ایسا

Marfat.com

حافظ وقاری ذہن میں نہیں ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۹؍رمضان المبارک ۱۳۹۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۶/۱۸۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم شامل حال رکھے اور آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ مزید برآں اپنے دین حقہ اسلام کی خدمت واشاعت کی توفیق کرامت فرماوے۔ اس سلسلہ کی جملہ رکاوٹیں دور فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۲؍ربیع الاوّل ۱۳۹۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۷/۱۸۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ مدرسہ کو مزید ترقی اور استحکام نصیب فرماوے۔ اور آپ کی محنتوں کو قبول فرما کر اپنی رضامندی وخوشنودی کا وسیلہ بناوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور محبت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کو بس اس سارے موسم سرما میں نزلہ وکھانسی کی تکلیف رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

آپ اپریل کے پہلے ہفتہ کے بعد تشریف لے آویں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۸؍ربیع الثانی ۱۳۹۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۸/۱۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے اور آپ کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

مولانا ضیاء الدین صاحب ہری پور فیکٹری والوں نے ۹-۱۰ ر شعبان کی تاریخیں لے لی ہیں۔ چنانچہ فقیر ۹ ر شعبان کو جمعرات کے روز صبح یہاں سے ریل کار پر سوار ہو کر ہری پور کے لیے روانہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آپ بس اسی کے مطابق کوئی پروگرام بنائیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲ ر رجب ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۹/۱۸۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دُعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور مدرسہ کے سلسلہ میں حسبِ تمنا خاطر خواہ کامیابیاں نصیب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے دینی مشاغل میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۸ ر شعبان بدھ کے روز ہری پور پہنچے گا۔ ہری پور سے ۱۰ ر شعبان جمعہ کے روز عصر کے وقت راولپنڈی قاری محمد امین صاحب کے ہاں پہنچے گا۔ ۱۱ ر شعبان کا دن وہ آپ کو نہیں دیں گے۔ بہتر ہے آپ ان سے پروگرام طے کروالیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۰؍رجب ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

۲۰/۱۸۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا عبدالغفور صاحب مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ کی اور والدہ صاحبہ کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحتِ کاملہ و شفائے عاجلہ عطاء فرمائے اور جملہ مشکلات کو آسان فرماوے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطاء فرماوے اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

تعویذ ارسال ہے۔ لکھے ہوئے حصہ کو اوپر کرنا اور اُس (پر) ماش کی دال سات مشت ڈالنی ہے۔ دال ماش چھلکے والی ڈال دیں۔ سحر و آسیب اور لمبی بیماری کے لیے فائدہ مند ہے۔ دو گھنٹے آگ پر رکھنے کے بعد باہر جنگل میں دفن کرنا ہے۔ تعویذ میں خالی جگہ پر مریض کا نام اور اُس کی والدہ کا نام لکھنا ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بخیریت ہے۔ رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۸؍رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

۲۱/۱۸۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم جناب مولانا عبدالغفور صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے، مولا کریم جل شانہٗ آپ کو مزید عزم و استقامت عطا فرمائے اور آپ کا دائماً و سرمداً حامی و ناصر و معین ہو! آمین آمین۔ دینِ حق کی نصرت اور تائید کے لیے ہمہ تن مصروف رہنے کی ضرورت ہے۔ لیکن تدبر، فراست، عقلِ سلیم اور ہوش مع الجوش سے کام لینا چاہیے۔ خلقِ خدا کی ہر

Marfat.com

بات پر چیں بہ جبین نہیں ہونا چاہیے۔عفو ودرگزر بھی ضروریات میں سے ہے۔اور صبر وتحمل و بردباری بھی درکار ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ فضل فرمائے اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفوو عافیت، صحت وسعادت وسلامتی نصیب دوستاں فرمائے۔اور خدمت دین متین میں پیش پیش فرمائے۔آمین آمین آمین۔

مدرسہ کا نام بدستور رہنے دیا جائے، اگر تبدیلیٔ نام ضروری ہے تو اپنے مقامی مخلص علماء اور صلحاء کے مشورے سے کام کیا جائے اور باہمی مشاورت کو ضرور ملحوظ رکھا کریں۔

فقیر آپ پر خوش ہے اور جو کام آپ خدمتِ دین حق کے سلسلہ میں کر رہے ہیں، فقیر اس پر مطمئن ہے اور دعا گو ہے کہ مولا کریم جل شانہٗ آپ کو اِس پر مزید استقامت اور مداومت کی توفیق عطا فرمائے اور ظاہری و باطنی رحمت وکرم وفضل کے ابواب مفتوح فرمائے۔آمین آمین آمین۔

واضح ہو کہ آپ درس وتدریس، اشاعت علوم دین اسلام اور خدمت قرآن وسنت کرنے کی توفیق سے سرفراز کیے گئے ہیں۔قرب ورضا ورحمت اللہ تبارک وتعالیٰ کے حصول ووصول کا اس سے بہتر اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔آپ اس کے لیے کوشاں رہیں۔انشاء اللہ العزیز آپ ساحلِ مراد تک پہنچ جائیں گے۔فقیر بحمد اللہ تعالیٰ آپ کی اصلاح ونگرانی احوال کے لیے ہمہ تن متوجہ ہے۔حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ.

تحریر یکم رمضان المبارک — فقط والسّلام مع الاکرام

**بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب مدظلہٗ، ملتان**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۱۹۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرمی ومحترمی شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب مدظلہٗ!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔مزاج گرامی!

۱۔ختم نبوت کانفرنسوں کے سلسلہ میں بیرونِ ملک کا سفر آج شروع ہو رہا ہے۔مجلس تحفظ ختم نبوت کی مجلس شوریٰ کے فیصلہ کی روشنی میں کتاب برائے نصاب وفاق المدارس

Marfat.com

مرتّب کر کے آپ کی خدمت میں پہنچا دی گئی تھی۔ آنجناب کے علاوہ شیخ الحدیث مولانا مفتی نظام الدین شامزی صاحب مدظلہ العالی اور مولانا محمد عابد صاحب (خیر المدارس) کو بھی دی تھی کہ وہ اسے دیکھ کر مناسب ترمیم واضافہ فرمائیں تاکہ حتمی شکل دی جا سکے۔

۲۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں اسے پیش کر کے اس کی منظوری حاصل فرمائیں۔ اور نیز یہ کہ وفاق کے امتحانی سال کے کسی درجہ میں شامل کرائیں۔ اس کا نام بھی تجویز فرمائیں۔ قاسم العلوم والخیرات کی ایک کتاب کا نام ''اجوبہ اربعین'' ہے۔ اس مناسبت سے ''اجوبہ ثلاثین'' یعنی منکرین ختم نبوت کے تیس سوالات کے جوابات یا جو آپ مناسب خیال فرمائیں، نام تجویز فرمائیں۔

۳۔ حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی کو اس سلسلہ میں خط تحریر کیا ہے، جس کی کاپی لف ہے۔ بہر حال اسے وفاق کی میٹنگ میں پیش کر کے منظوری حاصل کرنا اب آنجناب کے ذمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی مرضیات پر عمل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آپ کی صحت وسلامتی کے لیے فقیر دعا گو ہے۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

۱۰ربیع الثانی ۱۴۲۲ھ حال وارد کراچی

## بنام: عبد المجید خان صاحب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱/۱۹۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب عبد المجید خان صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور سب کو صلاح وفلاح سے نوازے۔ اور آپ کو اپنی یاد اور عبادت میں مصروف رکھے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

ختم خواجگان کو ضرور جاری رکھا جاوے۔ اللہ تعالیٰ توفیق و آسانی عطا فرماوے۔ آمین۔

دو چار منٹ کی تاخیر کا کوئی حرج نہیں ہے۔ دراصل یہ لوگ سعودی عرب کی نقل کرتے ہیں۔ وہاں مغرب کی اذان کے بعد ۴، ۵ منٹ کی تاخیر کرتے ہیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. منی آرڈروں کی وصولی خلیل احمد کے سپرد ہے۔ اس کے نام اتھارٹی لیٹر ڈاک خانہ والوں کو دیا ہوا ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۸؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ/ ۲۶؍ نومبر ۱۹۹۱ء　　　　فقیر خان محمد عفی عنہ

**بنام: حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۱۹۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

اعزی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

بعد از سلام کے واضح ہو کہ فقیر مع احباب کے ۵؍ نومبر کو یہاں خانقاہ پاک سرہند حاضر ہو گیا ہے۔ اور ہر طرح عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ یہاں سے ۱۲؍ نومبر کو روانہ ہو کر اِنشاء اللہ تعالیٰ مالیر کوٹلہ جاوے گا۔ اور پھر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۷؍ نومبر کو واپس لاہور پہنچ آوے گا۔

فقیر کی طرف سے سب سکان خانقاہ پاک کو فرداً فرداً سلام پہنچا دیویں۔ حامد، خلیل، کلثوم، اسماء کو دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸؍ نومبر ۱۹۶۳ء　　　　از روضہ شریف، سرہند، بھارت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۲/۱۹۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے عزیز از جان سلمہ الرحمٰن مطالعہ کریں کہ فقیر رات کو ۹ بجے والی گاڑی پر واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب تم سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنے تعلیمی مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور اپنے مقصد میں کامیابی کی لگن عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ اپنے اس وقت کو بہت قیمتی سمجھیں اور اس کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں۔ صحت، فراغت جو اِس وقت ہے پھر کبھی نہیں ملے گی۔

چائے، دودھ، کپڑوں کی دھلائی وغیرہ کے اخراجات آپ اپنی طرف سے کرتے رہیں اور محمد داؤد صاحب کو اپنا حقیقی بھائی جانیں اور ان سے کسی قسم کے حساب کا مطالبہ بالکل نہ کریں۔

فقیر کی طرف سے مہتمم صاحب (مولانا منظور الحق صاحب دار العلوم کبیر والا) کی خدمت میں معذرت پیش کریں کہ رشید احمد کی وجہ سے جلدی واپس ہونا پڑا۔ فقیر کی طرف سے محمد داؤد صاحب، حافظ محمد عظیم صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۴ رشوال ۱۳۹۰ھ/ ۲۴ر دسمبر ۱۹۷۰ء از خانقاہ سراجیہ

۳/۱۹۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز از جان سلمہ الرحمٰن مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ سب خورد وکلاں صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنے تعلیمی مقصد میں ذوق وشوق کے ساتھ مشغول رکھے اور اپنے مقصد کی لگن عطا فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے مشرف و سرفراز فرماوے۔ اور صحت و عافیت اور جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کا پہلا خط مل گیا ہوگا؟ آپ نے اپنی خیریت کی اطلاع نہیں دی۔ اسباق کی

Marfat.com

ترتیب اور نظام الاوقات کی اطلاع دیویں۔ نیز طبیعت بھی لگی ہے یا کہ نہیں؟ نئی جگہ، نیا ماحول، اس سے طبیعت گھبرائی تو نہیں؟ بہرحال اپنے آپ کو سب طرف سے یکسو کر کے اپنے آپ کو کلیتاً علم کے حصول میں مصروف رکھیں۔ یہی ایک مقصد ہے اور بس۔ اس چند روزہ محنت کا ثمر آئندہ ساری زندگی میں ملتا رہے گا۔ اپنے اس مقصد میں غفلت نہ آئے۔

فقیر کی طرف سے اپنے ساتھیوں محمد داؤد صاحب و محمد عظیم صاحب کو سلام مسنون۔ اور مضمون واحد، حضرت مولانا مہتمم صاحب کی خدمت میں سلام مسنون۔ والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۳۰ / دسمبر ۱۹۷۰ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۴ / ۱۹۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات و نظام الاوقات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو علومِ نافعہ دینیہ سے بہرہ کامل نصیب فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

ہم انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴ / جنوری جمعہ کی رات کو ساڑھے دس بجے والی گاڑی پر سوار ہو کر ۱۵ / جنوری جمعہ کی صبح کو دس بجے ملتان پہنچیں گے۔ ملتان سے اسی روز خیبر میل پر سوار ہو کر کراچی روانہ ہوں گے۔ آپ ۱۵ / جنوری جمعہ کی صبح کو آٹھ بجے لاری پر سوار ہو کر خان صاحب (فضل محمود خاکوانی) کا مکان جو کوٹلہ تولے خاں میں ہے، وہاں پہنچ آویں۔ اسٹیشن پر نہ آویں۔ کیونکہ ہم مظفر گڑھ گاڑی سے اتر کر بذریعہ کار ملتان پہنچیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مولانا مہتمم صاحب کی خدمت میں اطلاع کر دیں۔ کوئی چیز منگوانی ہو تو فوراً لکھیں، تاکہ لیتے آویں۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ سب چھوٹے بڑے صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون اور سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام و دعوات۔ والسّلام

۸ / ذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۶ / جنوری ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵/۱۹۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ابھی ابھی وصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر نے اپنے پروگرام سفر کے متعلق پہلے اطلاع دے دی ہے۔ وہ خط مل گیا ہوگا؟ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہم سب آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

مضن والا تعویذ ارسال ہے۔ اس تعویذ کو مدھانی کی سنگھی میں رکھ کر اوپر مدھانی ٹھوک دینی ہے۔ اس کے علاوہ مولانا مہتمم صاحب کی خدمت میں عرض کریں کہ سردار محمد اسلم صاحب کے گھر والوں کو کہیں کہ ان کے لڑکے مظفر نے جتنے خط بھی فقیر کو لکھے ہیں، فقیر نے سب کا جواب اس کو دیا ہے۔ معلوم نہیں وہ خط اس کو کیوں نہیں ملے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۹ رذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۷ رجنوری ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۶/۱۹۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم سب آج صبح بعافیت یہاں پہنچ آئے ہیں اور یہاں سے انشاء اللہ تعالیٰ ۱۸ رجنوری کو جدہ روانگی ہوگی۔

فقیر نے آتے ہوئے جناب مہتمم صاحب کو پچاس روپے دے دیے تھے اور عرض کیا تھا کہ عید کی رخصتوں کے بعد جب آپ واپس آئیں تو آپ ان سے روپے لے لیں۔ قربانی کے لیے راؤ جمشید صاحب کو روپے دے دینا یا پھر ڈنگرا اپنے قصائیوں کے ذریعہ خرید لیں۔

ہم سب آپ سب کے لیے دعا گو ہیں کہ مولا پاک اپنے فضل سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے بہرہ کامل نصیب فرماوے۔ اور

Marfat.com

دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے جناب مہتمم صاحب، اپنے اساتذہ کی خدمت میں سلام مسنون۔ اور اپنے سارے ساتھیوں کو بھی سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۷/ذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۱۵/جنوری ۱۹۷۱ء ازکراچی

۷
۱۹۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر کا پہلا خط مل گیا ہوگا؟ ہم سب آج روانگی کی تیاری میں ہیں۔ چار بجے بوقت عصر یہاں سے جہاز کی روانگی ہے۔ مغرب سے کچھ دیر بعد اِنشاءاللہ تعالیٰ جدہ پہنچ جاویں گے۔

فقیر یہ دو لفافے بھیج رہا ہے۔ ایک یہاں کبیر والا سے اپنی صحت خیریت کا لکھ دینا۔ دوسرا جب آپ عید کی رخصتوں پر خانقاہ پاک جائیں، وہاں سے خیر خیریت اور حالات کا خط لکھ دینا۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے بہرہ کامل عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۱۹/ذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۱۷/جنوری ۱۹۷۱ء ازکراچی

۸
۱۹۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم سب ۱۸/جنوری کو بوقت چار بجے کراچی سے ہوائی جہاز پر سوار ہوئے اور جدہ عشاء کے بعد پہنچے۔ ۱۹/جنوری کا دن جدہ رہنا ہوا۔ ۲۰/جنوری کی صبح کو جدہ سے روانہ ہو کر اُسی روز عصر کے وقت مدینۃ المنورہ پہنچے۔ یہاں ہم سب بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت کے ساتھ ہیں اور آپ سب کے لیے بہت بہت دعا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ یہاں سے واپسی یکم،

Marfat.com

دوفروری کو ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مکہ مکرمہ میں ہمارا پتہ یہ ہوگا: معرفت معلم شاکر سکندر صاحب، محلّہ جیاد، متصل حرم پاک، مکہ مکرمہ، سعودی عرب۔ واپسی کے لیے کراچی سے ہماری سیٹیں ہوائی جہاز والوں نے فروری میں بک نہیں کی تھیں، کیونکہ گنجائش نہیں تھی۔ اب حج کے بعد اِس کی سعی کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین۔

حضرت مولانا سیّد فیض علی شاہ صاحب کی خدمت سلام مسنون کے بعد عرض کریں کہ یہاں معلومات کرنے سے پتہ چلا ہے کہ ابھی تک حضرت مولانا اسعد صاحب (مدنی، بھارت) تشریف نہیں لائے۔ شاید ایامِ حج کے بالکل قریب تشریف لے آویں۔

فقیر کی طرف سے جناب مہتمم صاحب اور حضرات اساتذہ کی خدمت سلام مسنون عرض کریں۔ اور اپنے سب ساتھیوں کو بھی سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶ر ذی قعدہ ۱۳۹۰ھ/ ۲۴ر جنوری ۱۹۷۱ء ازمدینۃ المنورہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۹/۲۰۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط جناب ماسٹر منظور صاحب نے فقیر کو منیٰ (میں) پہنچایا۔ خیریت وعافیت کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ آپ عید کی چھٹیاں گزار کر واپس آگئے ہوں گے؟ خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہوگی۔ خلیل احمد کو یہاں سے خطوط لکھے ہیں۔ اس نے کوئی جواب وغیرہ نہیں دیا، باعث بخیر ہو۔

ہم سب ۲ر فروری کو مدینہ منورہ سے روانہ ہوکر شام کو مکہ مکرمہ پہنچ آئے۔ ۳ر فروری مکہ مکرمہ گزارا، اور چار فروری کو منیٰ روانہ ہوگئے۔ حج ۵ر فروری جمعہ کے روز ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے حج اکبر نصیب فرمایا۔ سب ارکانِ حج سے فراغت کے بعد آج ۹ر فروری کو مکہ مکرمہ واپسی ہوئی اور آج ہی آپ لوگوں کو خط لکھ رہا ہوں۔ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ خیریت وعافیت سے ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. اور آپ سب کی خیریت وعافیت اور

Marfat.com

سلامتی کے طالب ہیں۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

۱۱رفروری کوخان صاحب واپسی کے متعلق کوشش کرنے جدہ جاویں گے، جونتیجہ نکلے گا اس کی اطلاع دی جاوے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔مکہ مکرمہ کے پتہ سے پہلے اطلاع دے دی ہے۔اب پھر لکھ رہا ہوں۔مکہ مکرمہ،سعودی عرب، معرفت معلم شاکر سکندر، محلّہ جیاد۔آپ نے کوئی چیز لکھ کر کاٹ دی۔جو لکھی تھی، وہ فوراً لکھیں۔اگر ہم لا سکے تو اِنشاء اللہ تعالیٰ ضرور لائیں گے۔

فقیر کی طرف سے جناب مہتمم صاحب اور اپنے سب اساتذہ اور اپنے سب ساتھیوں کو بہت بہت سلام۔اپنی آپا کی طرف سے بہت بہت سلام۔ والسّلام

۱۳رذی الحجہ ۱۳۹۰ھ/ ۹رفروری ۱۹۷۱ء از مکہ مکرمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱۰ / ۲۰۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہیں۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. اور ہم سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

آپ عید کی تعطیلات گزار کر واپس آ گئے ہوں گے؟ اور وہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہو گی؟ فقیر کا پہلا خط مل گیا ہو گا؟ ہم انشاء اللہ تعالیٰ ۲۷رفروری کی شام کو جدہ سے ہوائی جہاز پر سوار ہوں گے اور رات کو بارہ ایک بجے کراچی پہنچیں گے۔کراچی سے انشاء اللہ تعالیٰ ۲۸رفروری کی شام کو چناب پر یا خیبر میل پر سوار ہو کر یکم مارچ کو ملتان پہنچیں گے۔ملتان سے اسی روز رات تھل پر سوار ہو کر خانقاہ پاک روانہ ہو جاویں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔اطلاعاً عرض ہے۔

فقیر کی طرف سے مہتمم صاحب اور اپنے سب اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔

حضرت مولانا سیّد فیض علی شاہ صاحب کی خدمت میں عرض کریں کہ حضرت مولانا

Marfat.com

سیّد اسعد میاں صاحب اس سال حج پر نہیں آئے۔ والسّلام

۲۰ ؍ذی الحجہ ۱۳۹۰ھ/ ۱۷ ؍فروری ۱۹۷۱ء از مکہ مکرمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۱/۲۰۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ اندر باہر سب راضی خوشی اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. ہم سب آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے بہرہ کامل نصیب فرماوے۔ اور سعادت دارین سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

سعید احمد کو اب بالکل آرام ہے۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام۔ فقیر کی طرف سے سب حضرات کو سلام مسنون اور آپ کے ساتھیوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۳ ؍محرم ۱۳۹۱ھ/ ۱۱ ؍مارچ ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۲/۲۰۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ پیٹ کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت عطا فرماوے۔ اور دیگر جمیع مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سعادت دارین سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

محبت دونوں قسم کی ہے۔ فطری بھی جیسے والدین کو اپنی اولاد سے ہوتی ہے، اور اختیاری بھی جیسے ہر مومن مسلمان کو اپنے ایمان سے ہے۔ لیکن ایسی باتوں کی کیا ضرورت پڑ گئی ہے؟ مہتمم صاحب سے اپنی تکلیف بیان کر کے اجازت لے لیں تو وہ اجازت دے دیں گے۔ یہ ایسی کون سی مشکل ہے کہ فقیر کی سفارش کی ضرورت ہے۔

محمد داؤد صاحب اپنی صاحبزادگی کا مظاہرہ کر کے گئے ہیں۔ شادی پر اماں جی اور

Marfat.com

کلثوم کے علاوہ کسی دوسرے کے جانے کی فقیر نے اجازت نہیں دی۔ اس وجہ سے روٹھ کر چلے گئے۔ بعد میں اماں جی اور کلثوم کو شادی پر بھیجا تھا۔

عزیز نصیر احمد صاحب کے ہاتھ گھی پانچ سیر ارسال ہے۔ اور کچھ زمزم اور کچھ کھجوریں بھی ارسال ہیں۔ یہی کچھ ہو سکتی تھیں۔

جواب میں تاخیر تکلیف کی وجہ سے ہوتی رہی ہے۔ فقیر کو اِن دنوں کھانسی کی شدید تکلیف ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۳ رمحرم ۱۳۹۱ھ/ ۲۱ رمارچ ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ۱۳/۲۰۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز از جان سلمہ الرحمٰن مطالعہ کریں کہ آپ کا دستی خط ملا۔ صحت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ اسباق کی مصروفیت کا پڑھ کر مزید برآں فرحت و مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے ہمیشہ صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی تعلیم میں مشغول رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے سرفراز فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

آپ کی سفارش کی بنا پر سفارشی رقعہ لکھ دیا ہے۔ امید ہے کہ کام ہو جاوے گا۔ آپ نئے نئے طالب علمی ماحول میں گئے ہیں۔ آپ کو معلوم نہیں کہ مدرسے چلانا اور طالب علموں کو قابو میں رکھ کر اُن کو تعلیم میں مشغول رکھنا کتنا مشکل کام ہے؟ یہ وہی جانتے ہیں جو یہ کام کرتے ہیں، لہٰذا میری یہ نصیحت ہمہ وقت پیش رہے کہ آپ دونوں کی طرف سے کوئی بھی ایسی حرکت نہیں ہونی چاہیے جس سے مہتمم صاحب کو کچھ بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے اور طلبا کے کسی ہنگامہ میں قطعاً داخل نہ ہونا چاہیے۔

خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ خلیل، رشید، سعید، کلثوم، اسماء، میمونہ، زاہدہ سب راضی خوشی ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. سب گھر والوں کی طرف

Marfat.com

سے بہت بہت سلام ودعائیں۔ والسّلام

۲۲رصفر۱۳۹۱ھ/۲۲راپریل۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۴/۲۰۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز القدر عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ اپنی تعلیم کا اور اپنا فکر رکھیں۔ مدرسہ میں جو کچھ ہوتا ہے اس کی طرف بالکل کوئی دھیان نہ دیں۔ جو اپنے بس کی بات نہ ہو، اس میں دخل دینا بیوقوفی کی علامت ہے۔ اس بات کا ہمیشہ خیال رکھیں۔ آپ نے اپنی صحت کا کچھ نہیں لکھا۔ طبیعت کیسی ہے؟ دوائی جاری ہے یا کہ نہیں؟ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ خلیل، رشید، سعید، کلثوم، میمونہ وغیرہ سب راضی خوشی ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی تعلیم میں ذوق وشوق اور محنت کے ساتھ مصروف رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے بہرہ کامل نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ کل ۳ر ربیع الاوّل جمعرات کی صبح کو یہاں سے روانہ ہو کر لائل پور جاوے گا۔ لائل پور سے گوجرہ، چیچہ وطنی وغیرہ ہو کر ۱۰ر جمعرات کے روز تعزیت کے لیے باگڑ پہنچنے کا ارادہ ہے۔ امید غالب یہی ہے کہ اس میں تغیر نہیں ہوگا۔ فقیر کی طرف سے اور سب گھر والوں کی طرف سے سب کو سلام۔ رسالہ ''داڑھی کی شرعی حیثیت'' یہاں نہیں ہے۔ مولانا شمس الدین صاحب کا پتہ یہ ہے: مدرسہ عربیہ، حسن ابدال، ضلع راولپنڈی، مولانا شمس الدین صاحب کو ملے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲ر ربیع الاوّل ۱۳۹۱ھ/ ۲۸راپریل ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۵/۲۰۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے عزیز القدر عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کو جاتے وقت تاکید کی تھی کہ جاتے ہی اپنے پہنچنے کی اطلاع لکھ دینا۔ لیکن آج جمعہ ہے۔ گئے ہوئے ہفتہ ہوگیا۔ آپ نے اپنے پہنچنے کی اطلاع نہیں دی۔ باعث بخیر ہو۔ یہاں تشویش ہے۔ اپنی اور اپنے ساتھیوں کی خیریت کی فوری اطلاع دیں۔ تاکید ہے۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی مطلوب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ سب گھر والوں کی طرف سے سب کو سلام۔ والسّلام

۹ ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ/۳ جون ۱۹۷۱ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۶/۲۰۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز القدر عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ بخار کا پڑھ کر فکر ہوا اور صحت کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی تعلیم کا شوق و ذوق عطا فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ کا حصہ وافر نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

اپنی صحت کا پورا پورا خیال رکھیں۔ تازہ آلو بخارا کثرت سے استعمال کریں۔ لیموں کی شکنجبی بھی موسمی بخاروں میں بہت مفید رہتی ہے۔ اس کا استعمال بھی رکھیں۔ سالن میں بھی لیموں نچوڑ لیا کریں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ اور اب اس درد والی تکلیف سے بہت کچھ آرام ہے۔ گھر میں خلیل، رشید، سعید، کلثوم سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کا ارادہ لاہور کی طرف جانے کا ہے۔ ۱۵ جون کی شام کا ارادہ ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ اس سفر میں لگ جاوے گا۔ فقیر کی طرف سے اپنے سب ساتھیوں کو سلام مسنون و دعوات۔ والسّلام

۱۶ ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ/۱۰ جون ۱۹۷۱ء ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱۷/۲۰۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط اور محمد افضل سے بھی عافیت معلوم ہوئی اور آپ سب کی خیریت و عافیت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ امتحان کے سلسلہ میں آپ سب بہت خوش ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ لوگوں نے اچھی محنت کی ہے۔ اسی طرح اگر آپ سب محنت کرتے رہیں گے تو یقیناً اس کا ثمرہ اسی فرحت، مسرّت اور عزت و آبرو کا ملے گا۔ اللہ تعالیٰ رحیم و کریم ہیں۔ وہ کسی کی محنت کو ضائع نہیں فرماتے۔ یہ چند روزہ محنت کا ثمرہ مستقبل کی ساری زندگی فرحت و مسرّت، راحت و آرام اور جمعیت و سکون اور عزت و آبرو کی صورت میں عنایت فرماویں گے۔ خلیل، کلثوم، رشید، سعید، حامد وغیرہ سب راضی خوشی ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

قاری عطا محمد صاحب کا لڑکا پیدا ہوا ہے۔ اس کا نام خالد محمود رکھا گیا ہے۔ فقیر کی طرف سے سب ساتھیوں کو سلام مسنون و دعوات اور مہتمم صاحب و دیگر اساتذہ کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵/ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ/ ۹/ جولائی ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱۸/۲۰۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ خیریت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور ہمیشہ صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

عزیزم محمد داؤد سلمہ اللہ تعالیٰ کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے

Marfat.com

صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اوردارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔آمین۔

گذشتہ ہفتہ کلثوم کو کچھ تکلیف ہوگئی تھی۔اب آرام ہے۔لیکن تمہارے لیے بہت اداس ہے۔ ہروقت اس کا یہی مطالبہ ہے۔لہٰذا آپ دوتین روز کی رخصت لے کرآ جاویں اور جمعہ کی شام کو واپس ہو جاویں۔ یہاں اور ہرطرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. سب کی طرف سے وہاں سب کوسلام مسنون۔ والسّلام

۲۶/جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ/۲۰/جولائی ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

۱۹/۲۱۰ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز از جان سلمہ الرحمٰن مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔خیریت سے پہنچنے اورآپ سب کی عافیت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور پڑھنے کا ذوق وشوق اور علم کی لگن عطا فرماوے۔اوردارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔آمین۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہرنوع عافیت ہے۔خلیل، رشید،سعید، حامد، اسماء، میمونہ،کلثوم سب راضی خوشی ہیں۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ابھی تک سفر کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ جب ہوا تو اطلاع ہوجاوے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔فقیر کی طرف سے مہتمم صاحب اوراپنے سارے اساتذہ کوسلام مسنون۔اوراپنے سب ساتھیوں کوبھی سلام ودعوات۔والسّلام

۱۰/جمادی الثانیہ ۱۳۹۱ھ/۲/ستمبر ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ،نزد کندیاں

۲۰/۲۱۱ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔اوریہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہرنوع عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔اورعلومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے۔اوردارین کی سعادتوں سے سرفراز

Marfat.com

فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

پیڈ کا فکر نہ کریں۔یہ چیزیں ادنیٰ اور حقیر ترین ہیں۔اصل فکر اپنی قابلیت پیدا کرنے کی ہونی چاہیے۔قابلیت ان چیزوں کی محتاج نہیں ہوتی۔قابلیت کے ضمن میں یہ چیزیں خود بخود حاصل ہوتی چلی آتی ہیں۔دین اور دنیا میں اور زندگی کے ہر ہر شعبہ میں اپنی قابلیت ہی کے ذریعہ سے انسان اپنا مقام پیدا کرتا ہے۔لہٰذا اپنا تمام تر فکر اور جدوجہد اور محنت و مشقت صرف اپنی قابلیت پیدا کرنے میں صرف ہونی چاہیے:

دادیم تراز گنج مقصود نشان

گرمانہ رسیدیم تو شاید برسی[1]

گھر میں سب کی طرف سے بہت سلام و دعوات۔فقیر کی طرف سے اساتذہ کرام، طلبا کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۰ رجمادی الثانیہ ۱۳۹۱ھ/۱۲ ر اگست ۱۹۷۱ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيم

۲۱/۲۱۲

بَعدَ الحَمدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارسَالِ التَّسلِيمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر یہ خط جلدی جلدی لکھ رہا ہے۔کیونکہ ابھی بھکر بار سے اطلاع آئی ہے کہ حکیم محمد مظہر صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔وہاں جانے کی تیاری ہے۔ایک دو روز وہاں لگیں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔وَالحَمدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے اور سعادت دارین سے سرفراز فرماوے۔آمین۔

ایسے واقعات سے گھبرانا نہیں چاہیے۔اپنے پاکیزہ مقاصد کے حصول میں انسان کو کتنی تکالیف برداشت کرنی پڑتی ہیں۔مقصد جس قدر اعلیٰ اور ارفع ہوگا، اسی قدر اس کے

---

۱۔ ہم نے تجھے مقصود کے خزانے کا پتہ بتا دیا ہے، اگر ہم نہیں پہنچ سکے تو شاید تو ہی پہنچ جائے۔

Marfat.com

راستہ میں تکالیف زیادہ پیش آویں گی۔ صوفیاء کے ہاں جملہ مشہور ہے: ''خدا طلبی بلا طلبی'' [1] باہمت آدمی کی نظر مقصد پر ہوتی ہے، درمیانی حالات پر نہیں ہوتی۔ اور ہمیشہ ہر ایک انسان کی اپنی بلند ہمتی ہی کام آتی ہے۔ اسی بلند ہمتی کے مطابق وہ کمال حاصل کرتا ہے۔ قدر تو باشد بقدر ہمت تو۔[2] اس لیے نہایت صبر اور تحمل کے ساتھ یکسو ہو کر اپنے کام میں مشغول رہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے علومِ نافعہ دینیہ سے حصہ کامل عطا فرماوے۔ آمین۔

پیڈ کے متعلق حافظ محمد عابد صاحب سے مشورہ کر لیں۔ جس طرح انہوں نے اپنی مہر اور پیڈ چھپوایا ہے، اسی طرح چھپوالیں، اور بسم اللہ اور صرف نام ہو۔ اس سے زیادہ کوئی چیز نہیں ہونی چاہیے۔ فقیر کی طرف سے اپنے سارے ساتھیوں کو سلام مسنون و دعوات۔

والسّلام

۲۹ رجمادی الثانیہ ۱۳۹۱ھ / ۲۱ راگست ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۲/۲۱۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ گھر میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عنایت فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی سرخروئیوں سے سرفراز فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ اتوار ۲۹ راگست کی شام روانہ ہو کر ملکوال جائے گا۔ وہاں سے ہری پور وغیرہ کی طرف جانا ہو گا۔ ۸ رستمبر کی شام کو واپسی ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ! واپسی پر اِطلاع دوں گا۔ اطمینان رکھیں۔

پچاس روپے ارسال ہیں۔ پیڈ کا نمونہ ارسال ہے۔ اگر پسند ہو تو اِس طرز کا چھپوا لیں۔ عبارت صرف ''عزیز احمد کان اللہ'' ہو اور اس عبارت کو اس نمونہ پر لکھوا کر چھپوالیں۔

---

۱۔ خدا کو طلب کرنا، بلا کو طلب کرنا ہے۔ ۲۔ تیری قدر تیری ہمت کے برابر ہو گی۔

Marfat.com

یہ پیڈ کے دائیں کونہ پر ہونی چاہیے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۴؍ رجب ۱۳۹۱ھ/ ۲۶؍ اگست ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

۲۳/۲۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر سفر مختصر کر کے ۵؍ ستمبر کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ خلیل، رشید، سعید، کلثوم، اسماء، میمونہ سب راضی خوشی ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے اور سب خانقاہ پاک والوں کی طرف سے آپ سب کو سلام مسنون و دعوات۔ والسّلام

۱۶؍ رجب ۱۳۹۱ھ/ ۷؍ ستمبر ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

۲۴/۲۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کا خط بھی مل گیا ہوگا؟

فقیر کل ہفتہ کو پچاس روپے کا منی آرڈر بھیج رہا ہے۔ ۳۰؍ آپ کے لیے ہیں۔ دس عزیز محمد داؤد صاحب کو دے دیں اور دس حافظ محمد عظیم صاحب کو دے دیں۔ اور ۲؍ شعبان کو فراغت ہوتے ہی اپنا سارا سامان ساتھ لے کر سیدھے گھر آجاویں۔ ۳؍ شعبان جمعہ کی صبح کو یہاں انتظار ہوگی۔

فقیر نے بارہا سمجھانے کی کوشش کی تھی کہ آپ لوگ وہاں کی دھڑے بندیوں سے

Marfat.com

بالکل کنارہ کش رہیں اور صرف اپنے مقصد سے تعلق رکھیں۔ لیکن میری اس فہمائش کو تم لوگوں نے بالکل نظر انداز کیا اور اپنی حماقتوں کا خوب مظاہرہ کیا اور اپنے مقصد اصلی کا بالکل احساس نہیں کیا گیا۔

۳ر شعبان کو لازمی پہنچ آئیں۔ فقیر نے سفر پر جانا ہے اور آپ کو ساتھ لے جانا ہے۔ آج جمعہ کی رات کو اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک اور بھائی عطا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کو صلاح و فلاح سے نوازے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے اپنے تمام اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۵رجب ۱۳۹۱ھ / ۱۶ر ستمبر ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

۲۵ / ۲۱۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ابھی ابھی آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ کرایہ بھیج دیا ہے، مل گیا ہوگا؟ سامان ہمراہ ہوگا۔ سرگودھا کے راستہ تکلیف ہوگی۔

نیز پہلے روز سیرت کانفرنس میں کوئی خاص تقریر وغیرہ بھی نہیں ہوگی۔ سب لوگ اپنی اپنی جگہ جمعہ پڑھا کر جلسوں میں جاتے ہیں۔ آپ جمعہ کی صبح کو گھر پہنچ آویں اور ہفتہ کی صبح سرگودھا پہنچ جائیں۔ فقیر یہاں سے انشاء اللہ تعالیٰ بدھ ۲۲ر ستمبر کو روانہ ہو کر پہلے صوفی احمد یار صاحب کے ہاں کا ارادہ کر رہا ہے۔ اور پھر وہاں سے فقیر ہفتہ ۲۵ر ستمبر کو سرگودھا پہنچے گا۔ اس طرح گھر والوں کو مل کر آپ سرگودھا ہفتہ ۲۵ر ستمبر کو پہنچ سکتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ پروگرام پسند ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سلام مسنون۔ والسّلام

۲۹رجب ۱۳۹۱ھ / ۲۰ر ستمبر ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

۲۶ / ۲۱۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے عزیزی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ خط ملتے ہی مندرجہ ذیل پر عمری کو اطلاع دیں کہ سعید احمد، جو کہ پہلے کراچی نیوٹاؤن میں پڑھتا تھا، وہ دارالعلوم میں داخل ہوا ہے یا کہ نہیں؟ کیونکہ وہ یہاں سے دارالعلوم میں داخل ہونے کے لیے گیا تھا۔ اس میں سستی بالکل نہ کریں۔

نیز مہتمم صاحب کی خدمت میں عرض کریں کہ جلسہ پر حضرت مفتی محمود صاحب اور حضرت درخواستی صاحب تشریف نہیں لاویں گے۔ مولانا غلام غوث صاحب اور قاسمی صاحب ۸؍دسمبر کو پہنچ جاویں گے۔ کسی معین گاڑی کا انہوں نے نہیں بتایا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. نصیر آباد، مکان نمبر ۴۳۱، فیروز پور روڈ، ڈاکخانہ ایف سی کالج، لاہور، عمری کو ملے۔

ہم آج گوجرانوالہ جاویں گے۔ ۵؍دسمبر کی شام کو واپس خانقاہ پہنچیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۱؍شوال ۱۳۹۱ھ/ ۳۰؍نومبر ۱۹۷۱ء ازلاہور

۲۷
۲۱۸

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر اور دیگر سب آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور صحت اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے تعلیمی مشاغل میں محبت ومحنت اور ذوق وشوق کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حصہ وافر عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

عزیز محمد عابد صاحب ملے ہوں گے؟ حالات یکسر خراب ہونے کی وجہ سے جلسہ ہو سکا یا نہیں؟ بہر حال فقیر نے یہاں میانوالی پر مسلسل ہوائی حملوں کی وجہ سے باہر جانا مناسب نہیں سمجھا۔ کل سے ہوائی حملوں میں کمی واقع ہوئی ہے۔ اڈا کے مضافات میں کچھ کچھ

Marfat.com

نقصان بھی ہوا ہے۔ اسباق شروع ہو چکے ہوں گے؟ کیا کیا اسباق ہیں اور کس کس کے پاس ہیں؟ رات کو مطالعہ کا سلسلہ بھی نہیں ہوسکتا ہوگا؟ کمرہ میں کون کون ساتھی ہیں؟ راولپنڈی سے مولانا عبدالحکیم صاحب کا لڑکا عبدالرشید آیا ہے یا کہ نہیں؟ لاہور سے ایک کارڈ لکھا تھا، اس کا جواب دے دیا ہوگا؟ بہرحال اپنے پورے کوائف سے مطلع کریں۔

فقیر کی طرف سے اپنے سب اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔ مہتمم صاحب کی خدمت میں سلام مسنون۔

والسلام

۲۱رشوال ۱۳۹۱ھ/۱۰ردسمبر ۱۹۷۱ء

از خانقاہ سراجیہ

۲۸
۲۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط مل گئے ہیں۔ حالات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ سب چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور کلیتاً اپنی تعلیم میں مشغول ومصروف رکھے۔ اور آپ سب کو عالم باعمل بناوے۔ اور اہل سنت والجماعت کے مسلک کا پابند بنا کر اپنی رضامندی وخوشنودی سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

مسجد کا اگلا حصہ تو پیلا کر دیا گیا اور اوپر درختوں کی ٹہنیاں ڈالی گئی ہیں۔ لیکن مینار اور گنبد ویسے ہی رہے۔ ان کا کچھ نہیں ہوسکا تھا۔ سب کی طرف سے آپ سب کو سلام ودعوات۔

والسلام

یکم ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ/۲۰ردسمبر ۱۹۷۱ء

از خانقاہ سراجیہ

۲۹
۲۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کا آخری

Marfat.com

خط ملا، جس میں پیالی ٹوٹنے کا تذکرہ ہے۔ حالات معلوم کر کے افسوس ہوا۔ ساتھیوں کی بے پرواہی کا بڑا صدمہ ہوتا ہے اور صدمہ ہونا بھی چاہیے۔ لیکن یہ دنیا اور اس میں سب کچھ یہ سارے کا سارا ہی بے وفا ہے۔ جب رہنا ہی بے وفا دنیا میں ہے تو اس میں رہنے والے کسی فرد کی بے وفائی کا صدمہ نہیں ہونا چاہیے۔ اچھا انسان وہ ہے جو کہ اپنا معاملہ ٹھیک رکھے اور دوسروں سے اپنے حق میں کسی بہتری اور اچھائی کی توقع نہ رکھے۔ بس جہاں تک ہو سکے اپنا معاملہ ٹھیک رکھیں اور ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیں۔ لیکن لڑائی، جھگڑا، ہاتھا پائی والا قصہ بالکل نہ ہونے پائے۔ اس طرح بدنمائی والا قصہ بالکل نہ ہونے پائے۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ خلیل، رشید، سعید، نجیب، کلثوم، اسماء، میمونہ وغیرہ سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

ہم سب آپ کی خیریت و عافیت اور صحت و سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور صرف اپنے مقصد تعلیم میں ذوق و شوق اور محنت و محبت کے ساتھ مصروف رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

آج کل ڈاک کی گڑ بڑ ہے۔ آپ کے فقیر کو کل تین خط ملے ہیں۔ ۶ نہیں ملے۔ فقیر کا سرِ دست باہر جانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ دو تین روز تک روپے منی آرڈر کر دیے جاویں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے حضرت مہتمم صاحب اور حضرات اساتذہ کرام کی خدمت میں سلام مسنون اور اپنے ساتھیوں کو بھی سلام و دعوات۔

یہ خط ابھی ڈاک میں نہیں ڈالا تھا کہ سفر کا پروگرام بن گیا، جو یہ ہے: فقیر انشاءاللہ تعالیٰ ہفتہ یکم جنوری کی رات کو ۱۱ بجے والی گاڑی سے سوار ہو کر اتوار کی صبح ۹ بجے ملتان پہنچے گا۔ ملتان تھوڑی دیر ٹھہر کر بہاولپور جاوے گا۔ بہاولپور ۲، ۳ روز لگیں گے۔ واپسی پر آپ لوگوں سے مل کر واپسی خانقاہ پاک ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ اب منی آرڈر نہیں ہوگا۔ والسّلام

۱۰ر ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ/ ۲۹ر دسمبر ۱۹۷۱ء — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳۰/۲۲۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ ہم سب بعافیت واپس خانقاہ پاک پہنچ آئے ہیں اور یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ خلیل، رشید، سعید، نجیب، کلثوم وغیرہ سب راضی وخوشی ہیں اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں محفوظ و مامون رکھے۔ اور سعادت دارین سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

آپ کے نام ڈائری وی پی ہو کر آئی تھی۔ وہ حافظ محمد عابد صاحب کو دے دی تھی۔ وہ امید ہے کہ مل گئی ہوگی۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام۔ فقیر کی طرف سے اپنے سب اساتذہ کرام اور احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۳؍ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ/ ۱۱؍جنوری ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۳۱/۲۲۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ سب بعافیت پہنچ گئے ہوں گے اور اپنی تعلیم میں مشغول ہو گئے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ کو ہمیشہ صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور محنت ومحبت اور ذوق وشوق کے ساتھ اپنی تعلیم میں مصروف رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی من کل الوجوہ عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۸؍فروری منگل کی صبح کو نو بجے والی گاڑی پر ملتان پہنچے گا۔ ملتان سے اسی روز کسی وقت کبیر والا پہنچے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ مہتمم صاحب کو چپکے سے بتائیں۔

Marfat.com

ویسے دارالعلوم میں اطلاع نہ پھیلے۔ فقیر کی طرف سے اپنے سب اساتذہ کو سلام اور سب ساتھیوں کو سلام مسنون ودعوات۔
والسّلام

۱۷رذی الحجہ ۱۳۹۱ھ/۳رفروری ۱۹۷۲ء
ازخانقاہ سراجیہ

۳۲/۲۲۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲۰رفروری کی صبح کو کراچی سے ملتان پہنچے گا اور اُسی روز شام کو خانقاہ پاک روانہ ہوجاوے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۸رذی الحجہ ۱۳۹۱ھ/۱۴رفروری ۱۹۷۲ء
ازرحیم یارخان

۳۳/۲۲۴ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم سب بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آئے ہیں۔ اور یہاں ہر طرح سب خورد و کلاں بعافیت ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور اپنی تعلیم میں محنت و محبت اور ذوق وشوق سے مشغول رکھے اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

چابیوں کا پارسل پہنچ چکا ہے اور بہت بڑی ذہنی کوفت سے سب کو نجات ملی ہے۔ خلیل احمد کو بھی آپ کا خط ملا ہے۔ گھی وغیرہ کے متعلق اطلاع دیں، تاکہ اس کا تدارک کیا جاوے۔ گھر کے سب چھوٹے بڑے آپ سب کو بہت بہت سلام اور دُعائیں دیتے ہیں۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے اپنے تمام اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون پہنچاویں۔

والسّلام

۷؍محرم الحرام ۱۳۹۲ھ/۲۳؍فروری ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۳۴/۲۲۵ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ فقیر بعافیت واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب خورد و کلاں راضی وخوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور صحت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور اپنے مقصد کی لگن عطا فرماوے۔ اور اپنی تعلیم میں محبت ومحنت اور ذوق وشوق کے ساتھ مشغول رکھے اور مکروہات زمانہ سے محفوظ و مامون رکھے۔ آمین۔

آپ کے خط نے اچھا خاصا پریشان کر دیا تھا۔ اچانک اسی روز ملتان جانا ہو گیا۔ آپ لوگ کسی کے اختلاف کا کیوں اثر لیتے ہیں؟ آپ غیر جانبدار رہیں اور صرف اپنے مقصد سے کام رکھیں۔ کسی کی حمایت اور مخالفت کی تحریکوں میں ہرگز ہرگز حصہ نہ لیں۔ جو طلبہ ایسا کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں اور اپنا قیمتی وقت فضول قصوں میں ضائع کرتے ہیں۔ والدین نے طلبہ کو اِن کاموں کے لیے باہر نہیں بھیجا، لہٰذا آپ سب اپنے آپ کو ایسے قصوں سے بچا کر رکھیں اور اپنے کام میں لگے رہیں۔ فقیر کا پہلا کارڈ مل گیا ہوگا؟ اس روز ملتان گھی وغیرہ کا بھی نہ پوچھا جا سکا۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۷؍محرم الحرام ۱۳۹۲ھ/۴؍مارچ ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۳۵/۲۲۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔

Marfat.com

حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۱۷ر مارچ جمعہ کی شام کوتھل پر سوار ہوکر ہفتہ ۱۸ر مارچ کوملتان پہنچے گا۔ ملتان سے اُسی روز ۹، ۱۰ بجے لاری پر سوار ہوکر حاصل پور روانہ ہو جاوے گا۔ حاصل پور سے فقیر والی اور فقیر والی سے لاہور کا ارادہ ہے۔ یہ سفر ۳۱ر مارچ تک ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر اِسی سفر میں ۲۱ر مارچ کو شام کو یا ۲۲ر مارچ کو دوپہر کو چیچہ وطنی پہنچے گا اور چیچہ وطنی دو روز ٹھہرے گا۔ اگر آپ گھر ۳، ۴ روز کے لیے نہ آئیں تو پھر آپ چیچہ وطنی ۲۲ کی صبح کو آجائیں۔ چیچہ وطنی حافظ عبدالرشید صاحب کی دکان جامع مسجد کے متصل ہے۔ وہاں سے پورا پتہ مل جاوے گا۔

فقیر آپ سب کے لیے دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے آپ سب کو اپنے امتحان میں نمایاں کامیابی عطا فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ گھر میں سب خورد و کلاں کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔ بشیر احمد صحت وعافیت کے ساتھ ہے۔ آپ کا کارڈ اُس کو مل گیا ہے۔

والسّلام

۲۳ محرم الحرام ۱۳۹۲ھ/ ۱۰ر مارچ ۱۹۷۲ء — از خانقاہ سراجیہ

۳۶/۲۲۷ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر آج صبح ملتان پہنچا اور ابھی حاصل پور اپنے پروگرام کے مطابق جا رہا ہوں۔ پروگرام وہی ہے جو آپ کو پہلے خط لکھ چکا ہوں۔ آپ امتحان سے فارغ ہوکر ۳، ۴ دن کے لیے گھر چلے جائیں۔ عزیزہ کلثوم وغیرہ بہت اداس ہیں۔

ایک سو روپیہ ارسال ہیں۔ اس میں دس داؤد صاحب کو اور دس حافظ عظیم صاحب کو اور دس انوار صاحب کو دے دیں۔ واپسی پر گھر سے کوئی روپے نہ لیں۔ آپ یہ روپے اپنی آمدورفت پر خرچ کریں۔ فقیر گھر پہنچ کر روپے فوراً بھیج دے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲/صفر ۱۳۹۲ھ/ ۱۸/مارچ ۱۹۷۲ء

از ملتان

۳۷
۲۲۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ بعافیت پہنچنے کا پڑھ کر مسرت ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ آئندہ آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور اپنی تعلیم میں محنت ومحبت اور ذوق وشوق کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور علم کے اعلیٰ مراتب نصیب فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

آپ کا کام صرف پڑھنا ہے۔ آئندہ کے لیے کچھ سوچنا اور فکر کرنا میرے ہوتے ہوئے آپ کو اِس کی ضرورت نہیں۔

عزیز خلیل احمد کو اب آرام ہے اور اس جمعہ کے بعد پڑھنے جانا ہے۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ سب گھر والے خورد وکلاں راضی خوشی، صحت وعافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر بھی ہفتہ کی صبح ۱۶/صفر کو واپس بعافیت خانقاہ پاک پہنچا ہے۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔ اپنے اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۹/صفر ۱۳۹۲ھ/۴/اپریل ۱۹۷۲ء

از خانقاہ سراجیہ

۳۸
۲۲۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بعض لوگ خواہ مخواہ بے سروپا کی باتیں کرتے ہیں۔ ان پر قطعاً

Marfat.com

اعتبار نہ کرنا چاہیے اور ان کا کوئی اثر نہ لینا چاہیے۔ بس اپنے مقصد سے کام ہونا چاہیے اور اپنے مقصد کے منافی جو چیز بھی ہو، اس کی طرف بالکل دھیان نہیں دینا چاہیے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب خورد و کلاں راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر صبح ۱۳/ اپریل کو سفر پر جا رہا ہے۔ یہ سفر لیہ، احمد پور سیال، حویلی لال ضلع جھنگ، گوجرہ، لائل پور وغیرہ کا ہے۔ ۱۰، ۱۲ روز اِس سفر میں لگ جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے اپنے تمام اساتذہ کرام کی خدمت میں سلام مسنون اور اپنے سب احباب کو بھی سلام مسنون و دعوات۔ والسّلام

۲۸/ صفر ۱۳۹۲ھ/ ۱۳/ اپریل ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۲۳۹/۲۳۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمک اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط یکے بعد دیگرے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر بعافیت سفر سے واپس ۱۱/ ربیع الاوّل کو خانقاہ پاک پہنچا۔ خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب خورد و کلاں راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے۔ اور اپنی تعلیم میں محنت و محبت اور شوق کے ساتھ مصروف رکھے۔ آمین۔

گلہ، غیبت وغیرہ میں اچھا وقت صرف ہو رہا ہے اور محفل آرائی کا یہ بہتر ذریعہ ہے اور دینی تربیت کا یہ لازمی جزو ہے۔ "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ. لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ." اللہ تعالیٰ اعمال صالحہ کا پابند بناوے اور جمیع مکروہات سے محفوظ و مصئون رکھے۔ اور اپنے نفع و نقصان اور خیر خواہ اور بدخواہ کی تمیز عطا فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

حضرت صاحبزادہ مولانا محمد عارف صاحب داؤد کے والد بزرگوار ہفتہ عشرہ سے یہاں تشریف لائے ہوئے ہیں اور دانت نکلوا رہے ہیں اور صحت کے ساتھ ہیں۔ فقیر کی طرف سے اپنے سب ساتھیوں کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۱۴؍ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ/۲۹؍اپریل ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۲۳۱/۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ کل ۲؍مئی کو آپ کا تار ملا۔ کنونشن میں کون کون جارہے ہیں؟ مہتمم صاحب سے بغاوت کر کے تو نہیں جا رہے؟ دیگر اساتذہ کا کیا خیال ہے؟ وہ بھی طلبہ کے جانے پر راضی ہیں یا کہ نہیں؟

بہر حال یہ دور دراز کا سفر ہے۔ ایک ہفتہ ضرور سبقوں پر اثر پڑے گا۔ اور اگر جانا ہی ہے اور مہتمم صاحب بطیب خاطر اساتذہ کرام کی رضامندی کے ساتھ اجازت دے دیں تو ۴؍مئی کو سحری کے وقت روانہ ہو کر ملتان سے صبح والی گاڑی پر سوار ہو جائیں۔ شام کو اُسی گاڑی پر فقیر پشاور جانے کے لیے سوار ہوگا تو اسٹیشن خانقاہ سراجیہ پر اکٹھے ہو جاویں گے۔ لاریوں پر جانا فقیر مناسب نہیں سمجھتا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۹؍ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ/۳؍مئی ۱۹۷۲ء از خانقاہ سراجیہ

۲۳۲/۴۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے خطوط اور شربت کی بوتلیں ملیں۔ لکھنے کے مطابق ایک بوتل اماں جی کو بتادیا ہے۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ سب گھر والے خورد وکلاں راضی خوشی ہیں اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

تحفظ والے ان دنوں کانفرنسیں کر رہے ہیں۔ ۸/ جون کی رات کو ایک کانفرنس ملتان ہے اور ۱۰/ جون کو ایک کانفرنس لاہور ہے۔ دونوں کے لیے فقیر سے وعدہ لیا ہے۔ چنانچہ فقیر ۸/ جون کی صبح کو تھل پر ملتان پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ لاہور والی کانفرنس میں حضرت مفتی صاحب بھی شریک ہوں گے۔ فقیر کی طرف سے اپنے اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۸/ ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ/ یکم جون ۱۹۷۲ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴۲/۲۳۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمک اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ فقیر ۱۸/ نومبر سے لے کر آج یکم دسمبر جمعہ کی صبح کو واپس بعافیت گھر پہنچ آیا ہے۔ آج آپ کے دونوں خط پڑھ کر اطمینان ہوا۔ اپنے وقت کو بہت غنیمت جانیں اور خوب محنت و محبت سے پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور عالم باعمل بناوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طبیعت اچھی ہے اور اب آرام ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى مِنَّهٖ وَكَرَمِهٖ.

مولوی عزیز اللہ صاحب کی شادی خانہ آبادی ہوگئی۔ عزیزم نصیر احمد کی منگنی بھی لاہور سیفی صاحب مرحوم کی بچی سے طے پا گئی ہے۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۷/ دسمبر جمعرات کی صبح کو یہاں سے روانہ ہو کر پنڈی اور پشاور ہوتے ہوئے حج کے سفر پر روانہ ہوگا۔ یہ دن بہت مصروفیت کے ہیں اور بہت کام کرنا ہے۔

فقیر کی طرف سے اپنے سب استادوں کی خدمت میں سلام مسنون اور اپنے سب ساتھیوں کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۴/ شوال ۱۳۹۲ھ/ یکم دسمبر ۱۹۷۲ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۴۳/۲۳۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر ویزوں میں تاخیر کی وجہ سے ۱۱ر دسمبر کو واپس گھر آ گیا تھا اور آج ۱۵ر دسمبر کو یہاں سے سیدھا پشاور جانے کی تیاری میں مصروف ہے۔ کل ۱۶ر دسمبر کو اِنشاء اللہ تعالیٰ طورخم سے سرحد عبور ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس سارے سفر میں صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں بھی سب راضی و خوشی ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور علومِ نافعہ و دینیہ کے حصول میں محبت ومحنت کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

پشاور سے بھی روانگی کی اطلاع دی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۹ر ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ/ ۱۵ر دسمبر ۱۹۷۲ء ازخانقاہ سراجیہ

۴۴/۲۲۵ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ ہم لوگ کل ۱۶ر دسمبر کو پاکستان کی سرحد عبور کر کے عصر کے وقت جلال آباد پہنچے۔ رات جلال آباد آرام سے گزاری۔ آج صبح جلال آباد سے روانہ ہو کر ساڑھے بارہ بجے کابل پہنچے۔ یہاں موٹر کی ضروری مرمت کروا رہے ہیں اور رات یہاں رہیں گے۔ صبح ۱۸ر دسمبر کو اِنشاء اللہ تعالیٰ یہاں سے روانہ ہو کر قندھار جاویں گے۔ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بصحت و عافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور محنت ومحبت کے ساتھ اپنی تعلیم میں مشغول رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

جس جس جگہ بھی موقع ملتا رہے گا اِنشاءاللہ تعالیٰ اپنی صحت وعافیت کی اطلاع دیتے رہیں گے۔ ہم سب کی طرف سے آپ سب کو اور اپنے اساتذہ کو بہت بہت سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۱رذی قعدہ ۱۳۹۲ھ/ ۱۷ر دسمبر ۱۹۷۲ء از کابل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۵/۲۳۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ فقیر کا کابل سے لکھا ہوا خط مل گیا ہوگا؟ کابل سے ۱۸ر دسمبر کی صبح کو روانہ ہوکر شام کو قندھار پہنچے۔ قندھار کابل سے ۳۲۰ میل کے فاصلہ پر ہے۔ ۱۹ر دسمبر کی صبح کو قندھار سے ہرات پہنچے۔ ہرات قندھار سے ۳۵۰ میل ہے۔ ہرات علماء وصلحاء کے مزارات کا مرکز ہے۔ شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاریؒ، حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ، حضرت علامہ فخر الدین رازیؒ جیسے مشاہیر یہاں مدفون ہیں۔ ان کے مزارات کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی۔ ہرات سے قلعہ اسلام، جو کہ افغانستان کی آخری سرحدی چوکی ہے، ۲۰ر دسمبر کو پہنچے۔ کسٹم اور پاسپورٹ کے اندراج سے فارغ ہوکر طائباد ایران کی سرحدی چوکی پر پہنچے۔ وہاں سے ضروری امور سے فارغ ہوکر عصر کے وقت مشہد پہنچے۔ مشہد ایران کے بڑے شہروں میں سے ایک ہے اور اس کا سارا تجارتی دارومدار حضرت امام رضاؒ کے مزار کی وجہ سے ہے۔ تمام ملکوں کے شیعہ یہاں زیارت کے لیے پہنچتے ہیں۔ مشہد سے ۲۱ر دسمبر کو روانہ ہوکر ۳۰۰ میل کا سفر کرکے شاہ سنید نامی شہر میں ٹھہرے۔ کل ۲۲ر دسمبر کو شاہ سنید سے روانہ ہوکر طہران پہنچے، جو کہ ایران کا دارالخلافہ ہے اور کراچی کے برابر کا شہر ہے۔ لیکن خوبصورتی میں کراچی سے کہیں زیادہ ہے۔ کابل سے قندھار کے درمیان قریباً ۲۰۰ میل کا سفر برف باری میں ہوا۔ اور مشہد سے طہران تک کا سفر برف باری میں ہوا۔ پہاڑ، مکان، درخت، سڑکیں، حتیٰ کہ موٹروں پر بھی فٹ فٹ برف جمی ہے۔ ابھی آج ۲۳ر دسمبر کو یہاں سے روانگی کی تیاری میں ہیں۔ شاید کل ۲۴ر دسمبر کو ایران سے گزر کر عراق میں داخل ہوجائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ سفر کے ساتھ

Marfat.com

کچھ مخصوص تکلیفات ہوتی ہیں۔ ضروریاتِ ستہ میں تغیر وتبدل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی تکلیف اور پریشانی پیش نہیں آئی۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

سفر کی نوعیت کے لحاظ سے شاید یکم جنوری تک مکہ مکرمہ پہنچنا ہو سکے۔ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بصحت و عافیت ہیں۔ اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے اور اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ سارا سفر سرانجام فرماوے اور ایک لمحہ بھی اپنی حفاظت سے علیحدہ نہ فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے اپنے اساتذہ کرام اور طلبہ عظام کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۱۷/ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ/۲۳/دسمبر ۱۹۷۲ء ازطہران

۳۶
۲۲۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ طہران سے لکھا ہوا خط مل گیا ہوگا؟ موسم کی خرابی، بارش اور برف کی وجہ سے ۲۴/دسمبر کی بجائے ۲۵/دسمبر کی شام کو ایران کی آخری چوکی خسروی کو عبور کیا اور ۲۵/دسمبر کی رات کو پاکستانی ٹائم کے مطابق ۱۲/بجے بغداد پہنچے۔ ۲۶، ۲۷/دسمبر کو بغداد قیام رہا اور اکابر اسلام کے مزارات کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ مشہور مزارات حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی، حضرت امام ابوحنیفہ، حضرت امام غزالی، حضرت امام ابویوسف، حضرت امام کاظم (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) ہیں اور اسی طرح بے شمار مزارات اکابر کا مرکز ہے۔ بغداد سے ۱۰۰ میل کے فاصلہ پر کربلا، نجف اشرف کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے۔ ۲۸/دسمبر کی صبح کو بغداد سے بصرہ کی طرف روانہ ہوئے۔ راستہ میں صحابہ کرام حضرت سلمان فارسی، حضرت عبداللہ بن جابر، حضرت حذیفہ (رضی اللہ عنہم) کے مزارات کی زیارت سے مشرف ہوئے اور رات کو دس بجے بصرہ پہنچے۔ صبح ۲۹/دسمبر کی فجر کی نماز کے بعد متصل بصرہ سے روانگی ہوئی۔ حضرت زبیر، حضرت طلحہ،

Marfat.com

حضرت حسن بصری (رضی اللہ عنہم) کے مزارات کی زیارات کرتے ہوئے عراق کی آخری سرحدی چوکی سفوان پر پہنچے تو قاری عطا محمد بھی وہاں پہنچ آئے۔ عراق اور کویت کی چوکیوں سے فارغ ہو کر ۱۲ ربجے کویت پہنچ آئے ہیں۔ جمعہ، ہفتہ، اتوار یہاں قیام ہو گا اور موٹر کی ضروری مرمت وغیرہ ہو گی۔ سوموار یکم جنوری کو اِنشاء اللہ تعالیٰ روانگی ہو گی اور ۴ ر جنوری جمعرات کو اِنشاء اللہ تعالیٰ حاضری ہو جاوے گی۔ مکہ مکرمہ سے آپ کو خط خانقاہ پاک کے پتہ پر لکھا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کیونکہ عید کی چھٹیوں پر آپ گھر ہوں گے۔ ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے اور صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ واپس گھر پہنچاوے۔ اور آپ سب کو بھی صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپس میں پیار و محبت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے احباب اور اساتذہ کرام کو سلام مسنون و دعوات۔ جو چیز منگوانی ہو، ضرور لکھیں۔ گھر پہنچ کر خلیل، رشید سے بھی پوچھیں۔ بھائی فتح محمد صاحب، قاری عطا محمد صاحب و دیگر سب ساتھیوں کی طرف سے آپ سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۴ ر ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ / ۳۰ ر دسمبر ۱۹۷۲ء از کویت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴۷ / ۲۳۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ کویت سے لکھا ہوا خط مل گیا ہو گا؟ ہم اپنے پروگرام کے مطابق ۴ ر جنوری کو مکہ مکرمہ حاضر ہو گئے ہیں اور بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

خیال تھا کہ مکہ مکرمہ میں آپ لوگوں کی خیریت و عافیت کی اطلاع کا خط پہنچا ہوا ہو گا۔ لیکن یہ خیال پورا نہیں ہوا۔ نہ آپ نے اور نہ خانقاہ پاک میں سے کسی نے یہ تکلیف گوارا کی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔

Marfat.com

اور ہمہ قسم کے مکروہات سے ہمیشہ اپنی حفاظت میں محفوظ و مصئون رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

یہاں ۱۳ر جنوری ہفتہ کے روز حج ہے۔ ۱۶، ۱۷ر جنوری کو اِنشاءاللہ تعالیٰ مناسک حج سے فراغت کے بعد واپسی ہوگی اور ۱۹ یا ۲۰ر جنوری کو یہاں سے مدینہ منورہ کے لیے روانگی ہوگی۔ اور اِنشاءاللہ تعالیٰ دو ہفتے مدینہ منورہ ٹھہرنے کا خیال ہے۔ آپ لوگ اگر کوئی خط لکھیں تو اس اندازہ سے لکھیں جو کہ ہمیں مکہ مکرمہ ۱۹ر تاریخ تک مل جاوے اور مدینہ منورہ میں ۶ر فروری تک مل سکے۔ مدینہ منورہ کا پتہ یہ ہے: معرفت معلم حیدر الحیدری، مدینہ منورہ، سعودی عرب۔

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو فرداً فرداً اور ساتھیوں اور طالب علموں اور استادوں کو سلام مسنون و دعوات اور عزیزہ کلثوم، فاطمہ، خلیل احمد، رشید احمد، سعید احمد، نجیب احمد، محمد حامد، اسماء، میمونہ کو بہت بہت پیار۔ سلطان بی بی اور اس کے بچوں کو بھی بہت پیار۔

قاری عبدالرحیم صاحب کے والد صاحب ملے ہیں۔ خیریت سے ہیں اور سب کو بہت بہت سلام کہتے ہیں۔

والسلام

۲ر ذی الحجہ ۱۳۹۲ھ/ ۷ر جنوری ۱۹۷۳ء

از مکہ مکرمہ

۴۸
۲۳۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر مع احباب مناسک حج سے فارغ ہو کر بصحت و عافیت مکہ مکرمہ سے ۲۰ر جنوری کو مدینہ منورہ حاضر ہو گیا ہے۔ اور ہر طرح صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

آپ عید کی رخصتیں گزار کر واپس بعافیت آ گئے ہوں گے؟ اور آپ سب اور گھر میں ہر طرح عافیت ہوگی؟ آپ میں سے کسی کا بھی کوئی ایک خط آج تک نہیں ملا۔ باعث بخیر ہو۔

فقیر یہاں سے ۴ر فروری کو روانہ ہو کر ۶ر فروری کو کویت پہنچے گا اور کویت سے ۹ر

Marfat.com

فروری کو ہوائی جہاز پر سوار ہو کر کراچی پہنچ جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کراچی سے پھر روانگی کی اطلاع بذریعہ تار دی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ خیال ہے کہ کراچی سے ۱۰ر فروری کو خیبر میل پر سوار ہوں۔ والسّلام

۱۸ر ذی الحجہ ۱۳۹۲ھ/ ۲۳ر جنوری ۱۹۷۳ء ازمدینہ منورہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۴۹/۲۴۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ بعافیت پہنچنے کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی حفاظت میں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

یہاں بھی بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کو دو چار روز سے نزلہ و کھانسی کی پھر تکلیف شروع ہے اور ساتھ ہی کان میں درد کی بھی تکلیف ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

آج ۲۰ر فروری کی شام کو جمعیت کی میٹنگ میں لاہور جانے کا ارادہ ہے۔ ۲۳ر فروری جمعہ کی صبح کو اِنشاء اللہ تعالیٰ واپس آ جاؤں گا۔ گھر میں سے سب چھوٹے بڑے آپ سب کو سلام اور دعائیں دیتے ہیں۔ فقیر کی طرف سے بھی سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۶ر محرم ۱۳۹۳ھ/ ۲۰ر فروری ۱۹۷۳ء ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۵۰/۲۴۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر ۲۳ر فروری جمعہ کو واپس گھر آ گیا تھا۔ واپسی پر طبیعت سخت خراب ہو گئی۔ خصوصاً پچھلی رات کو تکلیف زیادہ ہو جاتی ہے۔ کئی روز سے صبح کی نماز کے لیے مسجد نہیں جا سکتا۔ رات کی اس تکلیف کی وجہ سے باہر جانا کسی طرح بھی موزوں نہیں۔ دو چار

Marfat.com

روز سے حکیم عبدالرحیم خاں صاحب کا علاج شروع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مفید کرے۔ آمین۔

حکیم صاحب نے سخت پابندی عائد کی ہے کہ مکمل آرام کریں۔ علاج اور احتیاط مسلسل اور پابندی کے ساتھ جاری رکھیں۔ حکیم صاحب کے علاج سے کچھ فائدہ محسوس ہو رہا ہے۔ گھر میں ہر طرح عافیت ہے۔ سب چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

آج کل نصیر احمد صاحب کی شادی خانہ آبادی کی تیاری میں سب مصروف ہیں۔ خلیل، رشید کی بھی بڑی فرمائشیں ہیں۔ آج محمد عارف صاحب لاہور تاریخ مقرر کرنے کے لیے جا رہے ہیں۔ اندازہ ہے کہ مارچ کے آخر کی کوئی تاریخ مقرر ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ہم سب آپ سب کے لیے بہت بہت دعائیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسلام

۲۶ر محرم ۱۳۹۳ھ/۲ر مارچ ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

۵۱/۲۴۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز القدر عزیز احمد سلمک اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ کل آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ پہلے خط کا جواب مل گیا ہوگا؟ لاہور سے آج صبح محمد عارف صاحب واپس آئے ہیں۔ ۳۰ر مارچ بروز جمعہ تاریخ مقرر ہوئی ہے، یعنی ۳۰ر مارچ کو لاہور پہنچ کر نکاح وغیرہ کر کے دلہن کو ساتھ لے کر واپسی ہوگی۔ ہفتہ یا اتوار کو ولیمہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت اور عزت و آبرو کے ساتھ سر انجام فرماوے۔ آمین۔

آپ سب اپنے امتحان کی خوب تیاری کریں۔ جملہ مشہور ہے: ”عِنْدَ الْاِمْتِحَانِ يُكْرَمُ الرَّجُلُ اَوْ يُهَانُ.“[۱] اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہر امتحان میں اکرام و اعزاز کے ساتھ کامیاب فرماوے۔ آمین۔

---

۱۔ امتحان کے وقت آدمی کی عزت کی جاتی ہے یا اسے ذلیل کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

فقیر کی طبیعت بدستور خراب چل رہی ہے۔ اپنے سارے پروگرام معطل ہیں۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔ دو دستر خوان چھپائی کے لیے دے دیں اور پھر اُجرت وصول کرنے کی سعی ہوگی۔ سب گھر والے راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

سب گھر والوں کی طرف سے آپ سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۹ رمحرم ۱۳۹۳ھ/ ۵ر مارچ ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۵۲/۲۴۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم عزیز احمد سلمک اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ اطمینان رکھیں۔ طبیعت حکیم صاحب کے علاج سے بہتر ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کامل و مکمل صحت عطا فرماوے۔ آمین۔ آپ اطمینان سے اپنے امتحان کی تیاری میں مصروف رہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کامیابیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔

پہلا خط مل گیا ہوگا۔ نصیر صاحب کی شادی کی تاریخ معلوم ہوگئی ہوگی؟ اب یہ آپ کی صوابدید پر ہے۔ دونوں دفعہ آجاویں، یا صرف شادی پر آئیں۔ اگر اسباق کا حرج نہ ہو تو کوئی مضائقہ بھی نہیں۔ سب گھر والے چھوٹے بڑے راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو درجہ بدرجہ سلام و دعوات۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام۔ والسّلام

۵ رمحرم ۱۳۹۳ھ/ ۱۱ر مارچ ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۵۳/۲۴۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

عزیزم سلمہ! السّلام علیکم! آپ کا خط ملا۔ خیریت سے پہنچ جانے کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ عزیزم نصیر احمد کی شادی میں یا تو وہ لوگ شرکت کر سکتے ہیں جنہیں نصیر نے دعوت دی

Marfat.com

ہے، یا آپ جسے اپنی مرضی سے لے آئیں۔ میری طرف سے ہر ایک کو اجازت ہے۔
خانقاہ پاک میں سب بعافیت ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کے ساتھ رکھے اور دلجمعی کے ساتھ پڑھنے کی توفیق عطا فرماوے۔ فقیر کی طرف سے سب کو دعوات۔

فقط والسّلام

۱۶ر صفر ۱۳۹۳ھ/۲۲ر مارچ ۱۹۷۳ء
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۵۴/۲۴۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر ۲۳ر اپریل کی صبح کو واپس خانقاہ پاک پہنچا۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں سب خورد وکلاں راضی خوشی اور صحت وعافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

واپسی پر ایک کارڈ آپ کا ڈاک میں پایا، جس سے آپ سب کی خیریت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ کل آپ کا لفافہ ملا۔ بغیر سوچے سمجھے جذبات کی رو میں بہہ جانا اور دل برداشتہ ہو جانا کوئی اچھی بات نہیں۔ جو کچھ آپ نے لکھا ہے اُس میں سے کوئی بات بھی فقیر کے دل ودماغ میں نہیں ہے۔ خیال یہ تھا کہ بہاولپور پہنچ کر کسی کار و جیپ وغیرہ کا انتظام کر کے اچانک آپ کے پاس پہنچ کر تھوڑی دیر ٹھہر کر ملتان چلے جاویں گے۔ لیکن جو ساتھی اپنی گاڑیوں والے تھے وہ گھر نہیں تھے اور اپنا پروگرام ویسے کا ویسے رہ گیا۔ آخر وقت تک یہی ارادہ تھا اور اِس وجہ سے اطلاع بھی نہ دی جا سکی۔ اب جو کچھ آپ سمجھتے رہیں اس کا کیا علاج۔

فقیر آپ سب کے لیے دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو فرداً فرداً سلام مسنون۔

والسّلام

۲۳ر ربیع الاوّل ۱۳۹۳ھ/۲۷ر اپریل ۱۹۷۳ء
از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۵۵/۲۴۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب خورد و کلاں راضی وخوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں جمیع مکروہات کونیہ سے بچا کر محفوظ و مصئون رکھے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر آج شام کو ماڑی انڈس پر لاہور جا رہا ہے۔ اس سفر میں ایک ہفتہ لگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۳،۴ ؍جمادی الاولیٰ تک واپسی ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آپ امتحان سے فارغ ہو کر گھر آجاویں۔ فقیر کی طرف سے اور سب اہلیانِ خانقاہ کی طرف سے آپ سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۴ ؍ربیع الثانی ۱۳۹۳ھ/ ۲۸ ؍مئی ۱۹۷۳ء

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۵۶/۲۴۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم عزیز احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ فقیر آج ہفتہ کی صبح کو واپس خانقاہ پاک بعافیت پہنچا ہے اور یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ خلیل، رشید، کلثوم، سعید، نجیب سب راضی خوشی ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

گرمی شدت کی ہے۔ اپنی صحت کا پورا پورا خیال رکھیں اور روپے وغیرہ خرچ کا کوئی فکر نہ کریں۔ فقیر اب کچھ دن گھر رہے گا۔ اپنی طرف سے کسی طرف سفر کا ارادہ نہیں ہے۔ آپ اپنی طبیعت اور صحت کی اطلاع دیتے رہا کریں۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے اپنے اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔ سب گھر والوں کی طرف سے بھی بہت بہت سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۳ ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ / ۱۵ ر جون ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۵۷ / ۲۲۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ سالانہ چھٹیوں پر جب آویں گے تو اس وقت سب باتوں پر مشورہ ہو جاوے گا اور اِنشاءاللہ تعالیٰ سب ٹھیک ہوگا۔ آپ اطمینان رکھیں۔

آپ نے جو اَسباق لکھے ہیں، بڑی محنت طلب ہیں۔ وقت کم ہے۔ کیا یہ کتابیں ختم ہو جاویں گی؟ بہر حال ختم ہو سکتی ہیں تو مدرسہ والوں نے شروع کروائی ہیں۔ اپنی صحت کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیم میں ذوق شوق اور محنت کے ساتھ دلچسپی سب سے مقدم، سب طرف سے آنکھ، کان بند کر کے اسی مقصد کو سامنے رکھیں۔ یہ چند روزہ محنت و مشقت تمام عمر کی راحتوں کا باعث ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور عقل سلیم وفہم صحیح عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی سب خورد وکلاں بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کا پہلا خط مل گیا ہوگا؟ فقیر کی طرف سے سب علما کرام اور طلبہ عظام کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷ ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ / ۱۹ ر جون ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۵۸ / ۲۲۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی سب خورد وکلاں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ ہیں۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور علومِ نافعہ دینیہ سے حظ وافر عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

محمد عارف صاحب عزیزہ نجمہ کو لے کر ملتان گئے ہیں۔ شاید جولائی کا سارا مہینہ ملتان رہنا پڑے۔ گھر کے اکثر لوگ ساتھ گئے ہیں۔ سعید احمد اور ان کی والدہ بھی ہمراہ ہیں۔ میاں خان محمد سرگانہ کے مکان پر ٹھہرے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے صحت و عافیت اور سلامتی اور خوشی کے ساتھ واپس لاوے۔ آمین۔

پچاس روپے منی آرڈر کر رہا ہوں۔ نصف جمادی الثانیہ تک اور روپے بھی منی آرڈر کردوں گا۔ فقیر کی طرف سے اپنے اساتذہ کرام اور ساتھیوں کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۶ / جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ / ۲۸ / جون ۱۹۷۳ء از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵۹/۲۵۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز از جان عزیز احمد و خلیل احمد مطالعہ کریں کہ فقیر بعافیت سوا ایک بجے ملکوال پہنچ آیا ہے۔ فوری خط لکھنے کی ضرورت اس وجہ سے پیش آئی ہے کہ فقیر کا تھیلا صمائل شریف والے کمرہ میں رہ گیا ہے۔ اُس میں ساری ڈاک رکھی گئی تھی۔ وہ ڈاک نکال کر اُس کا پارسل بنا کر لاہور مولانا محبوب الٰہی صاحب کے پتے پر بھیج دیں۔ بلکہ بہتر یہ ہے کہ ملک محمد اسلم صاحب لاہور آنے والے ہیں، وہ تھیلا ہی اُن کے ہاتھ بھیج دیں۔ اس طرح جلدی یہ چیزیں مل جاویں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ خطوں والے کھوکھے میں دو لفافے لکھے ہوئے رہ گئے ہیں۔ وہ دونوں لفافے بند کر کے ڈاکخانہ میں ڈلوا دیویں۔ نہایت ضروری تاکید ہے۔ فقیر کل صبح ۳ / جون کو روانہ ہو کر اڑھائی تین بجے لاہور پہنچ جاوے گا۔ اور پھر لاہور سے اطلاع دیوے گا۔ آپ دونوں بھائی خوب محنت سے پڑھیں۔ اور کھیل کود کی طرف ہرگز ہرگز دھیان نہ دیں۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔ عزیزوں کو دعوات۔ والسّلام

از ملکوال

۶۰/۲۵۱ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزی وارشدی فرزندی مولوی عزیز احمد صاحب عزیز سلمہ اللہ تعالیٰ و وفقہ لما یحب و یرضیٰ بعد دعوات خیر و ترقی مدارج علمی و عملی مطالعہ کریں کہ مکتوب آں عزیز مطالعہ میں آکر موجب فرحت و مسرّت ہوا۔ بزرگوں کے ساتھ مصاحبت و مواکلت وانس کا معلوم ہو کر مسرّت ہوئی۔ مولائے کریم توفیق تحصیل کمالات علمیہ و عملیہ سے نوازے۔

حضرات نقشبندیہ علیہم الرحمہ ذکر جہر کو اختیار نہیں فرماتے۔ ذکر خفی ذکر جہر کے مقابلہ میں بھی ہوتا ہے اور اس کا اجر بھی اس سے ستر گنا زیادہ ہے۔ ایسے مواقعہ مشترکہ میں اپنے اکابر کے معمول میں مشغول اور متوجہ رہنا چاہیے۔ ویسے طرق اربعہ حضرات صوفیہ کرام درست ہیں۔ والسّلام

۶۱/۲۵۲ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے سب خطوط موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جواب میں تاخیر ہری پور کے سفر کی وجہ سے ہوئی۔ پھر دو روز کے لیے ملتان بھی جانا ہو گیا۔ عزیزہ نجمہ کو تکلیف ہو گئی تھی۔ دوبارہ آپریشن کیا گیا۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ جس قدر ہو سکے یکسو ہو کر اپنی تعلیم میں مشغول رہنے کی سعی کی جاوے۔ صرف اسی مقصد کے لیے سفر کی صعوبتیں برداشت کی جا رہی ہیں۔

۱۴ ر رجب کو حافظ غلام ربانی صاحب کی بچی حمیدہ کا نکاح ہے۔ اس موقع پر فقیر کچھ

Marfat.com

روپے بھیجے گا۔ وہ بھی ان کو دے دینا اور کہنا کہ والد صاحب نے لکھا کہ ضرور شرکت کریں۔ یہ نکاح وہاں باگڑ میں ہوگا۔ اب سرِ دست پچاس روپے ارسال خرچ کے لیے۔ سب ساتھیوں کی طرف سے سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۶۲/۲۵۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر آج رات کو واپس بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

آج کی ڈاک میں آپ کا خط ملا، جس سے فقیر کو سخت پریشانی لاحق ہوئی۔ فقیر نے آپ لوگوں کے کہنے پر عمل کیا اور آپ لوگوں کو اپنی بات کا بھی پاس نہیں ہے۔ یہ سب بہانے تعلیم سے فرار کے ہیں جو کہ آپ کے لیے سمِ قاتل اور مہلک ہے۔ اپنے نفع ونقصان کو سمجھیں اور چندروزہ محنت سے جی نہ چرائیں۔ فقیر فوری طور پر عزیزم محمد عابد صاحب کو بھیج رہا ہے۔ اس کے ساتھ کبیر والا چلے جاویں۔ اگر کبیر والا بھی نہیں جانا چاہتے تو جہاں دل چاہے چلے جاویں۔ گھر آنے کی اجازت نہیں ہے۔ میری نرمی اور ناز برداری سے غلط فائدہ نہ اٹھائیں اور عقل وہوش سے کام لیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۶۳/۲۵۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط یکے بعد دیگرے موصول ہو کر باعث اطمینان ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ آپ کا دِل لگا رہے اور ذوق وشوق کے ساتھ تعلیم جاری رہے۔ فقیر کی یہی تمنا اور آرزو ہے۔ کوئی بھی والدین اپنی اولاد کے متعلق کوئی بدخواہی کا تصور ہی نہیں کرسکتا۔ ہر ایک والدین کی اپنی

Marfat.com

اولاد کے متعلق یہی تمنا، آرزو اور خواہش ہوتی ہے کہ وہ قابل، لائق، نیک و صالح اور فرمانبردار بنے۔ اسی خواہش کے ماتحت کچھ نہ کچھ کہنا بھی پڑتا ہے۔ آپ اطمینان رکھیں اور خوب محنت اور شوق سے اپنی تعلیم میں مشغول رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کے متعلق فقیر کی تمناؤں کو پورا فرماوے۔ آمین۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۰؍دسمبر کی شام کو روانہ ہو کر ۱۱؍دسمبر کی صبح کو ملتان پہنچے گا۔ اور اُسی روز ملتان سے خیبر میل پر سوار ہو کر جاوے گا۔ کراچی سے ۱۷؍دسمبر کو روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ گھر میں سب خیریت وعافیت سے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

سب کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔ والسّلام

ازخانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا عزیز الرحمٰن خورشید علوی صاحب، ملکوال

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۲۵۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ سب کی عافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ عزیز کے ہاں فرزند کی پیدائش مزید فرحت ومسرّت کا باعث ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپس میں پیار ومحبت اور اتفاق کی برکتوں سے سرفراز فرماوے۔ اور عزیز نومولود کو اقبال مند اور سعادتمند اور لمبی عمر والا بناوے، اور سب کی خوشیوں کا باعث بناوے، اور آپ سب کو جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

انتخاب کے دنوں اور بعد میں خانقاہ میں قیام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶؍ربیع الاوّل ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲/۲۵۶

بَعْدَالْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ۲۴، ۲۵ر جنوری والا پروگرام تبدیل ہو گیا ہے۔ اب فقیر ۲۱ر جنوری کو جھاوریاں جاوے گا۔ آگے کا پروگرام وہاں پتہ چلے گا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. اللہ آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۹ر جمادی الثانیہ ۱۴۱۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۳/۲۵۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ اور سب بھائی اور بچے قرآن سنانے میں مصروف ہیں جو کہ انتہائی مسرّت کا باعث ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو قرآن پاک کی ظاہری و باطنی برکات سے سرفراز فرماوے، اور قرآن پاک کی برکت سے اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور آپس میں پیار ومحبت اور اتفاق کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر گیا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۹ر رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴/۲۵۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ عزیز بھائی کے آپریشن کا علم ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُن کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کی طرف سے والدہ ماجدہ کو جمعیت وسکون

Marfat.com

نصیب فرماوے۔ آمین۔

بھیرہ کا پروگرام نہیں ہو سکے گا۔ فقیر کی ۱۶رمئی کو سفرِ حج کے لیے روانگی ہے۔ ۱۷رمئی کو کراچی پہنچنا ہے، اور ۱۹رمئی کو کراچی سے روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس عرصہ میں تیاری کے لیے یہ دن بھی ناکافی ہیں، اس لیے معذرت پیش ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۹رشوال ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵/۲۵۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر ۵رجولائی کو واپس پہنچا۔ مکہ مکرمہ سے ہی زکام و کھانسی اور بخار کی حالت میں روانگی ہوئی۔ سفر کی وجہ سے اِن تکالیف میں اضافہ ہوا۔ ہفتہ عشرہ تکلیف رہی، اب آرام ہے۔ حکیموں ڈاکٹروں نے فی الحال سفر پر پابندی لگائی ہے۔ سرِ دست کسی سفر کا ارادہ نہیں ہے۔

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۲رمحرم ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶/۲۶۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ مولوی عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپریشن کی کامیابی کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک کامل و مکمل صحت کے ساتھ واپس گھر پہنچاوے، اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے، اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرما کر جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے مولوی سعید الرحمٰن صاحب اور جملہ عزیزان کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۷/۲۶۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بلدیاتی انتخاب کی گہما گہمی میں کیا پروگرام ہو سکے گا، ہر شخص اِس کی طرف مصروف ہوگا۔ دلچسپی تو نہیں ہوگی۔ ویسے ۱۱ردسمبر کو فقیر نے لاہور جانا ہے۔ ۱۰ردسمبر کو آپ کے پاس سے ہو کر لاہور چلے جانا چاہیے۔ آجکل ہمارا فون مسلسل خراب ہے۔ جو اِرادہ ہو کسی طرح مطلع کریں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے، اور اپنے مقاصد حسنہ میں کامیابی عطا فرماوے اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۴/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۸/۲۶۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل ۱۰/ اکتوبر کی شام کو واپس خانقاہ پاک پہنچا۔ ڈاک میں آپ کا گرامی نامہ پڑا پایا۔ سیلاب کی تباہ کاری کا علم ہوا۔ خاص کر کے مدرسہ کا نقصان ہوا۔ اُس کا بہت دکھ ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہی اِن نقصانات کو پورا فرماوے۔ اور اپنی مخلوق پر رحم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر ۱۳/ اکتوبر کو اسلام آباد جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ حفاظت و نصرت فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۳/ ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۹/۲۶۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عافیت کا معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے اور سب کو صحت وعافیت سے سرفراز فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۲۶؍جولائی کو خانقاہ پاک سے روانہ ہو کر ۲۸؍جولائی کو کراچی سے لندن جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آسانی وکامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔ دو تین ہفتے کا یہ سفر ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۴؍ربیع الاوّل ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۰/۲۶۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے، اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے، اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بے ترتیب مصروفیت کا شکار ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

۶؍دسمبر کو جمعہ سرگودھا طوفانی صاحب کے ہاں پڑھنا ہے۔ وہاں ملاقات ہو سکتی ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶؍جمادی الثانیہ ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۱/۲۶۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ یہاں پہنچ کر عجیب قسم کی مصروفیتوں کا سامنا ہے۔ سرِ دست بھیرہ کا پروگرام مشکل لگ رہا ہے۔ اگر کوئی صورت بن گئی تو اطلاع کردی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر آپ سب کی صحت وعافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸رشعبان ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۲/۲۶۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا حافظ عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ رمضان المبارک سے پہلے سفر مشکل ہے۔ رمضان المبارک کے لیے اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا فرماوے تو انشاء اللہ تعالیٰ کوشش ہوگی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے اور اعمال خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۱رشعبان ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۳/۲۶۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر جولائی کی آخری تاریخوں میں انگلینڈ جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اگست کی دس تاریخ کو وہاں ختم نبوت کانفرنس ہے۔ اور بھی کچھ پروگرام ہیں۔ اگست کے آخر میں واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے والدہ صاحبہ اور آپ سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۳؍ربیع الاوّل ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۱۴/۲۶۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی جانب سے عزیزی محمد عزیز الرحمٰن صاحب خورشید سلمہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔

گرامی نامہ حسب الحکم مولانا غلام غوث صاحب ہزاروی مدظلہٗ موصول ہوا۔ بیادِ شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین صاحب غورغشتوی رحمۃ اللہ علیہ ترجمان اسلام کے خصوصی نمبر کی اشاعت کے عزم سے مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس عزم کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں۔ اور اِس خصوصی نمبر کو حضرت محدث علیہ الرحمۃ کی حیات طیبہ اور مشاغل دینیہ خصوصاً درس حدیث شریف و تسلیک طلب اور جمعیۃ علماء اسلام سے حضرت مرحوم کی دلچسپیوں کا مرقع بنانے کی توفیق کرامت فرمائے۔

حضرت مرحوم علماء سلف کا ایک یادگار نمونہ تھے۔ اور اعلانِ حق کرنے میں بلاخوف لومۃ لائم مدت العمر کوشاں رہے۔ ایسی ہستیاں صفحہ روزگار پر کلک تقدیر خداوندی کی بے مثال نقوش تصور کی جاتی ہیں جو اپنے عہد میں سلف صالحین، ائمہ حدیث اور علماء مجتہدین کی یاد تازہ کر دیتی ہیں۔ ترویج دین متین اور تبلیغ احکام سیّد المرسلین عَلَیْہِ مِنَ الصَّلٰوۃِ اَتَمُّھَا وَ مِنَ التَّحِیَّاتِ اَکْمَلُھَا کی جدوجہد میں ہمہ تن مصروفیت کے ایسے کامل نمونے اس دور میں بہت کمیاب ہیں۔

آپ نے فقیر سے ترجمان اسلام کے اس خصوصی نمبر کے لیے کچھ لکھنے کی فرمائش کی ہے۔ آپ کا یہ فرمائش نامہ بحالت سفر موصول ہوا ہے۔ اس موقعہ پر فقیر کوئی طویل مضمون لکھنے کی بجائے چند کلمات دعائیہ تحریر کرنے پر اِکتفا کرتا ہے۔ بارگاہ خداوندی میں فقیر عاجزانہ دست بدعا ہے کہ مولائے کریم اپنی رحمت شاملہ اور مغفرت کاملہ حضرت خاتم المحدثین فی عہدہ کو نوازے اور ان کے حلقہ تلامذہ و مسترشدین کو توفیق عطا فرمائے۔ ان کے مبارک نقوش قدم اور اسوہ حسنہ پر گامزن رہتے ہوئے حق گوئی اور جماعت اہلِ حق کی

Marfat.com

تائید میں بیش از بیش مساعی رہیں۔

حضرت محدث علیہ الرحمہ کی رحلت سے جمعیت علماء اسلام کے مویدین کی صف میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ ان کی مساعی سے پُر ہو جائے۔ اس دورِ پُر آشوب میں علماء حق کے لیے جو آزمائشی اور اِبتلائی صورتِ حال پیدا ہو گئی ہے، اللہ تعالیٰ جمعیۃ علماء اسلام کے حق گو اور بلا خوف عند السلطان الجابر اعلانِ حق کرنے والے گروہ کو کامل اتحاد برقرار رکھ کر بلند حوصلگی کے ساتھ تمام نوزائدہ فتنوں کی سرکوبی کی مساعی میں فائز المرام فرمائے۔ اور نظام اسلام کے قیام کے لیے جملہ دین پسند اور اسلام دوست گروہوں کو دولت اخلاص کرامت فرمائے۔ اور اپنے دین قیم کی سربلندی کے لیے حضرت خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ کی تعلیمات کی کامل پیروی کی توفیق بخشے۔ اور ختم نبوت کے متفق علیہ عقیدہ میں تزلزل پیدا کرنے والے گروہ کو خائب وخاسر فرمائے، بلکہ صفحہ عالم سے نیست ونابود فرمائے۔ آمین، ثم آمین یا رب العالمین۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ خَاتَمَ النَّبِيّيْنَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

## دعائیہ کلمات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ وَنُسَلِّمُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ، اَمَّابَعْدُ:

شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتی رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے اکابر اولیاء اللہ سے تھے۔ ان کی سوانح مرتبہ مولانا محمد عبدالحق غرشینوی دیکھنے کا موقعہ ملا۔ ماشاءاللہ عمدہ کام ہے۔ اللہ تعالیٰ نافع فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲ ربیع الاوّل ۱۴۲۹ھ خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۵ / ۲۶۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم مولانا عزیز الرحمٰن خورشید صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔

Marfat.com

حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر آپ سب کی صحت وسلامتی اور عزت وآبرو کا طالب ہے۔مولا پاک اس اتفاق میں مزید برکت دے۔اور آپ سب بھائیوں کو ہمیشہ اتحاد اور پیار ومحبت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔خانقاہ پر بحمد للہ ہر طرح خیریت ہے۔

والسلام

۱۲ رمضان المبارک فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۶/۲۷۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر ۲۰ ستمبر کو راولپنڈی جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔۲۹ کو اس سفر سے واپسی ہوگی۔ پھر ۲ اکتوبر ختم نبوت کانفرنس کے سلسلہ میں صدیق آباد جانا ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی صحت وعافیت کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۷/۲۷۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا عزیز الرحمٰن صاحب خورشید سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔کوائف خیر وعافیت آنجائی مطالعہ کر کے اطمینان ہوا۔

فقیر دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال وبرادران وجملہ خاندان علویہ اپنے خاص فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔آمین۔اور ظاہری اور باطنی سکون واطمینان، خیر وبرکت، عفو وعافیت، حفظ وامان، صحت وسعادت، سلامتی دارین کرامت فرمائے۔

Marfat.com

آمین۔اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔آمین۔

والسّلام مع الاکرام
فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہٗ، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

۱/۲۷۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات وکوائف سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کا ملتان آنا ہمارے حضرت مولانا مفتی عطا محمد صاحب چودھوان والوں کی آمد پر موقوف ہے۔ فقیر نے ان کے تشریف لانے پر اُن کے ساتھ ملتان آنا ہے۔ ان کا وعدہ ۲۴، ۲۵ رمئی کو آنے کا ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ۲، ۳ روز اور تاخیر کر دیں۔ لہٰذا جس روز تشریف لائے، دفتر میں فون کے ذریعہ اطلاع کر دی جاوے گی۔ اجلاس بہرحال فوری ہے، جو احباب بھی اکٹھے ہو سکے، وہی مل بیٹھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ ۲۸ یا ۲۹ رمئی کی تاریخ رکھ لیں۔ والسّلام

۱۴ رجمادی الثانیہ ۱۳۹۱ھ/ ۶ راگست ۱۹۷۱ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

۲/۲۷۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولوی عزیز الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع خطوط موصول ہوئے۔ کوائف سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس مشکل کو آسان فرماوے اور اس منصوبہ کی تکمیل فرماوے اور اس سلسلہ میں جملہ رکاوٹوں کو دور فرماوے۔ اور جماعت کو داخلی وخارجی خلفشار سے محفوظ فرماوے۔ اور اپنے نصب العین میں کامیابی کی راہیں کشادہ فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر ۲۴ رصفر کی شام کو لاہور روانہ ہوگا۔ ۲۵ رصفر کو لاہور رہے گا۔ ۲۶ رکو لاہور سے سرہند شریف روانگی ہوگی۔ یکم ربیع الاوّل کو واپسی ہوگی۔ دو ربیع الاوّل خانقاہ پہنچا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

جنگ، راولپنڈی میں یہ بات آئی ہے اور ٹی وی دیکھنے والوں نے بھی یہ بات بتائی ہے کہ وزیر مذہبی امور نے بیان دیا ہے کہ ۱۲ ربیع الاوّل کو جب صدر پاکستان نفاذِ اسلامی کا اعلان کریں گے، اس وقت پاکستان کی ممتاز شخصیتوں کو بھی دعوت دیں گے اور ان کے سامنے وہ اعلان کریں گے اور ان سے تائیدی کلمات بھی کہلاویں گے۔ جن جن اشخاص کے نام ہیں، اُن میں فقیر کا بھی نام ہے۔ ممکن ہے کہ یہ صورتِ حال پیش آوے، لہٰذا کراچی کا سفر اور دفتر میں حاضری میں شاید تاخیر ہو جائے۔ کنڑی کے سابق نظام صاحب کا بڑا لمبا چوڑا خط آیا ہے۔

مولوی عبدالروٗف صاحب کے متعلق لکھا تھا کہ کچھ عرصہ ان کو کنڑی میں رہنے دیا جاوے، لہٰذا فقیر نے ان کو لکھ دیا ہے کہ مولوی صاحب وہاں رہیں لیکن اپنی کارکردگی کی اطلاع دفتر میں باقاعدہ دیتے رہیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ فقیر کی طرف سے احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳ رصفر ۱۳۹۹ھ / ۲۳ رجنوری ۱۹۷۹ء ازخانقاہ سراجیہ

**بنام: حضرت مولانا مفتی عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہٗ، ڈیرہ اسماعیل خان**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۲۷۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا عطاء الرحمٰن صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور بھائی صاحب کو جلدی رہائی عطا فرماوے۔ اور جملہ

Marfat.com

پریشانیوں سے خلاصی عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۷ر ربیع الاوّل ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۲۷۵ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب عطاء الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور دار العلوم کو ترقیات نصیب فرماوے۔ اور اِس خلفشار سے نجات عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۷ر ربیع الاوّل ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## عقیل احمد کلیار صاحب، چنیوٹ

۱/۲۷۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ: محترم جناب عقیل احمد کلیار صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے خاص فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔ آمین۔ اور اپنی محبت وطاعت ورضا نصیب فرماوے۔ آمین۔ اور غیر اللہ کا خیال دل سے محو فرماوے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت، خاص طور پر پابندئ نمازِ پنجگانہ کی توفیق کرامت فرماوے۔ آمین۔ والسّلام

شعبان ۱۳۹۷ھ/ستمبر ۱۹۷۷ء از خانقاہ سراجیہ

۲/۲۷۷ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم عقیل احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اعمالِ خیر اور نماز کا پابند بناوے۔ اور آمدن میں برکت عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمیعت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

شجرہ طیبہ ارسال ہے۔ شروع پر پڑھنے کا طریقہ لکھا ہوا ہے۔ اُس کے مطابق دونوں وقت پابندی سے پڑھا کریں۔ اور پھر اپنے لیے دعائیں کیا کریں۔ اس پر پابندی کریں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۵؍رمضان المبارک ۱۴۱۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

۳ / ۲۷۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم عقیل احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمیعت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ — والسّلام

۲۳؍شعبان ۱۴۱۶ھ — فقیر خان محمد عفی عنہ

۴ / ۲۷۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ: محترم جناب عقیل احمد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرماویں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔ آمین۔ اور ظاہری وباطنی خیر وبرکت، عفو وعافیت، حفظ وامان، صحت وسعادت،

Marfat.com

سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

آپ ملاقات کے لیے تشریف لا سکتے ہیں، لیکن پہلے ٹیلیفون پر رابطہ قائم کیا جائے۔

فقط والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بنام: مولانا حافظ غلام حیدر صاحب، اسلام آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۲۸۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا حافظ غلام حیدر صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ رقیمہ ہٰذا مولانا صاحب نذیر احمد صاحب اور محترم محمد صدیق صاحب تشریف لا رہے ہیں۔ اپنے حج کے سلسلے میں انہوں نے باہر سے روپے منگوانے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہر ممکن امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بنام: حضرت ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خانؒ، حیدر آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۲۸۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے ملاحظہ فرمائیں کہ مکتوب گرامی پہنچا۔ اس خانقاہ پاک کے بانی حضرت اقدس قیوم زمان مولانا ابوالسعد احمد صاحب قدس سرہٗ ہیں۔ حضرت خواجہ محمد سراج الدین صاحب قدس سرہٗ کے خلیفہ اعظم تھے۔ بحمد للہ تعالیٰ یہاں کا تعلق بھی موسیٰ زئی شریف سے

Marfat.com

ہے، اس لیے خانقاہ پاک کا نام سراجیہ مجددیہ ہے اور سٹیشن کا نام بھی ''خانقاہ سراجیہ'' ہے (یہ سٹیشن تعمیر ہو گیا ہے۔ ٹرینیں بھی انشاء اللہ ٹھہرنے لگی ہیں)۔ ابھی سٹیشن کندیاں ہے، یہاں سے ۴ میل ہے اور جدید سٹیشن ۶ فرلانگ۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے کتب خانہ ہذا میں رسائل قلمی موجود ہیں:

۱۔ مبداء و معاد۔ یہ رسالہ حکیم عبدالمجید نے طبع کرادیا۔

۲۔ معارف لدنی۔ یہ رسالہ حکیم عبدالمجید نے طبع کرادیا۔

یہ دو رسائل، پتہ بہاولپور، محلّہ چاہ فتح خان، سیّد جمیل الدین احمد سابق انسپکٹر مدارس عربیہ سے مل سکتے ہیں۔

دیگر رسائل مکتوبات حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلویؒ، کنز الہدایات، ارشاد الطالبین۔ رسالہ اثبات نبوۃ (عربی) ۱۲۳/اوراق۔ مکاشفات غیبیہ (فارسی) ۴۳/ورق۔ شرح رباعیات حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۵/ورق، تحقیق کلمہ طیبہ ۱۵ صفحہ۔ مندرجہ بالا رسائل قلمی موجود ہیں۔ مگر اس وقت اُن کی نقل کا کوئی انتظام یہاں نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ مبارک فرمائے اور آپ کی ہمت میں اضافہ کرے کہ ان نادر کتب کی طباعت میں سرگرم ہیں۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ.

آپ نے یہ نہیں تحریر فرمایا کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی کون کون سی کتب آپ نے طبع فرمادیں یا زیر طبع ہیں؟ مہربانی سے اب لکھیے۔ دعوت صالحہ میں یاد رکھیے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۶/ربیع الاوّل ۱۳۸۳ھ

## بنام: مولانا غلام یٰسین صاحب، سکھر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۲۸۲/۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم مولانا غلام یٰسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ یہ شجرہ شریف خاندان چشتیہ صابریہ حضرت مولانا انعام الحسن رحمۃ اللہ علیہ تک صحیح ہے۔ لیکن یہ بہت

Marfat.com

اختصار کے ساتھ ہے۔ ضرورت شعری کے باعث حضرات اولیائے کرامؒ کے اسماء گرامی پورے پورے نہیں لکھے گئے ہیں۔ سلسلہ کا شجرہ شریف پوری صراحت اور وضاحت کے ساتھ ہونا چاہیے۔ جو اس منسلکہ شجرہ میں نہیں ہے۔ آپ مفصل شجرہ حاصل کر کے اُس سے استفادہ کریں۔

نیز حضرت شیخ کے فوت ہونے کے بعد کسی کامل و مکمل بزرگ سے تجدید بیعت بھی ضروری ہے، تاکہ اصلاح احوال ہو سکے۔ والسّلام

۲۹ ر رجب ١۴١٦ھ/ ۲۰ ر دسمبر ١٩٩٥ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۲۸۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب حافظ غلام یٰسین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی والدہ ماجدہ سلمہا کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔ اور آپ سب کو اپنے فضل و کرم و رضا و رحمت سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔ آمین۔

باوضو ہو کر جماعت کلمہ طیبہ ستر ہزار (٧٠،٠٠٠) مرتبہ پڑھے۔ پھر اس کلام پاک کی طفیل سے اللہ تعالیٰ کے حضور اکٹھے مل کر مریضہ کی شفا اور صحت یابی کے لیے دعا کریں۔ اور پانی پر بھی دم کرلیں اور پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ مفید ثابت ہوگی۔ اگر مفید ثابت ہو تو ہر ہفتہ یہ عمل کریں۔ والسّلام

۲۳ ر ذی الحجہ ١۴١٦ھ/ ١۲ ر مئی ١٩٩٦ء از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

٣/۲۸۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ غلام یٰسین صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت کاملہ و شفاء عاجلہ عطا فرماوے۔ اور صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

تعویذ ارسال ہیں۔ایک تعویذ گلے ڈالیں۔تعویذ پینے کے لیے ہیں۔ایک تعویذ پانی میں حل کر کے مریض کو پلا دیا کریں۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۸ صفر ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۴/۲۸۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب غلام یٰسین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مدرّس مدرسہ تعلیم القرآن مجددیہ مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی ملا۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام فضل و کرم و رضا و رحمت سے نوازے۔آمین۔اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب فرمائے۔آمین۔اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون و خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔آمین۔اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔آمین۔

حسبِ خواہش آپ کو کتابچہ مشتمل بہ تینتیس (۳۳) آیات، شجرہ شریف اور درود شریف اور طریقہ ذکر اسم ذات اللہ ارسال کیا جا رہا ہے۔حسب ہدایات مندرجہ پڑھ سکتے ہیں۔حضرات کرامؒ مشائخ خانقاہ شریف ہذا پر مشتمل کتاب مستطاب ''تحفۂ سعدیہ'' مطبوعہ صرف اس خانقاہ شریف سے باخذ ہدیہ -/۱۰۰ (ایک صد روپے) دستیاب ہے۔علاوہ محصول ڈاک۔ فقط والسّلام

۲۵ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ/ ۹ ستمبر ۱۹۹۶ء از خانقاہ سراجیہ

۵/۲۸۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا غلام یٰسین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر نے آپ کا والا نامہ مرکزی دفتر تحفظ ختم نبوت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب کو بھیج

Marfat.com

دیا ہے۔ وہ اپنی ہدایات سے آپ کو آگاہ فرماویں گے۔ آپ بھی مولانا عزیز الرحمٰن صاحب سے رابطہ پیدا کریں۔ نہیں ضروری ہے۔ پتہ یہ ہے: مرکزی دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ، ملتان۔

والسّلام

۲۹ رمحرم ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۶/۲۸۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، جناب مولانا غلام یٰسین صاحب مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات مندرجہ واضح ہوئے۔ فقیر کے نزدیک مکتوبات شریف کی اصلی عبارتیں نہایت صحیح اور ثقہ ہیں۔ لیکن اس میں توڑ مروڑ کرنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ جو ایسا کرتا ہے اُس کا شمار اہل بدعت میں ہوتا ہے۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ طریقت و حقیقت وغیرہ کو خادمِ شریعت قرار فرماتے ہیں۔ ان حالات میں اُن کے کلام مبارک کو غلط رنگ میں پیش کرنا اور ان سے بدعاتِ فاسدہ کی توثیق کرنا انتہائی ستم ظریفی ہے۔ آپ کی جملہ تعلیمات اور عمل اور اعتقاد، طبیعت اور وراثت حضور سرورِ کونین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے عین مطابق ہے۔ جہاں تک بزرگوں کے عرس میں شامل ہونے کا تعلق ہے، ایسا کبھی کبھی ہوا ہے۔ لیکن یہ بہ نیت تعظیم و تکریم شیخ متعلقہ ہوا ہے، نہ کہ اتباعِ سنت میں ہوا ہے۔ جس پر ہم مامور ہیں۔ اصل دین قرآن و سنت اور خلفاء راشدینؓ کی سنت پر مبنی ہے۔ یہی عقیدہ اور عمل حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک تجدید الف ثانی کا طرۂ امتیاز ہے۔ نقشبندی ہونے کے بیشمار نام نہاد دعویدار نمودار ہو گئے ہیں۔ لیکن ان کو اِس سلسلہ علّیہ کی حقیقت سے روشناسی نہیں ہوئی۔ اس قسم کے نام نہاد پیر اور مصنّفین علومِ معارف نقشبندیہ مجددیہ سے خود بھی ناواقف اور لابلد ہیں، بلکہ اپنے نام نہاد خلفاء اور معتقدین کو بھی اس جہالت کے جہنم میں دھکیل رہے ہیں۔ جہاں تک عرس کا تعلق ہے وہاں اگر شریعت کے مطابق قرآن خوانی اور درود شریف سے ایصالِ ثواب کیا جائے اور قبر شریف پر خلافِ شریعت حرکات نہ کی جائیں تو

Marfat.com

یہ جائز ہے اور اکابر نے ایسا کیا ہے۔ لیکن اگر ایسے عرس، میلہ، تماشا اور دجل وفساد کا ذریعہ بن جائیں تو اِن میں ہرگز شامل نہیں ہونا چاہیے۔ اگر اولیاء اللہ کے مزارات پر اِس نیت سے چادر پوشی کی جائے کہ ان پر گرد وغبار و غلاظت نہ پڑے تو اِس کے روا ہونے کی گنجائش ہے۔ لیکن یہ موجودہ طرز کی تزئین وآرائش اور زیب وزینت والے اور قرآنی آیات سے منقش ریشمی کپڑے ایک لہو ولعب اور تعیّش مکروہ اور اسرافِ بے جا کا ذریعہ ہے۔ اور شرعاً بے حقیقت ہے۔ اس قسم کے مبتدع پیروں اور درویشوں سے قطعی اجتناب کرنا چاہیے اور اتباعِ سنت کے صراطِ مستقیم پر گامزن رہنا چاہیے۔

۱۴ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۹ھ/ ۶ر ستمبر ۱۹۹۸ء والسّلام مع الاکرام

۷/۲۸۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم غلام یٰسین صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

عرض یہ ہے کہ اگر آپ کا دل کسی بزرگ کی طرف مائل ہے تو آپ ان سے تجدید بیعت کریں۔ پھر اس کے بعد جو معمول وہ بزرگ بتائیں، اس پر عمل کریں۔ میرا فی الحال سکھر آنے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ اگر کبھی آنا ہوا تو ضرور ملاقات ہوگی۔ انشاء اللہ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

۱۷ر رجب ۱۴۱۹ھ والسّلام

۸/۲۸۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

محترم جناب غلام یٰسین صاحب! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا مکتوب موصول ہوا۔ الحمد للہ اب تو قبلہ حضرت صاحب بخیریت ہیں اور اگلے چند ماہ کا قیام خانقاہ شریف میں ہوگا۔ آپ اپنی سہولت

Marfat.com

کے ساتھ پروگرام بنالیں۔ انشاء اللہ زیارت ہو جائے گی۔ اور ہر طرح خیریت ہے۔

والسّلام
خلیل احمد

خانقاہ سراجیہ

## بنام: پروفیسر حافظ فتح شاہ ہاشمی صاحب، تلہ گنگ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۲۹۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۸ر نومبر کی شام کو کویت کے لیے روانہ ہوگا۔ ۱۶، ۱۷، ۱۸ر نومبر کو خانقاہ پاک ہی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام ودعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۸ر شوال ۱۳۹۹ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲/۲۹۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

حضرۃ محترم المقام السید حافظ فتح شاہ صاحب حفظہ اللہ آمین!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ مندرجہ اسُ سے آگاہی ہوئی۔ آپ کی خیریت وعافیت معلوم کرکے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے اور ہمیشہ صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کا اگرچہ ویزا ایک ماہ کا ہے، لیکن پہلے واپس جانا چاہتا ہے۔ خیال کچھ اس طرح

Marfat.com

ہے کہ مکہ مکرمہ سے ۱۶؍ رجب جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد مدینہ منورہ حاضری کا ارادہ ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۲۴؍ رجب کو مدینہ منورہ سے واپس ہو کر ۲۶؍ رجب تک واپس پاکستان چلا جاوے، یا ایک آدھ روز اس سے کم و بیش ہو سکتا ہے۔ نظامِ سفر اسی کے لگ بھگ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ شعبان بھی اب آنے والے ہیں۔ تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ خانقاہ شریف ہی میں ملاقات ہوگی۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہووے۔ آمین

والسّلام

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

۱۳؍ رجب ۱۴۰۰ھ / ۲۷؍ مئی ۱۹۸۰ء ازمکہ مکرمہ

۳/۲۹۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپس پہنچنے کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے اور مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے، اور سب احباب کو اپنے اپنے مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے، اور جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔

آپ ملک صاحب کو فرمائیں کہ عشاء کی نماز کے بعد پہلے ایک سو بار استغفار پڑھیں، پھر ے بار الحمد شریف پوری مع بسم اللہ پڑھ کر اِس کا ثواب حضرت خواجہ دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ کو بخشا کریں۔ اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے لیے دعا کیا کریں، اور اِس کو جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۸؍ ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۴/۲۹۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ فقیر ۱۹-۲۰/اپریل کو یہاں نہیں ہوگا۔ فقیر ۱۰/اپریل سے لے کر ۱۴/اپریل تک سفر میں ہوگا۔ ۱۴/اپریل کو کسی وقت واپسی ہوگی۔ پھر ۱۶/اپریل کو سفر پر روانگی ہوگی، جو اپریل کے آخیر تک یہ سفر رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۷/رجب ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵/۲۹۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر ۲۶/جنوری تک یہاں ہی ہے۔ آپ تشریف لے آویں۔ فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۰/جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۶/۲۹۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ عافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۹/جون کی صبح کو سفرِ حج پر روانہ ہوگا، براستہ ملتان وکراچی۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳/ذی قعدہ ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۷/۲۹۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب متعلقین کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنی تعلیم میں محنت ومحبت کے ساتھ مشغول رکھ کر کامیاب فرماوے۔ اور آپ کو سب کی طرف سے جمعیت وسکون کرامت فرما کر اپنے فرائض وعبادات میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

آج آپ کا منی آرڈر بھی مل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور برکتیں عطا فرماوے۔ آمین۔ بعد میں دوسرا گرامی نامہ بھی مل گیا۔ اللہ تعالیٰ تبادلہ کی پریشانیوں سے بچاوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ باقی جملہ وقت یہاں ہی عزت وآبرو کے ساتھ بسر فرماوے۔ آمین۔ والسّلام

۲۱/ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۸/۲۹۷ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ متعلقین کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور مالکِ مکان کی مشکلات آسان فرماوے۔ اور جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ آپ خانقاہ شریف آئے اور ملاقات نہ ہوئی۔ آپ

Marfat.com

کا ہدیہ مل گیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور برکتیں عطا فرماوے۔

فقیر فروری کا پہلا ہفتہ خانقاہ پاک رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

یکم رجب ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۹/۲۹۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ ملک حاکم خان صاحب سے آپ کی آمد کا علم ہوا۔ آپ کا ہدیہ بھی پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور برکتیں عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ مطلوبہ تعویذ ارسال ہیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳ر شعبان ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۰/۲۹۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۵ر مئی کو ظہر کے بعد سفرِ حج کے لیے روانہ ہو رہا ہے۔ ۱۹ر مئی کو کراچی سے جدہ روانگی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ قبول اور آسان فرماوے۔ آمین۔ فقیر آپ سب کی صحت و عافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۷ر شوال ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۱۱/۳۰۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر اگست کا پورا مہینہ یہاں ہی ہے۔ کسی طرف کے سفر کا ارادہ نہیں ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۶ر محرم ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۲/۳۰۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۵ر دسمبر تک یہاں ہے۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ متعلقین کو صلاح وفلاح سے نوازے اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۳/۳۰۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ فتح شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ فقیر کا عمرہ اور زیارت روضہ انور صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارادہ ہوگیا ہے۔ یکم جنوری کو روانگی شاید ہوجاوے۔ آپ اس کے مطابق تشریف لے آویں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور ظاہری وباطنی

Marfat.com

جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۷ر جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۴/۳۰۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ سب کی صحت وعافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔

مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور رمضان المبارک کی برکات سے بہرہ ور فرماوے۔ اور سب بچوں کو اپنے اپنے امتحانوں میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور سب کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور جمعیت وسکون سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳ر رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۵/۳۰۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا ہدیہ مل گیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور برکتیں عطا فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ وشفاء عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر ۲۵ر اپریل کو بلوچستان کے لیے روانہ ہوگا۔ ۳ر مئی کو واپسی ہوگی۔ پھر پانچ مئی کو اسلام آباد، چھ مئی کو ہری پور، ۷ر مئی کو ایبٹ آباد، ۸ر مئی کو مانسہرہ کانفرنسیں ہیں۔ ۱۰ر مئی کو واپسی ہوگی اور پھر سفرِ حج تک خانقاہ پاک قیام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ابھی محکمانہ طور پر

Marfat.com

اِطلاع نہیں ملی۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۷رشوال ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۶/۳۰۵ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ فتح شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور جملہ مشکلات کو آسان فرماوے۔اور تبادلہ کے چکر (سے) محفوظ رکھے۔اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۳رربیع الاوّل ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۷/۳۰۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔آپ دونوں کو بخار کی تکلیف کا پڑھ کر فکر ہوا۔اللہ تعالیٰ آپ دونوں کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور جملہ بیماریاں اور پریشانیاں دور فرماوے۔اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔اور مزید برآں اپنی یاد کی توفیق عطا فرماوے۔اور اپنے ذکر سے آپ کے باطن کو مانوس ومسرور فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

منی آرڈر ابھی تک نہیں ملا۔فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ یکم دو اگست تک انگلینڈ کے سفر کا ارادہ رکھتا ہے۔۲۰راگست تک واپسی ہوگی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

یکم صفر ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۸/۳۰۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ سب کی علالت کا پڑھ کر فکرمند ہوا۔ اللہ تعالیٰ سب کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں، بیماریاں دور فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

تعویذ ارسال ہیں۔ ایک ایک بچوں کے گلے ڈال دیں۔ باقی پینے کے لیے ہیں۔ ایک تعویذ روزانہ پانی میں حل کر کے اس طرح سے کہ کاغذ بھی پانی میں حل ہو جاوے، سب گھر والے پی لیا کریں۔ اس طرح سے روزانہ ایک تعویذ کا پانی پیا جاوے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر یکم اگست کو انگلینڈ جانے کے لیے خانقاہ پاک سے روانہ ہوگا۔ آخر اگست میں واپسی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۱ر صفر ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۹/۳۰۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ سب کی صحت وعافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر یکم اگست تک یہاں ہے۔ یکم کو سفر کا آغاز ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵ر صفر ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۰/۳۰۹

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔ ذکر کی پابندی معلوم کر کے مسرت ہوئی۔ مولا پاک بیش از بیش اپنی یاد کی توفیق رفیق گردانے۔ اور بچوں کو صحت و عافیت کرامت فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۶/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۱/۳۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

فقیر صبح ۸ بجے کے بعد روانہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ تلہ گنگ تک دو گھنٹہ کا وقت لگتا ہے۔ راستہ میں کہیں ٹھہرنا نہیں ہے۔ دس بجے تک تلہ گنگ پہنچنا ہو سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

والسّلام

۳۰/ ربیع الثانی ۱۴۱۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۲/۳۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ فتح شاہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۴/ شعبان ۱۴۱۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۳/۳۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

ریاض یونیورسٹی میں داخلہ کی خوشخبری پڑھ کر مسرّت ہوئی۔مولا پاک صحت وعافیت کے ساتھ اس سفر کو سرانجام فرماوے اور حرمین شریفین زادھما اللہ تعالیٰ شرفاً کے برکات سے مالا مال فرماوے۔اور کامیابی وکامرانی کے ساتھ واپس لاوے۔آمین۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ۳۰؍نومبر کو واپس پہنچ آیا ہے۔اور یہاں ہر طرح سے عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲۴/۳۱۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب فتح شاہ صاحب ہاشمی مطالعہ فرماویں کہ آپ کا مکتوب موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔اللہ تعالیٰ بچوں کو صحت وسلامتی کے ساتھ رکھے اور ان کو اور آپ کو آئندہ کی تمام پریشانیوں سے دور رکھے۔آمین۔

اللہ رب العزت انسان کو کسی امتحان میں مبتلا نہ فرماوے اور ہمیشہ سکھ اور سکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا فضل المولیٰ صاحب، کوئٹہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱/۳۱۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی فضل المولیٰ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔آپ ہر نماز کے بعد مندرجہ دعاء بار بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کیا کریں اور اس کو پابندی سے جاری رکھیں۔اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِکَ وَاسْتَعْمِلْ

Marfat.com

بَدَنِیْ بِطَاعَتِکَ. اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آپ کو عالم باعمل بناوے۔اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔آمین۔

اپنے والد بزرگوار اور گھر والوں کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۳۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز ومکرم فضل المولیٰ سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔آپ کی عافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔اور عالم باعمل بناوے۔اور اپنے دینِ حقہ اسلام کی خدمت کے لیے قبول فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو بہت بہت سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۷محرم ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳/۳۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم فضل المولیٰ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔اور علومِ نافعہ دینیہ کا عالم باعمل بناوے۔اور دینِ حقہ اسلام کی خدمت واشاعت کے لیے قبول فرماوے۔اور والدین کی خوشیوں کا باعث بناوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۴/۳۱۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز القدر فضل المولیٰ سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔

Marfat.com

حالات سے آگاہی ہوئی۔ پینے والے تعویذ اُرسال ہیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنی تعلیم اور امتحان میں سب کو کامیاب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۳ر رجب ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: فضل حسین چوہان صاحب، ملتان

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۳۱۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب فضل حسین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات معلوم کرکے از حد افسوس ہوا۔ دنیا کی بے وفائی کا اِس سے اندازہ لگالیں، جس بچے پر آپ نے اپنا سب کچھ لٹا دیا، اس نے عمر کے آخری مرحلہ میں یہ صلہ دیا۔ جس کو اپنی عمر کا سہارا سمجھا، وہ اللہ تعالیٰ کے سہارے پر آپ کو چھوڑ گیا۔ آپ گھبرائیں نہیں۔ جو سب بے سہاروں کا سہارا ہے، اُس پر سہارا رکھیں۔ زندگی میں کتنے مرحلے آئے ہوں گے جس میں صرف وہی ذاتِ قدیر سہارا بنی۔ اب بھی وہی ذاتِ کریم وقدیر سہارا ہوگی۔ اور وہ غیب سے بہترین اسباب پیدا کرے گی۔ فقیر اِس وقت کوئی مشورہ تو عرض نہیں کرسکتا، دعا کرتا ہے کہ مولا کریم از غیب کوئی بہترین صورت پیدا فرماوے۔ اور آپ کو راحت وآرام اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۳ر شعبان ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۳۱۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم فضل حسین چوہان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی

Marfat.com

نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔

رمضان المبارک شروع ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکات سے آپ کو مالا مال فرماوے اور ہر قسم کی دکھ، تکلیف اور پریشانی سے محفوظ و مامون فرماوے۔ اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، عافیت اور سلامتی ایمان سے رکھے۔ آمین۔

تمام احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

یکم رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا فضل محمدؒ، بہاولنگر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۱/۳۲۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے حضرت مولانا فضل محمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۶/ مارچ کی صبح کو حاصل پور کی طرف سے بذریعہ لاری فقیر والی پہنچے گا۔ اور ۱۷/ مارچ کی شام کو بذریعہ گاڑی بہاولنگر واپس ہوگا۔ فقیر کا یہ سفر صرف آپ کے جلسہ کے لیے ہے، ورنہ حالات کچھ اس قسم کے ہیں کہ جن کی وجہ سے سفر موزوں نہیں اور جلدی واپس ہونا ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷/ ذی الحجہ ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۲/۳۲۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم المقام حضرت مولانا فضل محمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے اور صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ قاسم العلوم کے لیے آپ کی محنتوں کو قبول

Marfat.com

فرماوے۔ اور قاسم العلوم کو ترقیات کے ساتھ ساتھ استحکام نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

دعا فرماویں کہ مولا پاک اپنے فضل سے آپ کے جلسہ میں شرکت کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۱۹ ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۳/۳۲۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ اور آپ حضرات کی مساعی کو مقبول ومشکور گردانے۔ اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

تاریخ کا تعین مشکل ہے۔ اعلان کی کیا ضرورت ہے؟ فقیر نہ واعظ، نہ مقرر، نہ مجلس ذکر کے انعقاد کا پابند، آپ لوگوں کو بلائیں گے تو کس لیے؟ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب حضرات کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶ جمادی الثانیہ ۱۳۹۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۴/۳۲۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے حضرت مولانا فضل محمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ درخواست کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے

Marfat.com

فضل سے کامیاب و منظور فرماوے۔ اور حج مقبول و زیارتِ مبرور نصیب فرماوے۔ اور اس مبارک سفر میں ذہاباً وایاباً صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ معلم کے متعلق تحریر فرماویں تاکہ اگر حاضری نصیب ہوگئی تو ملاقات میں آسانی رہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۵؍شعبان ۱۳۹۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵/۳۲۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب حضرت مولانا فضل محمد صاحب مدظلہ العالی مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لایا۔ کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔

فقیر دعاگو ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو شفائے کاملہ عطا فرمائے اور صحت و سعادت و سلامتی دارین سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور ہر قسم کے ابتلاء، امتحان سے نجات عطا فرما کر اپنے فضل و کرم، رافت و کشائش روزی و فارغ البالی سے بہرہ ور فرمائے۔ آمین، آمین۔ ہر نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ اور درمیان میں بسم اللہ شریف کے ساتھ یہ آیت:

وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗٓ اِلَّا ھُوَ ط وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ ط یُصِیْبُ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ ط وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ.

(سات بار) پڑھنے کی سعی فرمائیں، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ پر اور کل اہلِ اسلام پر رحمت و رافت فرمائے، آمین۔ سابقہ وِرد جاری رہے۔ جملہ احباب پرسانِ حال کی خدمت میں سلام پہنچادیں۔

۲؍رمضان المبارک — والسّلام مع الکرام

Marfat.com

## بنام: جناب سردار فضل محمود خان خاکوانی مرحوم، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱ / ۲۲۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی و محترمی جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بخیر و عافیت ۴ر جنوری کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

سفر میں رحیم یار خان اور فضل آباد عزیز خالد خان صاحب ہمراہ رہے۔ اور بہت خلوص سے فقیر کی از حد خدمت کی۔ بہاولپور میں سارا قیام عزیز محمد علی خان صاحب کے ہاں رہا ہے۔ عزیز علی خان صاحب نے بھی فقیر کی خدمت کرنے میں کوئی کمی نہیں کی۔ فقیر ہر دو بھائیوں کے اخلاص و محبت سے بہت متاثر ہے۔ جَزَاھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. اللہ تعالیٰ اپنے انعام و اکرام سے آپ سب کو نوازے اور دارین کی سعادتوں اور مسرتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

رقبہ کی حالت تسلی بخش تھی۔ مولوی محمد عثمان صاحب بڑی جانفشانی سے کام میں مصروف ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مزید توفیق اور برکت عطا فرماوے۔ آمین۔ مسجد کے چندہ کی رسید ارسال ہے۔ یہ سردار غضنفر اللہ خان صاحب تک پہنچا دیویں۔ اور مزید کی بھی تحریک فرماویں۔ مسجد کا کام بڑے زور کے ساتھ شروع ہے۔ اللہ تعالیٰ تکمیل تک پہنچاوے۔ اور اس کے اسباب مہیا فرماوے۔ آمین۔ محمد صدیق کے متعلق ضرور سعی فرماویں تاکہ اس کی بھرتی کی تکمیل ہو جاوے۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے جملہ عزیزوں کو دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۳ر شعبان ۱۳۸۳ھ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۲/۳۲۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم الحاج خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں والا نامے موصول ہوکر کاشف حالات ہوئے۔ محمد صدیق واپس آ گیا ہے۔ اطمینان فرماویں۔ اس کی واپسی کا واقعی افسوس ہوا۔ لیکن یہ اس کی غلطی کا نتیجہ ہے۔ آپ کا اس میں کوئی قصور نہیں ہے۔ فقیر کی طرف سے مطمئن رہیں۔ فقیر کی طرف سے کوئی طبیعت پر بوجھ وغیرہ ہرگز نہیں ہے۔ فقیر کی طرف سے آپ کی طبیعت پر گرانی نہ ہو۔ فقیر کی وجہ سے ہی آپ کو یہ پریشانی اٹھانی پڑی۔ اور فقیر ہی اس تکلیف کا باعث ہوا۔ بہرحال فقیر کی طرف سے اطمینان فرماویں۔ زمین کی معلومات کی فراہمی کا بہت بہت شکریہ۔ مولا پاک اپنے فضل سے اس کام میں تکمیل کے اسباب پیدا فرماوے۔ اور اس کو دین وآخرت کا ممد ومعاون فرماوے۔ آمین۔

بہت مدت سے آرزو تھی کہ جب کبھی کوئی ایسی صورت پیدا ہوئی تو سب سے پہلے عزیز محمد عابد سلمہ اللہ تعالیٰ کا حصہ ہوگا۔ شاید حضرت قدس سرہ العزیز کے وسیلہ سے کامیابی ہو جاوے۔ اور اس کے مکروہات سے بھی حفاظت ہو جاوے۔ فہرست ارسال خدمت ہے۔ اس میں تغیر وتبدل کا آپ کو اختیار ہے۔ تین ہزار روپیہ کل میانوالی سے نیشنل بنک سے ڈرافٹ لے کر بھیج دیا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب عزیزوں کو دعوات وپیار۔

مولوی محمد عثمان صاحب کی درخواست حج منظور ہوگئی۔ والسلام

۲۶ رشعبان ۱۳۸۳ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۳/۳۲۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی

Marfat.com

طرف سے مکرم ومحترم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا آخری (والا نامہ) موصول ہو کر باعث رنج وافسوس ہوا۔ یہاں سب ساتھی انتظار میں تھے۔ جب فقیر نے بتایا تو سب کو اُفسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور اپنے فضلِ عمیم سے اس کی بہتر سے بہتر مکافات فرماوے۔ اور اپنے مشائخ عظام کے برکات سے مالا مال فرما کر ظاہری و باطنی جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

پورا عشرہ نہ سہی، دو روز ہی سہی۔ بہر حال جو رُخصت لی ہے، وہ منسوخ نہیں کروانی چاہیے۔ آتے جاتے رقبہ کی دیکھ بھال بھی ہو جاوے گی۔ اور یہاں رمضان المبارک کا آخری حصہ بھی مل جاوے گا۔ گھبرانا نہیں چاہیے۔ ایسے موانع کے موقع پر سالک کو جو حزن و ملال لاحق ہوتا ہے، وہ مزید ترقی کا باعث بن جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے قرب کے راستے سہل فرماوے۔ اور ہر قسم کے ابتلا سے محفوظ ومصئون رکھے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۰ رمضان ۱۳۸۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴ / ۳۲۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم الحاج خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. عزیز عبداللہ خان نے پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کو کامل مکمل حافظ بناوے۔ اور استقامت کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقیمہ ہٰذا مولانا حکیم احمد حسن صاحب، مولانا قاضی محمد شمس الدین صاحب کے بھانجے ہیں۔ بحرین کے راستہ سے سفرِ حج پر روانہ ہو رہے ہیں۔ کرنسی بالکل پاس نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں ہر ممکن امداد فرماویں۔ نہایت ضروری ہے۔ فقیر آج سفر پر روانہ ہو رہا

Marfat.com

ہے۔ ۸؍ مارچ کو فقیر والی بہاولنگر پہنچنا ہے۔ ۸؍ مارچ کی شب کو فقیر بہاولپور علی خان صاحب کے پاس ہوگا۔ صبح وہاں سے روانہ ہوگا۔ یہ سفر دو ہفتوں کا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۰؍ شوال ۱۳۸۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

۵/۳۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر خان محمد عفی عنہ بخدمت گرامی محبّ مکرم جناب خان صاحب دامت عنایاتہم گزارش آنکہ فقیر سفر پر ہے۔ آپ کا گرامی نامہ بھی سفر میں ملا تھا۔ سفر بحمد اللہ سبحانہٗ بخیریت گزر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آئندہ بھی فضل و کرم فرماوے۔ آمین۔ سفر دو ہفتہ تک امید ہے کہ ختم ہو جائے گا۔ رفقائے سفر تسلیمات عرض کرتے ہیں۔ عزیزان گرامی قدر کو سلام و دعوات خیریت سے اطلاع دیتے رہا کریں کہ نصف ملاقات ہوتی رہے۔ باقی سب خیریت ہے۔

فقیر حقیر راقم الحروف محمد شمس الدین بھی تسلیمات عرض کرتا ہے۔ عزیزوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۹؍ شوال ۱۳۸۳ھ

از چیچہ وطنی

۶/۳۳۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر خان محمد عفی عنہ محبّ مکرم جناب خان صاحب دامت عنایاتہم مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے ملے۔ خیریت اور حالات کا علم ہوا۔ امید ہے کہ عبداللہ خان کے معاملے میں پریشان ہونے کی ضرورت آپ محسوس نہیں کرتے ہوں گے۔ یک در بند ہزار کشادہ اور دیر آید درست آید مشہور مقولے ہیں:

کارساز ما بفکر کار ما     فکر ما در کار ما آزار ما[۱]

---

۱۔ ہمارا کارساز ہمارے کام کی فکر میں ہے۔ ہمارا اپنے کام کے بارے میں سوچنا ہماری تکلیف کا سبب ہے۔

Marfat.com

اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے فضلوں پر قوی بھروسہ اور اُمید ہے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ. دوسرا خط واپسی ہے۔ فقیر کا کل صبح موسیٰ زئی شریف جانے کا قصد ہے۔ چار پانچ دن تک واپسی ہوگی۔ باقی سب خیریت ہے۔ جملہ عزیزان گرامی قدر کو سلام ودعوات۔ ایاز خان صاحب کو خط لکھیں تو فقیر کے تسلیمات بھی لکھ دیں۔

والسّلام

جمعہ ۱۲؍ذی قعدہ ۱۳۸۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷/۳۳۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ عزیز محمد عبداللہ سلمہ اللہ تعالیٰ ۶؍مئی کی صبح کو پہنچ آیا ہے۔ کلاک بھی پہنچا دی ہے۔ کیس بھی انشاء اللہ تعالیٰ پہنچ آوے گا۔ عزیز محمد علی خان سلمہ اللہ تعالیٰ کے متعلق معلوم ہوا۔ ضرور سعی کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ترقی کے مواقع میسر فرماوے۔ اور حسب تمنا پوری پوری کامیابی نصیب فرماوے۔ اور اس کے مکروہات سے اپنی حفاظت میں محفوظ رکھے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عافیت اور سلامتی سے رکھے۔ اور جمعیت ظاہری و باطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔ ٹریکٹر کے لیے اپنا ایک ساتھی ڈرائیور آمادہ کیا ہے۔ مولوی محمد عثمان صاحب کے آنے پر جس طرح آپ فرماویں گے اس سے بات ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۴؍ذی الحجہ ۱۳۸۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۸/۳۳۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا ایک گرامی نامہ جو محمد زاہد

Marfat.com

صاحب کے نام حضرت شاہ صاحب کے روپے کے ڈرافٹ والا محمد زاہد صاحب نے لاہور بھیجا اور کل ۷ رمئی کو فقیر کو موصول ہوا۔ حضرت شاہ صاحب کی عنایات کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. اللہ تعالیٰ انہیں دیر تک بعافیت وصحت، ہم مہجوروں کی دعا گوئی کے لیے زندہ رکھے۔ آمین۔

فقیر لاہور میں ہے۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴ رمئی جمعہ کی صبح کو واپس خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ ایک اہم گزارش یہ ہے کہ ملک محمد اسلم صاحب ۱۲، ۱۳ رمئی والے دوسرے جہاز پر واپس آرہے ہیں۔ اور شاید اکیلے ہیں۔ دوسرے ساتھی ہمراہ نہیں ہیں۔ ان کی سہولت کا ضرور کوئی انتظام فرماویں۔ فقیر مشکور ہوگا۔ علامہ صاحب اور محمد اشرف خان صاحب کے لیے ضرور دعا فرماویں۔ فقیر بھی مصروف دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہر دو صاحبان کو نمایاں کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔ فقیر عزیز محمد عبداللہ خان کے لیے تو خاص طور پر دعا گو ہے۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آں عزیز کو نیک وصالح اور صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھے اور مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت سے رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۶ رمحرم ۱۳۸۴ھ / ۸ رمئی ۱۹۶۵ء ازلاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۹/۳۳۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور عزیز خالد خان کو امتحان میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہم سب کو اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

آپ بعافیت واپس پہنچ گئے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنی حفاظت میں عافیت وسلامتی اور صحت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی رضامندی اور خوشنودی نصیب فرماوے۔ آمین۔

عبداللہ خان کے رشتہ کے متعلق کسی کو درمیان میں نہ ڈالیں۔ اگر حافظ محمد نصر اللہ خان صاحب کے ہاں رشتہ ہے تو اُن کے ساتھ بات خود کریں، یا خط وکتابت کے ذریعہ

Marfat.com

کریں تو خود کریں۔ کسی کو درمیان میں واسطہ نہ ڈالیں۔ ان کے جو حالات ہیں، ان کا اقتضاء یہی ہے کہ درمیان میں کوئی واسطہ نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کوئی بہتر صورت پیدا فرماوے۔ آمین۔

حافظ محمد سعد اللہ خان صاحب کی پوتیاں بھی جوان ہیں۔ بہر حال جس طرح آپ مناسب سمجھیں، کریں۔ اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۴ رمحرم ۱۳۸۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۱۰/۳۳۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عزیز خالد خان صاحب کو اللہ تعالیٰ کامیاب کرے۔ اور مخلوق کی خدمت و امداد کے لیے دستِ شفا عطا فرما کر دنیا و آخرت کی سرخروئی نصیب فرماوے۔ آمین۔

خفیہ برانچ میں منتقلی کے متعلق معلوم ہوا۔ جس میں اسلام اور مسلمانوں کی بہتری ہو اور پاکستان کی سالمیت کو فائدہ پہنچے، اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر فرماوے۔ مسلمانوں اور ملک کی خدمت کے بہتر سے بہتر مواقع میسر فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جمیع مکروہات ظاہری و باطنی سے اپنی حفاظت میں عافیت وعزت سے رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات۔ اور گھر میں سلام مسنون۔

والسّلام

۲۹ رصفر ۱۳۸۴ھ/ ۱۰ رجولائی ۱۹۶۴ء از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۱/۳۳۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. ازفقیرخان محمد عفی عنہ بخدمت گرامی محبّ مکرم جناب خان صاحب دامت عنایاتہم عرض آنکہ خیریت نامہ ملا۔ حضرت مولانا مغیث الدین شاہ صاحب کا گرامی نامہ بھی ملا۔ اوران کے خط کے ساتھ ہی مولانا سیّد عبدالسّلام شاہ صاحب بھی آ گئے۔ خیریت سب کی معلوم ہو کر مسرّت ہوئی۔ خانقاہ پاک میں خیریت ہے۔ جناب سیّد عبدالسّلام شاہ صاحب نے آپ کی عنایات کا تذکرہ دیر تک سنایا۔ فرما رہے تھے کہ اس دن آپ نے کسی چوکی پولیس کا افتتاح فرمانا تھا۔ ادھر آپ کی مصروفیت تھی، ورنہ وہ کچھ مزید بھی ٹھہر جاتے۔ باقی سب خیریت۔ عبداللہ خان بخیریت ہے۔ قاضی شمس الدین، گل محمد سرگانہ آئے ہوئے ہیں۔ تسلیمات عرض کرتے ہیں۔ وہاں جملہ عزیزاں گرامی قدر کو سلام ودعوات۔ والسّلام

ہفتہ ۸ / ربیع الاوّل ۱۳۸۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۲/۳۳۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرخان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل ایک عریضہ ارسالِ خدمت کیا ہے۔ وہ مل گیا ہوگا؟ آخیر میں ایک تشویشناک بات بھی لکھ دی گئی تھی جس سے آپ کو بھی پریشانی ہوئی ہوگی۔ وہ بہ یمن حضرات مشائخ عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین رفع ہوگئی ہے۔ اوراس کا نام حذف ہو گیا ہے۔ باقی خود مجرم ہیں۔ اپنی سزا پاویں گے۔ صرف ایک سفارشی خط ایس پی میانوالی کے نام محمد عارف اور محمد افضل کے لیے ارسال فرمادیں۔ ممکن ہے مزید ضرورت پڑے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اوراپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔ ویزا کے حصول کے لیے جو روپے خرچ کیے اُس سے اپنی زیادتی پر افسوس ہوا۔ آپ پر خواہ مخواہ بوجھ ڈال

Marfat.com

دیا۔ پہلے بھی آپ پر مختلف قسم کے بوجھ ڈالتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کے مال میں مزید برکت عطا فرماوے۔ اور ترقیات کرامت فرماوے۔ آمین۔ یہ روپے ساتھیوں سے ضرور وصول کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ رحمانیہ والے کچھ روپے بھیجیں تو وصول کرلیں۔ والسّلام

۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۳/۳۳۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا کندیاں کا رہنے والا اپنا ساتھی ہے۔ ان کی رقم مبلغ تیرہ ہزار روپیہ میر پور خاص کے کسی زمیندار کے ہاں پھنسی ہوئی ہے۔ اور وہ باوجود اِقرار کرنے کے نہیں دیتا۔ یہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہے ہیں۔ میر پور خاص کے ایس پی صاحب کی طرف خاص سفارشی خط یا دیگر کوئی ذریعہ تلاش کر دیویں تاکہ ان بیچاروں کی رقم وصول ہو جاوے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۵؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۴/۳۳۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولوی صاحب کے متعلق معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور مولوی صاحب کو اس شر سے محفوظ رکھے۔ اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے علم میں بہتر ہو اُس کا ظہور فرماوے۔ اور آپ سب کو جملہ مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت

Marfat.com

میں عافیت وسلامتی اور عزت سے رکھے۔ آمین۔ روپے کے متعلق مولوی عثمان صاحب نے بھی اطلاع دی ہے کہ بھیج دیا ہے۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ مل جاوے گا۔ اطمینان فرماویں۔ اللہ تعالیٰ بیش در بیش انعامات واکرامات سے نوازے۔ اور کثیر برکات مرحمت فرماوے۔ آمین۔

ملتان سے خالد خان صاحب نے بھی ابھی تک والدہ کے یہاں آنے کی اطلاع نہیں دی۔ یہاں بھی انتظار ہو رہی ہے۔ تاخیر باعث بخیر ہو۔

فقیر کا ایک بھانجا فتح خان کانسٹیبل نمبر ۱۰۴ آپ کے زمانہ میں کوئٹہ بھرتی ہوا تھا۔ ۱۲/ اکتوبر کو ہیڈ کانسٹیبل کے کورس کے لیے امتحان دے رہا ہے۔ اس سلسلہ میں وہاں کچھ تدارک ہو سکے تو ضرور سعی فرماویں تاکہ اس کا انتخاب ہو جاوے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون، بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۸/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱۵/۳۳۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل ایک عریضہ ارسال خدمت کیا ہے۔ اس میں عزیز فتح خاں کے متعلق گزارش کی تھی۔ اس کے متعلق مزید گزارش ہے کہ امتحان وانتخاب دسمبر ۶۴ء کو ہوگا۔ ۱۲/ اکتوبر کو نہیں ہو رہا۔ اب فوری طور پر کسی کو لکھنے کی ضرورت نہیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۹/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱۶/۳۴۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے

Marfat.com

آ گاہی ہوئی۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۳؍اکتوبر کی صبح کو ملتان پہنچے گا۔ عزیز رشید احمد کو دکھانا ہے۔ ممکن ہے دو تین روز وہاں ٹھہرنا ہو جاوے۔ پھر اِنشاء اللہ تعالیٰ خانیوال جانا ہوگا۔ اور ۲۴؍اکتوبر تک وہاں ہی رہے گا۔ خانیوال میں معرفت محمد غلام سرور صاحب سرگانہ وکیل خانیوال ڈاک ملے گی۔ آئندہ کا پروگرام خانیوال سے عرض ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عزیز فتح خاں کے لیے کوئی فکر نہ کریں۔ وہ اب چھٹی آیا ہوا ہے۔ کہتا ہے کہ اس سال تو انتخاب ہو گیا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۳؍جمادی الثانیہ ۱۳۸۴ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۱۷/۳۴۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کا پہلا عریضہ مل گیا ہوگا؟ فقیر حسب ارادہ آج شام کو روانہ ہو کر کل صبح ۱۳؍اکتوبر کو ملتان پہنچے گا۔ پھر وہاں سے خانیوال جانا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کل عزیز محمد عبداللہ خاں کا خط ملا۔ ویزاجات کے متعلق کچھ تفصیل لکھی۔ فقیر پوری طرح نہیں سمجھ سکا۔ وہ خط ارسال خدمت ہے۔ جس طرح مناسب سمجھیں کریں۔ آپ کو دستخط کرنے کا تو اِختیار پہلے سے دے رکھا ہے۔ وہاں ہندوستان میں تار دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

ایک اور گزارش ہے کہ ملکوال ضلع گجرات میں اپنے ایک ساتھی عبدالرحمان خان صاحب اپنے ماسٹر شادی خان صاحب کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ وہ اپنے ایک عزیز کو ملٹری میں بھرتی کروانا چاہتے ہیں۔ لڑکا ایف اے پاس ہے۔ صحت و قد اچھا ہے۔ وہ میجر جنرل نصیر صاحب کے نام پُرزور سفارشی خط کے متمنی ہیں۔ نصیر صاحب آج کل کھاریاں چھاؤنی، ضلع گجرات میں لگے ہوئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ایک سفارشی خط بھی ارسال فرماویں۔ اور براہِ راست بھی ان سے رابطہ پیدا فرماویں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے

Marfat.com

ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۵/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۸
۲۴۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج مولوی صاحب تشریف لے آئے۔ ان کو یہ عریضہ لکھ کر پیش کر رہا ہوں۔ ویسے بھی عریضہ لکھنے کا ارادہ کر رہا تھا۔ فقیر ۲۵/ اکتوبر کی صبح کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ عزیز محمد عابد سلمہ اللہ تعالیٰ کی شادی خانہ آبادی بخیر وعافیت سرانجام پا گئی۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. آئندہ بھی اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور عزیز کی جمیع مشکلات کو آسان فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. گھر والے واپس پہنچ گئے ہوں گے؟ انہوں نے رشتہ کے متعلق کوائف سے اطلاع دی ہوگی؟ حافظ محمد سعد اللہ خان صاحب شادی پر آئے تھے، ان سے بات ہوئی تھی۔ محمد امین کی آمادگی کا اظہار کرتے تھے۔ گھر والے بھی راضی ہو جاویں گے۔ امید ہے کہ معاملہ درست ہو جاوے گا۔ آجکل تو وہ الیکشن کی گہما گہمی میں مصروف ہیں۔ حافظ سعد اللہ خان صاحب اور محمد یوسف خان صاحب کا مقابلہ ہے۔ نصر اللہ خان صاحب اور عبدالخالق خان صاحب کا مقابلہ ہے۔ محمد امین اور پسرِ حفیظ اللہ خان صاحب کا مقابلہ ہے۔ اور خوب رسہ کشی ہو رہی ہے۔ اور انتہائی ذلیل حرکات پر اُتر آئے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فضل وکرم فرماوے۔ اور غیب سے بہتری کی کوئی صورت پیدا فرماوے۔ آمین۔ امید ہے کہ آپ سب بعافیت ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں عافیت وسلامتی سے رکھے۔ اور مکروہات زمانہ سے اپنی حفاظت میں اور عزت سے رکھے۔ آمین۔

ویزوں کا چنداں فکر نہ فرماویں۔ منظور ہو گئے تو خیر، ورنہ کوئی بات نہیں۔ فقیر کی طرف سے جملہ عزیزان کو دعوات۔

والسّلام

۲۲/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۹/۳۴۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ہوگاں کے سفر کی روئیداد والا (موصول) ہوا۔ کامیابی کا پڑھ کر از حد مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنے فضل سے بخیر وخوبی سرانجام فرماوے۔ اور دونوں خاندانوں کے لیے باعث خیر و برکت اور اتفاق ومحبت گردانے۔ آمین۔

سب گھر والوں کی طرف سے سب گھر والوں کو مبارکباد قبول فرماویں۔

دوسرا گرامی نامہ بھی ملا۔ قاضی پہلے ملتان جمعیت کے اجلاس میں شرکت کے لیے روانہ ہوچکے تھے۔ وہاں سے فراغت کے بعد ٹھٹھہ جانے کا ارادہ تھا۔ امید ہے کہ پہنچ گئے ہوں گے؟ ان کا حکم نامہ واپس ارسال ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ اور جمعیت ظاہری وباطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام وبچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۸/ شعبان ۱۳۸۴ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۰/۳۴۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل خانقاہ پاک سے محمد زاہد صاحب نے اطلاع دی ہے کہ ڈرافٹ اور چیک پانچ صد، یک صد اور ایک ہزار کے موصول ہوگئے ہیں۔ اطمینان فرماویں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی کو قبول فرماوے اور اجر عظیم عطا فرماوے۔ آمین۔ ساتھ ایک انگریزی چٹھی بھی تھی۔ اُس میں ایک ہزار کے متعلق یہ تصریح تھی کہ یہ مدز کوٰۃ کا ہے اور اس کی رسید چاہیے۔ کیا آپ نے رسید دی تھی یا یہاں سے بھیجی جاوے؟ نیز مدز کوٰۃ کا روپیہ مسجد میں خرچ نہیں ہوسکتا۔ مسجد کے متعلق جو صاحب

Marfat.com

مدز کوٰۃ کا روپیہ دیں، وہ نہیں لینا چاہیے۔ یا پھر اُن کو مسئلہ بتا کر یہ کہہ دیا کریں کہ مسجد پر خرچ نہیں ہوگا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کل فضل آباد سے ظہر کے بعد واپس آیا ہے۔ رقبہ کی حالت بہت اچھی ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید برمزید اپنی برکات سے نوازے۔ آمین۔

فقیر سولہ مارچ کو بہاولپور پہنچے گا۔ اور ۱۹/ مارچ کو بہاولپور سے روانہ ہو کر بیس مارچ کی صبح کو خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ احمد پور شرقیہ میں حافظ عبدالحمید صاحب کے مکان کا معاملہ پھر دوبارہ غلام محمد صاحب کے پاس زیرِ غور ہے۔ اُن کو ضرور ایک تاکیدی خط تحریر فرماویں، تاکہ وہ پوری پوری اس مسکین کی امداد کریں۔

عزیز محمد علی خان صاحب نے خود جا کر باگڑ سے مستری علم الدین صاحب کو ساتھ لے کر رحیم یار خان بھیجا تھا۔ وہ کل سوموار کو آ کر کوٹھی دیکھ گئے ہیں۔ آج وہ علی خان صاحب سے بہاولپور میں بات کریں گے۔ فقیر نے تاکید تو کی ہے کہ کام ضرور کریں۔

صادق آباد میں چوہدری طفیل صاحب سے ملاقات ہوئی تھی۔ وہ جنگ شاہی جا رہے تھے۔ وہ کہتے تھے کہ فقیر کے ذمہ چھ صد چوالیس روپے (-/۶۴۴) باقی ہیں۔ فقیر کو پہلے اس کا علم نہیں تھا۔ وہ کس طرح کے ہیں؟ اطلاع فرماویں تاکہ ادائیگی کی سعی کی جاوے۔ فقیر کی طرف سے جملہ عزیزان کو دعوات و پیار۔ والسّلام

۷/ ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ/ ۱۰/ مارچ ۱۹۶۵ء ازرحیم یار خان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲۱/۲۲۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ پہلا عریضہ مل گیا ہو گا؟ فقیر اپنے نظام کے مطابق آج رکن پور جا رہا ہے۔ وہاں سے پندرہ مارچ کو احمد پور پہنچے گا۔ اور پھر احمد پور سے ۱۶/ مارچ کو بہاولپور۔ بہاولپور سے ۱۹/ مارچ کو روانہ ہو کر ۲۰/ مارچ کی صبح کو خانقاہ پاک پہنچنا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

صادق آباد میں اپنے ساتھی ریاض ہاشمی کے متعلق گزارش کی تھی۔ اور آپ کی سعی کے مطابق صادق آباد والی پولیس نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ اب ان کو بدمعاش لوگوں نے ایس پی تک پہنچا دیا ہے۔ لہٰذا اس کے متعلق بھی پوری سعی فرماویں، تاکہ وہ بھی کوئی ایسی کارروائی نہ کرے۔ بقیہ حالات زبانی بیان کریں گے۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۰/ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ/۱۳/مارچ ۱۹۶۵ء ازرحیم یارخان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۲/۳۴۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع خطوط آج موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ سارے سفر میں عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور مدارجِ قرب میں ترقیات ارزانی فرماوے۔ آمین۔

جس طرح پہلے عریضہ میں لکھا تھا، فقیر کا ارادہ ۲۰/مارچ کی صبح کو خانقاہ پاک پہنچنے کا ہے۔ ابھی تک تو یہی عزم ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مسجد کے سلسلہ میں آپ کی مساعی اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ آمین۔ پہلے دو ڈرافٹ پانچ پانچ صد روپے کے رمضان المبارک میں مل گئے تھے۔ اطمینان فرماویں۔ زمین کی لاٹوں کے روپے آپ کی صوابدید پر ہیں۔ بہرحال فقیر کو بھی روپے ادا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کامیابی کے اسباب پیدا فرماوے۔ اور باعثِ برکت کرے۔ آمین۔ فقیر تو آپ کے احسانات کا بہت بہت شکرگزار ہے۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ.

الیکشن کے حالات تو بہت ہی ناگفتہ بہ ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے سامنے یہ سب مکر و فریب ہیچ ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم فرماوے۔ اور جملہ علماء حضرات کو کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے جملہ عزیزوں کو دعوات و پیار۔ والسّلام

۱۳؍ ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ/ ۱۶؍ مارچ ۱۹۶۵ء از احمد پور شرقیہ

۲۳
۳۴۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ حضرت حاجی صاحب مرحوم کے انتقال سے جو نقصان ہوا ہے، اُس کی تلافی ناممکن ہے۔ ہر شخص میں کچھ خصوصیات ہوتی ہیں۔ حاجی صاحب میں جو خصوصیات تھیں وہ اُنہی کا حصہ تھیں۔ اور جو استقامت ان کو نصیب تھی وہ اس دور میں عنقا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اسی طرح منظور تھا۔ سوائے صبر کے کوئی چارہ نہیں ہے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ.

فقیر ۲۳؍ مارچ کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ ابھی سے سفر کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ عید کے بعد دیکھا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

انتخابات ہو گئے اور حزب اختلاف ختم ہو گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ دینی بہتری کی توقعات یکسر ختم ہو گئیں۔ لوگ آزادیٔ تحریر و تقریر کا رونا روتے تھے، یہاں تو آزادیٔ ضمیر ختم کر دی گئی ہے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ اپنے دین کی حفاظت کرنے والے ہیں اور خود ہی اس کے اسباب پیدا فرماویں گے۔

مستری علم دین کا خط آج موصول ہوا ہے، وہ ارسالِ خدمت ہے۔ فقیر کو تو اس کا اندازہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ جس طرح رائے عالی ہو، اُس سے علی خان صاحب کو اطلاع فرما دیویں۔ عزیز علی خان صاحب کی دخترِ نیک اختر کی ولادت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک نیک و صالحہ اور با عفت و حیا بناوے۔ اور بچی کو صحت و عافیت سے رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے جملہ عزیزان کو دعوات۔ والسّلام

۲۲؍ ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ/ ۲۵؍ مارچ ۱۹۶۵ء از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۴
۳۴۸
بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا رجسٹری والا نامہ موصول ہوا۔ مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔ حکومت جن اوچھے ہتھکنڈوں پر اُتر آئی ہے اور جو رذیل حرکتیں کر رہی ہے، یہ ایسے ہی حالات ہیں جن سے پُرخطر انقلاب وقوع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو کیا منظور ہے یہ تو وہ خود جانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے۔ اسلام اور مسلمانوں کی بہتری کے اسباب ازغیب پیدا فرماوے۔ اور ملک کو فتنہ وفساد سے بچا کر داخلی وخارجی استحکام نصیب فرماوے۔ آمین۔

لائسنس مل گئے ہیں۔ راؤ صاحب آویں گے تو روپے کا مطالبہ بھی کیا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عزیز محمد اسد اللہ خاں سلمہ اللہ تعالیٰ کا بھی خط آیا ہے۔ وہ فوج کے کسی شعبہ کی تعلیم میں داخلہ کے متعلق پوچھتا ہے۔ اس کو آپ بہتر سمجھ سکتے ہیں۔ اگر کسی اچھی ملازمت کا پیش خیمہ بن سکے تو ضرور سعی کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کے شر سے بچاوے۔ اور کامیابی عطا فرما کر اُس کو باعث برکت کرے۔ آمین۔

خالد خان صاحب کا بھی خط آیا ہے کہ کئی دفعہ فیل ہونے کی وجہ سے ملازمت میں دشواری پیش آرہی ہے۔ البتہ کوئی سفارش ہو تو مل سکتی ہے۔ فقیر نے جواب میں لکھا ہے کہ اس دور میں انصاف کی توقع رکھنا عبث ہے۔ رشوت وسفارش کا زمانہ ہے۔ ملازمت کرنی ہے تو جس ذریعہ سے بھی ملے وہی ذرائع اختیار کرنے چاہئیں۔ اگر نہ کرنی ہو تو پھر رحیم یار خان میں دونوں بھائی مل کر اپنا کام شروع کر دیں۔ رزق اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ جو کچھ مقدر ہے وہ جو ذریعہ بھی اختیار کریں گے، مل جاوے گا۔ اللہ تعالیٰ رزقِ حلال اور برکت والا عطا فرماوے اور اِس پریشانی کو دُور فرماوے۔ آمین۔

قاضی صاحب کا اِرادہ تو ہے کہ ٹھٹھہ حاضر ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کے نام واپسی کارڈ آیا تھا۔ اس پر ٹھٹھہ کا پتہ درج تھا۔ وہ کارڈ مل گیا ہوگا؟ قاضی صاحب بھی پہنچ

Marfat.com

جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی عافیت اور صحت وسلامتی کا متمنی ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت وعزت سے رکھے۔ اور اپنے مشائخ عظام کے طریقہ پر استقامت عطا فرما کر برکات و فیوضاتِ طریقہ سے بہرہ ور فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

۲۹/ ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ/ یکم اپریل ۱۹۶۵ء والسّلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۲۵/۳۴۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا رجسٹری والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ چیک بھی وصول پایا۔ مولا پاک جزائے احسن و خیر عطا فرماوے۔ اور آپ کی مساعی کو قبول فرماوے۔ اور آپ کی ان نیک مساعی کے وسیلہ سے آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور جمیع مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت وعزت سے رکھے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ صراطِ مستقیم پر اِستقامت کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. مولا پاک آپ سب کو اپنی حفاظت میں عافیت وسلامتی اور صحت وعزت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

مہمان احباب اور خاندان کے لوگوں کی بہت فرمائشات ہیں کہ بندوق کے لائسنس بنوا دیں۔ پہلے بھی آپ کو بہت زیادہ اس سلسلہ میں تکلیف دی جا چکی ہے۔ اب راؤ صاحب نے بھی یہ تکلیف دی ہے۔ کیا دو چار لائسنسوں کی مزید سعی ہو سکتی ہے؟ فقیر آپ کو بہت زیادہ تکلیف دیتا ہے جس سے شرم آنے لگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اخلاص میں

Marfat.com

برکتیں عطا فرماوے اور اپنے انعامات سے مزید برآں سرفراز فرماوے۔ آمین۔

مستری علم الدین صاحب کا خط پہلے بھیج چکا ہوں۔ جو بھی رائے ہو، اس سے عزیز علی خان صاحب مطلع فرما دیویں۔ فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔

۵/ذی الحجہ ۱۳۸۴ھ والسلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

۲۶/۳۵۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ اس روز ملتان میں فون پر بات ہونے کے بعد کچھ ایسی مصروفیت رہی کہ آپ کے خطوط کا جواب نہ دے سکا۔ فقیر باگڑ سے چیچہ وطنی آ گیا ہے۔ یہاں گرد و نواح میں چکوک میں کثرت سے حضرت حاجی صاحب مرحوم کے متوسلین ہیں۔ ان کے اصرار پر فقیر یہاں آیا ہے۔ ۶/مئی تک اس علاقہ میں رہنا ہے، پھر لاہور کا قصد ہے۔ ۱۲، ۱۳/مئی تک واپس خانقاہ پاک پہنچنا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اُس روز قاضی صاحب کے متعلق فرمایا تھا کہ ڈی سی صاحب نے کام خراب کر دیا ہے۔ کیا صورت پیش آئی؟ اللہ تعالیٰ کرے کہ اصلاح کی صورت نکل آئی ہو۔ اور جناب قاضی صاحب کا مستقل تقرر ہو جاوے۔ اور آپ کی تمنا مولا پاک پوری فرماوے۔ آمین۔

فقیر خانقاہ پاک سے انجن اور جنریٹر ہمراہ لایا تھا۔ اور عزیز علی خان صاحب کے حوالے کر دیا ہے کہ فروخت کر دیں۔ بجلی کے متعلق کیا کچھ معلوم ہوا ہے، یا کہ نہیں؟ شیخ فضل کریم صاحب کو ضرور یاد دہانی کروا دیں۔

لائسنس کی فہرست واپس جا کر ارسال کروں گا۔ فی لائسنس کتنے روپے فیس کے ارسال کیے جائیں؟ مطلع فرماویں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہات زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت سے رکھے۔ آمین۔

جناب مولانا پیر عبداللطیف شاہ صاحب، حکیم ذوالفقار صاحب، حاجی گل محمد

Marfat.com

صاحب اور عزیز خان محمد صاحب ہمراہ ہیں۔ اور سلام مسنون عرض کرتے ہیں۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

از چیچہ وطنی

۲۹ر ذی الحجہ ۱۳۸۴ھ

۲۷
۳۵۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے گرامی نامے پے درپے ملتے رہے ہیں۔ اور حالات سے آگاہی ہوتی رہی ہے۔ فقیر بعافیت ۱۳ رمئی کو خانقاہ پاک پہنچ آیا تھا۔ اور خانقاہ پاک میں بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ابھی تک بارشوں کا کچھ ایسا سلسلہ شروع ہے کہ باوجودیکہ مئی ختم ہو رہا ہے، گرمی کا نام و نشان نہیں ہے۔ فصلات کا بھی بہت نقصان ہو رہا ہے۔ اپنی بداعمالی کی سزامل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی سب کو حقیقی انابت اور توبہ کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

علامہ صاحب کے رہنے کا فقیر کو از حد صدمہ ہوا ہے۔ منشائے ایزدی کے سامنے سوائے صبر کے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اس طرح منظور تھا۔ مرضی مولا ہمہ اولیٰ۔ دونوں ارسال کردہ چیک مل گئے ہیں۔ اطمینان فرماویں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی کو قبول فرماوے۔ اور اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور جملہ معاندین کے شر سے اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت سے رکھے۔ اور اپنے راستہ پر استقامت کے ساتھ گامزن فرماوے۔ اور جمعیتِ وسکون روزی گردانے۔ آمین۔

جناب قاضی صاحب وہاں ہیں یا کہ واپس تشریف لے گئے ہیں؟ یا کیا نظام بنایا ہے؟ رقبہ کی حالت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال فرماوے۔ اور مزید ترقی و برکت کے اسباب پیدا فرما کر اپنی رضامندی کے حصول کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔

امسال پر بھوسہ کے لیے ویگن کی ضرورت ہوگی۔ عثمان کو فرماویں کہ ابھی سے فکر

Marfat.com

کرے۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات اور گھر میں سلام مسنون۔

۲۲ رمحرم ۱۳۸۵ھ والسّلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۲۸
۳۵۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کا پہلا عریضہ مل گیا ہوگا۔ مکتوبات کے متعلق مولانا کو لکھا جاوے گا۔ ان حالات میں شاید عجلت سے طبع نہ ہو سکے۔ لاہور میں تو ایک دفعہ سب کاروبار معطل ہو گیا تھا۔ لاہور کا بچ جانا اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کا کرشمہ ہے۔ ورنہ بظاہر حالات کچھ بھی نہیں تھے۔ فوج وغیرہ کچھ بھی نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ کو بچانا مقصود تھا، بچا لیا۔ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ تَعَالٰی عَلٰی اِحْسَانِہٖ وَکَرَمِہٖ.

اسی طرح سرگودھا پر مجموعہ ۴۵ ہوائی حملے ہوئے اور وہ بالکل ہی اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں محفوظ رہا۔ یہی حال اور سب جگہوں کا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بے پایاں نصرت شاملِ حال تھی، لیکن اربابِ اقتدار نے اس سے بالکل فائدہ نہیں اٹھایا۔ اور اِس بہترین موقع کو ضائع کر دیا۔ ۱۸ رسال کی آہ وبکا کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ موقع عطا فرمایا تھا جو کہ اقوام یورپ کی شاطرانہ چالوں کی بھینٹ چڑھ گیا۔ اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ غیب سے بہتری کے اسباب پیدا فرماوے۔ اور مسلمانانِ کشمیر وہند کے مصائب کو دور فرماوے۔ اور کفار کے پنجۂ استبداد سے نجات مرحمت فرماوے۔ آمین۔

علاوہ ازیں گزارش ہے کہ بجلی کی مسل جوہرآباد سے بنوں واپڈا کے دفتر میں چلی گئی ہے۔ جوہرآباد سے روانگی کی تاریخ ۲۰/۹/۶۵ ہے۔ اور نمبر ڈاک ۸۷۵ ہے۔ بنوں میں اس کا کوئی تدارک ہو سکے تو ضرور کریں۔

فقیر کو عزیز اسد اللہ خان کا بہت فکر ہے۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے اور عزیز کے داخلہ میں آسانیاں پیدا فرماوے۔ اور پوری پوری کامیابی عطا فرما کر دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۸ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۵ھ/۴ر اکتوبر ۱۹۶۵ء
از خانقاہ سراجیہ

۲۹ / ۳۵۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم سردار فضل محمود خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا محمد نواز کانسٹیبل واں بھچراں کا رہنے والا ہے۔ وہ میانوالی یا میانوالی کے کسی قریبی ضلع میں تبادلہ کا خواہشمند ہے۔ اس سلسلہ میں اگر کچھ ہو سکتا ہے تو مہربانی فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔
والسّلام

۱۰ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۵ھ
از خانقاہ سراجیہ

۳۰ / ۳۵۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں رجسٹری گرامی نامے موصول ہو کر کاشف حالات ہوئے۔ لائسنسوں کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و عافیت سے رکھے۔ عزیز اسد اللہ خان کے داخلہ کا ازغیب سبب پیدا فرماوے۔ اور جملہ پریشانیوں کو دور فرما کر جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

تھوڑی سی تکلیف اور کریں، اور وہ یہ کہ چونکہ ڈاک آج کل کچھ دیر سے پہنچ رہی ہے، بدیں وجہ علی محمد کے لائسنس پر بندوق نہیں خریدی جا سکی۔ ۱۰/ اکتوبر میعاد تھی۔ اس کی میعاد بڑھوا دیویں۔ عنایت ہوگی۔ بدیں وجہ واپس ارسال ہے۔ علاوہ ازیں حافظ غلام ربانی صاحب کا لائسنس بھی ارسال ہے۔ اور ساتھ بندوق کی رسید بھی ارسال ہے۔ اس کا اندراج کروا کر تین سال کے لیے تجدید بھی کروا دیں۔ تجدید کی فیس کے روپے منی آرڈر کر دیے ہیں۔ یہ جملہ لکھنے کے بعد میاں حاجی مواز صاحب کا پوتا آیا۔ اس نے بتایا ہے کہ آج شام میں سکھر جا رہا ہوں بھرتی کے لیے۔ لہٰذا یہ سب چیزیں اس کے ہاتھ ارسال ہیں۔ صوفی صاحب کو سلام مسنون کے بعد فرماویں کہ واپس سیدھا خانقاہ پہنچیں۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۶/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۱
۳۵۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل آپ کا رجسٹری گرامی نامہ موصول ہوا۔ حسبِ ہدایت آج علی محمد صاحب قریشی حاضر ہونے کے لیے یہاں سے روانہ ہو رہے ہیں۔ پوری تسلی سے کام پورا کروا دیویں۔ فقیر ممنون و مشکور ہوگا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ اور جمیع مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت سے رکھے۔ آمین۔

صوفی صاحب وہاں ہیں یا کہ واپس کامونکی چلے گئے ہیں؟ اگر وہاں ہوں تو اُن کو واپس بھیجنے کی سعی کریں۔ اب یہاں ان کی جدائی ناقابلِ برداشت ہے۔ نیز پستول والا لائسنس جو سکندر کے نام کا ہے، سکندر کے نام کے ساتھ کنڈکٹر لکھا گیا ہے، حالانکہ سکندر ٹیچر صحیح ہے۔ یہ تصحیح کروا دیویں۔ مہربانی ہوگی۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

علی محمد صاحب کی بندوق پر جو خرچہ وغیرہ ہوا، اُس کا بل اس کے حوالے فرما دیویں۔

جملہ رقم بعد میں یہاں سے بھیجی جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ والسلام

۲۶ ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۲/۳۵۶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے کئی خطوط موصول ہوئے۔ دستی والا نامہ بھی مل گیا تھا۔ اطمینان فرماویں۔ فقیر کو تین ہفتہ سے نزلہ و کھانسی کی شدید تکلیف ہے۔ اس وجہ سے خطوط کے جوابات نہیں لکھے جا سکے۔ علی محمد صاحب نے روپے دے دیے ہیں۔ کل منی آرڈر کر دیے جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ زمین کے متعلق اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ آمین۔ آپ نے ہی کرنا ہے۔ یہ معاملہ آپ کے سپرد ہے۔ بہرحال سعی جاری رہنی چاہیے۔ اور حصول کے ذرائع بروئے کار لانے چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

تین روز ہوئے حافظ سعد اللہ خان صاحب مع اہلیہ تشریف لائے تھے۔ رشتہ کے متعلق بات ہوئی۔ اس سلسلہ میں جمیع برادری کی یہ سعی ہے کہ یہ رشتہ نہ ہو۔ اور ہر ایک یہی چاہتا ہے۔ فقیر نے حافظ صاحب کو مطمئن تو کیا ہے۔ اور گھر والے بھی مطمئن واپس گئے ہیں۔ یہ بیچارے اس سلسلہ میں معذور ہیں۔ کوئی بھی تو ہمنوائی کرنے والا نہیں ہے۔ معلوم نہیں برادری کو آپ سے اتنا بغض کیوں ہے۔ بہرحال رمضان المبارک کے بعد شادی کی تیاری میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس معاملہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچاوے۔ آمین۔

فقیر علی خان صاحب اور جملہ عزیزان کے لیے دعا گو ہے۔ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت کے ساتھ رکھے۔ اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

مخالفوں کی ممانعت سے بددل نہیں ہونا چاہیے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل پر بھروسہ رکھنا

Marfat.com

چاہیے۔ یہ ساری مخلوق اُس ذاتِ کریم کی محتاج ہے:

ع دشمن چہ کند چوں مہربان باشد دوست[1]

عبداللہ خاں، اللہ تعالیٰ کرے کہ شوق سے اس ملازمت میں لگ جاوے۔ اور وقت کی قدر اور قیمت کا احساس ہو۔

یہاں ایک لڑکا ہے۔ میٹرک فرسٹ ڈویژن پاس ہے۔ قد لمبائی کے لحاظ سے پورا ہے۔ چھاتی ۳۳ اِنچ سے ایک سوتر کم ہے۔ بھرتی ہونا چاہتا ہے۔ اس کی کوئی صورت نکل سکے تو مطلع فرماویں۔

خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ مسجد کا کام شروع ہے۔ ایک ہفتہ سے فرش کے کام کا آغاز ہوا ہے۔ اور بیت المال بھی ختم ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۱۰؍رجب ۱۳۸۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

۳۳
۳۵۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر ملتان سے ۴؍ دسمبر کی شام کو خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ملتان میں علی خان صاحب وغیرہ سے ملاقات نہ ہوسکی۔ فقیر علماء کی مجلس مشاورت میں مصروف رہا۔ جس کی وجہ سے ان کو اِطلاع نہ ہوسکی۔ فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت کے ساتھ رکھے۔ اور ہمہ قسم کا اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ روپے کا حساب بعد میں ارسال کر دیا جاوے گا۔ ابھی تک محمد زاہد

---

۱۔ دشمن کیا کرے گا جب دوست (اللہ تعالیٰ) مہربان ہے۔

Marfat.com

صاحب وصول کر کے نہیں لائے۔

حافظ جی کا لائسنس پھر ارسال ہے۔ تین سال کے لیے تجدید کروادیں۔ مہربانی ہو گی۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۳؍ شعبان ۱۳۸۵ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳۴ / ۳۵۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا عبدالرحیم خان صاحب آپ کے ہم وطن احمد پور کے رہنے والے ہیں۔ اپنا تبادلہ روہڑی سے خان پور کروانا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کی ہر ممکن امداد فرماویں۔ مولا پاک اجر وثواب عطا فرماویں گے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۸؍ محرم ۱۳۸۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳۵ / ۳۵۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا احمد نواز کانسٹیبل واں بھچراں کا رہنے والا ہے۔ سرگودھا، لائل پور آنا چاہتا ہے۔ پہلے بھی ایک دو دفعہ کوشش کی ہے۔ فقیر سے بھی سفارشی رقعے لے گئے تھے۔ معلوم نہیں کس بنا پر ناکامی ہوئی ہے؟ اس پر ضرور شفقت فرماویں۔ اور اس سلسلہ میں ان کی پوری پوری امداد فرماویں۔ وَالۡاَجۡرُ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۵؍ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۶/۳۶۰ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم.

بَعدَ الحَمدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرسَالِ التَّسلِیمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالحَمدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہٰ ہٰذا محمد طیب صاحب محترم حافظ عبدالحمید صاحب کے داماد ہیں۔ اور سکھر میں ٹیلیفون کے محکمہ میں ملازم ہیں۔ اور کوئی محکمانہ امتحان دیا ہے۔ اس سلسلہ میں امداد و اعانت کے متمنی ہیں۔ اگر کچھ ہو سکتا ہے تو ضرور کریں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۲؍ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۷/۳۶۱ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم.

بَعدَ الحَمدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرسَالِ التَّسلِیمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ حاملِ رقعہٰ ہٰذا اللہ بخش ماچھی گوٹھ (کا) رہنے والا ہے۔ اور پولیس کے زیرِ تفتیش ہے۔ اگر بے قصور ثابت ہو تو مہربانی فرما کر اس کو معافی کے احکام جاری فرماویں۔ تفصیل تو زبانی بیان کرے گا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالحَمدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۴؍ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۸/۳۶۲ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم.

بَعدَ الحَمدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرسَالِ التَّسلِیمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ پہلے ایک عریضہ ارسالِ

Marfat.com

خدمت کر چکا ہوں، مل گیا ہوگا؟ آج ابھی ابھی شیر دل صاحب مصلّٰی لے کر پہنچے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس مخلصانہ خدمت کو قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ اور مزید برآں اپنے انعامات سے نوازے اور دنیا و آخرت کی سرخروئیوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

دوسرے مصلّٰی کو تیار نہ کرواویں۔ اس کے نصب کرنے کے لیے بہت کچھ توڑ پھوڑ کرنی پڑے گی۔ لہٰذا دوسرے مصلّٰی کا خیال ترک کر دیں۔ مولوی عبدالقیوم صاحب سے دریافت فرمالیں۔ اگر وہ اپنے بچوں کو لانے کے لیے آمادہ ہو تو پھر مکان کا انتظام فرماویں۔ غلام محمد صاحب بھی خدمت میں پہنچے گا۔ اس کا خیال بھی ضرور فرماویں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ اور گھر والوں کو سلام۔ والسّلام

۱۴؍ ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

۳۹ / ۳۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا ابھی ابھی والا نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ عزیز عبیداللہ سلمہ اللہ تعالیٰ کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو اپنی حفاظت میں عافیت و صحت اور عزت کے ساتھ رکھے۔ اور سعادت دارین کے ساتھ مشرف فرماوے۔ آمین۔

ایک روز کے لیے مولوی عبدالقیوم صاحب یہاں آ گئے تھے۔ آج واپس جا رہے ہیں۔ کچھ باتیں تفصیلی زبانی عرض کریں گے۔ ان پر ضرور توجہ فرماویں۔ مکان کی مرمت کے بارے میں کچھ لکڑی کی ضرورت ہوگی۔ اس کا انتظام بھی ماچکا والوں سے ہو جائے تو بہتر ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام مسنون۔ والسّلام

۳۰؍ ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۴۰
۳۶۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل ایک عریضہ ارسال کر چکا ہوں، مل گیا ہوگا؟ کل ہی عبدالقیوم صاحب کا خط ملا جو کہ بغرض ملاحظہ ارسالِ خدمت ہے۔ اس سے کچھ حالات کا تھوڑا سا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ بہر حال فقیر پہلی رائے پر قائم ہے۔ فقیر کو اپنے احباب کی عزت و آبرو سب چیزوں سے مقدم ہے۔ فقیر کے ساتھ آپ سب احباب کا تعلق محض اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ جب اس تعلق میں رخنہ پڑنے کا احتمال ہو تو اس پر سب چیزوں کو قربان کر دینا چاہیے۔ فقیر اپنے دنیاوی مقاصد کے لیے کسی ساتھی کو ذلیل و رسوا کرنا نہیں چاہتا۔ ممکن ہے اس وجہ سے اس تعلق پر اَثر پڑا ہے۔ لہٰذا غلام محمد کو اباوڑہ بھیج کر چپکے چپکے عبدالقیوم کو بھجوا دیں۔ اور وہاں کا حساب و کتاب وغیرہ جو کچھ بھی ہے، اپنی صوابدید پر جس طرح مناسب سمجھیں کریں۔

آج صبح عزیز خالد خان صاحب عزیز محمد عبیداللہ خان صاحب اور صادق خان صاحب کے ہمراہ آئے اور ڈبوں پر میانوالی عبدالرحیم خان صاحب کے پاس چلے گئے ہیں۔ عزیز محمد زاہد صاحب کو ساتھ بھیجا ہے۔ حکیم صاحب سے مشورہ کر کے واپس آجاویں گے۔ شام کو جانے کا یعنی واپسی کا ارادہ ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۲ ربیع الثانی ۱۳۸۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۴۱
۳۶۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت

Marfat.com

ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا رشید احمد و ماسٹر محمد صدیق صاحب قوم اَرائیں یہاں کندیاں کے ایک مہاجر ساتھی کے مزارعہ ہیں۔ وہاں گھوٹکی میں مقامی سندھی لوگ تنگ کرتے رہتے ہیں۔ لہٰذا گزارش ہے کہ ان کی جائز اِمداد فرما کر سندھی لوگوں کے ظلم وتشدد سے ان کو بچاویں۔ فقیر ممنون ومشکور ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۳ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۲ / ۳۶۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط اکٹھے موصول ہوئے۔ کھجور کی ٹوکری پہلے وصول کر لی تھی۔ بلٹی بعد میں پہنچی۔ اطمینان فرماویں۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

محمد بخش کے ساتھ جو سلوک بھی کیا جائے، ضروری ہے کہ اس کو اپنے جرائم کی سزا ملے۔ فقیر کی سفارش کو کالعدم تصور فرماویں۔

بجلی کی لائن مکمل ہوگئی ہے۔ کل عارضی تار لگا کر مسجد میں روشنی بھی کی گئی ہے۔ میٹر کے حصول کی درخواستیں دے دی گئی ہیں۔ ہفتہ کا وعدہ کیا ہے کہ میٹر دے دیں گے۔ وہ ناپ وغیرہ لے گئے ہیں۔ خرچ کے متعلق گزارش ہے کہ مال گاڑی پر تو نہ بھیجا جائے۔ اس میں تو مہینے لگ جاویں گے۔ سعودی گاڑی پر خرچہ زیادہ آوے گا۔ بہرحال آخر منگوانا ہی ہے۔ خرچہ تو لازمی ہوگا۔

اپنا خیال تو پختہ ہے کہ مسجد میں اور گھر میں پانی کی چھوٹی چھوٹی موٹریں لگ جاویں۔ آٹا کی مشین کا بھی خیال ہے۔ جیسے جیسے اسباب مہیا ہوتے جاویں گے، یہ چیزیں لگتی جاویں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

زمین کی دیکھ بھال محمد نواز کر سکے تو بہتر ہے۔ اس سے بہتر آدمی کا ملنا تو مشکل ہے۔

Marfat.com

سستی وکاہلی کے علاوہ اس میں کوئی عیب نہیں ہے۔

مسٹر نذیر کے شر کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے اور اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت و آبرو سے رکھے۔ اور جمعیتِ ظاہری و باطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔

عزیز محمد علی خان صاحب نے انجن والے روپے چھ صد پہنچا دیے ہیں۔ وہ بجلی پر ہی خرچ ہو رہے ہیں۔ بجلی کے تھے بجلی پر خرچ ہو رہے ہیں۔ اس طرح آپ برابر اس کارِ خیر اور صدقۂ جاریہ میں برابر کے شریک ہیں۔ دراصل یہ سارا ثواب آپ کو ہی ملے گا۔ کیونکہ اس کی ابتدا اور انتہا آپ کی مساعی سے ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی کا باعث بناوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۹؍جمادی الاولیٰ ۱۳۸۶ھ/ ۵؍ستمبر ۱۹۶۶ء	ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۴۳
۳۶۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر اِس ہفتہ سفر میں رہا۔ کل جمعرات کی صبح کو واپس آیا۔ اور آج پھر دو روز کے لیے باہر جا رہا ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنی حفاظتِ خاص میں عافیت اور عزت و آبرو سے رکھے۔ پیر بھر چونڈی اور نذیر کے شر سے بچاوے۔ اور اپنے فرائض کو پوری طرح ادا کرنے کی توفیق کرامت اور دارین کی سعادتوں اور سرخروئیوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

مسجد کے بجلی کے پنکھوں کا انتظام ہو گیا ہے۔ شیخ شریف صاحب لائل پور والوں نے پیش کش کی تھی اور انہوں نے پہنچا دیے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی خدمت کو قبول فرماوے۔ آمین۔ باہر اور گھر کے لیے باقی ہیں۔ ان میں آپ کا حصہ یقیناً ہو گا۔ ویسے بھی یہاں کے ہر کام میں آپ شریک ہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کے اخلاص ومحبت میں

Marfat.com

ترقیات عطا فرماوے۔ اور آمدن میں کثیر برکات عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ آمین۔ حج کا نظام جس طرح مرتّب کریں گے، ٹھیک ہی ہے۔ لیکن اگر ہوائی جہاز کا انتظام ہوسکے تو بہتر رہے گا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۶ھ ازخانقاہ سراجیہ

۴۴/۳۶۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

میر لئیق احمد صاحب کا خط مزارعان کے لیے آیا تھا۔ وہ ارسال ہے۔ اگر ضرورت ہو تو مولوی محمد عثمان صاحب کو ہدایت فرماویں، تا کہ ان سے بات چیت کرے۔ شفیع صاحب نے تو اُن کو ٹال دیا ہے۔ برلب سڑک والی زمین جو چالیس ایکڑ ہے، وہ تو بہر حال ایسے ہی پڑی ہے۔ اس کی آبادی کی صورت بن جاوے تو بہتر ہے۔ بہر حال جس طرح مناسب ہو کریں۔ فقیر بغرض اطلاع عرض کر رہا ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۲ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۶ھ ازخانقاہ سراجیہ

۴۵/۳۶۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے تینوں گرامی نامے یکے بعد دیگرے موصول ہوئے۔ اور حالات سے آگاہی ہوئے۔ رجسٹری والا نامہ مین ڈرافٹ جو زاہد صاحب کے نام ہے، مل گیا ہے۔ اطمینان فرماویں۔ مولا پاک

Marfat.com

جزائے خیر عطا فرماوے۔اور آپ کی مساعی کو قبول فرماوے۔اور اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔آمین۔

پنکھوں کا پارسل مل گیا ہے۔ریلوے والوں کی بے احتیاطی کی وجہ سے پیٹی ٹوٹی ہوئی ہے۔دو پنکھوں کے ریگولیٹروں کا کور، جو کہ پلاسٹک کا تھا، ٹوٹ گئے ہیں۔دوسری چیزیں صحیح وسالم ہیں۔اطمینان فرماویں۔پنکھے آ گئے ہیں۔

ایاز صاحب کے متعلق پڑھ کر افسوس ہوا۔اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے اور صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔آمین۔عزیز اسد اللہ خان کا ایک پرچہ بھی رہتا معلوم کر کے افسوس ہوا۔اللہ تعالیٰ آئندہ اپنا فضل فرماوے اور پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔اور سعادت دارین سے سرفراز فرماوے۔آمین۔

عبداللہ خاں کے گھر کی تکلیف کا معلوم کر کے بھی صدمہ ہوا۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس تکلیف کو دفع فرماوے۔اور نیک وصالح اولاد عطا فرماوے۔آمین۔

سفر کے متعلق گزارش ہے کہ رجب کے آخر میں ہو سکے گا۔پہلے ناممکن سا ہے۔بہر حال جو تاریخ مقرر ہوگی، اطلاع ہو جاوے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو سے رکھے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۴ / جمادی الثانیہ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۶/۳۷۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہو کر کاشف حالات ہوئے۔فقیر اِن دنوں بہت مصروف رہا ہے، اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی ہے۔فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ جمعہ ۱۳ / رجب کی شام کو ملتان پہنچے گا۔ہفتہ

Marfat.com

۱۴ر رجب کی صبح کو ملتان سے جو ۹ بجے گاڑی چلتی ہے اُس پر سوار ہو کر، اُسی روز شام کے وقت رحیم یار خاں پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہاں سے پھر سکھر کا قصد ہے۔ حج کے متعلق تفصیلات وہاں ہی طے ہوں گی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۹ر رجب ۱۳۸۶ھ ازخانقاہ سراجیہ

۴۷/۳۷۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترمی و مکرمی جناب فضل محمود صاحب ایس پی ڈسٹرکٹ سکھر!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

جیسا کہ جناب کو علم ہے کہ دارالعلوم مدنیہ بہاولپور کے لیے تعمیر و تعلیم کے سلسلہ میں تعاون کی اشد ضرورت ہے، بایں غرض دارالعلوم کے ذمہ دار رُکن حامل ہٰذا رقعہ روانہ خدمت ہے۔

امید واثق ہے کہ اپنے اثر و رسوخ سے پوری طرح کوشش فرما کر دارالعلوم کا تعاون فرمائیں گے۔ اجرِ عظیم ہوگا۔ والسّلام

۲۴ر شعبان ۱۳۸۶ھ خان محمد عفی عنہ

۴۸/۳۷۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی من کل الوجوہ عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

یہاں خواجہ صاحب نے خود بھی آپ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ بعض احباب کے لیے سعودی عرب کا پاسپورٹ حج کے لیے درکار ہے۔ آج خواجہ صاحب کالونی واپڈا سے

Marfat.com

صرف اسی مقصد کے لیے تشریف لائے ہیں۔ یہ عریضہ محمد اعظم خان صاحب لے کر حاضر ہوں گے۔ اس سلسلہ میں ہر ممکن امداد فرما کر ممنون و مشکور فرماویں۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۵ رشعبان ۱۳۸۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۹/۳۷۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ اور حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کو ایک مختصر سا سفر پیش آ گیا تھا۔ واپسی پر پھر طبیعت بہت خراب ہوگئی۔ نزلہ و کھانسی کا شدید حملہ ہوا۔ اور ابھی تک ہے۔ اسی وجہ سے جواب میں تاخیر ہوئی۔ ویسے آج کل خط و کتابت کا سلسلہ بند ہے۔ ڈاک کا ڈھیر لگتا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ آمین۔

یہاں رمضان المبارک کا پہلا روزہ بدھ ۱۴ر دسمبر کا چاند دیکھ کر رکھا ہے۔ اور کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں ہوا۔ یہاں لائسنسوں کی تجدید کا مرحلہ کچھ دشوار سا بنا دیا گیا ہے۔ وہ محمد عارف صاحب نے کل تجدید کے لیے آپ کی طرف بھیجے ہیں۔ یہاں حافظ غلام ربانی صاحب کی چوری ہوگئی ہے۔ سامان میں ان کا لائسنس بھی چوری ہو گیا ہے۔ وہ آپ نے حیدر آباد سے بنوا دیا تھا۔ اور تین سال کا تجدید شدہ تھا۔ اس کا نمبر وغیرہ ارسال ہے۔ اس کے متعلق ضرور سعی فرماویں۔ تا کہ اس کی نئی کاپی بن جاوے۔

فقیر نے زمین کے سلسلہ میں جو روپے ارسالِ خدمت کیے ہیں وہ درج ذیل ہیں؛ پہلے ساڑھے پانچ ہزار، دس ہزار رحمانیہ کمپنی والوں کے، اور دس ہزار روپے اب آخری دفعہ۔ یہ کل ساڑھے پچیس ہزار روپے ہوتے ہیں۔ فصل کی جو کچھ آمد ہوئی ہے وہ آپ کو معلوم ہے۔

خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ تراویح حسب معمول ہو رہی ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ

Marfat.com

لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۵رمضان المبارک ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

۵۰ / ۳۷۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ نذیر کی شیطنت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اُس کے شر سے ہمیشہ ہمیشہ بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے فرائضِ منصبی کی ادائیگی میں صحیح صحیح رہنمائی فرماوے۔ اور دیگر ہمہ مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور رمضان المبارک کی برکات سے مالا مال فرما کر جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طبیعت قدرے اچھی ہے۔ لیکن پورا افاقہ نہیں ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور صحت کاملہ و شفائے عاجلہ کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ — والسّلام

۱۱رمضان المبارک ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

۵۱ / ۳۷۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ ڈرافٹ بھی موصول ہوا۔ اطمینان فرماویں۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے اس انکوائری کو بالا بالا ختم فرماوے۔ اور اس کے شر کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم فرماوے۔ اور جمیع مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

کل یہاں سے ایک لائسنس پارسل گیا ہے۔ وہ بھی تجدید کروانا ہے۔ مہربانی فرماویں گے۔ آتے ہوئے ایک سویٹر پولیس والی لیتے آویں۔ غلام مصطفیٰ کا مطالبہ ہے۔

Marfat.com

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہرنوع عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۶ر رمضان ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵۲/۳۷۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبّی مکرم جناب خان صاحب دام لطفہٗ گزارش آنکہ گرامی نامہ ملا۔ کوائف سے آگاہی ہوئی۔ یہاں بھی بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔عزیزہ سلمہا کے کارِ خیر کے باعزت وخوبی وخوش اسلوبی انجام پذیر ہونے کا پڑھ کر خوشی ہوئی۔مولیٰ پاک جانبین کی راحت وسعادت دارین کا موجب بناوے۔آمین ثم آمین۔دری کا جو رنگ آپ کو پسند ہو وہی بنالیں۔بالکل آپ کی پسند ہمیں پسند ہے۔تشریف آوری کا انتظار رہے گا۔
عزیزاں گرامی قدر کو سلام ودعوات۔اگر جناب شاہ صاحب موجود ہوں تو تسلیمات ملاحظہ فرماویں۔

جمعہ ۲۲ر شوال ۱۳۸۶ھ والسّلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵۳/۳۷۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو سے رکھے۔آمین۔
حاملِ رقعۂ ہٰذا سلطان مبارک صاحب اپنا مخلص ساتھی ہے۔میانوالی سول ہسپتال میں کمپوڈر ہے۔اور اکثر کام آتا رہتا ہے۔اور بہت ہی خدمت گزار ہے۔ان کا بھائی وہاں سکھر میں واپڈا میں ملازم ہے۔اس کے سلسلہ میں امداد کا طالب ہے،لہٰذا گزارش ہے کہ ہر ممکن امداد فرما کر ممنون ومشکور فرماویں۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔والسّلام

۱۲ر ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۵۴/۳۷۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

محمد حیات خاں ولد سکندر خان حسب الارشاد ارسالِ خدمت ہے۔ مہربانی فرما کر اِس کو بھرتی کر لیں۔ فقیر ممنون و مشکور ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۶رذی الحجہ ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

۵۵/۳۷۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عزیز محمد عبداللہ خان کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور حقیقی معنوں میں انابت الی اللہ نصیب فرما کر دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طبیعت پہلے سے تو بہتر ہے۔ لیکن پوری طرح افاقہ نہیں ہو رہا۔ معمولی تغیر سے طبیعت زیادہ خراب ہو جاتی ہے۔ باہر جانے کے لیے بھی طبیعت آمادہ نہیں ہو رہی۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اپنا فضل شاملِ حال رکھے۔ اور صحت کاملہ و شفائے عاجلہ کرامت فرماوے۔ آمین۔

فصل اب تیار ہوگی۔ کٹائی وغیرہ نزدیک ہوگی۔ محمد نواز صاحب وہاں ہیں یا رقبہ پر ہیں؟ نگرانی کی کیا صورت ہوگی؟ محمد شفیع وغیرہ نے امداد تو ضرور کی ہے، لیکن فقیر کو قابلِ اعتماد آدمی معلوم نہیں ہوتے۔ یہ محض وسوسہ ہے یا کوئی حقیقت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں۔ ان لوگوں سے جس قدر خلاصی جلدی ہوگی، بہتر رہے گا، لیکن ایسے معاملات آپ بہتر

Marfat.com

جانتے ہیں۔ جس طرح مناسب سمجھیں کریں۔

محمد حیات خاں پسر سکندر خاں پہنچ چکا ہوگا؟ یہاں سے روانہ ہوگیا ہے۔ فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور مزید برمزید اپنے انعامات سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۸/ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۵۶/۳۸۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی و مخلصی جناب سردار فضل محمود خان صاحب مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔ جس قدر آپ کوشش کر سکتے تھے، آپ نے کی۔ ناکامی ہوئی، اللہ تعالیٰ کی مرضی۔ اس میں پریشانی کی ضرورت نہیں ہے۔

عزیز عبداللہ خان صاحب معہ اہلیہ کے آئے ہوئے ہیں۔ خیریت سے ہیں۔ عزیز محمد اسد اللہ صاحب کے متعلق دعا ہے کہ مولا پاک ان کو امتحان میں خاطر خواہ کامیابی نصیب فرمائے۔ آمین۔ نیز دعا ہے کہ مولا پاک آپ کے اہل وعیال کو خیر و عافیت سے رکھے۔ اور خیر و عافیت کے ساتھ واپسی سکھر ہوں۔

فقیر کو گو اب بہت کچھ آرام ہے مگر کمزوری و نقاہت بہت ہوگئی ہے۔ دعا کریں کہ اللہ پاک اپنے رحم و فضل و کرم سے صحت کلی عطا فرما کر نقاہت و کمزوری رفع فرمائے۔ آمین۔ خانقاہ پاک پر ہر طرح سے خیریت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. خدا کرے کہ آپ بھی خیر و عافیت سے ہوں۔ احباب کو سلام۔ والسّلام

۲۳/ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۵۷/۳۸۱ اَلۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا عصمت اللہ شاہ صاحب کانسٹیبل نمبر ۱۰۸۴ تھانہ بی سیکشن سکھر، واں بھچراں، ضلع میانوالی کا رہنے والا ہے۔ اور اپنے احباب کے قریب ترین متعلقین میں سے ہے۔ یہ سکھر سے ملتان تبادلے کا آرزومند ہے۔ اس سلسلہ میں جو بھی قانونی کارروائی ہوتی ہے، پوری فرما کر امداد فرماویں۔ فقیر شکر گزار رہو گا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۵/محرم ۱۳۸۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

۵۸/۳۸۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ جناب آغا ہاشم جان صاحب کی پریشانی کا پڑھ کر پریشانی ہوئی۔ اولاد کے بگڑنے کا رنج بہت بڑا رنج ہوتا ہے۔ والدین کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی مصیبت نہیں ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسی پریشانیوں اور مصیبتوں سے بچاوے۔ اور ہم سب کی اولادوں کو نیک وصالح اور لائق وفرمانبردار بناوے۔ آمین۔

ملک میں کوئی ایسا ادارہ بھی نہیں ہے جہاں اُس بچے کو داخل کروایا جاوے۔ یہاں بھی اور آپ کے ہاں بھی یہ ذمہ داری مشکل ہے۔ البتہ لاہور جامعہ حمیدیہ کے نام سے ایک اسکول کھلا ہے۔ اس میں داخلہ کی ترغیب دلوائیں۔ میٹرک کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا بھی اہتمام ہے۔ اور نگرانی بھی پوری پوری کی جاتی ہے۔ تبلیغی جماعت کے اکابرین نے قائم کیا ہے۔ مختصر تعارف چٹان میں آیا ہے۔ وہ پھاڑ کر بھیج رہا ہوں۔ فقیر (کا) پہلا عریضہ مل گیا ہو گا؟ عبداللہ خاں کو ضرور بھیجیں۔ مہربانی ہوگی۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۳/محرم ۱۳۸۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۵۹/۳۸۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل دس صفر کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

لائل پور بھائی غلام رسول صاحب نے آپ کا اور سلطان شاہ صاحب کا خط پہنچا دیا تھا۔ غلام رسول صاحب بہت خوش تھے اور دعائیں دیتے تھے۔ جناب صاحبزادہ محمد جان صاحب کو اِطلاع بھجوادی گئی ہوگی؟ ان کے چار فوٹو تو پہلے فقیر نے بھیجے تھے۔ ان کے پاس انٹرنیشنل پاسپورٹ ہے۔ ان کے لیے نئے پاسپورٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

محمد زاہد صاحب نے نائب پارٹی لیڈر شیخ یعقوب صاحب کے پتہ پر فوٹو بھیج دیے تھے۔ مل گئے ہوں گے؟ عزیز نصیر احمد صاحب نے جس آسامی کے لیے درخواست دی ہے، اس کے لیے شارٹ ہینڈ اور ٹائپ کی ضرورت نہیں۔ اس سلسلہ میں پوری سعی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور عزیز کے لیے معقول ملازمت کا ازغیب سبب پیدا فرماوے۔ اور ہم سب کو اُس کی طرف سے اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنی حفاظت میں آپ سب کو صحت وعافیت اور عزت وآبرو کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے عزیزان کو دعوات اور گھر میں سلام۔ والسّلام

۱۱رصفر ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۶۰/۳۸۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔ حالات معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے احباب کو فہم صحیح عطا فرماوے۔ اور ہر قسم کی بدگمانیوں سے بچاوے۔ اور اپنے مشائخ کی صحیح اتباع نصیب فرماوے۔ آمین۔

عزیز نصیر احمد اور حافظ صاحب کے متعلق جو سعی فرمائی، اس کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. مولا پاک اپنے فضل سے ان امور کو با احسن وجوہ سرانجام فرماوے۔ اور ان صاحبان کو اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

صاحبزادہ محمد جان صاحب کا اسم گرامی شامل ہوا ہے یا کہ نہیں؟ اور اگر شامل ہو گیا ہے تو اُن کو اطلاع بھجوادی گئی ہے یا کہ نہیں؟ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۳ رمئی جمعرات کی صبح کو لاہور ماڈل ٹاؤن پر پہنچے گا۔ احباب کو بھی اطلاع فرماویں۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۷ رصفر ۱۳۸۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل اپنے اسٹیشن کے اسٹیشن ماسٹر صاحب کے بھائی کو ایک سفارشی خط لکھ دیا ہے۔ اس میں برادرم ملک خان محمد ڈی ایس پی ریٹائر کے انتقال کا لکھا تھا۔ اسی وجہ سے فقیر فوری واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ ان کو خانقاہ پاک میں ہی دفن کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اُن کی مغفرت فرماوے اور اپنی رحمت سے نوازے۔ ۶۱/۳۸۵

عالم عرب بلکہ عالمِ اسلام کے اس حادثہ سے سخت صدمہ ہوا ہے۔ اور جب خیال آتا ہے تو دِل بیٹھ جاتا ہے۔ ہوش وحواس ٹھکانے نہیں رہتے۔ اللہ تعالیٰ کی شانِ بے نیازی ہے۔ کسی کو دَم مارنے کی طاقت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ محض اپنی شانِ ارحم الراحمین سے اس کا تدارک فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا امیر سراج احمد صاحب اپنے مخلص ترین ساتھیوں میں سے ہیں۔

Marfat.com

اور کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ان کی گاڑی کا معاملہ کافی مدت سے الجھا ہوا ہے۔ اس سلسلہ میں ان کی پوری پوری امداد فرماویں۔ اور کوئٹہ میں خلاص خان صاحب کو تحریر فرماویں کہ وہ ان کی حتی المقدور ہر ممکن امداد کریں۔ فقیر ممنون و مشکور ہوگا۔ فقیر کا اب کسی طرف بھی سفر کا ارادہ نہیں ہے۔ اب انشاء اللہ تعالیٰ ساری گرمیاں گھر میں گزریں گی۔ فقیر کی طبیعت ملنے کو بہت چاہ رہی ہے۔ لیکن سرِ دست سفر مشکل ہے۔ آپ جب موزوں سمجھیں یا جب رخصت مل سکے، تشریف لے آویں۔ یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۰ رربیع الاوّل ۱۳۸۷ھ / ۱۸رجون ۱۹۶۷ء — از خانقاہ سراجیہ

۶۲
۳۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہو کر کاشف حالات ہوئے۔ محمد افضل صاحب آج صبح واپس آ گئے ہیں۔ خریدِ زمین کا کام کرا آئے ہیں۔ تفصیل سے وہ کہتے ہیں کہ اطلاع دے دی ہے۔ امید ہے کہ مل گئی ہوگی۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۵ر جولائی کی شام کو ملتان روانہ ہوگا۔ ملتان سے ایک روز کے لیے چیچہ وطنی، پھر چیچہ وطنی سے انشاء اللہ تعالیٰ ۸ر جولائی کو روانہ ہو کر عوامی پر لاہور پہنچے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جمیع مکروہاتِ زمانہ سے اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

گھر والے پہنچ گئے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے رہائش کی جملہ آسانیاں بسہولت میسر فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ فقیر کا قیام محمد اسلم صاحب کے پاس ہوگا۔

والسّلام

(۱۳۸۷ھ) از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۶۳/۳۸۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کے عریضے بھی ملتے رہے ہوں گے؟ اور حالات سے اطلاع ہوتی رہی ہوگی؟ محمد نواز اور محمد افضل روپیہ لے کر ۲۵ر جولائی کو روانہ ہو گئے تھے۔ جس کی اطلاع فقیر دے چکا ہے۔ مزید (خبر) وہ وہاں سے دیں گے کہ کیا صورت بنائی ہے؟ انہوں نے رحیم یار خان سے ٹیلیفون کرنے کی کوشش کی ہوگی؟ اب معلوم نہیں وہ کوشش کامیاب ہوئی یا کہ نہیں؟ فقیر آج باگڑ سے واپس آیا ہے۔ خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہات سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور اپنے انعامات سے سرفراز فرما کر جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کا ارادہ ایک ہفتہ تک لاہور آنے کا ہے۔ یہاں سے کام سے فراغت ہو جائے کیونکہ آخری مراحل پر ہے۔ بہر حال اپنی طرف سے کوشش کرے گا کہ پہلے ہو جائے۔ فقیر کی طرف سے عزیزوں کو دعوات۔

عزیز نصیر احمد کا فقیر کو بہت فکر ہے۔ اس کے متعلق ضرور ہر ممکن سعی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ عطا فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

۲۰ر ربیع الثانی ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۶۴/۳۸۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب سردار فضل محمود خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

دورہ سے واپس لاہور پہنچ آئے ہوں گے؟ ریڑھ پہنچ گیا ہے۔ بعض چیزیں کم تھیں۔ وہ یہاں بنوائی جارہی ہیں۔ دو چار روز تک مکمل ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آپ کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

حاملِ رقعہ ہٰذا عرفان احمد اپنے ایک پیر بھائی کا لڑکا ہے۔ میٹرک پاس ہے۔ رات کو ایف اے میں داخلہ بھی لے رکھا ہے۔ چاہتا ہے کہ ان کو کوئی ملازمت مل جاوے۔ جس سے تعلیم میں کچھ مدد مل جاوے اور اطمینان سے یہ سلسلہ جاری رہے۔ اس سلسلہ میں جو کچھ امداد ہوسکتی ہے، ضرور کریں۔ فقیر ممنون اور شکر گزار ہوگا۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۵/۳۸۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ بخیریت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما کر جمعیت ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

محمد نواز نے یہاں بھی کوئی اطلاع وغیرہ نہیں دی۔ اور کسی قسم کی کوئی اطلاع نہیں

Marfat.com

ہے۔ جو روپیہ منتقل کیا ہے اس کے علاوہ اور محمد نواز کے نام منتقل نہ کریں۔ عزیز اسد اللہ خان کے ایک پرچہ میں رہنے کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اگلے امتحان میں مولا پاک اپنے فضل سے پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور سعادتِ دارین سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۹/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۶/۳۹۰ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ امور کو بااحسن وجوہ سرانجام فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے راستہ پر گامزن رکھے۔ اور ہمت واستقامت کرامت فرماوے۔ آمین۔

یہاں کے ایس پی صاحب کو آپ کا گرامی نامہ پہنچانے کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ مولا پاک نے فضل فرما دیا ہے۔ اور اس پریشانی کو دور فرما دیا ہے۔ آئندہ بھی مولا پاک اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور جمیع مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عافیت و عزت سے رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۲/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۷/۳۹۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ محمد نواز صاحب کے خطوط بھی دیکھے۔ آپ جب تشریف لے آویں گے تو مزید مشورہ ہو جاوے گا۔ آج صبح کی نماز کے بعد متصل نکاح والا قصہ ہو گیا۔ اطلاعاً

Marfat.com

عرض ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بہتری فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

بجلی والے معاملہ میں کامیابی اور نئی موٹر کی خرید کی مبارکباد قبول فرماویں۔ دونوں کو آپ سب کے لیے باعثِ خیر وبرکت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۶ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ/ یکم ستمبر ۱۹۶۷ء ازخانقاہ سراجیہ

۶۸/۳۹۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ حضرت مولانا مدظلہم العالی کے مکتوب سامی سے بھی مشرف ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے۔ اور مخالفوں کے شر سے اس دینی ادارہ کو بچاوے۔ اور آزادی کے ساتھ اپنے دین کی خدمت واشاعت کے مواقع میسر فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کا ارادہ آخیر اکتوبر تک سفر کا ہوگا، جس میں گھر والے بھی ہمراہ ہوں گے۔ باگڑ سے لاہور آنا ہوگا۔ اس دوران میں سکھر کا دورہ ہوسکتا ہے تو کرلیں۔ یا جس طرح مناسب خیال فرماویں، کرلیں۔ سکھر کے دورہ کے موقع پر اگر محمد افضل وہاں پہنچ جاوے تو بہتر ہوگا۔ اس تاریخ کی اطلاع ہونی چاہیے۔ فقیر یکم اکتوبر کو راولپنڈی جارہا ہے۔ اور بھی دوتین جگہ جانا ہے۔ اس سفر میں ہفتہ عشرہ لگ جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

Marfat.com

حضرت مولانا مدظلہ العالی واپس تشریف لے جا چکے ہوں گے؟ کیا صورت پیش آئی؟ مطلع فرماویں۔ والسّلام

۲۲/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۹/۳۹۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبّ مکرم جناب خان صاحب دام لطفہٗ گزارش آنکہ خیریت نامہ ملا۔ مولانا بنوری صاحب کے اطمینان سے اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ شر اعداء سے بچائے۔ اور مستاجری کے قصہ کو بھی بخوبی طے فرماوے۔ لالچیوں کو قناعت اور صبر بخشے۔ آمین۔

باقی سب خیریت ہے۔ ۲۱، ۲۲/ اکتوبر ۶۷ء تک ملتان باگڑ کا قصد ہے۔ وہاں کے بعد لاہور کا ارادہ ہے۔ اللہ پاک موفق فرماوے۔ آمین۔ عزیزوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۸/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۷ھ از راولپنڈی

۷۰/۳۹۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ توسیع ملازمت اور عزیز اسد اللہ خان کی کامیابی کا پڑھ کر ازحد مسرّت ہوئی۔ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے بغیر خواہش کے توسیع عنایت فرمائی ہے تو اس میں ضرور خیر و برکت ہوگی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے اس تمام عرصہ کو عزت و آبرو اور خیر و برکت کے ساتھ بسر فرماوے۔ اور جملہ عزیزان کو اپنے ہمہ مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور سعادتِ دارین سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عافیت وصحت اور جمعیت وسکون اور عزت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

محمد نواز کو جو کچھ لکھا ہے، بالکل بجا اور درست ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ ابتدائی پریشانی والے مراحل بخیر وخوبی سرانجام فرماوے۔ اور اِس زمین کو باعثِ برکت گردانے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کا نظامِ سفر وہی ہے کہ ۲۰ رنومبر کو چناب پر صادق آباد پہنچے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ دری اگر چھوٹے سائز کی نہ ملے تو بڑے سائز کی لے لی جاوے۔ کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ایک دری پھولدار ۱۲× ۹ فٹ کی بھی چاہیے۔ اس آخری کی رقم صوفی صادق صاحب کے ہاتھ دستی بھیج رہا ہوں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۹ رشعبان ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷۱/۳۹۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ پہلا عریضہ مل گیا ہوگا؟ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عافیت اور صحت اور عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

صوفی صادق صاحب کے ہاتھ یک صد تیس (-/۱۳۰) روپے ارسال ہیں۔ یہ محمد زاہد صاحب کے ہیں۔ پہلے عریضہ میں دوسری دری جو ۱۲× ۹ سائز کی لکھی ہے، یہ اس کی قیمت ہے۔ فقیر انشاءاللہ تعالیٰ ۲۰ رنومبر کی شام کو چناب پر صادق آباد پہنچ آوے گا۔ فقیر کی طرف سے عزیزوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۱ رشعبان ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷۲/۳۹۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی والا نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ اور ساتھ سلیپروں کا عطیہ بھی وصول ہوا۔ اسی وقت استعمال میں لانے شروع کر دیے۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَاءِ.

Marfat.com

خیریت و عافیت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور رمضان المبارک کی برکات سے سب کو مالا مال فرماوے۔ اور جمعیت وسکون روزی گردانے۔ آمین۔

مسجد میں رکاوٹ کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ محلّہ والوں کو پنج وقتی اذان سے تکلیف ہوتی ہوگی۔ اس کے سوا اور کیا باعث ہو سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہم مسلمانوں کے حالِ زار پر رحم فرماوے۔ آمین۔

یہ لائسنس مفتی عطا محمد صاحب نے بھیجا ہے۔ یہ ان کے لڑکے کا ہے۔ اس لیے بندوق درکار ہے۔ اور میعاد بھی تھوڑی رہتی ہے۔ وہاں کے مال خانہ سے کم خرچہ و بالانشین کے مصداق کے موافق تلاش فرماویں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ اور گھر میں سلام۔ والسّلام

۳۰ رشعبان ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷۳/۳۹۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی جناب سردار فضل محمد خان صاحب خاکوانی مطالعہ فرماویں۔ گرامی نامہ سے تفصیلی احوال معلوم ہوئے۔ اللہ تعالیٰ تکلیف دہ اسباب کو دور فرماویں اور مسجد کی تعمیر میں آسانی نصیب ہو، بحسنِ تدبیر سعی جاری رکھیں۔ فقیر دعا گوئی کرنے میں تقصیر پر راضی نہیں، اللہ تعالیٰ تجمّل مرتّب فرمائیں۔ دیگر احوال خانگی اور ضروریات و مایحتاج زندگی کی فراوانی نصیب فرماویں اور جمعیت و احسان کامل روزی گردانے۔ آمین۔ شروع رمضان المبارک سے پھر نزلہ و کھانسی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ ضعف بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ خیر فرماوے۔ احباب سے توقع دعائے صحت و سلامتی ہے۔ سب عزیزان کو بہت بہت دعوات۔ اللہ تعالیٰ عزیزوں کو قرآن سنانے کی توفیق سے نوازنا قبول فرمائے اور برکات و

Marfat.com

سعادات قرآنی روزی فرماویں۔ والسّلام

۷؍رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

از طرف احقر محمد محبوب الٰہی عفی عنہ اور جناب حکیم ذوالفقار صاحب سلام مسنون قبول فرماویں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۷۴/۳۹۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل آپ کے والا نامہ کا جواب مولانا محبوب الٰہی صاحب سے تحریر کروایا تھا۔ مل گیا ہوگا؟ فقیر کو رمضان المبارک کے آغاز سے نزلہ وکھانسی کی تکلیف شروع ہوگئی ہے۔ علاج جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ مفید گردانے اور صحت عطا فرماوے۔ آمین۔ احباب سے دعا کی درخواست اور توقع ہے۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عافیت وصحت اور عزت و آبرو اور جمعیت وسکون سے رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقیمہٗ ہٰذا سیّد ملازم حسین شاہ صاحب حاضر ہورہے ہیں۔ یہ صاحب یہاں واپڈا کالونی میں واپڈا ہی کے اچھے عہدہ پر ملازم ہیں۔ ان کا یہاں سے تبادلہ ہوگیا ہے۔ تفصیل تو خود بیان کریں گے۔ بہر حال تبادلہ کی منسوخی کے لیے کوشاں ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ کی امداد واعانت کی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں ہر ممکن سعی بروئے کار لاکر پوری پوری امداد فرماویں۔ کامیابی اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے، بہر حال آپ اپنی سعی میں کمی نہ فرماویں۔

نیز پہلے میاں عبدالحفیظ صاحب سپرنٹنڈنٹ دفتر واپڈا کوٹ ادو، اور شفیع صاحب اے سی بنوں کے تبادلہ کے متعلق بھی کہا ہوا ہے۔ اوّل الذکر کا تبادلہ واپڈ کالونی چشمہ بیراج ہونا چاہیے۔ اور دوسرے صاحب کا بنوں سے پشاور۔ ان کے متعلق بھی بطور یاددہانی عرض ہے۔ خانقاہ پاک میں بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۸رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۷۵/۳۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے خطوط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ ٹیکے لگوائے جا رہے ہیں۔ ایک رگ میں لگانے کا کیلشیم کا ٹیکہ ہے۔ اور دوسرا اسٹپسو مائی سین کا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے۔ اور کامل و مکمل صحت عطا فرماوے۔ آمین۔

محمد نواز صاحب کا خط فقیر کو بھی ملا تھا اور اِس مضمون کا تھا۔ ملاّ کی دوڑ مسجد تک کا معاملہ ہے۔ لائسنوں کا تدارک تو آپ ہی نے کرنا ہے۔ جس طرح مناسب جانیں، ویسے ضرورت سے انکار نہیں۔

عبداللہ خان کو اعتکاف کے لیے آمادہ کرنا اور آخری عشرہ میں آمد کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک قبول فرماوے اور موانع کو دُور فرماوے۔ آمین....

خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات اور گھر میں سلام۔ آتے ہوئے ڈبوں میں بند سوئیاں کے کئی ڈبے لیتے آویں۔ والسّلام

۱۴رمضان ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۷۶/۴۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع گرامی نامے موصول ہو کر کاشف حالات ہوئے۔ دو چیک پانچ پانچ صد روپے کے بھی وصول ہوئے۔ جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

صدر صاحب کے شکارِ بے ہنگام کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ فقیر نے بھی فی الحال ارادہ

Marfat.com

سفرِ کراچی کا ملتوی کر دیا ہے۔ ملک محمد اسلم صاحب کی واپسی پر اِنشاء اللہ تعالیٰ یہ سفر ہوگا۔ فقیر عید کے بعد چار شوال یا پانچ شوال کو ایک دو روز کے لیے موسیٰ زئی شریف حاضری کا قصد کر رہا ہے۔ گویا کہ فقیر چار، پانچ شوال تک خانقاہ پاک ہی ہوگا۔ صدر کے شکار سے فراغت کے بعد رخصت سے ضرور فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ آج عزیز علی خان صاحب بھی آئے ہیں۔ دو چار روز ٹھہر کر واپس ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عزیز محمد عبداللہ خان صاحب کا پڑھ کر اَفسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے اور آں عزیز کو فہم صحیح عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو اُس کی طرف سے اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

ملک محمد اسلم صاحب کو عطا محمد کا پتہ دے دیا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۵ ر رمضان ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

۷۷ / ۴۰۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرمادیں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنے قرب کے مراحل کو آسان اور یسر فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

رخصت گزار کر واپس لاہور پہنچ آئے ہوں گے؟ سکھر کا سفر بھی ہوا ہوگا؟ صوفی اسلم صاحب سے تو ابھی تک کچھ نہیں ہوا؟ اس کا خط آیا ہے جو کہ ارسالِ خدمت ہے۔ جو مناسب ہو جواب دے دیویں۔ دو چار روز سے محمد افضل صاحب اس طرف گئے ہوئے

Marfat.com

ہیں۔ فقیر کی گرم چادر بہاولپور کوٹھی پر رہ گئی تھی۔ ملتان پہنچ کر ساتھ والی کوٹھی جو کسی ٹھیکیدار کی ہے، پر ٹیلیفون کیا تھا۔ انہوں نے اطلاع دی تھی یا کہ نہیں؟ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

عزیز سلیم کی عارضی ملازمت کے لیے یہاں کمپنیوں میں کسی طرح سعی فرماویں۔ عزیز نصیر احمد کا بھی ابھی تک کچھ نہیں بنا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۸/ذی قعدہ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۷۸/۴۰۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو سے رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا اپنے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ ان کا لڑکا میٹرک ہے اور ملازمت کا متمنی ہے۔ اس لیے حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں جس قدر امداد ہو سکے، دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون ومشکور ہوگا۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۳/ذی قعدہ ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۷۹/۴۰۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ اور خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔ فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو سے رکھے۔ آمین۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۹/فروری جمعرات کی صبح کو ماڑی انڈس پر لاہور پہنچے گا۔ اطلاعاً

Marfat.com

عرض ہے۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۵رذی قعدہ ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸۰/۴۰۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

مہر محمد امیر صاحب اور حاجی گل محمد صاحب حاضرِ خدمت ہورہے ہیں۔فقیر کا اِن حضرات کے لیے کچھ کہنا محض تکلف ہے۔خانقاہ پاک سے ان حضرات کی جو وابستگی ہے وہ آپ سے پوشیدہ نہیں ہے۔اپنے قومی وقار کا سوال ہے۔اس سلسلہ میں ہر ممکن طریق پر اِمداد فرماویں۔نہایت ضروری ہے۔فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۸رذی الحجہ ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸۱/۴۰۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے خطوط رجسٹری شدہ مع ڈرافٹ موصول ہوئے۔رسالوں کا پارسل بھی وصول ہوا۔اطمینان فرماویں جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. آخری گرامی نامہ جو لائسنسوں کے متعلق تھا، وہ بھی مل گیا۔اللہ تعالیٰ اخلاص وللّٰہیت اور محبت میں ترقیات نصیب فرماوے۔اور ہمت بلند اور اِستقامت علی الطریقۃ المرضیہ کرامت فرماوے۔آمین۔

عنقریب اسما کی فہرست ارسال کی جاوے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔شرح رباعیات تو یہاں ہے۔مقدمہ شرح رباعیات نہیں ہے۔لیکن یہ شرح رباعیات بھی مولانا محبوب الٰہی صاحب کے پاس ہے۔وہ بھی انہی رسائل کی طباعت محکمۂ اوقاف کی طرف سے کروا رہے

Marfat.com

ہیں۔اسی سلسلہ میں ان کے پاس ہے۔

ایک اہم گزارش یہ ہے کہ حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بنوری مدظلہ العالی کی کتاب معارف السنن کی دوسری جلد طبع ہوگئی ہے۔پہلی جلد کے دو نسخے مولانا نے عطیہ کے طور پر عنایت فرمائے تھے۔اب دوسری جلد کے دو نسخے جلد حاصل کرنے چاہئیں۔اور اس میں جلدی کرنی چاہیے۔کیونکہ پہلی جلد ختم ہوگئی ہے۔اس دوسری جلد کے بھی فوری ختم ہونے کا امکان ہے۔

حافظ سعد اللہ خان صاحب سے باگڑ میں مختصر طور پر ملاقات ہوئی۔لیکن اس سلسلہ میں کوئی بات نہیں ہوئی۔اگر پھر ملاقات ہوئی تو انشاء اللہ تعالیٰ بات کی جاوے گی۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت سے رکھے۔آمین۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔گھر میں سلام اور قاضی صاحب کو بھی سلام مسنون۔

۱۲ر ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ والسّلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۸۲/۴۰۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور اطمینان و سکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

عید گزار کر مع متعلقین کے واپس بعافیت لاہور پہنچ گئے ہوں گے؟ اس دفعہ یہ بھی بڑے اطمینان سے گزری۔اور کوئی اختلافی صورت پیدا نہیں ہوئی۔اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔اور اختلاف و انشقاق سے محفوظ فرماوے۔آمین۔

صوفی اسلم صاحب بہاولنگر ملے تھے۔واپسی پر حاصل پور تک ساتھ آئے تھے۔فقیر نے انہیں کہا تھا کہ ہماری طرف سے کوئی جبر و غیرہ نہیں ہے۔تمہاری طبیعت میں اگر کچھ بھی

Marfat.com

بوجھ ہوتو آپ ہرگز یہ کام نہ کریں۔ وہ کہتے تھے کہ آپ اس بات کا خیال نہ کریں۔ میری طبیعت پر کوئی بوجھ نہیں۔ بلکہ مسرّت ہے۔ وہ کہتے تھے کہ میں پانچ سو بیانہ بھی لے چکا ہوں۔عید کے بعد جلد معاملہ طے ہوجاوے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔فقیر بھی سعی کر رہا ہے۔اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۴؍ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

۸۳ / ۴۰۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا تفصیلی والا نامہ رجسٹری معلوم ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔حساب وکتاب کے سلسلہ میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے، وہ صحیح ودرست ہے۔آپ پر فقیر نا قابلِ برداشت بوجھ ڈال دیتا ہے۔اور فقیر اپنی جگہ اس سے بہت شرمندہ ہے۔زمین کے سلسلہ میں جس محنت اور عرق ریزی سے آپ نے کام کیا ہے، فقیر اِس کا بہت ہی شکرگزار ہے۔حقیقی بدلہ تو اللہ تعالیٰ ہی عطا فرماویں گے۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس اخلاص ومحبت میں مزید ترقیات عطا فرماوے اور اِس کو اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔اور اپنے مشائخ عظام کے برکات وفیوضات سے حصہ وافر عطا فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔حساب کے سلسلہ میں اتنی کاوش کی ضرورت نہیں تھی۔حساب دوستاں در دِل والا معاملہ ہے۔جو کچھ آپ احسان کر رہے ہیں، فقیر اُن سے ہرگز غافل نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے فقیر کو بھی آپ کے احسانات کی شکرگزاری کی توفیق کرامت فرماوے۔آمین۔کل ۱۶؍مارچ کی صبح کو مولوی محمد عثمان صاحب آئے تھے۔ اور دس ہزار کا ڈرافٹ فقیر کو دے کر اُسی وقت واپس چلے گئے تھے۔شاید بھکر کچھ کام تھا۔ کہتے تھے کہ ٹھیکیداروں سے بمشکل یہ وصول ہوئے۔اور فوراً ڈرافٹ بنا کر دینے آیا ہوں۔ پہلے احسانات کیا کم ہیں جو یہ احسانِ عظیم فرمایا ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کے مال

Marfat.com

اور اخلاص ومحبت میں کثیر در کثیر خیر و برکت اور ترقیات نصیب فرماوے۔ اور اپنی رضا کا وسیلہ بناوے۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. آمین۔

اپنی فراغت کا بھی تذکرہ کیا تھا۔ اس کے متبادل کیا تجویز کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ازغیب بہتر سے بہتر صورت پیدا فرماوے۔ اور اِس سلسلہ میں کمال اطمینان و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بھی سعی کر رہا ہے۔ اسی قدر تو ضرور فراہم ہو جاوے گا۔ اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا فرماوے۔ اور اِس مشکل کو آسان فرماوے۔ اور ہر قسم کی شرمندگی سے بچاوے۔ آمین۔

ہفتہ تک محمد افضل انشاء اللہ تعالیٰ چلا جاوے گا۔ صوفی اسلم صاحب کی طرف سے کوئی چیز نہیں آئی۔ آپ کا خیال بالکل درست ہے کہ اس کا خیال اب بالکل چھوڑ دینا چاہیے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ عزیز نصیر احمد اپنے ایک ساتھی کے لیے سفارشی ہے۔ زبانی تفصیل سے عرض کرے گا۔ اس کے متعلق ضرور سعی فرماویں۔ فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۷/ذی الحجہ ۱۳۸۷ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸۴/۴۰۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب الحاج فضل محمود خان صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال عفو وعافیت دارین سے نوازے اور اپنی معیت ومعرفت و رضا سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ کے فرزندان کو کامیاب فرمائے۔ آمین۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل وکرم سے امسال بھی اور آئندہ ہر سال سرہند شریف مقبول

Marfat.com

حاضری کی سعادت بخشے۔آمین۔اور زائرین کا کوٹہ بہت زیادہ بڑھانے کے اسباب پیدا فرمائے۔اور جملہ احباب کو اس سلسلہ میں کامیابی بخشے۔آمین۔

فقیر آج ۳/اپریل ۶۸ء رحیم یار خان ہے۔۶/اپریل ۶۸ء صبح بنگلہ پر پہنچنا ہوگا۔ انشاءاللہ العزیز۔عزیزان کو سلام۔

۴/محرم ۱۳۸۸ھ/۳/اپریل ۱۹۶۸ء والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۸۵/۴۰۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ ابھی ابھی آپ کا والا نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔اس وبائی مرض کا ملتان میں تو زیادہ زور ہے۔ممکن ہے دوسری جگہوں پر بھی اس کا اثر پھیلے۔لہٰذا احتیاطی تدابیر اختیار کرنا از حد ضروری ہے۔سب سے پہلے تو ہر ایک کو سچے دل کے ساتھ اپنے گناہوں کی توبہ کرنی چاہیے۔اور اَستغفار کی اور صدقہ کی کثرت کرے۔اس کے علاوہ کچھ وظائف بھی ہیں، وہ بھی کرتا رہے۔سورۂ تغابن، جو کہ ۲۸ پارہ کے نصف آخر میں ہے، اس کو صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ہر ایک پڑھے اور اپنے اوپر دَم کرے۔جو نہ پڑھ سکیں اُن کو پانی دم کر کے پلا دے۔نیز کھانے پینے کی چیزوں پر تین دفعہ سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَا پڑھ کر دم کر کے کھایا کریں۔یہ تعویذ بھی لکھ کر ہر ایک اپنے اپنے گلے میں ڈال دیں۔اور دوسروں کو لکھا دیا کریں۔جمعہ کے روز سب ساتھیوں کو بتا بھی دیں۔اس تعویذ کو لکھ کر پانی میں حل کر کے پینے کے پانی میں ملا کر پانی پیا جاوے۔ نیز مبتلا کو بھی یہ تعویذ لکھ کر دیا جاوے۔پینے کے لیے لکھ دیے جاویں۔اور سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَا کا دَم بھی کیا جاوے۔انشاءاللہ تعالیٰ مفید ہوگا۔

فقیر سفر ختم کر کے ۱۸/محرم کو واپس خانقاہ پاک آ گیا تھا۔ابھی تک لاہور کے سفر کا ارادہ نہیں کیا۔فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات اور احباب کو بھی سلام مسنون۔ والسّلام

۲۳/محرم ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۸۶
۴۱۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاءاللہ تعالیٰ یکم مئی کی صبح کو روانہ ہو کر ملکوال جاوے گا۔ پھر ملکوال سے ۲ مئی کو روانہ ہو کر لالہ موسیٰ سے عوامی پر سوار ہو کر لاہور پہنچے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے عزیزان کو دعوات۔ والسّلام

۲۷ محرم ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۸۷
۴۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور خانقاہ پاک میں بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

عزیز محمد عارف صاحب کا لائسنس ہیوی ارسال خدمت ہے۔ پہلے عارضی سکھلائی کا بنا ہوا تھا۔ اب مستقل لائسنس بنوانا ہے۔ کاغذات مکمل ارسالِ خدمت ہیں۔ وہ کاغذات آپ خود ایس پی میانوالی کی طرف بھیجیں اور وہ لائسنس بنا کر آپ کی طرف بھیج دے۔ اور آپ لائسنس خود یہاں بھیجیں۔ درمیان میں کسی اور کا واسطہ نہ ہو۔ اس پر فوری کارروائی فرماویں۔ عنایت ہوگی۔

سفر کی تھکان وغیرہ اتر چکی ہوگی؟ اور اِس سفر کے بقایا فرائض بھی سرانجام ہو چکے ہوں گے؟ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۶ ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۸۸/۴۱۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ کل عزیز محمد عارف صاحب نے ایک رقعہ لکھوایا تھا۔ وہ بھی مل گیا ہوگا؟ فقیر بعافیت پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو جملہ مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو کے ساتھ رکھے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

اس سفر کو مولا پاک اپنے فضل سے بعافیت سرانجام فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ واپس پہنچاوے۔ آمین۔

محمد افضل صاحب ابھی تک اباوڑہ میں ہے۔ اس سفر میں شاید آپ کی ملاقات اُس سے ہو جاوے....

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۷ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۸۹/۴۱۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا ہمارے آبائی گاؤں کھولہ کے رہنے والے ہیں۔ خاندانی پرانے تعلقات ہیں۔ ان کا لڑکا بی اے ہے۔ اور ملازمت کی تلاش ہے۔ سب طرف سے مایوس ہو کر آپ کی خدمت میں ارسال ہے۔ اس سلسلہ میں ان کی پوری پوری امداد فرماویں۔

Marfat.com

کامیابی اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ مولا پاک کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۲/ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۹۰
۴۱۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا فرستادہ قرآن پاک کا بکس مع والا نامہ موصول ہوئے۔ بکس بہت عمدہ اور اعلیٰ ہے۔ اور بہت پسند کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرماوے۔ اس کا بہت بہت شکریہ۔

آج ڈاک میں دوسرا والا نامہ موصول ہوا۔ وہاں خلیفہ صاحب نے جو بات فقیر کے ساتھ کی تھی، وہ صرف اتنی ہی تھی کہ آپ اختر کا خیال رکھیں۔ فقیر نے گزارش کی تھی کہ پہلے بھی حسب طاقت امداد سے دریغ نہیں۔ آئندہ بھی خیال رکھا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی مالی حالت جو کچھ ہے، وہ آپ سے پوشیدہ نہیں۔ لیکن اس کے باوجود خلیفہ صاحب کے خاندان کی مختلف اوقات میں ہر سال ہزار بارہ سو روپے تک امداد فقیر کرتا ہے۔ لیکن یہ حضرات اس پر قناعت نہیں کرتے۔ اور ہر دفعہ مطالبات پہلے سے زیادہ ہوتے ہیں۔ بہر حال اس قسم کا فقیر نے کوئی وعدہ نہیں کیا تھا۔ اور نہ آپ کو فقیر پابند کرتا ہے۔ جو کچھ امداد آپ کر چکے ہیں وہی کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اُن کو قناعت اور صبر کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۱/ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۹۱
۴۱۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی

Marfat.com

ہوئی۔عزیز محمد علی خان صاحب کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔اور عزیزہ کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں ہمیشہ صحت وعافیت اورعزت وآبرواور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۳۰/ربیع الاوّل جمعرات کی صبح کو واپس خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔اطلاعاً عرض ہے۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۸/ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ از چیچہ وطنی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۹۲/۴۱۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات معلوم کر کے افسوس اور صدمہ ہوا۔نقصان ہمسایہ کے ساتھ ساتھ شماتتِ ہمسایہ بھی ہے۔مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور اِس مرحلہ میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔اور مخالفوں کے شر سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت وآبرواور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔اور خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

آپ کے خط سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ۳/جولائی کو رونق افروز خانقاہ پاک ہوں گے۔انشاللہ تعالیٰ۔یہاں انتظار رہے گی۔میاں مواز صاحب بھی پہنچے ہوئے ہوں گے؟ اور ہر طرح عافیت ہے۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۳/ربیع الثانی ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۹۳/۴۱۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔عزیز حمید اللہ خاں کی کامیابی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔مولا پاک آئندہ بھی اپنے فضل سے ہمہ قسم کی کامیابیوں سے ہمکنار کرے۔اور سب کو سعادتِ دارین سے سرفراز

Marfat.com

فرماوے۔آمین۔

آج ۹ ربیع الثانی کی صبح کو محمد علی خان صاحب پہنچے ہیں۔ان سے بجلی کے متعلق حالات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔اور اِس میں بااحسن وجوہ تکمیل فرماوے۔اور رقبہ کے لیے باعثِ خیر و برکت اور ترقی گردانے۔آمین۔

عزیز نصیر احمد نے غصہ اور ناراضگی کی وجہ سے استعفیٰ دیا ہے۔ایم۔اے وغیرہ کا کوئی امتحان وہ نہیں دے رہا۔ملازمت کے سلسلہ میں خاطر خواہ کامیابی نہیں ہو رہی۔جس کی وجہ سے وہ پریشان ہے۔اور ہمیں بھی پریشان کر رہا ہے۔راولپنڈی والا کام بھی نہیں بنا۔اور شیخ صاحب نے بھی کچھ نہیں کیا۔موجودہ ملازمت تبادلوں کی نذر ہوئی ہوئی ہے۔اللہ تعالیٰ ہی ہے کہ غیب سے کوئی بہتری کی صورت پیدا فرماوے۔بہر حال اس کو بلا کر تسلی کریں اور اِستعفیٰ واپس کروائیں۔جب تک کوئی متبادل صورت پیدا نہ ہو یہ ملازمت تو نہیں چھوڑنی چاہیے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۹ ربیع الثانی ۱۳۸۸ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۹۴/۴۱۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج اسٹیشن خانقاہ سراجیہ پر کسی ذریعہ سے آپ کا خط اور مجموعہ دس بوتل شربت موصول ہو گئے ہیں۔اطمینان فرماویں۔شربت کی ترسیل کا بہت بہت شکریہ۔جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.عزیز محمد اسد اللہ خان صاحب کی کامیابی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اپنا فضل و کرم فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں جمیع مراحل میں پوری پوری کامیابی نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔
والسّلام
۲۱ / ربیع الثانی ۱۳۸۸ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۹۵
۴۱۹
بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا ابھی ابھی والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر نے آپ کو بہت پریشان کیا، جس کا فقیر کو از حد احساس ہے۔ آپ نے جو جدوجہد فرمائی اس سے زیادہ ممکن ہی نہیں تھی۔ جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. فقیر کی طبیعت اب مطمئن ہے۔ آپ بھی اطمینان فرماویں۔ ان لوگوں کو بھی کچھ عقل آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ دائمی ہو۔ وہ سب مل کر پہلے طالب علموں کو راضی کرنے آئے۔ اور پھر طالب علموں کو لے کر فقیر کے پاس آئے۔ اور اپنی ندامت کا اظہار کیا اور آئندہ کے لیے اس پر پختگی کا وعدہ کیا۔ سرِ دست فقیر نے بھی معاف کیا۔ امید اس طرح ہے کہ وہ طلبہ کے ساتھ ٹھیک رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مسجد کا قالین پہنچ آیا ہے۔ اطمینان فرماویں۔ اس سلسلہ میں باقی کتنی رقم فقیر کے ذمہ واجب الادا ہے، تاکہ اس کی سعی کی جاوے۔ دریوں کی قیمت کا اندازہ بھی ہو جاوے تاکہ اس کا فکر بھی کیا جاوے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔
والسّلام
۱۴ / جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۹۶
۴۲۰
بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔اخبار کے مضامین سے بھی واقفیت ہوئی۔قالین پہنچ آنے کی اطلاع فقیر پہلے دے چکا ہے۔یہاں کے واقعہ کی مزید اطلاع بھی عرض کر دی تھی۔محمد افضل صاحب سے بھی تفصیل معلوم ہو جاوے گی۔اتوار کے روز ایس پی صاحب ڈیڑھ بجے دوپہر خود آگئے تھے۔اور مزید کارروائی کے متعلق کہتے تھے کہ جس طرح فقیر کہے وہ کرنے کو تیار ہیں۔لیکن فقیر نے منع کر دیا ہے۔ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔آپ کا شکریہ ادا کرنا بھی لازمی ہے۔آپ نے بے اندازہ ہمت فرمائی۔یہ آپ ہی کی ہمت کا نتیجہ ہے۔فقیر بے حد شکر گزار اور ممنون ہے۔جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

فقیر آپ کے جمیع امور کے متعلق دعا گو ہے۔مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔اور جمیع امور کو بخیر و خوبی اور آسانی کے ساتھ سر انجام فرماوے۔اور سارے کاموں کو حسبِ تمنا اور کامیابی کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچاوے۔اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنی یاد میں مشغول رکھے۔آمین۔

عزیز محمد افضل یہاں کے غریب مہاجر ساتھیوں کے اہم کام کے لیے حاضر ہو رہے ہیں۔اس سلسلہ میں بھی ہر ممکن سعی فرماویں تاکہ بیچاروں کی حق رسی کی کوئی صورت ہو جاوے۔اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے عزیزان کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۹ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۹۷/۴۲۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے گرامی نامے موصول ہوئے۔حالات سے آگاہی ہوتی رہی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے عزیزان کو اپنے اپنے مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔اور دارین کی سعادتوں

Marfat.com

سے سرفراز فرماوے۔ اور اِس زمین والے مرحلہ کو بھی بخیر وخوبی اور آسانی کے ساتھ حسبِ منشا سرانجام فرماوے۔ اور باعثِ خیر و برکت گردانے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر ایک ہفتہ تک مانسہرہ جانے کی تیاری کر رہا ہے۔ وہاں سے ۲۲، ۲۳ ر ستمبر تک واپسی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۲ روز گھر ٹھہر کر ۲۶ ر ستمبر کو کبیر والا ملتان جانا ہے۔ کبیر والا سے ۲۸ ر ستمبر کو شاید لاہور پہنچنا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

اکتوبر میں پھر خانپور مولانا درخواستی صاحب کے جلسہ میں جانے کا ارادہ ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. محمد افضل صاحب ابھی تک واپس نہیں آئے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کامیابی کے ساتھ واپس لاوے۔ فقیر کی طرف سے عزیزان کو دعوات۔ والسّلام

۳۰ ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۹۸/۴۲۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جن امور کی تکمیل کے لیے رخصت لے رہے ہیں، مولا پاک اپنے فضل سے کامیابی نصیب فرماوے۔ اور اُن سب امور کو بہ یسر وسہولت تکمیل تک پہنچاوے۔ اور بخیر وعافیت اپنی ڈیوٹی پر واپس لاوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

موئے مبارک کے حصول کی سعادت نعمت کبریٰ ہے۔ اس کا جس قدر شکر ادا کیا جاوے، کم ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس نعمت عظمیٰ کی حفاظت وادب کی پوری پوری توفیق کرامت فرماوے۔ اور اس کے برکات سے مالا مال فرماوے۔ اور اِتباعِ حبیب خدا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اکمل طریق پر نصیب فرماوے۔ آمین۔

درود شریف کی جو شرط میاں صاحب نے بتائی ہے، وہ کوئی ضروری اور لازمی نہیں

Marfat.com

ہے۔ ویسے فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔

عزیز محمد عارف صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ جس کام کے متعلق عرض کریں اس کے متعلق پوری پوری سعی فرماویں۔ عنایت ہوگی۔

فقیر بھی انشاء اللہ تعالیٰ ۱۳ ستمبر کو بہاولپور پہنچے گا۔ وہاں دو روز قیام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مانسہرہ کا سفر نہیں ہوسکا۔ فقیر کی طرف سے عزیزان کو دعوات۔ والسّلام

۷ رجمادی الثانیہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۹۹ / ۴۲۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا وہی ہیں جن کے ساتھ حکیم ذوالفقار صاحب سرگانہ حاضرِ خدمت ہوئے تھے۔ ان کا وہ کام ابھی تک نہیں ہوا۔ اس سلسلہ میں ذاتی دلچسپی لے کر ان مظلوموں کی حق رسی فرماویں۔ عنداللہ اجرِ عظیم ہوگا۔

حکیم صاحب اور شاہ صاحب و دیگر احباب کی طرف سلام مسنون۔

والسّلام

۳ ررمضان المبارک ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰۰ / ۴۲۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے گرامی نامے مع کھانڈ اور مکتوبات پہنچے ہیں۔ آپ کی ان عنایات کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ.

Marfat.com

ع اللہ کرے الطافِ کرم اور زیادہ

خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اِن ہنگاموں میں اپنے فرائض پوری طرح ادا کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ اور امن وامان قائم رکھنے میں آپ کی مساعی کو مقبول ومشکور گردانے اور مخالفوں کے شر سے کلیتاً محفوظ فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طبیعت مسلسل خراب چلی آرہی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ یہ گولیاں کچھ مفید ہیں۔ لیکن یہاں ملتی نہیں۔ انسیڈال ان کا نام ہے۔ گولی کا کور بطور نمونہ اُرسال ہے۔ تین چار درجن ارسال فرمادیں۔ کھانڈ والے کنستر اور ایک کتاب انگریزی ارسال خدمت ہے۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۱ر رمضان ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱۰۱/۴۲۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج صبح کھانڈ کی بوری، اُس کے ساتھ ایک گرامی نامہ اور ساتھ ہی گولیاں اور ان کے ساتھ بھی ایک گرامی نامہ، اکٹھے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کی عنایات کا شکریہ سوائے اس کے کہ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ سے ہو، اور کوئی صورت ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس اخلاص ومحبت میں مزید ترقیات نصیب فرماوے۔ اور اِس تعلق کو اپنی رضامندی و خوشنودی کا باعث فرماوے۔ اور جمیع مکروہاتِ ظاہری و باطنی سے بچا کر اپنی حفاظت میں ہمیشہ آپ سب کو صحت و عافیت اور عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

کل کھانڈ جو یہاں آپ نے بھیجی ہے، دو کنستر سفید چینی کے اور ایک بوری دیسی

Marfat.com

کھانڈ کی، اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی سرخروئی نصیب فرماوے۔ آمین۔

آج اصغر خاں کا دورہ بعافیت گزر چکا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہر قسم کے شرو فساد سے محفوظ رکھے۔ اور اپنے مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام مسنون۔ اور بچوں کو دعوات۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آخری ایام میں خانقاہ پاک کی حاضری کے اسباب از غیب مہیا فرماوے۔ آمین۔ کھانڈ والی بوری آج واپس ارسال ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۱۱/رمضان ۱۳۸۸ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۱۰۲/۴۲۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ رات کو عزیز علی خان صاحب پہنچے۔ والا نامہ کے ساتھ ساتھ زبانی بھی خیریت و عافیت معلوم کر کے مسرّت و اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آئندہ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں آپ سب کو صحت و عافیت اور عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

آج صبح کھانڈ بھی ایک کنستر پہنچ آئی ہے۔ اور کنستر واپس ارسالِ خدمت ہے۔ اس دفعہ کا سارا ثواب آپ کے حصہ کا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ان مساعی کو قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۱۹/رمضان ۱۳۸۸ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۱۰۳/۴۲۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کی عنایات کا شکریہ

Marfat.com

کس طرح ادا کیا جاوے؟ آپ کے اخلاص ومحبت کی وجہ سے چینی کے سلسلہ میں بالکل کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ اور رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

پہلے بھی بوری اور ایک رقعہ واپس بھیجا ہے۔ مل گئے ہوں گے؟ آج بھی بوری اور ایک رقعہ ارسالِ خدمت ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام وبچوں کو دعوات۔ والسّلام

۳۱ رمضان ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰۴ / ۴۲۸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

لاہور میں تو واقعی فَانْتَشِرُوْا پر عمل ہوا ہے۔ اور یہ بہت برا کیا گیا ہے۔ ملتان میں کیسے گزری؟

مولوی نور محمد صاحب چیچہ وطنی والے حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ آخری روزے کو حاجی گل محمد صاحب بھی آ گئے تھے۔ ان سے تفصیلی بات چیت ہوئی۔ مال جو برآمد ہوا ہے وہ بہت کم ہے۔ ملزم عبدالرحمان نے اپنے طور پر ضامن دیے ہیں کہ پولیس کی کارروائی نہ ہو تو باقی مال بھی برآمد ہو جاوے گا۔ لہٰذا اِس سلسلہ میں گزارش ہے کہ جب تک ضامنوں والا قصہ طے نہ ہو جاوے اُس وقت تک ڈھیل دی جاوے۔ بہر حال پوری پوری تفصیلی بات

Marfat.com

چیت مولوی صاحب خود آپ سے کریں گے، اُسی کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

یکم شوال ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰۵/۴۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہٰ ہٰذا احمد یار صاحب علووالی اور اپنے قریشی صاحبان کے ملنے والوں میں سے ہیں۔ پولیس میں بھرتی ہونے کی غرض سے حاضر ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ان پر ضرور شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۰ر شوال ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰۶/۴۳۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہٰ ہٰذا احمد اقبال صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ ان کے آدمی قتل کے مقدمہ میں ناحق ملوث کر دیے گئے۔ اس سلسلہ میں پورا پورا غور فرما کر حق وناحق کا فیصلہ فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۰ر شوال ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۰۷/۴۳۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ حاملِ رقیمہ ہٰذا عبدالعزیز خان کانسٹیبل نمبر ۳۶۵ پولیس لائن میں متعین ہے۔ اور اب تبادلہ کا خواہشمند ہے۔ مناسب خیال فرماویں کہ اس پر شفقت فرماویں۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۸ رشوال ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۰۸/۴۳۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ کی عنایات کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور اس پُرفتن دور میں ایمان کی سلامتی نصیب فرماوے۔ اور اپنے ایمان کی حفاظت کی توفیق کرامت فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے بچاوے۔ اور دارین کی عزت و آبرو کرامت فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں اور بچوں کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۴ رذی قعدہ ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۰۹/۴۳۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل آپ کے گرامی نامہ کا جواب ارسالِ خدمت کر چکا ہے۔ آج پھر ایک ذریعہ سے عریضہ پیش کرنے کا

Marfat.com

موقع میسر آ گیا۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا باگڑ کے ساتھیوں میں سے سرگانہ برادری کے ہیں۔ انہوں نے ایک ٹکڑا زمین کا خریدا ہے۔ اس پر بائع کے علاوہ دوسرا شخص قابض ہے۔ اور اب یہ قبضہ لینا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کی استدعا ہے کہ تھانہ سرائے سدھو والے اس سلسلہ میں ان کی امداد کریں۔ یا پھر یہ اگر کسی طرح قبضہ لینے کی کوشش کریں تو وہ ان کو تنگ نہ کرے۔ اس سلسلہ میں مناسب ہدایت فرماویں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جملہ مکروہاتِ آفاقی وانفسی سے بچا کر ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی خوشنودی ورضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

یہ ساتھی آج شام کو واپس بھی آوے گا۔ لہٰذا ملک صاحب کو ٹیلیفون کر کے کینو کا بڑا ٹوکرا منگوا کر ان کے سپرد کیا جاوے۔

والسّلام

۵/ذی قعدہ ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۱۰/۲۳۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ حالات کی نزاکت کا احساس اہلِ حل وعقد کو بالکل نہیں ہو رہا ہے۔ جب اس قدر بے حسی اور قساوتِ قلبی بڑھ جائے اور رہنمایانِ قوم کا یہ حال ہو جائے تو قوم کا پھر اللہ تعالیٰ ہی حافظ وناصر ہووے۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص الخاص فضل فرماوے۔ اور اِس ہنگامہ پرور دَور کو ملک وملت کے لیے بہتر نتائج پر منتج فرماوے۔ اور اَمن وامان پیدا فرما کر اِتفاق واتحاد کی فضا پیدا فرماوے۔

ابھی فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اِس ہنگاموں کے دور میں ایک آن بھی اپنی حفاظت سے علیحدہ نہ فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں آپ سب کو عافیت اور عزت و آبرو کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

یہ دَور اِستغفار کی کثرت اور توبہ واَنابت کا دور ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم سب کو اِس کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب بچوں کو دعوات، اور گھر میں سلام۔ والسّلام

۱۱رذی قعدہ ۱۳۸۸ھ/۳۰رجنوری ۱۹۶۹ء از خانقاہ سراجیہ

۱۱۱/۴۳۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا احمد خان کانسٹیبل نمبر ۱۶۵۲ کسی محکمانہ انکوائری میں آیا ہوا ہے۔ اس کے متعلق عفو اور درگذر کا معاملہ فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۰رذی قعدہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۱۲/۴۳۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

حاملِ رقعہ ہٰذا ملک محمد نواز ہیڈ کانسٹیبل نمبر ۱۰۴۰ فسٹ آرمڈ ریزرو لائن پولیس سے کسی بیرونی تھانہ میں خواندہ ڈیوٹی پر تعیناتی کا خواہشمند ہے۔ اس معاملہ میں اس پر ضرور شفقت فرماویں۔ سیکنڈ آرمڈ ریزرو میں تبادلہ نہ کیا جاوے۔ عنایت ہوگی۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۳ رذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۱۱۳/۴۳۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

ملکی سیاست میں ان نئے تغیرات اور متوقع تبدیلیِ اقتدار کے حالات نے ملک کو ایک چوراہے پر لاکر کھڑا کر دیا ہے۔ اور ہر ایک نظریہ وطبقہ کے لیے یکساں طور پر حالات اللہ تعالیٰ نے پیدا فرما دیے ہیں۔ ایسے نازک وقت میں دینی جماعتوں اور نظامِ اسلامی کے خواہاں اداروں اور اہم دینی شخصیتوں نے اسلامی اقدار کے احیا کے لیے اپنی منتشر قوتوں کو مجتمع نہ کیا۔ اور اِس وقت سے فائدہ اٹھانے کے لیے پُر زور جدوجہد نہ کی۔ اور اپنے فروعی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر متحد ہو کر کام کرنے میں غفلت برتی۔ اور صرف اسلام کے تحفظ اور بقا کے لیے ایسا نہ کیا تو پھر یقین جانئے پھر ایسا موقعہ کبھی بھی میسر نہیں آوے گا۔ اور اسلام کا نام لینا مشکل ہو جاوے گا۔ اور اِس گناہ میں سب دین کا درد رکھنے والے برابر کے شریک ہوں گے۔ اور یہ ایسا کبیرہ گناہ ہوگا کہ اس کی تلافی مدتوں توبہ و استغفار اور سجدۂ سحرگاہی میں مصروف رہنے سے نہیں ہو سکے گی۔ فقیر نے آج اِس مضمون کا ایک عریضہ کچھ تند و تیز لفظوں میں راولپنڈی بھیجا ہے۔ لیکن بظاہر حالات (میں) کسی اچھائی کی امید نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور اپنے دین کے تحفظ و بقا کے لیے ازغیب اسباب پیدا فرماوے۔ اور ملک وملت کے لیے دینی لحاظ سے بہتر نتائج پیدا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی

Marfat.com

خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور سکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

ایک آدمی پولیس میں بھرتی ہونے کا خواہشمند ہے اور بظاہر شرائط پر پورا اُترتا ہے۔ گنجائش ہو تو بھیج دیا جاوے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۶/ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ/۲۴/فروری ۱۹۶۹ء از خانقاہ سراجیہ

۱۱۴/۴۳۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں ہمیشہ عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

محترم حاجی امیر الدین صاحب مہتمم مدرسہ ربانی ملتان کے ہیں۔اور بہت ہی مخلص اور صاحب اثر حضرات میں سے ہیں۔مدرسہ ربانی پاکستان میں اپنی نوعیت کا ایک منفرد مدرسہ ہے۔یہ حضرات نواں شہر میں ایک متنازعہ مسجد کے سلسلہ میں آپ کے پاس تشریف لاویں گے۔اس سلسلہ میں ان حضرات کی پوری پوری امداد بھی فرماویں۔اور قانونی طور پر رہنمائی بھی فرماویں۔نہایت ضروری ہے۔تفصیل تو خود بیان فرماویں گے۔بہرحال اس سلسلہ میں ہر ممکن طریق سے امداد سے دریغ نہ کریں۔آپ کے ذریعہ یہ کارِ خیر اگر سرانجام پا گیا تو بہت بڑا ثواب ہوگا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۷/ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۱۵/۴۳۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت

Marfat.com

ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

پہلے بھی اس سلسلہ میں ایک عریضہ بذریعہ ڈاک ارسالِ خدمت کیا تھا۔مل گیا ہوگا؟ باگڑ کے قتل کے سلسلہ میں کہ تین آدمی اس لڑائی میں شریک نہیں ہیں۔اور نہ وہاں موقع پر موجود تھے۔ تفتیشی عملہ بھی معلوم کر چکا ہے کہ یہ تینوں لڑائی میں نہیں ہیں۔ان تینوں میں سے ایک منظور ولد عظمت کو پولیس والے چھوڑ چکے ہیں۔ باقی دو محمد امیر ولد مہابت اور نور احمد ولد ولی محمد باقی ہیں۔ان دونوں کے متعلق بھی تفتیشی عملہ سے دریافت کے بعد پرچہ سے خارج کرنے کی کوئی صورت ہو سکے تو ضرور مہربانی فرماویں۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴؍مارچ کی صبح کو ملتان پہنچنے کا ارادہ کر رہا ہے۔ وہاں سے ۱۵؍مارچ کو بہاولنگر فقیر والی جانا ہے۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۴؍ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۱۶/۴۴۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا عبدالحمید خان صاحب اپنے ساتھی ہیں۔ ریلوے کے ریٹائر ملازم ہیں۔اسٹیشن کے سلسلہ میں انہوں نے بھی مخلصانہ مساعی جاری رکھیں۔ان دنوں سروس میں تھے اور ملتان ریلوے دفتر کے ہیڈ کلرک تھے۔ان کے لڑکے کو پولیس والوں نے قتل کے مقدمہ میں ملوث کر دیا ہے۔اور ضمانت پر ہے۔ابتدائی رپورٹ میں اس کا نام نہیں ہے۔

Marfat.com

باقی حالات تفصیل سے زبانی عرض کریں گے۔اس سلسلہ میں ان کی امداد فرماویں۔انتہائی شریف آدمی ہیں۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو اِس پریشانی سے نجات عطا فرماوے۔ آمین۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۴رذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۱۷/۴۴۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ ابھی ابھی آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور ہمہ قسم کے فتنوں سے ملک کو محفوظ فرماوے۔اور اسلام اور آئینِ اسلام کو غالب ونافذ فرماوے۔اور ہم سب کو اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر ۱۳ر مارچ کو ملتان نہیں پہنچ سکتا۔اور نہ شادی میں شرکت کا ارادہ ہے۔فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۳ر مارچ کی شب کو پونے گیارہ بجے والی گاڑی پر سوار ہو کر ۱۴ر مارچ کی صبح کو ساڑھے آٹھ بجے ملتان پہنچے گا۔ایک دن آپ کے پاس ٹھہر کر ۱۵ر مارچ کی صبح کو لاری پر سوار ہو کر حاصل پور اور حاصل پور سے فقیر والی روانہ ہوگا۔

کراچی سے آپ کی معرفت فقیر کے نام ایک خط آئے گا۔اس کو محفوظ رکھیں۔اور ہر طرح عافیت ہے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷رذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۱۸/۴۴۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا محمد خان بلوچ حاضرِ خدمت ہو رہا ہے۔ اس کی منکوحہ اور بچی کو غلام اکبر کانسٹیبل حال متعین تھانہ سرائے سدھو نے اغوا کیا ہوا ہے۔ اس سلسلہ میں اس مظلوم کی دادرسی فرماویں۔ عنداللہ اجرِ عظیم ہو گا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۳/ ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱۱۹ ۴۴۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ حاملِ رقعہ ہٰذا اللہ داد صاحب اپنے ساتھی ہیں۔ اس کے خسر صاحب کا ملتان میں اور شجاع آباد کچھ روپیہ پھنسا ہوا ہے۔ اور وہ کافی مدت سے لیت و لعل اور حیل و حجت سے کام لے رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ان کی حتی الوسع ضرور امداد فرماویں، تا کہ ان کی حق رسی ہو جاوے۔ مولا پاک اپنے فضل سے اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۳/ محرم ۱۳۸۹ھ/ ۲۳/ مارچ ۱۹۶۹ء از خانیوال

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱۲۰ ۴۴۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا محمد انور خان صاحب موچھ ضلع میانوالی کے رہنے والے ہیں۔ اور اپنے خاندان کے ساتھ دیرینہ بھائی چارہ کے تعلق ہیں۔ کاروباری سلسلہ میں وہاں کسی کے ساتھ کسی معاملہ میں کچھ الجھاؤ ہے۔ اس سلسلہ میں تفصیل تو خود بیان کریں گے۔ مہربانی فرما کر ان کی پوری طرح اطمینان کے ساتھ بات سن کر پوری پوری امداد فرماویں۔ فقیر ممنون و

Marfat.com

مشکور ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

محمد انور خان صاحب کا بھائی محمد سرور خان جو کہ کھاد فیکٹری میں ملازم ہے، وہ بھائی حاضر ہوگا۔

والسّلام

۶ر محرم ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۲۱/۴۴۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا اوزیر خان صاحب حاضرِ خدمت ہورہے ہیں۔ حکیم عبدالرحیم خان صاحب کے برادرزادہ ہیں۔ اور تبادلہ کے خواہشمند ہیں، تھانہ کبیر والا یا تلمبہ میں تبادلہ ہو جائے تو مناسب ہوگا۔ اس سلسلہ میں شفقت فرماویں۔ عنایت ہوگی۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۷ر محرم ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۲۲/۴۴۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا فیض محمد خان صاحب حاضرِ خدمت ہورہے ہیں۔ مقصد تو زبانی عرض کریں گے۔ جس مقصد کے لیے حاضر ہورہے ہیں، اس کے متعلق شفقت فرماویں۔

Marfat.com

نہایت ضروری ہے۔اور ہر طرح عافیت ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۱ر محرم ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۱۲۳ / ۴۴۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا میاں بہادر اور میاں ولی داد صاحبان حاضرِ خدمت ہیں۔ان پر قتل کا مقدمہ بنا دیا گیا ہے، حالانکہ یہ اپنے آپ کو بالکل بے گناہ بتاتے ہیں۔تفتیش جانبدارانہ ہوئی ہے۔ان کی خواہش ہے کہ ایک مہربانی فرماویں اور تفتیش دوبارہ ہونے کا حکم فرماویں۔اور سابقہ عملہ کے علاوہ کسی اور کے ذمہ فرماویں۔اس سلسلہ میں ضرور مہربانی فرماویں، تاکہ صحیح بات واضح ہو جاوے۔اور جو حقیقی ملزم ہیں وہ گرفتار ہوں۔فقیر ممنون ہوگا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۳ر محرم ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۱۲۴ / ۴۴۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا لیاقت حسین صاحب اے.ایس.آئی. بورے والا حاضرِ خدمت

Marfat.com

ہے۔اب جبکہ تبادلہ جات ہونے والے ہیں تو اِن کی خواہش ہے کہ کسی مناسب جگہ پر مہربانی فرما کر تبادلہ فرماویں۔نیز اپنی شفقت سے گاہے گاہے سرفراز فرماتے رہیں۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۸ر محرم ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۲۵/۴۴۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل آپ کا والا نامہ مع مکتوبات صدی کی دوسری جلد موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔مکتوبات کی عنایت کا بہت بہت شکریہ۔جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. خط اچھی خاصی پریشانی کے عالم میں لکھا گیا ہے۔اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔اور اِن سب مشکلات کو آسان فرماوے۔اور ساری پریشانیاں دور فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

بالکل نہ گھبرائیں۔مافضلیانیم۔[1] حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ العزیز کا مقولہ ہے، جب اُس ذات پاک کے فضل سے معاملہ وابستہ ہے تو پھر فکر کس کا:

ع دشمن چہ کند چون مہرباں باشد دوست[2]

حاملِ رقیمۂ ہٰذا سیّد کوثر صاحب کویت کے رہنے والے ہیں۔اونچی سوسائٹی کے فرد ہیں۔کویت کے امیر اور وزراء اور سفراء تک کے ساتھ تعلقات ہیں۔اور اچھے خاصے تاجر ہیں۔تبلیغی جماعت سے متاثر ہیں۔اور بہت کام کے آدمی ہیں۔مولانا شیخ محمد صاحب مکرانی جو اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء سے ہیں، ان کی دلالت پر یہاں تشریف لائے ہیں۔اور داخلِ طریقہ بھی ہوگئے ہیں۔یہ آج کا دِن آپ کے پاس ٹھہریں گے۔بازار سے اپنے لیے کچھ جوتے وغیرہ خرید کرنا ہیں۔اس کے متعلق بھی کسی سمجھدار آدمی کو ساتھ بازار بھیجیں۔

---

۱۔ ہم وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔

۲۔ دشمن کیا کرے گا جب دوست (اللہ تعالیٰ) مہربان ہے۔

Marfat.com

نیز یہ اپنے رشتۂ نکاح کے سلسلہ میں پریشان ہیں۔اس کے متعلق بھی فقیر کے کہنے پر آپ سے مشورہ کریں گے۔ نیز فقیر نے حفظ اللہ صاحب، جو کہ نہر کے محکمہ میں ملازم ہیں، اس کے متعلق مشورہ دیا ہے۔اس کی بڑی لڑکی یہاں گھر والوں کو پسند ہے۔اگر مناسب خیال فرماویں تو کسی بہانہ سے ان کے گھر والوں کو بچوں سمیت منگوا کر اپنے گھر والے ان کو دیکھ لیں۔اور گھر والے جو مشورہ دیں وہ ان کو بتادیں۔

یہ صاحب نازک طبیعت ہیں۔ان کے آرام کا خیال فرماویں۔نیز کھانے میں مرچ وغیرہ نہیں کھاتے۔اس کا خیال بھی رکھیں۔رات کی کسی گاڑی سے کراچی روانہ ہو جاویں گے۔

علاوہ ازیں یہ دوسرا خط ارسالِ خدمت ہے۔یہ عزیز سعید احمد مولوی معصوم صاحب مرحوم جو اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے ہیں، ان کا لڑکا ہے۔پولیس میں ملازم ہے۔اس وقت ڈیرہ غازی خان میں ہے۔اور اس کے بچے پاکپتن شریف میں ہیں۔یہ چاہتے ہیں کہ ان کا تبادلہ ساہیوال کے کسی تھانہ میں ہو جاوے۔تو اس سلسلہ میں سعی و کوشش فرماویں، تا کہ ان کی یہ پریشانی دور ہو جاوے۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۳۰ محرم ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۲۶
۴۵۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا اغلام حیدر نمبر ۶۱۷ کانسٹیبل حاضر خدمت ہوگا۔حوالداری کے کورس کا اُمیدوار ہے۔اس سلسلہ میں آپ کی شفقت و عنایت کا اُمیدوار ہے۔امید ہے کہ وہ اس سے محروم نہیں رہے گا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۹ر صفر ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۲۷
۴۵۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع گرامی نامے موصول ہوتے رہے۔ حالات سے آگاہی ہوتی رہی۔ دین کا غم سب سے بڑھ کر ہے۔ یہ فکر جس کو اللہ تعالیٰ عطا فرماوے، بہت ہی خوش نصیب ہے۔ اس سلسلہ میں جتنا کچھ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے توفیق فرماوے، اس کا احسانِ عظیم ہے۔ اپنی جدوجہد جاری رہنی چاہیے۔ اپنے بس میں جو کچھ ہے، اُس قدر تو کر گزرے اور نتائج سے بالکل بے نیاز ہو کر رہے:

غمِ دین خور کہ غم غمی دین است
ہمہ غم ہا فرو تر ازین است[۱]

کاشکے دوسرے اہلِ دین کو بھی یہی جذبہ عطا ہوتا اور اُن کو بھی یہی فکر دامن گیر ہوتی۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور اپنے دینِ اسلام کی حفاظت کے اسباب از غیب پیدا فرماوے۔ اور عزتِ اسلام اور غلبۂ اسلام سے اہالیانِ پاکستان کو سرشار فرماوے۔ آمین۔

محمد افضل صاحب نے آپ کا کارڈ دکھایا تھا۔ پڑھ کر ازحد اَفسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اُس کو عقلِ سلیم عطا فرماوے۔ اور اِس فانی دنیا کے ظاہری شان و شوکت کے فریب سے دل کو بے رغبت کرے۔ اور اپنے نفع و نقصان کی تمیز عطا فرماوے۔ آمین۔

۱۳ ارمئی کو قافلہ جانا ہے۔ ۱۱، ۱۲ رمئی کو لاہور پہنچنا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ خیال ہو رہا ہے کہ ملتان آپ سے مل کر لاہور جانا ہو۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کا موقعہ عطا فرماوے۔ آمین۔ کل عزیز خالد کا لاہور سے خط آیا ہے جس سے پریشانی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کی یہ مشکل آسان فرماوے۔ اور اِس رکاوٹ کو دُور فرماوے۔ اور اپنے امتحان میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی

---

۱۔ تو دین کا غم کر، کیونکہ کرنے کے قابل غم صرف غمِ دین ہے۔ (باقی) سب غم اس سے زیادہ نیچے ہیں۔

Marfat.com

خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۴ر صفر ۱۳۸۹ھ/۲ر مئی ۱۹۶۹ء از خانقاہ سراجیہ

۱۲۸
۴۵۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۱۰ر مئی کی شام کو روانہ ہو کر اِتوار ۱۱ر مئی کو ملتان پہنچے گا۔ اور ملتان سے ۱۲ر مئی کی صبح کو روانہ ہو جاوے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ر صفر ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۲۹
۴۵۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ خانقاہ پاک سے ہو کر فقیر کو گوجرہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جو کام اپنے اختیار میں نہ ہو اُس کے متعلق معذوری واضح ہے۔ کوئی فکر کی بات نہیں۔ فقیر نے پہلے کبیر والا سے واپسی کے موقعہ پر حضرت مولانا غلام محمد صاحب جہانیاں منڈی والوں کے متعلق زبانی گزارش کی تھی کہ وہ بیچارے ایک موذی ظالم زمیندار کے نرغے میں پھنسے ہوئے ہیں۔ حاضرِ خدمت ہوں گے۔ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لیکن معاملہ دوسرے کام کی طرف چل نکلا۔ اُس کے متعلق بھی آپ کی ہمدردی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. لیکن وہ اصل معاملہ جوں کا توں ہے۔ اس کے متعلق خصوصی توجہ اور

Marfat.com

اِلتفات فرماویں۔ فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔ فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ آج جمعہ کے بعد یہاں سے روانہ ہوکر کل ہفتہ کو خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ یہاں کچھ نزلہ اور ایک روز بخار کی شکایت ہو گئی، اس لیے فقیر نے سفر ملتوی کر کے واپسی کا ارادہ کر لیا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

گھر میں تکلیف کا پڑھ کر اَفسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ صحت عطا فرماوے اور ہر پریشانی سے نجات عطا فرماوے۔ آمین۔

پہلے دیر شدہ حافظ صاحب کے ہاتھ اَرسال ہیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۵ ربیع الاوّل ۱۳۸۹ھ ازگوجرہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۳۰/۲۵۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے اور خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

اس روز نوابزادہ صاحب کی گفتگو سے بھی اور بعد میں مفتی صاحب کی گفتگو سے بھی جو اندازہ ہوا ہے، وہ یہ ہے کہ دونوں طرف سے آپس میں کچھ بدگمانیاں ہیں، وہ بار بار ملاقاتوں سے رفع ہوں گی۔ نوابزادہ صاحب سے یہ اصرار فرماویں کہ اگر وہ جمعیت علماء کا ملنا مفید سمجھتے ہیں تو بار بار ملاقات کرنے سے گریز نہ کریں۔ توقع ہے کہ وہ کامیاب ہو جاویں گے۔

Marfat.com

کل محمد افضل کا خط آیا ہے، جس سے ایک نئی پریشانی پیدا ہوئی ہے۔ فقیر کو تو چنداں پریشانی نہیں ہوئی، کیونکہ جو کچھ ہماری قسمت میں ہے، وہ کہیں نہیں جا سکتا۔ بہرحال وہ پریشان ہے۔ اگر کچھ روز پہلے اطلاع دے دیتا تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کوئی صورت پیدا فرمادیتے۔ اب بھی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کوئی نہ کوئی بہتری کی صورت پیدا فرمادیں گے۔ فَاِنَّهٗ مُيَسِّرٌ لِكُلِّ عَسِيْرٍ۔[1]

اس روز مفتی محمد شفیع صاحب مہتمم مدرسہ قاسم العلوم ملتان (کا) مولانا ضیاء القاسمی صاحب لائل پور کے متعلق سفارشی خط آیا تھا اور آپ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ اس کا بھی خیال فرماویں۔ نیز خضر حیات ولد اللہ داد سرگانہ، باگڑ والے کے متعلق بھی اقدام فرماویں۔ کچھ آئینی صورت ہو، غنڈہ ایکٹ وغیرہ کی۔

علاوہ ازیں چوہدری مشتاق صاحب کے متعلق بس ضرور مہربانی فرماویں اور ان کا کیس داخل دفتر فرماویں اور ان کو کیس ختم کی اطلاع بھی بھجوادیویں۔

فقیر کی طرف سے جس قدر سفارشات کا سلسلہ ہوتا ہے، شاید کسی کی طرف سے نہ ہوتا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اپنی عاجز و بے بس مخلوق کی امداد و اعانت کا یہ ایک ذریعہ بنادیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے قائم و دائم رکھیں۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسلام

۲۳ ربیع الاوّل ۱۳۸۹ھ / ۹ جون ۱۹۶۹ء از خانقاہ سراجیہ

۱۳۱
۴۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

---

۱۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر مشکل کو آسان کرنے والا ہے۔

Marfat.com

حاملِ عریضۂ ہٰذا محترم فضل الرحمان صاحب حضرت مولانا حسین علی رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے ہیں۔ اور یہ محترم محمد اکبر صاحب نمبر ۴۸۷ کے سلسلہ میں آپ کے پاس تشریف لائیں گے۔ اس سلسلہ میں جو کچھ ہو، اور جس طرح ہو، درگزر فرماویں۔ اور عزیز موصوف کو اپنی جگہ بحال فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۸ ربیع الاوّل ۱۳۸۹ھ / ۱۴ جون ۱۹۶۹ء — از خانقاہ سراجیہ

۱۳۲/۴۵۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا شیر محمد حاضرِ خدمت ہے۔ پولیس میں بھرتی ہونا چاہتا ہے۔ غربت و بیروزگاری کی شکار مخلوق کوئی نہ کوئی سہارا ڈھونڈتی ہے۔ اس بیچارے پر شفقت فرماویں اور بھرتی فرما کر ممنون فرماویں۔ عنایت و مہربانی ہوگی۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۸ ربیع الاوّل ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۳۳/۴۵۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے اکٹھے موصول ہوئے۔ اور حالات سے آگاہی ہوئی۔ سردار میر عالم خان صاحب کی دینی کیفیت تو قابلِ غبطہ ہے۔ گھر کا ماحول کیسا ہے؟ یہ حضرت مولانا اور آپ بہتر جانتے ہوں گے؟ کبھی کبھی برعکس معاملہ بھی ہوتا رہتا ہے۔ میر صاحبان کے خاندان میں مردوں سے کہیں زیادہ مستورات دیندار ہیں۔ اور بعض جگہ مرد دیندار ہوتے ہیں اور عورتیں اس قدر نہیں ہوتیں۔ آپ سے زیادہ حضرت مولانا اس گھر کے زیادہ قریب ہیں اور وہ گھریلو حالات و کیفیات سے پوری طرح واقف ہوں گے؟ اگر حضرت مولانا ہی واسطہ

Marfat.com

بنتے ہیں تو پھر در کار خیر ہیچ حاجتِ استخارہ نیست والا معاملہ ہے۔ یقیناً طرفین کے لیے باعثِ خیر و برکت ہوگا، لیکن عزیز اسد اللہ اور عزیز حمید اللہ دونوں زیر تعلیم ہیں۔ اسد اللہ خان کے لیے مزید دو تین سال تعلیم کے لیے درکار ہوں گے۔ اور حمید اللہ خان کے لیے تو ۶، ۷ سال چاہئیں۔ اس طرف سے ممکن ہے کہ جلدی ہو۔ اور وہ ۲، ۳ سال تاخیر کرنا نہ چاہیں۔ اس کے متعلق غور کر لیں۔ اور آپ کی طبیعت جو فیصلہ کرے وہ کر گزریں۔ اسی میں انشاء اللہ تعالیٰ خیر ہوگی۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ عزیز محمد افضل کا اصل خط ہی آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ فقیر کو تو اُسی سے اُس پریشانی کا علم ہوا ہے۔ اس کے بعد اُس نے ابھی تک کوئی اطلاع نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس معاملہ میں بہتری اور آسانی پیدا فرماوے اور ہر قسم کے نقصانات سے بچاوے۔ آمین۔

کل حضرت مولانا حسین علی مرحوم، جو کہ حضرت خواجہ محمد عثمان صاحب قدس سرہٗ کے خلفاء میں سے ہیں... کے صاحبزادے اچانک خلافِ توقع تشریف لائے۔ وہ اپنے ایک عزیز کی سفارش کے لیے آئے تھے۔ اس سلسلہ میں فقیر کا رُقعہ کوئی صاحب آپ کی خدمت میں لاوے گا۔ ان کا عزیز محمد اکبر نمبر ۴۸۷ ہے۔ جس کا معاملہ ہے۔ مہربانی فرما کر اِس کے متعلق ضرور درگزر فرماویں۔ اور جو غلطی وغیرہ کی ہے اس کو معاف فرمائیں اور اس کو اپنی جگہ بحال فرماویں۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۹/ربیع الاوّل ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۴۴/۴۵۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حامل عریضہ ہٰذا شیر محمد صاحب ابھی ابھی فوج سے ریٹائر ہوا ہے۔اور پولیس میں بھرتی کا متمنی ہے۔فوجی سرٹیفکیٹ ہمراہ ہے۔اس سلسلہ میں شفقت فرماویں۔فقیر شکر گزار ہوگا۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۴ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۳۵ / ۴۵۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محمد خان صاحب قصبہ گل میری مضافاتِ میانوالی کا رہنے والا ہے۔اور اِس قصبہ کی اکثریت اعلیٰ حضرتؒ کی خادم ہے۔یہ صاحب نیو خان ٹرانسپورٹ میں ملازم تھے۔کسی وجہ سے فارغ کر دیے گئے ہیں۔اپنی ملازمت پر بحال ہونا چاہتے ہیں۔ ملتان کی برانچ میں ہی ملازم تھے۔اس سلسلے میں ان کی دستگیری فرماویں اور پوری پوری امداد فرماویں۔فقیر ممنون ہوگا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۲ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۳۶ / ۴۶۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا

Marfat.com

طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا خدا بخش صاحب بہت بڑی شخصیت کو لے کر یہ عریضہ آپ کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے حاضر ہو رہے ہیں۔ یہ صاحب اپنے عزیز پولیس میں بھرتی کروانا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔ اور اُس کو بھرتی فرما کر احسان فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۵ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۴۷/۴۶۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا سیف اللہ خان صاحب ہیڈ کانسٹیبل میلسی کے خاندان سے خاندانی مراسم دیرینہ ہیں۔ وہ آپ کی شفقت وعنایت کا متمنی ہے۔ اس کو اپنی نظر میں رکھیں اور اپنی عنایتوں سے سرفراز فرماتے رہیں۔ عنایت ہوگی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۵ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۴۸/۴۶۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ اچانک ایک روز کا بہاولپور کے لیے نظام بن گیا ہے۔ چنانچہ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۵ جولائی ہفتہ کی صبح کو تھل پر ملتان پہنچ کر، اگر آپ اپنی کار عنایت فرمادیں گے تو بہاولپور روانہ ہو جاویں گے۔ اور شام کو واپس آ کر تھل

Marfat.com

پرسوار ہوکر ۶ر جولائی اتوار کو خانقاہ پاک پہنچ آویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اطلاعاً عرض ہے۔
ملک صاحب کو اِطلاع فرما دیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ عریضہ بروقت مل جاوے تو گل محمد صاحب کو بھی اطلاع فرمادیں۔ والسّلام

۱۶ر ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

۱۳۹/۴۶۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہٗ ہٰذا امیر عبداللہ خان کانسٹیبل نمبر ۸۴۵ بورا منڈی سے تعلیم یافتہ ہے، کسی جگہ منشی لگنے کا خواہشمند ہے۔ اس سلسلہ میں آپ کی عنایت وشفقت کا اُمیدوار ہے۔ مہربانی فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۰ر ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

۱۴۰/۴۶۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر آج صبح بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور اِنشاء اللہ تعالیٰ کل ۷ر جولائی سوموار کی صبح کو مانسہرہ روانگی کی تیاری ہے۔ وہاں پہنچ کر اِنشاء اللہ تعالیٰ اطلاع عرض ہوگی۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا عزیز محمد خالد حاضرِ خدمت ہے۔ عزیز خانقاہ پاک کے مخلص احباب میں سے ہے۔ کام کی تفصیل زبانی عرض کریں گے۔ اس کے متعلق ضرور مہربانی فرماویں اور حسبِ معمول اپنی شفقت سے سرفراز فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۱ر ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۴۱/۴۶۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ عزیزہ کے متعلق تشویشناک حالات معلوم کر کے افسوس ہوا۔ مولا پاک اپنا فضل فرماوے۔ اور آپ کا وہاں جانا خیر واصلاح کا موجب گردانے۔ اور اِس پریشانی کو دُور فرماوے۔ اور اُس عورت کے شر سے عزیزہ کو اللہ تعالیٰ محفوظ ومصئون رکھے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

اگست کے پہلے عشرہ کے آخر میں واپسی کا قصد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۸ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۹ھ

از مانسہرہ

۱۴۲/۴۶۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٴ ہٰذا عالم شیر صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ یہ اپنے بھائی کو پولیس میں بھرتی کروانا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔ فقیر ممنون ومشکور ہو گا۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۴۳/۴۶۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا عبدالستار صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ دس پاس ہے۔ پولیس میں بھرتی کا متمنی ہے۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۴۴/۴۶۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا محمد خان صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ دس پاس ہے۔ پولیس میں بھرتی کا خواہش مند ہے۔ اس معاملہ میں شفقت فرما کر ممنون فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۴۵/۴۶۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت

Marfat.com

ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ رقعہٴ ہٰذا غلام محمد صاحب ہیڈ کانسٹیبل حاضرِ خدمت ہے۔ جس معاملہ میں محکمانہ انکوائری کا حکم اس کے خلاف کیا گیا ہے، اس میں بے قصور ہے۔ اس سلسلہ میں عفو و درگزر فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۴۶/۴۷۰ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٴ ہٰذا عبدالرزاق فقیر کے مخلص ترین ساتھی کا لڑکا ہے۔ دس پاس ہے۔ بیروزگاری کی وجہ سے آپ کی خدمت میں ارسال ہے۔ پولیس میں بھرتی فرما کر ممنون فرماویں۔ خصوصی شفقت فرماویں۔ عنایت ہوگی۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۳ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۴۷/۴۷۱ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت

Marfat.com

ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

عزیز محمد عارف صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ جس صاحب کے متعلق یہ تکلیف انہوں نے اٹھائی ہے، وہ بھی اپنے ساتھی ہیں۔ اس کے متعلق ضرور مہربانی فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۳ رجمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۴۸ / ۴۷۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا قاری صاحب کی معیت میں حاضرِ خدمت ہے۔ ان کا زبردستی اغوا کیا گیا ہے۔ جیسا کہ معلوم ہے کہ غریب مسکین اور پھر مظلوم کی بھی دادرسی کا یہ زمانہ نہیں، چنانچہ کسی نے بھی ان بیچاروں کی امداد واعانت کیا کرنی تھی، الٹا مخالفت کی۔ اور پولیس کو بھی غلط اطلاعات دیں۔ علاوہ ازیں پولیس والے بھی غریبوں کی دادرسی کا کام کرنا گناہ سمجھتے ہیں۔ ان حالات میں اگر آپ بھی ماتحتوں پر اعتماد کر کے مظلوم کی دادرسی سے عہدہ برآ نہ ہوسکیں تو اللہ تعالیٰ ہی مساکین وغرباء کا حافظ وناصر ہووے۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ — والسّلام

۶ رجمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۴۹
۴۷۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعہ ہٰذا سیّد عبدالستار شاہ حاضرِ خدمت ہے۔ پولیس میں یا جس جگہ بھی ممکن ہو سکے، اس مسکین کے روزگار کا کوئی ذریعہ بنا دیں۔ عنداللہ ماجور ہوں گے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۶/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۵۰
۴۷۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقعۂ ہٰذا عبدالرحمٰن کانسٹیبل نمبر ۱۶۱۶ پولیس لائن تبادلہ کا آرزومند ہے۔ اس سلسلہ میں شفقت فرما کر ممنون فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۶/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۵۱
۴۷۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا سعید انور حاضرِ خدمت ہے۔ دس پاس ہے۔ پولیس میں بھرتی کا

Marfat.com

خواہشمند ہے۔ اگر اِس پر شفقت فرماویں تو مہربانی ہوگی۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۸/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ　　　　از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۵۲/۴۷۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بالکل آرام ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. آپ اطمینان فرماویں۔ اور عزیز خالد خان صاحب کے بھیجنے کا فکر نہ کریں۔

عزیز احمد کو کمزوری کافی ہے۔ وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ رفع ہو جاوے گی۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۹/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ　　　　از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۵۳/۴۷۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج ہی صبح آپ کے گرامی نامے کا جواب سپردِ ڈاک کیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مل جاوے گا۔ آج دوپہر یہ حضرات تشریف لے آئے۔ محترم حکیم صاحب فقیر کی نیابت کے طور پر حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ تفصیل زبانی عرضِ خدمت کریں گے۔ یہ کام بہر حال سرانجام دینا ہے۔ جب تک کام نہیں ہوگا، حکیم صاحب آپ کے مہمان رہیں گے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۱۰ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۵۴
۲۷۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ بعافیت پہنچ چکے ہوں گے؟ اور وہاں ہر طرح عافیت ہوگی؟ مولا پاک ہمیشہ اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور صحت و عافیت اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا پہلے بھی حاضرِ خدمت ہو چکا ہے۔ اور آپ نے ۴ر ستمبر کو دوبارہ حاضر ہونے کا حکم فرمایا۔ لہٰذا مقررہ تاریخ پر حاضرِ خدمت ہے۔ جس طرح بھی ہو سکے اِس عزیز پر ضرور شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۶ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۵۵
۲۷۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا احمد سیف اللہ خان صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ اور بیچارہ بہت ہی ستم رسیدہ ہے۔ مخالف لوگوں نے بااثر ہونے کی وجہ سے ان کے مکان اور سب اثاثِ بیت پر ناجائز قبضہ کر لیا ہے۔ اور اُلٹا پولیس نے انہی پر مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ اور اِن کی

Marfat.com

مستورات وغیرہ کی بے عزتی کی ہے۔ اور اُن کے مقابلہ میں ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔
مہربانی فرما کر اپنی ذاتی دل چسپی لے کر اِن مظلوموں کی دادرسی فرماویں:

بہ ترس از آہ مظلوماں کہ ہنگامِ دعا کردن
اجابت از درِ حق بہر استقبال مے آید[1]

یہ ضروری نہیں کہ ماتحت جو رپورٹ کرے وہ سب کی سب ٹھیک اور درست اور مبنی برحقائق ہوتی ہے۔ آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے امید ہے، آپ اِس سلسلہ میں مبنی برانصاف اقدام فرماویں گے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۰ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۵۶ / ۴۸۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا میاں نصرت حاضرِ خدمت ہے۔ تھانہ تلمبہ میں قتل کے مقدمہ میں پانچ ملزم زیرِ تفتیش ہیں۔ ان کے بیان کے مطابق ان میں سے دو بے گناہ ہیں۔ لہٰذا اِس سلسلہ میں مزید تفتیش فرما کر اگر وہ بے گناہ ثابت ہو جاویں تو اُس کے مطابق معاملہ کیا جاوے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۵۷ / ۴۸۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

[1] مظلوموں کی آہ سے ڈرو کہ دعا کرنے کے وقت قبولیت، حق کے دروازے سے ان کے استقبال کو آتی ہے۔

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا شبیر حسین صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ وہاں کسی مدرسہ میں سرکاری ملازم ہے۔اور تبادلہ کا خواہش مند ہے۔انسپکٹر صاحب آف سکولز سے تبادلہ کی امداد فرماویں۔فقیر ممنون ہوگا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۸/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱۵۸ / ۴۸۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

عزیز احمد کو آج دسواں روز ہے۔پہلے ۶، ۷ روز تو بخار ہر وقت ۱۰۴ سے متجاوز رہتا تھا۔اب ۳ روز سے کم ہوگیا ہے۔صبح ۹۹ ہوتا ہے اور دوپہر کے وقت ۱۰۱ تک پہنچ جاتا ہے۔ضعف بہت زیادہ ہوگیا ہے۔ویسے بخار کے علاوہ اور کوئی عارضہ نہیں ہے۔اس کی صحت کے لیے دعا فرماویں۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا اپنے ساتھی منڈی شاہ جیونا، ضلع جھنگ کے رہنے والے ہیں۔ ان کی داستانِ مظلومیت سماعت فرماویں۔اور اُس کے مطابق جو بھی امداد فرما سکتے ہیں، فرماویں۔احسان ہوگا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۹/ جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ بروز جمعہ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۵۹/۴۸۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ حاملِ عریضہٗ ہٰذا جناب سردار احمد صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ اپنی گزارش زبانی عرض کرے گا۔ اس سلسلہ میں شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۳۰ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۶۰/۴۸۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا ضیاء اللہ خان حاضرِ خدمت ہے۔ دس جماعت پاس ہے۔ انتہائی غریب آدمی ہے۔ قد بُت کے لحاظ سے بھی درست معلوم ہوتا ہے۔ بھرتی کی غرض سے حاضرِ خدمت ہے۔ ضرور شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

یکم رجب ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۶۱/۴۸۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محترم حکیم قریشی عبدالواحد صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ فقیر کے مشفق و مہربان اور کرمفرما دوست ہیں۔ اپنے عزیز کو کالج میں داخل کروانا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں اپنی ہر ممکن امداد و اعانت سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲؍رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۶۲
۲۸۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل حاجی گل محمد صاحب حاضرِ خدمت ہوئے ہوں گے؟ اور اُن سے سفر کے التوا کی بابت معلوم ہو گیا ہوگا؟ عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی حالت اب اچھی ہے۔ صرف ضعف ہے۔ حکیم صاحب احتیاط پر زیادہ زور دے رہے ہیں۔ اسی بناء پر فقیر کا رہنا یہاں ضروری ہو گیا ہے۔ ورنہ بچوں کی تو عورتوں پر حکومت ہوتی ہے، جو چاہیں کروالیں۔

حاجی گل محمد صاحب کو بڑی مائی صاحبہ کلاچی والیوں کی دوائیوں کا پرچہ دیا تھا۔ وہ عزیز خالد خان صاحب کا ہی تجویز کردہ ہے۔ دو دوائیاں وہ اپنے پاس سے دینے کا کہہ گئے تھے اور ایک بازار سے خرید کرنی ہوگی۔

علاوہ ازیں مہر محمد ظہور صاحب سرگانہ باگڑ سرگانہ حاضرِ خدمت ہیں۔ اطمینان و سکون سے ان کی گزارشات سماعت فرماویں۔ جس سلسلہ میں یہ حاضر ہو رہے ہیں اس کے متعلق تفصیل سے عرض کریں گے۔ اس کام کے لیے حکیم صاحب کو خدمت میں بھیجنے کا ارادہ ہوا تھا، لیکن عزیز احمد کی وجہ سے اُن کو روک لیا گیا ہے۔ لہٰذا اُس معاملہ پر ہمدردانہ غور فرماویں اور پوری پوری امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب

Marfat.com

فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۵؍رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۱۶۳/۴۸۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا عبدالرحمٰن صاحب ہیڈ کانسٹیبل نمبر ۲۶۷ حاضرِ خدمت ہے۔اس سے جو فروگذاشت ہوئی ہے، وہ عفو ودرگذر فرماویں۔کیونکہ بقول شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ، ہیچ لحمے بے غدود نہ باشد۔[1] اللہ تعالیٰ ستار العیوب ہے اور پردہ پوشی اور عفو ودرگذر کو پسند فرماتا ہے۔آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے یہی امید لے کر حاضر ہوا ہے۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۷؍رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۱۶۴/۴۸۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا حاضرِ خدمت ہے۔غلام قاسم نام ہے۔پولیس میں بھرتی کے لیے حاضر ہو رہا ہے۔غریب اور بے روزگار ہے۔اس سلسلہ میں اس پر شفقت فرماویں۔اور ہر

---

۱۔ کوئی گوشت غدود کے بغیر نہیں ہے۔

Marfat.com

طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۱۱ر رجب ۱۳۸۹ھ

ازخانقاہ سراجیہ

۱۶۵/۴۸۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حکیم صاحب نے کسی صاحب کے لیے سفارشی خط کا فرمایا اور یہ ان کا تکلف ہے۔ ورنہ حکیم صاحب کے لیے فقیر کے خط کی ضرورت نہیں۔ بہر حال حکیم صاحب جس صاحب کے لیے یہ سطور لکھوا رہے ہیں، اس کے متعلق ضرور شفقت فرماویں۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔

والسّلام

۱۱ر رجب ۱۳۸۹ھ

ازخانقاہ سراجیہ

۱۶۶/۴۹۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا امتیاز علی ہیڈ کانسٹیبل نمبر ۱۹۴ حاضرِ خدمت ہے۔ یہ اپنی پوسٹ میں غیر مستقل ہے۔ اس سلسلہ (میں) مستدعی ہے۔ اس کو اپنی پوسٹ پر مستقلی کی منظوری فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

Marfat.com

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۳؍رجب ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۶۷ / ۴۹۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا امان اللہ خان حاضرِ خدمت ہے۔ سابق فوجی ہے۔ غریب اور بے روزگار ہے۔ پولیس میں بھرتی کے لیے حاضرِ خدمت ہے۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔

ع بر کریماں کارہا دشوار نیست[1]

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۳؍رجب ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۶۸ / ۴۹۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر آج سرگودھا ہے اور یہاں حضرت مولانا سعید احمد صاحب رائے پوری سے ملاقات ہوئی۔ وہ شاید پہلے آپ کو ملے بھی تھے۔ اُسی سلسلہ میں مقتول کے بھائی میاں عبدالستار صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ تفصیل تو زبانی بیان کریں گے، بہرحال اس سلسلہ میں اپنی ہر ممکن امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر اس سفر میں تھوڑے وقت ملتان بھی آوے گا تو اِنشاء اللہ تعالیٰ ملاقات ہو

---

۱۔ کریم لوگوں کے لیے کام مشکل نہیں ہے۔

Marfat.com

جاوے گی۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۳؍رجب ۱۳۸۹ھ از سرگودھا

۱۶۹ / ۴۹۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا محمد فیض اللہ خان صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ معاملہ کی تفصیل تو خود بیاں فرماویں گے۔ بہر حال معاملہ نہایت اہم ہے۔ اور جناب کی خصوصی توجہ کا طالب ہے۔ اس سلسلہ میں پوری پوری ہمدردی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اس کا اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۶؍رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۷۰ / ۴۹۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا فیض اللہ خان صاحب، جو کہ تھانہ میلسی میں محرر ہے، حاضرِ خدمت ہے۔ اور اپنی گزشتہ غلطیوں کی معافی طلب (کرتا) ہے۔ اللہ تعالیٰ آئندہ بھی اپنے فضل سے بچنے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔ اور آپ کی شفقت و عنایت کا متمنی ہے۔ اس کو اپنی

Marfat.com

شفقتوں سے سرفراز فرماتے رہیں۔اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۷/رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۷۱/۴۹۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا حق نواز حاضرِ خدمت ہے۔پہلے محمد عارف صاحب کا خط لے کر بھی حاضر ہو چکا ہے۔لیکن آپ نے کوئی التفات نہیں فرمائی۔اس بیچارے کی بیوی اغوا ہو گئی ہوئی ہے۔اس سلسلہ میں جو ممکن ہو سکے شفقت فرماویں۔فقیر ممنون ہو گا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۱۹/شعبان ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۱۷۲/۴۹۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر آج ایک روز کے لیے لاہور آیا ہے۔اور بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔آمین۔

عزیز بشیر احمد حاضرِ خدمت ہے۔مقصد تو زبانی عرض کرے گا، اس پر شفقت فرماویں،اس طرح کہ کام بن جاوے:

ع ؎ بر کریماں کارہا دشوار نیست[1]

---

۱۔ کریم لوگوں کے لیے کام مشکل نہیں ہیں۔

Marfat.com

اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۲۱ رشعبان ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۲۳/۴۹۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دستی گرامی نامہ سے مشرف ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر فیض محمد کو خط لکھ رہا ہے۔ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوگا۔ مقدمہ اور اُس کی پیروی یہ اُن کے بس کی بات نہیں ہے۔ اور نہ وہ یہ کام کرسکیں گے۔ اگر کوئی دوسری صورت ہوسکے تو اُس سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ دو روز تک واپس خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ اور آج ابھی یہاں سے روانہ ہو رہا ہے۔ والسّلام

۲۱ رشعبان ۱۳۸۹ھ از لاہور

۱۲۴/۴۹۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور عزیزہ کو کامل ومکمل صحت عطا فرماوے۔ اور جملہ تکالیف کو دُور فرما کر آپ سب کو اِطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

رمضان المبارک اپنی برکتوں ورحمتوں کے ساتھ جلوہ افروز ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اُس ذاتِ کریم کی رحمتوں کا مستحق بناوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

اکتوبر کے وسط سے نزلہ وکھانسی کی معمولی تکلیف شروع تھی، لیکن کل سے تو اِنتہائی شدت ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اِس تکلیف کو دُور فرماوے۔ آمین۔

اس تکلیف کے لیے مندرجہ ذیل گولیاں مفید پڑتی ہیں۔ گرمیوں میں ان کی ضرورت

Marfat.com

نہیں پڑی، اب ضرورت پڑی تو میانوالی میں نہیں ملی۔ وہ اگر فوری طور پر بھجوا دیویں تو مہربانی ہوگی۔ان کا نام انسیڈ ال ہے۔

علاوہ ازیں گزارش ہے کہ محمد یعقوب خان کانسٹیبل نمبر ۲۸۳ حال پولیس لائن ملتان کا تبادلہ ابھی ابھی میلسی کے تھانہ سے حوالدار کی شکایت پر پولیس لائن ہوا۔ اور اس کا تبادلہ تھوڑے دنوں سے ۶ سال پولیس لائن میں رہنے کے بعد ہوا تھا۔ وہ حوالدار بھی چونکہ ضلع میانوالی کا رہنے والا ہے اور سابقہ آپس میں لاگت بازی ہے، اس لیے اس نے معمولی سی بات پر شکایت کروا کر اُس کا تبادلہ پھر پولیس لائن میں کروا دیا ہے۔ مہربانی فرما کر محمد یعقوب خان کا تبادلہ کبیر والا یا کسی مناسب جگہ فرما کر ممنون فرماویں۔ یہاں پہلا روزہ کل بدھ کا ہوا ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲؍رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

۱۷۵ / ۴۹۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محبّ مکرم جناب سردار فضل محمود خان صاحب دام لطفہٗ و کرمہٗ مطالعہ فرماویں۔ فقیر بحمد اللہ سبحانہٗ بخیریت ہے۔ رمضان المبارک شروع ہے۔ آج رات پہلا ختم بفضلہٖ تعالیٰ ختم ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور باقی دو ختموں کی بھی سہل توفیق بخشے۔ آمین۔ امید ہے کہ حافظ حمید اللہ خان سلمہٗ بھی سنا رہے ہوں گے؟

حاملِ ہٰذا اپنا مظلوم ہونا بیان کرتے ہیں۔ اور ان کی خواہش ہے کہ کوئی غیر جانبدار سی.آئی.اے. افسر کیس کی تفتیش کرے۔ بات جائز معلوم ہوتی ہے۔ اگر آپ اس سلسلہ میں امداد فرما دیں، اگر کوئی ٹیکنیکل دشواری نہ ہو تو بہت بہتر ہوگا۔ ان مظلوموں کی حق رسی ہو جائے گی۔ بے لاگ تفتیش سے سب حالات سامنے صحیح طور سے آسکیں گے۔ باقی سب کو سلام و دعوات۔

از راقم الحروف فقیر محمد شمس الدین عفی عنہ، بعد سلام مسنون عرض ہے کہ رمضان المبارک کی مبارک ساعات کی دعاؤں میں فقیر کو بھی یاد رکھیں۔ خان محمد علی خان صاحب

Marfat.com

نے ختم شریف کی گٹھلیوں کی فرمائش کی تھی۔ پہلے مہیا کر کے حضور کے ذریعے بھیجنے کے لیے دی تھیں۔ وہ راولپنڈی کسی جگہ رہ گئیں۔ دوبارہ مہیا کر کے فقیر لایا ہے اور جناب سیّد عبداللطیف شاہ صاحب کی خدمت میں آپ کے ہاں پہنچانے کے لیے پیش کی ہیں۔ اگر آپ حسب معمول آخر رمضان میں آئیں تو ان سے وصول فرمالیں، ورنہ بعد رمضان وہ خود پہنچا دیں گے۔ انشاء اللہ۔ باقی جناب قاضی صدرالدین صاحب کے پاسپورٹ کا معاملہ وہیں کا وہیں ہے۔ پہلا پاسپورٹ، جس پر آٹھ سو روپے درج ہے، وہ بھی ساتھ ہے۔ خدا جانے اب کیسے بن سکے گا؟ عزیزان گرامی کو الگ الگ نام بنام دعوات تسلیمات۔

۹ ررمضان ۱۳۸۹ھ والسّلام

۱۲۶/۵۰۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں دستی گرامی نامے مع دو پیٹیاں یکے بعد دیگرے موصول ہوئے اور حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کی اِن عنایات کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ. فقیر کو رمضان المبارک سے قبل دو روز شدید نزلہ ہوا اور ساتھ کھانسی بھی شروع ہوگئی۔ اب شدید قسم کی کھانسی ہے۔ اس طرح کی پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ بلغم سینہ پر جم گیا ہے، جس کی وجہ سے دمہ کی سی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ سرِ دست کوئی دوا اثر نہیں کر رہی۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

تراویح اور روزے تو ہو رہے ہیں۔ یہ بھی تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہی ہے۔ اور اسی کے فضل سے ہی معاملہ وابستہ ہے، ورنہ اپنی حالت تو ناگفتہ بہ ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔

یعقوب کانسٹیبل کے متعلق پہلے عریضہ میں عرض کیا تھا۔ مہربانی فرمادیں۔ اُس کو میلسی خزانہ سے تبدیل فرما کر کہروڑ پکا یا کبیر والا تبدیل کر دیں۔ اور یہ ضرور کریں۔ عنایت ہوگی۔ تحفۂ سعدیہ پر کام شروع ہے۔ مفتی عطا محمد صاحب، مولانا محبوب الٰہی صاحب، قاضی محمد شمس الدین صاحب کام کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آسانی فرماویں اور مخلوقِ خدا کے لیے

Marfat.com

مفید کرے۔آمین۔اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۰/رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۷۷/۵۰۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبّ مکرم عالی جناب سردار فضل محمود خان صاحب دام لطفہٗ مطالعہ فرماویں کہ فقیر بخیریت ہے۔اور آپ سب کی خیریتِ دارین کا طالب ہے۔

حاملِ ہٰذا غلام سرور خان صاحب اپنے خاص مہربان ہیں۔معلوم ہوا ہے کہ ان کا تبادلہ لائن میں ہو گیا ہے۔اس سے ان کو تکلیف ہے۔فقیر ممنون ہوگا،اگر آپ ان کو ازراہِ کرم پھر ان کی جگہ پر بھیج دیں۔امید ہے کہ خاص توجہ دیں گے۔

۱۱/رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۷۸/۵۰۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. ازفقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بخدمت گرامی محبّ مکرم جناب سردار صاحب دام لطفہٗ عرض آنکہ یہاں خیریت ہے۔اور آپ سب کی خیریت مطلوب ہے۔

حاملِ ہٰذا عرصہ سے تکلیف میں ہے۔اگر مہربانی فرما کر اس کے حال پر رحم فرماویں اور اس کی مشکل دور ہو جائے۔اپنا آدمی ہے۔امید کہ اگر آپ کے لیے کوئی خاص ٹیکنیکل دشواری نہ ہو تو ضرور اس کے حال پر رحم فرماویں (گے)۔مہربانی ہوگی۔اس کی خواہش ہے کہ تھانہ جہانیاں یا مخدوم رشید میں لگا دیں۔

ازاحقر محمد شمس الدین عفی عنہ سلام مسنون عرض ہے۔

۱۱/رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۷۹/۵۰۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. ازفقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محبّ مکرم جناب سردار صاحب دام لطفہٗ مطالعہ فرماویں۔خیریت جانبین مطلوب۔

Marfat.com

حاملِ ہٰذا جناب میر صاحب کو تو آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ فقیر ان کو خدمت عالیہ میں بھیجتا ہے۔ اس کام کو فقیر کا ذاتی کام تصور فرما کر بلوچ صاحب سے ضرور یہ کام کروا ہی دیں، بہت ہی مہربانی ہوگی۔ فقیر منتظر رہے گا کہ یہ کام اللہ تعالیٰ بحرمت حضرات کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کر ہی دے۔ زیادہ کیا لکھے۔ عزیزوں کو سلام و دعوات۔

۱۱ر رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ والسّلام

۱۸۰/۵۰۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا ملک غلام محمد صاحب سب انسپکٹر پولیس حال متعین تھانہ پرانی کوتوالی ملتان یہاں سے کسی بیرونی تھانہ میں تبادلہ کا خواہشمند ہے۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔ باہر جس تھانہ میں مناسب تصور فرماویں، تبادلہ فرمادیں۔ عنایت ہوگی۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۷ر رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۸۱/۵۰۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی والا نامہ مع تیس روپے موصول ہوا۔ عزیز محمد عابد کے ختم کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے عزیز موصوف کو نیک و صالح کرے۔ اور والدین کی حقیقی مسرتوں کی آماجگاہ بناوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. نزلہ و کھانسی بدستور

Marfat.com

جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے آپ سب مبارکباد قبول فرماویں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۸ رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۸۲/۵۰۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محمد اطلس خان کانسٹیبل نمبر ۶۹۶ حال پولیس لائن تبادلہ کا آرزومند ہے۔ اس پر شفقت فرماویں۔ اور باہر کسی مناسب تھانہ پر تبادلہ فرما کر ممنون فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ تھانہ مخدوم رشید تعینات فرمایا جاوے۔

والسّلام

۱۸ رمضان ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۸۳/۵۰۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ عزیز عبدالرحمٰن صاحب سرگانہ حاضرِ خدمت ہے۔ وہ پہلے والا کام تو نہیں ہوا، کسی دوسری مناسب جگہ پر سعی فرماویں۔ نہایت ضروری ہے۔ فقیر ممنون و شکرگزار ہوگا۔

عبدالرحمٰن یہاں خانقاہ پاک پر موجود تھا، لیکن یہاں بات کرنے کا موقعہ نہ مل سکا۔ بہرحال اس سلسلہ میں ہر ممکن سعی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کامیاب فرماوے۔ آمین۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۹ رمضان المبارک ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۸۴ / ۵۰۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب سردار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ موصول ہوا۔ عبداللہ خان کے متعلق معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اور باعثِ پریشانی ہوا۔ جب بھی عبداللہ خان کا خیال آتا ہے، طبیعت پریشان ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اپنے فضلِ عمیم سے اس کی اصلاح فرماوے۔ اور اس کو اپنے نفع ونقصان کی تمیز نصیب فرماوے۔ اور آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

۲۵ر دسمبر کی شام کو انشاء اللہ تعالیٰ اسٹیشن پر انتظار کیا جاوے گا۔ اطمینان فرماویں۔ عزیز سعید اور قاسم حاضر ہو چکے ہوں گے؟ یہ دونوں آپ کے بچے ہیں۔ ان کی پوری پوری سرپرستی فرماویں تا کہ اس تبادلہ میں کوئی نقصان سینیارٹی اور ترقی کے سلسلہ میں واقع نہ ہو۔ سعید کو تو اپنے ہوتے ہوئے ٹریننگ میں بھجوائے دیں۔ اور اس سلسلہ میں پوری ہمت سے کام لیں تو عزیز کا مستقبل سنور جاوے گا اور ہمیشہ آپ کو دعائیں دیوے گا۔

علاوہ ازیں مہر محمد امیر صاحب سرگانہ کے متعلق بھی پرزور سفارش تو فقیر پہلے بھی کئی دفعہ کر چکا ہے۔ اور اب پھر دوبارہ عرض ہے کہ ان کی درخواستوں پر ضرور توجہ فرماویں۔ اس سلسلہ میں محمد امیر واقعی امداد کا مستحق ہے۔ اور وہ ضرور کریں۔

فقیر کی طبیعت اب بفضلہٖ تعالیٰ روبصحت ہے۔ اور بہت افاقہ ہے۔ معمولی سا اثر باقی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کو دُور فرماوے۔ اور کامل مکمل صحت عطا فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے احباب کو سلام مسنون۔

والسلام

۱۳ر شوال ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۸۵ / ۵۰۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ

Marfat.com

بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

عزیز محمد عبیداللہ خان سلمہ اللہ تعالیٰ آج صبح ڈیرہ اسماعیل خان کے لیے بعافیت گاڑی پر سوار ہو گئے ہیں۔اطمینان فرماویں۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا میاں غلام حسن صاحب چیئرمین موضع بڑوجھی، تحصیل کبیر والا، ضلع ملتان حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔اپنی معروضات زبانی بیان کریں گے۔اس سلسلہ میں پوری پوری ہمدردی اور شفقت فرماویں۔آپ کے الطافِ کریمانہ سے امید ہے کہ آپ ان کو مایوس نہیں کریں گے۔نیز صفدر صاحب تھانہ انچارج کبیر والا کے تبادلہ کے متعلق بھی گزارش ہے کہ ان کا تبادلہ تھانہ سرائے سدھو فرماویں۔نیز آئندہ ترقی اور سالانہ رپورٹ کے متعلق بھی اپنی سفارشات سے ضرور سرفراز فرماویں۔فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر کل ۲۸/دسمبر کو چنیوٹ تحفظ ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کے لیے جانے کا ارادہ کر رہا ہے۔فقیر کو دو چار روز لگ جاویں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔فقیر کی طرف سے پرسانِ احوال کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷/شوال ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۸۶
۵۱۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا محترم عبداللطیف صاحب حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ کے بیعت ہیں اور اپنے ساتھی ہیں۔ان کے لڑکے نے پولیس میں بھرتی کی درخواست دی ہوئی ہے۔اس سلسلہ میں آپ کی ہر ممکن امداد اور تعاون کی ضرورت ہے۔اور آپ کے اخلاقِ فاضلہ

Marfat.com

سے امید ہے کہ آپ اس سلسلہ میں کوئی دریغ نہیں فرماویں گے۔ فقیر آپ کے تعاون و امداد کا شکر گزار ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

۱۸ رشوال ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۸۷/۵۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر آج رات کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں بفضلہ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

حاملِ عریضہٴ ہٰذا محترم ریاض حشمت صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ آپ کی شفقت و عنایت کے متمنی ہیں۔ اور آپ اپنی شفقتوں سے ان کو محروم نہ رکھیں۔ عنایاتِ بزرگانہ سے نوازتے رہیں۔ از خوردان خطا و از بزرگان عطا[1] کا شیوہ اختیار فرماویں۔ اور آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے یہی توقع ہے۔ فقیر ممنون ہوگا۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہیچ لحمے بے غدود نہ باشد۔[2] عیوب سے پاک تو صرف انبیاء علیہم السّلام والصلوٰۃ کی ذات مبارک ہے۔ بہر حال انسان نسیان و خطا کا مرکب ہے۔ اور اُس کی فطرت میں یہی ہیں۔ اس کو مدّنظر رکھتے ہوئے عفو و درگزر اور شفقت کا معاملہ رکھنا چاہیے۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۸ رشوال ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۸۸/۵۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی و محترمی جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے جمیع

۱۔ چھوٹوں سے خطا اور بزرگوں سے عطا۔ ۲۔ کوئی گوشت غدود کے بغیر نہیں ہے۔

Marfat.com

خطوط ملتے رہے۔ اور حالات سے آگاہی ہوتی رہی۔ ۱۷ر مارچ کی متوقع ملاقات پر جواب کی تاخیر ہوتی رہی، جو مقدر نہ تھی۔ یہاں پہنچ کر دو والا نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور شرِ اعداء سے اپنی حفاظت میں مامون ومصئون رکھے۔ اور دنیا وآخرت کی جمیع مسرتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۹ر مارچ کی صبح کو یہاں سے روانہ ہوگا۔ رات ملتان رہ کر ۳۰ر مارچ کو خیبر میل پر سوار ہوگا۔ اور ۳۱ر مارچ کو کراچی پہنچ جاوے گا۔ اطمینان فرماویں۔ خیبر میل پر سیٹیں ریزرو ہو چکی ہیں۔ صوفی محمد صادق صاحب تو پہنچ چکے ہوں گے؟ ان کی اہلیہ فقیر کے ہمراہ آئے گی۔ عبدالرشید صاحب بڑی تمنا رکھتے ہیں۔ ضرور سعی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۱۷ر مارچ کو بہاولنگر سے یہاں پر آ گیا تھا، تاکہ چناب پر سمہ سٹہ سے لے کر بہاولپور تک ساتھ ہی رہے... شام کو علی خان صاحب نے ملتان نقصان کی اطلاع دی۔ جس سے بہت پریشانی ہوئی۔ خیر مولا پاک نے فضل فرمایا اور سامان کو صحیح وسالم واپس کر دیا۔ کرم کریم آئندہ بھی ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رکھے۔ اور ہر ہر آن حفاظت میں رکھے۔ آمین۔ یہاں سب خیریت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سلام مسنون پہنچیں۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۸ر شوال ۱۳۸۹ھ

۱۸۹
۵۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٰذا محمد اکرم خان صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ یہ اے۔ایس۔آئی۔ کے

Marfat.com

امیدوار ہیں اور درخواست دی ہوئی ہے۔ آخری منظوری اگرچہ افسر بالا کے اختیار میں ہے، لیکن آپ اپنی سفارش سے دریغ نہ فرماویں۔ اور اِس سلسلہ میں اپنی پرزور سفارش فرماویں۔ فقیر ممنون ہو گا۔ حضرت مفتی محمود صاحب مدظلہ العالی کے ارشاد کی تعمیل میں یہ عریضہ پیشِ خدمت ہے۔ لہٰذا اِس کا ضرور خیال فرماویں۔

فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۹ر شوال ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

190
514

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا انور محمد صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ پولیس میں بھرتی ہونے کے متمنی ہیں۔ درخواست دی ہوئی (ہے)۔ اس سلسلے میں مہربانی فرماویں۔ اور اپنی سفارش سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون و مشکور ہو گا۔ آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے یہی امید ہے:

ع بر کریماں کارہا دشوار نیست[1]

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۹ر شوال ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

191
515

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب

۱۔ کریم لوگوں کے لیے کام مشکل نہیں ہیں۔

Marfat.com

ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا ریاض احمد صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ اپنے ایک عزیز کے تبادلہ کے خواہشمند ہیں۔ کسی بہتر جگہ تبادلہ فرما کر ممنون فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۹ر شوال ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۹۲/۵۱۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محمد سلیم صاحب نے اے۔ ایس۔ آئی۔ کے لیے درخواست دی ہوئی ہے۔ اور اِس سلسلہ میں آپ کی شفقت وعنایت کا متمنی ہے۔ جس طرح بھی ہو سکے ضرور شفقت فرماویں۔ اور اپنی سفارشات سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲ر ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۹۳/۵۱۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

پہلے بھی اس سلسلہ میں کئی لوگ فقیر سے خطوط لے گئے ہیں۔اور وہ آپ کی خدمت میں پہنچیں گے۔لیکن اس عریضہ کو اُس سطح پر نہ تصور فرماویں۔حاملِ عریضۂ ہٰذا میاں محمد امیر صاحب لنگریال حاضرِ خدمت ہیں۔اپنے فرزند کو اے.ایس.آئی.بھرتی کروانا چاہتے ہیں۔اس سلسلہ میں اپنے تمام ذرائع بہ روئے کار لاویں۔اور ہر ممکن امداد سے دریغ نہ فرماویں۔فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔فقیر اس سلسلہ میں ٹیلیفون پر بھی گفتگو کرے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔بہرحال جس طرح بھی ہو یہ کام کرنا اور کروانا ہے۔آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے اُمید ہے کہ آپ اس بارے پس وپیش نہیں فرمائیں گے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲/ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۹۴/۵۱۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

تفصیلی پرچہ ہمراہ ہے۔تعلیم یافتہ ہے۔آپ کی معمولی سی نظرِ التفات سے اس کا مستقبل بہتر ہوسکتا ہے۔اس معاملہ میں ضرور شفقت وعنایت فرماویں۔فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔　　　　والسّلام

۳/ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

۱۹۵/۵۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ

Marfat.com

سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

صاحب الغرض مجنون[۱] کے ماتحت ان دنوں کئی لوگ فقیر سے دستی پرچے لے گئے۔ اور آپ تک پہنچے ہوں گے۔ آج اس سلسلہ میں ایک ٹیلیفون کی بھی سعی کی جا رہی ہے۔ اور یہ ٹیلیفون محمد حیات ولد محمد امیر قوم لنگڑیال تھانہ الپہ کے سلسلہ میں ہوگا۔ آپ اپنی سفارش فرماویں۔ عنایت ہوگی۔

علاوہ ازیں حاجی گل محمد صاحب حاضرِ خدمت ہوئے ہوں گے؟ ڈاکٹر پروفیسر محمد ساجد صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج لائل پور کے متعلق گزارش کی ہوگی؟ آج ان کا ایک عریضہ ارسالِ خدمت ہے۔ وہ ملاحظہ فرما کر جو کچھ بھی ممکن ہو سکے ضرور کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اُن کی اور اُن جیسے دیگر شرفاء کی یہ پریشانی دور فرماوے۔ اور اپنے اپنے عہدوں پر باعزت بحال فرماوے۔ آمین۔

گھر والے بعافیت پہنچ آئے ہوں گے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۴ رذی قعدہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

١٩٦
۵۲۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہٗ ہٰذا عمر حیات صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ اپنے عزیز کو بھرتی کروانا چاہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ضرور مہربانی فرماویں۔ اور کچھ گنجائش مل سکے تو مایوس نہ

۱۔ ضرورتمند دیوانہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔

والسّلام

۸؍ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۹۷/۵۲۱ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ منگنی کی رسومات کی فہرست پڑھی۔ بوجھ تو بہت بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آسانیاں پیدا فرماوے۔ اور اس مرحلہ کو بخیر وخوبی اور بااحسن وجوہ سرانجام فرماوے۔ اور جانبین کے لیے باعثِ خیر و برکت اور محبت و اتفاق بناوے۔ اور آپ سب کے لیے مسرّت وجمعیت کا سبب بناوے۔ آمین۔

جناب ازہر شاہ صاحب کے لیے روپے کی ترسیل بھی باعث مسرّت ہوئی۔ اور ادارۂ سعدیہ کے لیے سعی بھی خوشی کا باعث ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی ان سب مساعی کو قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔

ساجد صاحب کے لیے ضرور سعی جاری رکھیں۔ اب طبیعت کافی بہتر ہے۔ بہت کافی تکلیف اٹھائی ہے۔ زندگی تھی، اللہ تعالیٰ نے بچالیا ہے۔ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہر قسم کے حوادث سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۲؍فروری جمعرات کی صبح کو تھل پر ملتان پہنچے گا۔ حاجی گل محمد صاحب، میاں خان محمد صاحب امید ہے کہ اسٹیشن پر آئے ہوئے ہوں گے۔ اسٹیشن سے ہی

Marfat.com

اسی روز باگڑ روانہ ہو جاوے گا۔ دو تین روز کے بعد واپسی ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

یکم ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

یہ عریضہ بھیجنے سے پہلے محمد حیات خان صاحب نیازی آ گئے۔ ان کا اپنا داماد حبیب اللہ خان نیازی اے.ایس.آئی، جو پہلے ریل بازار لائل پور پولیس چوکی میں تھا، اور اب پولیس لائن لائل پور میں ہے، اس کو اب میاں بشیر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس لائل پور نے چارج شیٹ دے دی ہے۔ اس کے متعلق پہلے محمد حیات خان صاحب نے آپ کو ٹیلیفون بھی کیا تھا۔ اور بعد میں تار بھی دی تھی۔ اس کے متعلق ضرور سعی فرماویں۔ اور بشیر صاحب کو تاکید کے ساتھ فرماویں، تاکہ حبیب اللہ خان کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ نہایت ضروری ہے۔ والسّلام۔

اس کے متعلق جواب محمد حیات خاں نیازی کو مندرجہ ذیل پتہ پر فرماویں: ۴/E-۳۷، محلّہ بوری خیل، میانوالی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱۹۸/۵۲۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا عزیز ممتاز احمد صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ عزیز موصوف صوفی احمد یار صاحب چاواوالوں کا حقیقی بھانجا ہے۔ جن کا خانقاہ پاک کے ساتھ دیرینہ مخلصانہ تعلق ہے۔ اور خانقاہ پاک اور فقیر کے مخلص ترین احباب میں سے ہے۔ انہوں نے اے.ایس.آئی کی درخواست سرگودھا ڈویژن میں دی ہوئی ہے۔ اس کے متعلق سرگودھا ڈویژن کے ڈی.آئی.جی. کی سفارش مطلوب ہے۔ اس سلسلہ میں بہتر سے بہتر کوئی صورت ہو سکے تو اس سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون ہو گا۔

Marfat.com

اور ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. والسّلام

۱۱/ ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۹۹/۵۲۳ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل ۱۳/ ذی الحجہ کو گوجرا پہنچا ہے۔ اور منگل کی صبح ۱۶/ ذی الحجہ کو یہاں سے روانہ ہو کر احمد پور سیال حضرت شاہ عبداللطیف صاحب کی خدمت میں جاوے گا۔ دو روز وہاں ٹھہر کر پھر واپس خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محمد ذاکر صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ یہ اپنا مقصد تو زبانی عرض کریں گے اور حضرت پیر خورشید احمد شاہ صاحب مدظلہ العالی عبدالحکیم والوں کی سفارش لے کر آئے ہیں۔ اس سلسلہ میں پوری پوری تفتیش فرما کر شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۴/ ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ از گوجرا

۲۰۰/۵۲۴ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کل ۱۶/ ذی الحجہ کو یہاں سے روانہ ہو کر احمد پور سیال جاوے گا۔ وہاں دو روز ٹھہر کر واپس خانقاہ پاک جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مولانا محمد صدیق صاحب فقیر کے کرم فرما ساتھی ہیں۔ پہلے بھی ایک معاملہ کے لیے

Marfat.com

آپ سے سفارش کروائی تھی۔ وہ ابھی نہیں ہوا تھا کہ اُن کا تبادلہ ہو گیا۔ اب نئے صاحب کو حکم فرماویں تا کہ وہ مولانا کا کام کروا دیں۔ فقیر ممنون ہو گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵؍ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

از گوجرا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۰۱/۵۲۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج اتوار کو خیبر میل پر لاہور روانہ ہو جاوے گا۔ لاہور سے راولپنڈی اور پشاور وغیرہ کا ارادہ ہے۔ ۲۷، ۲۸؍ اکتوبر تک خانقاہ پاک واپسی ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سمہ سٹہ اسٹیشن پر حاجی عبدالرشید صاحب نے حاجی دوست محمد صاحب سرگانہ کے لڑکے عبدالرحمٰن کے متعلق گزارش کی تھی۔ ضلعداری کی درخواست اُس کی بہاولپور پہلے گئی ہوئی ہے۔ مزید کوائف عرض کریں گے۔ اس کے متعلق بلوچ صاحب سے ضرور یہ کام کروا دیں۔ عنایت ہو گی۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

(۱۳۸۹ھ)

از خانیوال

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۰۲/۵۲۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ ٹیلیفون کے مطابق عبدالغفور خان صاحب حاضرِ خدمت ہو رہے ہیں۔ یہ محمد امیر خان مجذوب کا چھوٹا بھائی ہے۔ اور یہ جنوں کا دورہ سب چھوٹے بڑوں کو ورثہ میں ملا ہے۔ کسی کو کم اور کسی کو زیادہ۔ محمد امیر خاں کو سب سے زیادہ ہے۔ عبدالغفور خان کا لڑکا عبدالرؤف خان حافظ قرآن ہے۔ نیک اور صالح ہے۔ لیکن اُس پر جب جنوں کا دورہ ہوا تو اُس نے ڈاڑھی منڈوا دی اور آوارگی پر اُتر آیا۔ اور ایک پشاوری کے ہتھے چڑھ گیا۔ اس کے ساتھ مل کر ہی ڈاکے کے

Marfat.com

مقدمہ میں ماخوذ ہو گیا۔اس سلسلہ میں پولیس سب خاندان پر ناجائز تشدد کر رہی ہے۔اور چھاپے، خانہ تلاشیاں، اور ناجائز اسلحہ وغیرہ کا الزام لگا کر سب کو بہت پریشان کر رہی ہے۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرمائیں۔اور متعلقہ تھانوں کو ہدایت فرماویں، تاکہ ناجائز تنگ نہ کریں۔ نیز عبدالروف خان کے بچاؤ کی کوئی صورت نکل سکے تو ضرور مہربانی فرماویں۔ تفصیلات اطمینان سے ان کی زبانی سن لیں۔اور ہمدردانہ کارروائی فرماویں۔مہربانی ہو گی۔اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

(۱۳۸۹ھ) ازخانقاہ سراجیہ

۲۰۳
۵۲۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا محترم ملک غلام جیلانی صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔پہلے بھی فقیر کی معیت میں حاضرِ خدمت ہو چکے ہیں۔اپنے بھائی کے تبادلہ کے لیے عرض کریں گے۔اس سلسلہ میں ضرور شفقت فرماویں۔فقیر ممنون ہو گا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔والسّلام

۱۴ رمحرم الحرام ۱۳۹۰ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۰۴
۵۲۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ حاملِ عریضہ ہٰذا اپنے لڑکے کو پولیس میں بھرتی کروانے کا خواہشمند ہے۔اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔فقیر ممنون ہو گا۔اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۴ رمحرم ۱۳۹۰ھ ازباگڑ سرگانہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۲۰۵/۵۲۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر نے محترم حاجی گل محمد صاحب کے کام کے متعلق کہا تھا۔ وہ کام ہاشمی صاحب کے متعلق نہیں تھا، بلکہ اسٹاف کے متعلق تھا۔ حاملِ عریضۂ ہٰذا حاجی گل محمد صاحب کا آدمی ہے، اس کے متعلق سٹاف والے تھانیدار کو حکم فرماویں تا کہ اس کا کام ہو جاوے۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۱۱/ اپریل کی صبح کو ملتان پہنچے گا۔ اور خیبر میل پر بہاولپور روانہ ہو جاوے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۵/ محرم ۱۳۹۰ھ ازباگڑسرگانہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۲۰۶/۵۳۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلوٰۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب الحاج خان فضل محمود خان صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر باعث مسرّت ہوا۔ مال مسروقہ کی برآمدگی پر آپ کی راحت و مسرّت فقیر کے لیے بھی باعث اطمینان ہوئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہر قسم کے شرور و آفات سے بچائے۔ آمین۔ جہاں آپ نے اس کارکردگی کے صلے میں، جس میں آپ کی ذاتی راحت کا زیادہ تعلق ہے، غلام محمد صاحب کو ترقی دے دی ہے، وہاں اگر ہمارے ایک اپنی طرز کے خاص درویش کی سفارش پر عمل کر کے ان کی دلجوئی فرمادیں اور منشی عبدالحمید لودھراں کے مسئلہ پر ہمدردانہ غور فرمائیں تو فقیر کو اور بھی اطمینان ہوگا:

کار درویشاں مستند بردار
کہ ترا نیز کارہا باشد[1]

صوفی صاحب کی زمین کا مسئلہ بھی توجہ طلب ہے۔ فقیر دعا گو ہے اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام ظاہری و باطنی انعامات، برکات وعنایات ونوازشات وصدقات

---

ا۔ فقیروں کے کام کو مستند (اہم) سمجھ، کیونکہ تجھے بھی کام ہوں گے۔

Marfat.com

سے بطریق تبعیت آقائے نامدار فخرِ موجودات سرکار دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ و عترتہٖ وازواجہٖ واتباعہٖ اجمعین سے فائز المرام فرمائے۔ اور اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت اور حسنِ خاتمہ سے سرفراز فرمائے۔ آمین آمین آمین۔ امید ہے کہ فقیر اِنشاء اللہ العزیز بروز بدھ خیبر میل سے ڈیرہ نواب صاحب سے سوار ہو کر عازمِ ملتان ہو گا اور اُسی شام عازم خانقاہ شریف ہو جائے گا۔

فقط والسّلام مع الکرام

تحریر: ۵؍صفر المظفر (۱۳۹۰ھ) از بہاول پور

۲۰۷/۵۳۱ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا میاں محمد ابراہیم صاحب حاضرِ خدمت ہیں۔ اپنے عزیز کے، جو کہ پولیس کانسٹیبل ہے اور پولیس لائن میں ہے، اس کے تبادلہ کے آرزو مند ہیں۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرماویں۔ اور ان کے حسبِ تمنا تبادلہ فرما کر ممنون فرماویں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۱۲؍صفر ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۰۸/۵۳۲ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ حاضرِ خدمت ہے۔ اپنا ساتھی ہے۔ اپنے بچے کے تبادلہ کا آرزو مند

Marfat.com

ہے۔اس کی درخواست آئے تو ضرور ہمدردانہ غور فرماویں اور تبادلہ کی سفارش فرماویں۔فقیر ممنون ہوگا۔اس کے نمبر کی پرچی اس کے ساتھ ہے۔اور ہر طرح عافیت ہے۔والسّلام

۱۴رصفر ۱۳۹۰ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۲۰۹/۵۳۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا نور محمد صاحب حاضرِ خدمت ہے۔تعلیمی لحاظ سے ایف.اے. ہے۔ہر طرف سے ہر ممکن سعی کے باوجود ناکامی ہوئی ہے۔اب سرکاری ملازمت کی میعاد بھی ختم ہورہی ہے۔اس لیے بادلِ ناخواستہ انتہائی مجبوری کی حالت میں پولیس میں بھرتی ہونا چاہتے ہیں۔تاکہ زائد المیعاد نہ ہوں۔اس لیے مہربانی فرماویں۔جس طرح بھی ہو سکے،بھرتی فرما کر ممنون فرماویں۔عنایت ہوگی۔اور ہر طرح عافیت ہے۔والسّلام

۱۵رصفر ۱۳۹۰ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

۲۱۰/۵۳۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا اپنے بھائی محمد وزیر ہیڈ کانسٹیبل نمبر ۳۱۴ پولیس لائن پنج گور کے واسطے حاضر ہوا ہے۔اس کی درخواست تبادلہ وہاں کے ایس.پی.صاحب نے منظور کر کے

Marfat.com

ملتان بھیج دی ہے۔آپ اگر اس پر کوئی کارروائی نہیں کر سکتے تو مہربانی فرما کر اس کو منظور فرما کر تبادلہ کی سفارش فرما دیں۔فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر کل واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۲ر صفر ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۱۱ / ۵۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرما دیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور جمیع مکروہاتِ زمانہ سے محفوظ و مصئون رکھے۔اور جملہ مخالفوں کے شر سے بھی حفاظت فرماوے۔اور جمیع بدخواہوں کے مکائد کو بے اثر اور ناکام فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں صحت وعافیت اور عزت وآبرو کے ساتھ رکھے۔اور ایک لمحہ بھی اپنی حفاظت سے علیحدہ نہ فرماوے۔اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر ۲۸/اپریل کی شام واپس پہنچ آیا ہے۔اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. پنکھے پہنچے ہوئے تھے۔آپ کی اس تکلیف اور سعی کا بہت بہت شکریہ۔جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

ڈاکٹر ساجد صاحب تو بحال ہو گئے ہیں۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور میاں اشرف صاحب، عزیز ملک صاحب معطل کر دیے گئے ہیں۔جس کا افسوس ہوا۔ملک صاحب بھی اس سلسلہ میں بہت فکرمند تھے۔اور اب تو اُن کو بہت افسوس ہوا ہوگا۔پہلا کارڈ مل گیا ہوگا؟ فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۳ر صفر ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۱۲ / ۵۳۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا عبدالحمید صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ اس کا وہاں کچھ لین دین ہے۔ دینے والے پس وپیش کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں امداد فرماویں، تاکہ اس کا اپنا جائز حق وصول ہو جاوے۔ فقیر ممنون ہوگا۔

اور ہر طرح عافیت ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۳ / صفر ۱۳۹۰ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۱۳ / ۵۳۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حاملِ عریضۂ ہٰذا محترم محمد رفیق صاحب حاضرِ خدمت ہے۔ محترم عزیز الدین صاحب بوڑھے، ضعیف اور کمزور ایک دھوکہ کے ذریعہ غلط تصدیق کر بیٹھے۔ وہ بیچارے اب گرفتار ہو گئے ہیں۔ اور تھانہ فخر آباد میں ہیں۔ وہاں کا انچارج ضیاء بخاری ہے۔ اس سلسلہ میں مہربانی فرمائیں۔ یہ حضرت نہایت شریف، دیندار لوگ ہیں۔ ایسے کام کرنے والے نہیں۔ اس لیے ضرور مہربانی فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۷ / صفر ۱۳۹۰ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۲۱۴/۵۳۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۱۰ رمئی کی شام کو تھل پر سوار ہو کر ۱۱ رمئی کی صبح کو ملتان پہنچے گا۔ دن آپ کی خدمت گزار کر ظہر کے بعد ۴ بجے جو ایکسپریس لاہور کو جاتی ہے، اُس پر سوار ہو کر چیچہ وطنی جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۹ رصفر ۱۳۹۰ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۱۵/۵۳۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج صبح دستی والا نامہ موصول ہوا۔ شربت اور تین چائے کے ڈبے بھی موصول ہو گئے۔ عزیز علی خان صاحب کو روپے دیے تھے کہ دو پلنگ پوش کے سیٹ خرید کر کے بھیج دیں۔ وہ بھی ہمراہ موصول ہوئے۔ اطمینان فرماویں۔ مائی عمری کے ذریعہ پیغام ملا تھا۔ اس کے مطابق آج میانوالی سے چٹائیاں منگوا کر ارسالِ خدمت ہیں۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

خانیوال والی مسجد کے متعلق فقیر کو خود خیال ہوا، جس کی گزارش کی تھی۔ عزیز محمد عابد صاحب کی طرف سے اس سلسلہ میں کوئی اشارہ تک بھی نہیں ہوا۔ اس سلسلہ میں ضرور سعی فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔ رخصت اور ریٹائرمنٹ کے معاملات اللہ تعالیٰ بخیر و خوبی سرانجام فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ اور فراغت کے بعد اپنے راستہ پر استقامت کے ساتھ گامزن رکھے۔ اور

Marfat.com

اپنی رضامندی اور خوشنودی سے مشرف فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔محترم بھائی گل محمد صاحب کے متعلق عرض ہوئی تھی، اس کے متعلق ضرور تاکید فرماویں۔

والسّلام

۱۵ربیع الاوّل ۱۳۹۰ھ
از خانقاہ سراجیہ

۲۱۶
۵۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ کل شام دستی گرامی نامہ موصول ہوا۔اِس غیر متوقع تبادلہ اور دیگر حالات معلوم کر کے صدمہ ہوا۔اس سلسلہ میں قبل از وقت آپ نے جو رُخصت کی درخواست دے دی ہے اور فراغت کا ارادہ کرلیا ہے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رخصت اور فراغت کے سلسلہ میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔اور اِس معاملہ کے جتنے مراحل ہیں، اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بخیر وخوبی اور آسانی کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچاوے۔اور عزت وآبرو کے ساتھ فراغت نصیب فرماوے۔اور دیگر جمیع امور بھی حسبِ تمنا اور پوری پوری کامیابی کے ساتھ سرانجام فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۴رجون کی شام کو روانہ ہوکر براستہ لائل پور ۵رجون کو تلمبہ پہنچے گا۔وہاں سے فراغت کے بعد اندازاً ۷رجون کو ملتان پہنچنے کا ارادہ کرلیا ہے۔ اگر آپ یہاں نہ آسکیں تو پھر ملتان ملاقات ہوگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۱ربیع الاوّل ۱۳۹۰ھ
از خانقاہ سراجیہ

۲۱۷
۵۴۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ ابھی ابھی آپ کا والا نامہ

Marfat.com

موصول ہوا، حالات سے آگاہی ہوئی۔آپ کی جمعیت وطمانیت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے باقی مراحل بھی بخیر وعافیت سرانجام فرماوے۔اور مکان بھی بآسانی میسر فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

آج حاجی عبدالرشید صاحب کے ذریعہ پہلا عریضہ مل گیا ہوگا؟ اب یہ عریضہ اپنے ایک قریبی عزیز اور رشتہ دار ملک شیر محمد صاحب کے ہاتھ اَرسال ہے۔ ملک شیر محمد صاحب رشتہ میں فقیر (کے) بھتیجے اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے ہوتے ہیں۔ گنجی بار جو مربع ہیں، وہاں مقیم ہیں۔ان کا لڑکا ملتان پولیس میں کانسٹیبل ہے۔ جاتے جاتے یہ کام ضرور سرانجام فرما کر احسان فرماویں۔نمبر۱۰۹۲ کانسٹیبل پولیس لائن نمبر۲، تبادلہ ایف.سی. کبیر والا میں ہونے کے خواہشمند ہیں۔ان اللہ کے بندوں نے اس ساری مدت میں یہی ایک کام آخری مرحلہ پرآ کر کہا ہے۔اس لیے ضرور ہونا چاہیے۔یہ علم ہوتے ہوئے کہ اب کام کا وقت نہیں، پھر بھی تکلیف دے رہا ہے۔امید ہے کہ آپ اس کا احساس نہ کرتے ہوئے اس کام کے آرڈر کر دیں گے۔فقیر ممنون ومشکور ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۲؍ربیع الاوّل ۱۳۹۰ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۸/۵۴۲

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں ۱۷رجون کو موصول ہوا۔اور حالات سے آگاہی ہوئی۔ بعزت اور اطمینان کے ساتھ فراغت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے اِس فراغت کو اپنی یاد اور اپنی رضامندی وخوشنودی کا ذریعہ بناوے۔اور اپنی مرضیات کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔اور جمیع اُمور کو بہ یسر وسہولت سرانجام فرماوے۔اور عزیزوں کو... امتحانوں میں حسبِ تمنا پوری پوری کامیابی عطا فرما کر ظاہری و

Marfat.com

باطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں اور بچوں کو دعوات وسلام۔ والسّلام

۱۳؍ربیع الثانی ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۲۱۹/۵۴۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی والا نامہ مع بلٹی موصول ہوا۔اور پیٹی بھی صحیح وسالم وصول کر لی۔آپ کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

رقیہ کی کمزور حالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور ان سب پریشانیوں کو دُور فرماوے۔اور آپ کی سب مشکلات کو آسان فرماوے۔اور اپنے ہمہ مقاصد میں پوری پوری کامیابی کرامت فرماوے۔اور عزیزان کو اپنے اپنے امتحانوں میں حسبِ تمنا پوری پوری کامیابی مرحمت فرماوے۔اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر ۲۵؍جون کو لاہور جا رہا ہے۔اِس سفر میں تین چار روز لگ جاویں گے۔لاہور سے سیدھا خانقاہ پاک واپسی ہوگی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۸؍ربیع الثانی ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۲۲۰/۵۴۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آج صبح آپ کا دستی والا نامہ موصول ہوا۔اور آپ کی بعافیت واپسی کا معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔اور صوفی صادق

Marfat.com

صاحب کے آپریشن کی کامیابی کا بھی معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے صوفی صاحب کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ آمین۔

پنکھوں کے متعلق آج حضرت مولانا صاحب کی خدمت میں عریضہ ارسال کر دیا ہے۔ پنکھے تو لنگر کے حجروں کے لیے درکار تھے۔ طلبہ کے لیے لکھ کر پابندی لگا دی ہے۔ وہ تو لنگر کے حجروں میں شاید استعمال نہ ہو سکیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حافظ فتح محمد صاحب اور باگڑ والے ایک صاحب (نے) ایک درخواست آپ کو دی تھی کہ عبدالحکیم کو پولیس نے ناجائز تشدد کیا ہے، اس کا ضرور تدارک فرماویں۔

آج ہڑتال امید ہے کہ بخیر وعافیت گزر گئی ہوگی؟ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس فتنے سے ملک کو محفوظ ومصئون رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

(۱۳۹۰ھ) از خانقاہ سراجیہ

۲۲۱/۵۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں۔ عبدالحمید صاحب نائب ریڈر ڈی. ایس. پی. صاحب کی ترقی کے لیے متعدد سفارشات ہو چکی ہیں۔ اس پر ضرور مہربانی فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

(۱۳۹۰ھ) از تھل ایکسپریس

۲۲۲/۵۴۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر ایک اہم کام کے لیے تکلیف دے رہا ہے۔ اور یہ کام جس طرح بھی ہو، سرانجام دینا ہے۔ اور مہربانی فرما

Marfat.com

کر کسی ایسے ماتحت کو اِس کام پر مقرر نہ فرماویں جو آپ کو غلط رپورٹ دے کر آپ کو غلط فہمی میں رکھے اور کام بالکل نہ ہو، جس طرح پہلے بیلوں والے معاملہ میں ہوا ہے۔ اور اُس نے ایک نہ واقع ہوئے معاملہ کو واقع کر دکھایا ہے۔ ہزار روپیہ مدعی سے رشوت لیا ہے اور چھ سو روپے مدعا علیہم سے لے کر دو آدمیوں کو پرچہ سے نکالا ہے۔ اور آپ کو بھی غلط فہمی میں رکھا ہے۔

اگر اِسی طرح ہونا ہو تو مہربانی فرما کر بشیر احمد کے ذریعہ مطلع فرمادیں کہ مزید پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔

کام یہ ہے کہ وہاں مستری غلام احمد کیرج سک لائن اسٹیشن ملتان چھاؤنی ہے۔ اس نے اپنی لڑکی مستری فیض محمد کارپینٹر، حال پاکپتن شریف، محکمہ آئی او ڈبلیو کو عرصہ ۷، ۸ سال نکاح کر دی تھی۔ یہ لڑکا بھی پہلے ملتان میں ملازم تھا۔ اس کی سب تنخواہ وغیرہ اس سے کھاتے رہے۔ کچھ عرصہ پہلے اس کا تبادلہ پاکپتن شریف ہوا ہے۔ یہ فیض محمد ہمارے قصبہ ڈنگ کا رہنے والا ہے۔ اور مستری غلام محمد بھی شاید کندیاں کا رہنے والا ہے۔ اس رشتہ کے علاوہ پہلے بھی ایک ہی برادری کے ہیں۔ اب اس کو بعض لوگوں نے ورغلایا ہے۔ اس نے ۳۱/ اکتوبر رُخصتی کی تاریخ مقرر کر دی تھی۔ چنانچہ ڈنگ سے ۳۱/ اکتوبر کو برأت ملتان پہنچی تو اُس نے لڑکی دینے سے انکار کر دیا اور برأت خالی واپس آ گئی۔ بے حد غریب آدمی ہیں۔ آمد و رفت کے خرچہ کے علاوہ یہاں جو شادی پر دوسرا خرچ ہوا اور اِس کے ساتھ ساتھ جو رُسوائی ہوئی، وہ خالی برأت کی واپسی سے آپ اندازہ کر لیں۔

فیض محمد کا اور بھی بہت سا سامان مستری غلام محمد کے پاس ہے۔ مقصد صرف اتنا ہے کہ وہ لڑکی رخصت کر دے۔ اس کام کے لیے کل شام کو فقیر خود ملتان آنے کو تیار ہو گیا تھا، لیکن لاہور آنا لازمی تھا اور پہلے بھی ایک وعدہ خلافی کر چکا تھا۔ لہٰذا فقیر ابھی لاہور پہنچا ہے اور یہ استدعا پیشِ خدمت ہے۔

بات صاف فرماویں۔ کام کرنا ہے تو کروا دیں، ورنہ مطلع فرمادیں کہ یہ نہیں ہو سکتا، تاکہ انتظار نہ رہے اور ایک گونہ اطمینان ہو جاوے۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

(۱۳۹۰ھ) از لاہور

۲۲۳/۵۴۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوکر کاشف حالات ہوا۔ تاریخ اور دیگر نظامِ شادی کا پڑھ کر مسرّت اور اطمینان ہوا۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے باعزت طور پر اِس فریضہ سے سبکدوش فرماوے۔ اور فریقین کے لیے باعثِ خیر و برکت اور محبت و اتفاق گردانے۔ اور دونوں خاندانوں کے لیے اطمینان وسکون کا سبب بناوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۱۲؍مئی کی شام کو خیبر میل پر پہنچنے کی سعی کرے گا۔ اس لحاظ سے خانپور اُترنا ہوگا۔ اگر کوئی تبدیلی ہوئی تو بعد میں اطلاع دی جاوے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۵؍صفر ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۲۴/۵۴۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ اور عزیز اسداللہ خان کی اہلیہ کی صحت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک کامل و مکمل صحت عطا فرماوے۔ اور آئندہ ہر قسم کی تکالیف سے محفوظ فرماوے۔ اور آپس میں پیار و محبت اور راحت و اتفاق کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر عزیز حمیداللہ خان کے لیے بھی دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے حسبِ تمنا اعلیٰ نمبروں پر کامیاب فرما کر ڈاکٹری کے داخلہ میں کامیابی سے ہمکنار فرماوے۔ اور ہمیشہ آپ سب کو صحت و عافیت اور عزت و آبرو کے ساتھ رکھے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا تھا۔ اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ

Marfat.com

بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ٹریکٹر کے متعلق ضرور سعی فرماویں۔ ٹریکٹر فورڈ لینے کا خیال ہے۔ اس کے متعلق کوشش جاری رہے۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے عزیز حمید اللہ خان کو سلام و دعوات۔

کراچی سے سیّد منظور علی صاحب کا خط آیا ہے۔ اس میں آپ کی کوئی دوا لکھی ہے۔ اس لیے وہ خط ارسال ہے۔ والسّلام

۲؍ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۲۵/۵۴۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے یکے بعد دیگرے موصول ہوئے۔ اور حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل و کرم سے عزیز حمید اللہ خان کو حسبِ تمنا اعلیٰ نمبروں پر کامیاب فرماوے۔ اور مطلوبہ داخلہ میں آسانی اور کامیابی عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے عزیزم محمد حمید اللہ خاں کو دعوات۔ والسّلام

۱۴؍ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۲۶/۵۵۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل یکم جمادی الاولیٰ کی شام کو واپس خانقاہ پاک بعافیت پہنچا ہے۔ اور خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع

Marfat.com

عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور جمیع مکروہاتِ آفاقی وانفسی سے بچا کر ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

عزیز محمد حمید اللہ خان کا امتحان ختم ہونے والا ہے... اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عزیز کو حسبِ تمنا اعلیٰ نمبروں پر کامیاب فرماوے۔ اور آئندہ ڈاکٹری کے داخلے میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

کل آم کی پیٹی بھی پہنچی۔ اطلاعاً عرض ہے۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. کپاس کی کاشت بھی ختم ہونے کے قریب ہوگی؟ ہفتہ عشرہ تک اگر ایک دو روز کی فرصت نکل سکے تو تشریف لے آویں۔ ایک دو کام ہیں۔ گندم کے متعلق فرمایا تھا، وہ بھی فوری اقدام فرماویں، تاکہ یہاں خریدی جا سکے۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲؍جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۲۷ / ۵۵۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ عین انتظار کے لمحوں میں موصول ہوا۔ پنشن کا معاملہ طے ہو جانے کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے دوسرے امور بھی بخیر و عافیت اور آسانی کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچاوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور عزت و آبرو کے ساتھ رکھے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

روانگی کے متعلق جو بھی پروگرام (بنایا) جاوے گا اُسی پر عمل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ خیبر میل ہی ٹھیک رہے گا۔ اس کی سعی فرماویں۔ ۱۵؍جنوری کو ملتان سے روانگی ہوگی تو اس

Marfat.com

لحاظ سے ۱۴رکو یہاں سے روانہ ہو جانا چاہیے۔ کراچی قیام کہاں ہوگا؟ اس کا پتہ بھی درکار ہے کیونکہ احباب دریافت کر رہے ہیں۔ ۱۵رجنوری کی روانگی ملتان سے پختہ مقرر ہو جانی چاہیے تاکہ احباب کو اطلاع بروقت دی جا سکے۔ اور ویزہ کا کیا ہوگا؟ یہاں پتہ کروایا تھا تو وہ پاسپورٹ وغیرہ مانگتے ہیں کہ اس پر اندراج ضروری ہے۔ چھوٹے سعید احمد کا ہمراہ لے جانے کا ارادہ ملتوی کر دیا ہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲۲۸/۵۵۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب خان صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بعافیت خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

مہر محمد امیر صاحب کے سلسلہ میں ضرور باگڑ کا دورہ رکھیں۔ اور اُس بیچارے کا کام کروا دیں۔ وہ اس معاملہ میں مظلوم ہے۔ اور اُس کی دادرسی ضرور ہونی چاہیے۔ نیز محمد افضل سرگانہ کے متعلق بھی مجوزہ کارروائی ضرور کروا دیں۔ یہ اقدام اُس کی اصلاح کی غرض سے ہے۔ اس کے علاوہ یہ ایک لفافہ ارسالِ خدمت ہے۔ یہ مولوی احمد علی صاحب اپنے ساتھی ہیں۔ مخالف لوگوں نے ان کی زمین دبائی ہوئی ہے۔ اس سلسلہ میں اب پولیس میں پرچہ وغیرہ کا اندراج ہو چکا ہے۔ پہلے بھی آپ سے ایک خط ملک بشیر صاحب کے نام ان کو لے کر دیا تھا۔ لیکن ملک صاحب نے توجہ نہیں فرمائی۔ اب پھر دوبارہ عرضِ خدمت ہے کہ ایک تاکیدی سفارشی خط مولوی احمد علی صاحب کے نام بھیج دیں، تاکہ ان کا کام ہو جاوے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

## بنام: حضرت مولانا گل حبیب صاحب مدظلہم العالی، کوئٹہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

۱/۵۵۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا گل حبیب صاحب سلام مسنون کے بعد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ بادام بھی مل گیا۔ اطمینان فرماویں۔ فقیر آپ کے لیے دعا گو ہے۔ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور دین کی تعلیم میں اخلاص کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور اپنی یاد سے آپ کے باطن کو مسرور فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

از خانقاہ سراجیہ

۲۹ / جمادی الاولیٰ ۱۴۰۷ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔

۲/۵۵۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کا مرسلہ پارسل بادام کا بھی مل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور آپ کی اخلاص والی محبت میں ترقی عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

آپ نے جس حاجی صاحب کو اپنا گرامی نامہ مع بیس روپے دیا تھا، اُس حاجی صاحب نے مکہ مکرمہ میں ملاقات کر کے آپ کا گرامی نامہ دیا تھا۔ ایک اور صاحب کا گرامی نامی بھی اس حاجی صاحب نے دیا تھا۔ اور فقیر نے وہاں آپ کے لیے دعائیں کی تھیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت روضہ مقدسہ نصیب فرماوے اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور اپنی یاد اور درس و تدریس کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶ر محرم ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۳/۵۵۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ فقیر سفرِ حج سے بعافیت واپس آیا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

مولانا محمد آغا صاحب نے آپ سب کے پرچے پہنچائے تھے۔ آپ سب حضرات اطمینان رکھیں۔ فقیر آپ سب کی صحت وعافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنے مشاغلِ حسنہ میں جمعیت وسکون کے ساتھ مشغول رکھے۔ آمین۔

× نشانی والا تعویذ لکنت والے بچے کے لیے ہے۔ جس تعویذ پر (س) لکھا ہے، وہ عورت جو بیمار ہے، اس کے لیے ہے۔ لڑکا جس تعویذ پر لکھا ہے، یہ تعویذ اُن مولانا صاحب کے لیے ہے جن کا بیٹا نہیں ہے۔ جب اُن کے گھر اُمیدواری ہو جاوے، اُس وقت یہ تعویذ وہ گھر والوں کی کمر کے ساتھ بندھوائیں، تاکہ تعویذ ناف کے نیچے رہے اور ہر حالت میں بندھا رہے۔ اجوائن کالی مرچ حمل کے پہلے شروع کر لینی چاہیے اور بچے کے دودھ چھڑوانے تک کھاتے رہنا چاہیے۔

فقیر کی طرف سے آپ سب کو بہت بہت سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۴ر محرم ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۴/۵۵۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ سب کی خیریت و عافیت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو ذکر کثیر اور حسنِ عبادت کی توفیق عطا فرماوے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

آپ جس بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوں، وہاں توجہ اپنے شیخ کی طرف رکھنی چاہیے۔ اور ذکر بھی اپنے طریقہ کے مطابق ذکر اسم ذات کرنا چاہیے۔

فقیر آپ سب کی طرف سے دعاؤں میں غافل نہیں ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے گھر والوں کو اور سب بچوں کو اور جملہ احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹ ربیع الاوّل ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵ / ۵۵۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ بیس شوال کی جو تاریخیں مقرر کریں، فقیر اُن پر حاضر ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے عزائم حسنہ میں کامیاب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶ / ۵۵۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت پہلے سے زیادہ توفیق عطا فرماوے۔

Marfat.com

اسباق کوخوش اسلوبی کے ساتھ ختم فرماوے۔سارے گھر والوں کوصحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور قرض کی ادائیگی سے سرخرو فرماوے۔اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر عمرہ کی تیاری میں ہے۔کسی وقت روانہ ہوجاوے گا۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور آسان فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے سب کوسلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸؍جمادی الثانیہ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۷/۵۵۹ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ آپ سب کی عافیت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ آپ سب کوصحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد اور عبادت میں مشغول رکھے۔آمین۔

فقیر ۸؍جولائی کو واپس بعافیت پہنچ آیا ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

یہاں پہنچ کر کھانسی کی شدید تکلیف شروع ہوگئی۔اب آرام ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کوسلام ودعوات۔ والسّلام

۱۴؍محرم ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸/۵۶۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک آپ سب کوصحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور جملہ متعلقین کوعلومِ نافعہ دینیہ کا عالم باعمل بناوے۔اور اپنے دین کی خدمت کے لیے قبول فرماوے۔اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز

Marfat.com

فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۹/ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹/۵۶۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنی یادِ کثیر کی توفیق عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۹/شعبان ۱۴۱۵ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۰/۵۶۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو پہلے سے بہت زیادہ اپنی یاد اور ذکرِ کثیر کی توفیق عطا فرماوے۔ اور ذکرِ کثیر سے آپ کے باطن کو مسرور ومنور فرماوے۔ اور اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ دینی تعلیم میں مشغول رکھے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۵/محرم ۱۴۱۶ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۱/۵۶۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی یادِ کثیر اور ذکر کی توفیق پہلے سے زیادہ عطا فرماوے۔ اور اِخلاص وللّٰہیت کے ساتھ دینی تعلیم میں مشغول رکھے۔ اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ اور حج کی سعادت بھی نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۷/رجمادی الثانیہ ۱۴۱۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۲/۵۶۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے ذکر کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرماوے۔ اور اپنے اسباق میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی تعلیم میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲/محرم ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۳/۵۶۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مکہ مکرمہ بھی آپ کا دستی رقعہ مل گیا تھا۔ وہاں آپ سب کے لیے دعائیں کی۔ اب بھی فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و

Marfat.com

عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور بیش از بیش اپنی یاد اور ذکر میں مشغول رکھے۔ اور علومِ دینیہ کی تدریس میں بھی اخلاص کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور حج مقبول اور مبرور بھی نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۴/۵۶۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ صحت وعافیت کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنے مقاصدِ دینیہ میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنی یاد وحسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ آمین۔

ابھی تو بلوچستان کے سفر کے متعلق کچھ نہیں سوچا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۵/۵۶۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد فقیر سب کے لیے دعا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو عالم باعمل بناوے۔ قرض کی نحوست سے نجات عطا فرماوے۔ وسعت وفراخی عطا فرماوے۔ اور حج کے اسباب ازغیب پیدا فرماوے۔ اور جملہ مقاصد میں کامیاب فرما کر سب کو جمعیت وسکون سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۱۶/۵۶۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا گل حبیب صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ فقیر دعا گو ہے۔ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کے سب بچوں کو صحت کاملہ نصیب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی عبادت اور ذکر میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: ملک مبارک علی صاحب

۱/۵۶۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

بخدمت مکرم جناب ملک صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ! بعد از سلام مسنون کے عرض ہے کہ فقیر آج گوجرانوالہ سے گجرات، کوٹلہ ارب علی خان کی طرف روانہ ہو رہا ہے۔ وہاں دو روز قیام کر کے ۶ ردسمبر اتوار کے روز روانہ ہو کر براستہ بھمبر میرپور آپ کے پاس آنے کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ہم سب پانچ ساتھی ہیں۔ اطلاعاً عرض ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۴ردسمبر ۱۹۵۹ء از گوجرانوالہ

۲/۵۷۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

بخدمت رضی المکرّم جناب ملک صاحب سلمک اللہ تعالیٰ!

Marfat.com

السّلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ ! بعد از سلام مسنون کے گزارش ہے کہ فقیر آپ حضرات سے رخصت ہو کر راستہ میں چند جگہوں پر ٹھہرتا ہوا ۲۳؍ اگست کو بعافیت خانقاہ پاک میں پہنچ آیا تھا۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ جملہ عزیزان سلّمہم اللہ تعالیٰ بھی من کل الوجوہ عافیت سے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہر روز اِرادہ کرنے کے باوجود عریضہ ارسال کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ آج ہمت کر کے عریضہ ارسال خدمت کر رہا ہوں۔ یہاں پہنچ کر کئی طرح کے امور درپیش آجاتے ہیں۔ اُن کی اصلاح میں کافی وقت صَرف ہو جاتا ہے۔ سفر کی تھکاوٹ پر یہاں کے امور کا اختلال مزید تکاہل وتساہل کا باعث ہو جاتا ہے۔ بھائی محمد علی صاحب اور عمویم ملک محمد امیر صاحب والا معاملہ کچھ اصلاح پذیر معلوم ہوتا ہے۔ ہفتہ عشرہ تک دن مقرر ہو جاویں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ملک عمر حیات والا معاملہ کچھ ڈھیلا معلوم ہوتا ہے۔ ہمشیرہ صاحبہ اور عزیز خان تو اپنے وعدہ پر پختہ ہیں، البتہ ملک عمر حیات صاحب بعض لوگوں کے کہنے پر حیلے بہانے بنانے لگ گئے ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ اپنی والدہ کو ہمشیرہ صاحبہ کے پاس بھیجا کہ جب تک آپ ملک شیر محمد صاحب وغیرہ سے صلح نہ کریں، میں یہ کام نہیں کرتا۔ پھر جب ہم واپس آئے تو حافظ محمد زاہد صاحب کو ڈِنگ بھیجا یہی کہلا کر۔ حافظ صاحب کو ڈِنگ سے بھی یہی جواب ملا۔ اور مجھے بھی حافظ صاحب نے کہا تو میں نے یہی جواب دیا کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ ہم کسی طرح بھی اُن لوگوں کی منتیں سماجتیں کرنے کے لیے ہرگز تیار نہیں ہیں۔ ویسے آپ لوگوں کی مرضی ہے، کریں یا نہ کریں۔ باقی اِس طرف سے بات پختہ ہے۔ اگر اب ساری دنیا میں شہرت ہو جانے کے بعد یہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچے تو نہایت ہی ناموزوں بات ہو گی۔ اور اُن لوگوں کے حوصلے خود بخود بڑھ جائیں گے اور بہت سی مخلوق کی پریشانی کا باعث ہوں گے۔ باقی اُن لوگوں کی زبانی بکواس کے علاوہ اور کچھ بھی ہونے کی توقع نہیں ہے۔ اور نہ وہ کر سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں گزارش ہے کہ بھائی محمد علی صاحب نے پانچ صد روپیہ فقیر سے مانگا ہے۔ فقیر کا معاملہ تو جیسا کچھ ہے وہ آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ آپ حسب وعدہ پانچ صد روپے فقیر کو بھیج دیں۔ جب بھی آپ مطالبہ کریں گے، انشاءاللہ تعالیٰ اُسی وقت واپس ہو گا۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب پرسان احوال کو سلام مسنون پہنچیں۔ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ کو بھی سلام مسنون پہنچا دیویں۔ جملہ عزیزان سلمہم اللہ تعالیٰ کو دعوات و پیار۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۹ ربیع الاوّل ۱۳۸۱ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۳/۵۷۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب ملک صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں والا نامے موصول ہو کر باعث فرحت و مسرّت ہوئی۔ عنایت فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا خَيۡرَ الۡجَزَآءِ.

فارم دستخط شدہ اور سوالات کا جواب ارسال ہے۔ تصاویر بھی پانچ عدد ہمراہ ہیں۔ عزیز حافظ محمد زاہد صاحب کو اِس قدر وہاں ٹھہرنا قرینِ مصلحت نہیں ہے۔ نوعمری کے ساتھ ساتھ مزاج میں تلوّن ہے۔ وہاں شہری ماحول کی گندگیوں کا تاثر بہت دیر کے بعد دور ہوگا۔ علاوہ ازیں اُس کے سپرد کچھ ذمہ داریاں بھی ہیں۔ پہلے بھی مزاج میں کاہل ہے۔ ہمشیرہ صاحبہ کو دانشمندی سے کام لینا چاہیے۔ اپنے اُنس و محبت کو دبا کر اُس کے فائدہ کو مدّ نظر رکھنا چاہیے۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ اندرونِ خانہ بھی من کل الوجوہ عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی سرخروئیوں، مسرتوں، راحتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔ محمد زاہد صاحب اور عزیزہ نجمہ کے خط اپنے بھائیوں کو ملے ہیں۔ وہ بھی جواب لکھوانے کے لیے پَر تول رہے ہیں...

فقیر کا مطالبہٗ زر منظور فرما کر احسان کیا ہے، لیکن یہ مطالبہ کہاں تھا؟ عرض اور گزارش تھی جو قبول کر لی گئی، جس کا اَز حد ممنون و مشکور ہوں۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے جنابہ ہمشیرہ صاحبہ کو سلام اور جملہ عزیزان سلمہم اللہ تعالیٰ کو دعوات و پیار۔

والسّلام

۱۸ ربیع الثانی ۱۳۸۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: رانا محمد اختر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۵۷۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم رانا محمد اختر صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ آپ کے سوالات کے جواب حسب ذیل ہیں:

۱۔ فقیر کا عقیدہ ہے کہ حضور پرنور خاتم النبیین جناب محمد رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ و اصحابہٖ وسلّم اپنی قبر مبارک میں حیات ہیں، اور قبر اطہر پر پڑھا ہوا صلوٰۃ وسلام سنتے ہیں۔

۲۔ فقیر گنہگاروں کے لیے عذابِ قبر کا قائل ہے۔

ہم اہل سنت والجماعت کو مذکورہ بالا عقیدہ رکھنے والے امام کے پیچھے ہی نماز ادا کرنی چاہیے اور اِس کے مخالف عقیدہ رکھنے والوں سے پرہیز لازمی ہے اور اُن کی صحبت سے بچنا چاہیے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حضرت مولانا محمد اعلیٰؒ، کراچی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۵۷۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد کی طرف سے محترم المقام ذوالمجد والمناقب جناب مولانا محمد اعلیٰ صاحب مدظلہ العالی شرف مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ جناب حضرت مولانا المکرّم سیّد زوار حسین شاہ صاحب قدس سرہ العزیز ونور اللہ مرقدہٗ کی وفات حسرت آیات نہ صرف آپ حضرات مخلصین ومریدین کے لیے ایک صدمۂ جانکاہ ہے، بلکہ جملہ اہل اسلام ایں دیار کے لیے ایک ناقابلِ تلافی دینی وروحانی نقصان ہے:

Marfat.com

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ. مرضیِ مولیٰ بر ہمہ اولیٰ۔ صبر وشکیبائی کے سوا اور کیا چارہ ہے؟ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فقیر کو متعدد بار ملاقات کا موقع ملا اور اس میں آپ ہی ذریعہ بنے۔ علیٰ وجہ البصیرت عرض کیا جاتا ہے کہ سلسلہ فضیلہ نقشبندیہ کے وابستگان میں حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو ایک خاص منفرد اور ممتاز مقام حاصل تھا، بلکہ اس مذکورہ سلسلہ میں اپنے جملہ برادران طریقت سے بازی لے گئے۔

اس کی خاص وجوہ مرحوم ومغفور کا اتباع شریعت، پابندی سنت مطہرہ، نسباً اہل بیت کا خلف الرشید ہونا اور حضور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمہ اللہ اور ان کے جانشین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کی خاص محبت، انس، مودّت، عقیدت اور اتباع اتم ہیں:

سالہا در کعبہ و بت خانہ مے نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

فقیر دعا گو ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے خاص جوارِ رحمت وقرب ورحمت ومغفرت میں جگہ عطا فرمائے اور آپ جملہ پس ماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین

فقیر راقم الحروف کو جملہ برادرانِ ملت اپنا خادم سمجھیں اور خدمت کا حکم کرتے رہیں۔

والسّلام مع الکرام
از خانقاہ سراجیہ
کندیاں، ضلع میانوالی

(۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء)

## بنام: محمد اکرم خان صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزی محمد اکرم خاں سلمک اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ اور بعد میں

Marfat.com

آپ کا سفارشی خط عزیزہ رضیہ کا بھی پہنچا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ سب آپس کی نوک جھونک سے بالکل نہ گھبرائیں۔ یہ باتیں تو بھائیوں میں ہوتی رہتی ہیں۔ خوب لڑا جھگڑا کریں۔ اور بعد میں آپس میں لڑائی سے زیادہ پیار و محبت بھی کیا کریں۔ یہ لڑائی بھی آپس میں محبت کی علامت ہے۔ گھر میں اگر ایسی باتیں نہ ہوں تو وہ پھر انسانوں کا گھر نہیں ہوگا، بلکہ فرشتوں کا گھر بن جاوے گا۔ فقیر کے پاس ایسا کوئی تعویذ نہیں ہے جو آپ سب کو اِنسانیت سے نکال کر فرشتہ بنادے۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. آپ کی ماسی کو بھی اب آرام ہے۔ مولا پاک آئندہ بھی فضل فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور سب کو اپنی حفاظت میں جمیع مکروہات سے بچاوے۔ اور اپنی تعلیم میں محنت و شوق سے مصروف رکھے۔ اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

مولوی عطا محمد صاحب کا لڑکا پیدا ہوا تھا۔ بچارہ دس روز دنیا کی زندگی گزار کر والدین کے لیے شفاعت کا ذخیرہ بن گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کو اِس کا نعم البدل عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے والدہ صاحبہ کو بہت بہت سلام۔ اور جملہ بہن بھائیوں کو دعوات و دیدہ بوسی، عزیز حامد اور اسماء کو مزید پیار۔

اُس عورت کے لیے تعویذ اَرسال ہے۔

والسّلام

۲۲ر ذی الحجہ ۱۳۸۳ھ

ازخانقاہ سراجیہ

## بنام: محمد اکرم عاصم صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۱
۵۷۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد اکرم عاصم صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک و

Marfat.com

تعالیٰ آپ کو ہر قسم کے شرور وخطرات ووَساوس سے محفوظ فرما کر صراطِ مستقیم پر گامزن فرمائے رکھے۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو وعافیت، صحت و سعادت وسلامتی دارین سے نوازے۔ اور مقاصدِ خیر میں کامران فرما کر ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔

اصلاحِ احوال تدریجاً ہوتی ہے۔ رحمت الٰہی کا نزول آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ یقین واثق رکھیں کہ جب آپ اللہ تعالیٰ کا ذکر مداومت سے کریں گے تو ضرور اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو اپنی رضا ورحمت اور یادشاد سے سرفراز فرمائے گا۔ اس کے لیے صحبت حضرت شیخ راہ دان، راہ بین اور بلند ہمتی درکار ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نصیب فرمائے۔ آمین۔

فقیر خانقاہ شریف پر ہی ہے۔ کہیں سفر کا ارادہ فی الوقت نہیں۔ آپ تشریف لا سکتے ہیں۔

تحریر: ۱۰ ربیع الاوّل ۱۴۰۲ھ فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۵۷۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب محمد اکرم صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کے چچا صاحب کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۵ ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۳/۵۷۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد اکرم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ

Marfat.com

رکھے۔ اور اعمالِ صالحہ کا پابند بناوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات سے محفوظ رکھے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۳ار رجب ۱۴۰۲ھ ازخانقاہ سراجیہ

۴
۵۷۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم محمد اکرم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ الحمدللہ اب بالکل خیریت ہے۔ خلیل احمد ابھی کمزور ہیں، اور عزیز احمد کو...زخموں پر پٹیاں لگ رہی ہیں اور سب خیریت ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب پر اپنا خاص فضل وکرم فرماویں۔ اور اپنی رضا وخوشنودی والے اعمال میں ذوق وشوق نصیب فرماویں۔ اور زیادہ سے زیادہ اپنی یاد کی توفیق نصیب فرماویں۔ آمین۔

تمام احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲رربیع الثانی ۱۴۰۳ھ ازخانقاہ سراجیہ

۵
۵۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم محمد اکرم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ چچا صاحب کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اُن کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ کے بچے کو بھی صحت وعافیت کرامت فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

چچا صاحب کے لیے تعویذ ارسال ہیں۔ ایک اُن کے گلے میں ڈال دیں۔ ۹ تعویذ پینے کے لیے ہیں۔ ایک روزانہ پانی میں حل کر کے پلا دیا کریں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند

Marfat.com

کرے۔آمین۔

+ نشانی والا بچے کے لیے ہیں۔اُس کے گلے میں ڈالیں۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸/جمادی الثانیہ ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۶/۵۸۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری محمد اکرم صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور ہر قسم کے مکروہات سے بچاوے۔اور ہر حال میں اپنی حفاظت و نصرت شاملِ حال رکھے۔اور ایک لمحہ بھی اپنی حفاظت اور نصرت سے علیحدہ نہ فرماوے۔ آمین۔

شجرہ طیبہ ارسال ہے۔ایک اِس کو پابندی سے دونوں وقت پڑھیں۔لکھی ہوئی دعاؤں کے علاوہ اپنے جملہ مقاصد کے لیے دعا کیا کریں۔اور اِس کے آخر میں ذکر کا پورا طریقہ لکھا ہے۔اُس کے مطابق ذکر اِسم ذات کی کوشش کریں۔اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔آمین۔

فقیر ۲۸/مئی کو سفرِ حج کے لیے روانگی کا ارادہ رکھتا ہے۔اللہ تعالیٰ آسان وقبول فرماوے۔آمین۔واپس آنے کے بعد جس طرح اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹/ذی قعدہ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۷/۵۸۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد اکرم صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے

Marfat.com

آ گاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور آپ سب کو اَعمالِ خیر کا پابند بناوے۔اور آپ کے فرزند کو حافظ و قاری کامل مکمل بناوے۔ اور اِقبال مند و سعادتمند بناوے۔اور آپ سب کی خوشیوں کا باعث بناوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۹ر ذی قعدہ ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۸/۵۸۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد اکرم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔آپ کا گرامی نامہ ملا۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اپنے فضل و کرم سے عمرہ مبرور، سعی مشکور اور عمل مقبول نصیب فرمائے۔آمین۔اور حرمین الشریفین کی بابرکت و سعادت زیارت اور حاضری باادب واحترام نصیب فرمائے۔آمین۔اور خیر کثیر، فضلِ کبیر اور فوزِ عظیم نقد وقت فرمائے۔آمین۔حاضری حرمین شریفین کے دوران ذکر، شکر اور حسنِ عبادت میں سعیِ بلیغ فرمائیں۔اور فضول اور لایعنی اشغال سے پرہیز کریں۔اللہ تعالیٰ فضل و کرم فرمائے۔آمین۔

تحریر: ۸رر مضان المبارک والسّلام

۹/۵۸۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب قاری محمد اکرم صاحب سراجی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔حالات مندرجہ مطالعہ میں آئے۔فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام اپنے خاص فضل و کرم و رضا و رحمت سے نوازے۔آمین۔ اور جملہ مقاصد و مہمات خیر میں کامیاب و فائز المرام فرمائے۔آمین۔اور آپ کے مدرسہ تجوید القرآن سراجیہ کو اپنے فضل و کرم سے خیر و برکت و ترقی کی بلند ترین منازل تک

Marfat.com

پہنچائے۔آمین۔اور توسیع و اشاعت تعلیم القرآن کے سلسلہ میں آپ کی مساعی اور بلند ہمتی کو مشکور و مقبول فرما کر مزید اِستقامت و برکت کرامت فرمائے۔آمین۔

فقیر بخوشی اس مدرسہ کی سرپرستی کو قبول کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فضل و توفیق کرامت فرمائے۔آمین

والسّلام مع الاکرام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۰/۵۸۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب حافظ محمد اکرم صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ جتنا اور جس قدر ہو سکے، اور جب ہو سکے، اور جس حال میں ہو سکے، ذکر قلبی کا خیال رکھیں۔اور تدریس القرآن میں بھی بطریق اولیٰ مشغول و منہمک رہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ توفیق و سعادت کرامت فرمائے۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت، سلامتی دارین اور نیک انجامی نصیب فرمائے۔اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفق ارزانی فرمائے۔آمین۔

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ہمارے اس دور کے اکابر علمائے حق میں سے ہیں۔ اُن کی قائم کردہ مجلس صیانۃ المسلمین میں شمولیت باعثِ برکت ہے۔لیکن اوّلیت آپ کے منصب تعلیم و تدریس القرآن کو ہی حاصل ہے۔ اس میں ہرگز فرق نہ آئے۔

فقط والسّلام مع الاکرام

## بنام: حضرت مولانا قاری محمد امین رحمۃ اللہ علیہ، راولپنڈی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱/۵۸۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا قاری محمد امین صاحب مطالعہ فرماویں کہ وفاق المدارس کے اس اجتماع میں حاضری کا ارادہ تھا لیکن طبیعت کی خرابی کی وجہ سے اس

Marfat.com

سعادت سے محرومی پر بہت افسوس ہے۔ بہ امر مجبوری عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کو اپنی طرف سے بھیج رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو کامیاب بناوے اور مدارس عربیہ دینیہ کے استحکام اور ترقی اور اصلاح احوال کے بہترین نتائج کا حامل بناوے۔ آمین۔ یہ ایک خالص دینی اجتماع ہے اور پاکستان کا بہترین دینی عنصر اس میں جمع ہے۔ اس میں ۷۳ء کے آئین میں ۷۴-۷۷ء میں جو مسلمانانِ پاکستان کی عظیم قربانی کی وجہ سے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار پانے کے متعلق ترمیم منظور ہو کر ۷۳ء کے آئین کا حصہ بنی تھی، موجودہ حکومت نے منسوخ کردی ہے۔ اس کے متعلق ضرور ایک قرارداد منظور کروائیں جو کہ بہت ضروری اور اہم ہے۔ لاہور ہائی کورٹ بار کے ۱۶۹ وکیلوں کی عرض داشت، جو ۲۳؍ مارچ کے روزنامہ جنگ میں شائع ہوئی ہے، اس سلسلہ کی یقینی چیز ہے۔ اس کی تین کاپیاں ارسالِ خدمت ہیں۔ اس کی روشنی میں یہ احتجاجی قرارداد ضرور منظور کروائیں اور سب شرکاء کے دستخط کروا کر صدر مملکت کو رجسٹری کروائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب فرماوے اور ہمت واستقامت کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے امیر وفاق المدارس مولانا محمد ادریس (میرٹھی) صاحب، ناظم اعلیٰ مولانا محمد سلیم (اللہ خان) صاحب، حضرت مولانا عبدالحق صاحب ودیگر جملہ حضرات کی خدمت میں سلام مسنون اور درخواست دعا۔

والسّلام

۳۰؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲/۵۸۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا قاری محمد امین صاحب (مدظلہ العالی) مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ حالات مندرجہ مطالعہ میں آئے۔ جواب میں تاخیر بوجہ مصروفیات کثیرہ اور سفر مبارک حج ہوئی۔ معذرت۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام فی الدارین خیر کثیر، فضل کبیر اور فوز عظیم سے سرفراز فرمائیں۔ اور دارین میں رضا و رحمت و غفران سے سرفراز فرما کر حیات طیبہ نصیب فرمائے۔ اور ذکر، شکر،

Marfat.com

حسن عبادت، خاص طور پر تلاوت قرآن مجید اور کثرت درود شریف اور استغفار کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

والسّلام مع الاکرام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۹رذی الحجہ ۱۴۲۱ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۳
۵۸۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور اپنے ہمہ مقاصد میں حسبِ تمنا کامیابی نصیب فرماوے۔اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مشغول رکھے۔آمین

اُس وظیفہ کے الفاظ یہ ہیں:یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّد. دلائل الخیرات والی آخری دعا ہر روز کی منزل کے بعد پڑھنی چاہیے۔فقیر ۲۱رجنوری جمعہ کی صبح کو ملتان، رحیم یار خان وغیرہ کی طرف جا رہا ہے۔اِس سفر میں ایک ہفتہ لگ جاوے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون اور دعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۷رمحرم ۱۴۲۷ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۴
۵۸۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا قاری محمد امین صاحب مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔آپ نے اخباری معلومات کے مطابق خوشخبری سنائی کہ جمعیۃ العلماء الاسلام کے دونوں دھڑوں میں اتفاق واتحاد ہوگیا۔اللہ تعالیٰ کرے یہ خبر صحیح ہو اور اس پر دوام اور پختگی اور استقامت نصیب ہو۔آمین۔

Marfat.com

آپ اس سلسلے میں اس اتحاد کو قائم رکھنے میں ایک مؤثر کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔لیکن آج تک آپ نے اس سلسلے میں وہ زوردار اور پُرعزم کردار پورے طور پر ادا نہیں کیا۔کیونکہ مولانا سمیع الحق صاحب کا آپ سے گہرا اور مخلصانہ تعلق ہے اور وہ آپ کے ممنون بھی ہیں۔امید ہے کہ اب آپ آئندہ اس اتفاق واتحاد کے سفینہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور عطا کردہ توفیق اور ہمت سے ساحلِ مراد تک پہنچائیں گے۔فقیر دعا گو ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو مع جملہ اہلِ خاندان اپنے فضل وکرم اور رحمت سے فی الدارین خیر کثیر سے سرفراز فرمائے۔آمین۔اور ذکر، شکر، حسن عبادت کی بیش بیش توفیق کرامت فرمائیں۔آمین۔والسّلام مع الاکرام

## بنام: صاحبزادہ محمد حامد سراج صاحب، خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۱/۵۸۹

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم محمد حامد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔یاد آوری کا بہت بہت شکریہ۔جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیۡرَ الۡجَزَآءِ.
آپ دونوں کے خطوط سب کو باری باری مل رہے ہیں۔اسی طرح ہوتا ہے۔جب آدمی پہلی بار باہر نکلتا ہے تو گھر سے جدائی کے جذبات کا اظہار ان خطوط ہی کے ذریعے کرتا ہے۔پھر جب کچھ عرصہ گزر جاتا ہے تو پھر جب جذبات متوازن ہو جاتے ہیں تو پھر خط لکھنے چھوٹ جاتے ہیں تو پھر ''گھر والیاں نوں انتظاراں ہوندیاں ہن جو بہوں ڈھاڑاں تھی گئیاں ہن کوئی خط نہ آیا۔'' بہت عرصہ ہوا فقیر نے ایک لاری پر سفر کیا۔اُس پر شعر لکھا ہوا تھا:

واہ واہ وے ربا! تیرے کم چنگے ساڈیاں روزیاں دور کھلاریاں نی
اس روزی دی خاطر انسان پتہ نہ ہی کتھے کتھے تھڈے کھاندا ہے

سفر اور مسافری ایک عجیب چیز ہے۔بہت سے تجربے ہوتے ہیں۔عجیب عجیب واقعات پیش آتے ہیں۔انسان کے سب سے زیادہ خیر خواہ اس کی اپنی قابلیت اور اس کے اچھے اخلاق اور عادات ہیں۔جہاں بھی جاوے گا، اس کے کام، اس کی قابلیت اور اس کے اچھے اخلاق

Marfat.com

آگے کام آویں گے۔ اور سب سے بڑی دشمن انسان کی بری عادتیں ہیں۔ تمام دنیا ہمدردیاں کرنے والی ہو، لیکن اس کی بری عادتیں اس کو کہیں کا نہیں چھوڑتیں۔ اس لیے عزیزان من! اپنے میں قابلیت اور اچھی عادتیں پیدا کریں، جو ہر جگہ اور ہر وقت کام آنے والی چیزیں ہیں۔

فقیر کو پچھلے دو ہفتے تکلیف رہی اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔ اب قدرے افاقہ ہے، لیکن نزلہ و کھانسی تو فقیر کے ساتھ لازم ہیں۔ یہاں کے حال احوال تو سب کے خطوط سے معلوم ہو جاتے ہوں گے؟

عزیز احمد نے گاڑی قسطوں پر بیچ دی ہے۔ اتنا عرصہ موٹر سائیکل پر سوار نہیں ہوتا تھا۔ ''علو والی''، ''دوآبہ'' اور ''پپلاں'' کی طرف سے مبارک اور وہ گئے، راستے میں کسی دوسرے موٹر سائیکل سے ٹکر ہوگئی۔ زخمی ہو گئے اور گھٹنوں اور کہنیوں پر خراشیں آئیں۔ ہڈی وغیرہ ٹوٹنے سے اللہ تعالیٰ نے بچالیا۔ چار روز سے بستر پر لیٹے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آئندہ فضل فرماوے اور حادثات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

نئی گاڑی خریدنے کی مختلف تجویزیں ہیں۔ ابھی تک کوئی بات پکی نہیں رہی۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا، ہو جاوے گا۔ محمد قاسم سرگانہ کی شادی ۲۷، ۲۸ر جنوری کو ہونا قرار پائی ہے۔ اس موقع (پر) محمد عارف صاحب، محمد حامد سلمہ اللہ تعالیٰ کی رسم منگنی تجویز کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ باعث برکت کرے۔ آمین۔

اپریل کے پہلے ہفتہ میں نور خان کی شادی پایۂ تکمیل کو پہنچے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فوری ملازمت کا پڑھ کر سب گھر والوں کو مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ دونوں کو بہترین ملازمتوں سے مشرف فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور عزت و آبرو اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ دو روز سے خلیل احمد بھی گھر آیا ہوا ہے۔ کل اس کو بخار ہو گیا۔ بخار ملیریا معلوم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا فرماوے۔ آمین۔

باقی سب گھر میں اور خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ سب چھوٹے بڑے راضی، خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں... وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ملک منیر احمد کو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

نے ایک اور فرزند عطا فرمایا ہے۔ نام عبدالماجد رکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں کو صلاح و فلاح سے مزیّن فرماوے۔ آمین۔

ملک محمد سلیم صاحب کے حالات سے کچھ خبر نہیں، نہ وہ گھر آئے اور نہ کسی کو خط لکھے۔ ملک محمد اکرم خیریت سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ سب گھر والوں کی طرف سے آپ سب کو فرداً فرداً بہت بہت سلام و دعوات۔ محمود اقبال صاحب کے لیے مضمون واحد۔

آپ سب کو تاکیداً تحریر ہے کہ نماز میں ہرگز ہرگز سستی اور کاہلی نہ کریں، اس کی پابندی بہت بہت ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔ وظیفہٗ سعدیہ کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ باعث برکت کرے۔ آمین۔ والسّلام

۲۲ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۲/۵۹۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی محمد حامد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ فقیر نے آپ کے خط کے جواب میں تفصیلی خط لکھا تھا۔ آپ سب کے خطوط میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں کہ ملا ہے یا کہ نہیں؟ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہم سب خیر وعافیت اور سلامتی کے ساتھ ہیں۔ اور سب خورد وکلاں راضی خوشی ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو بہترین ملازمتیں عطا فرماوے۔ اور آپس میں پیار ومحبت اور اتفاق کے ساتھ رکھے۔ اور صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ آمین۔

۲۶ رجنوری کو باگڑ میں آپ کی منگنی کی تقریب ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے لیے باعث برکت کرے۔ آمین۔ صوفی محمد عبداللہ صاحب کا ۶، ۷ رفروری کی درمیانی شب کو اِنتقال ہوگیا۔ اور ہم لوگ اپنے ایک پرانے مخلص دعاگو رفیق کی رفاقت سے محروم ہوگئے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

اٹامک انرجی کے باہر محمد عارف صاحب نے جو تین کوٹھیاں بنوائی تھیں وہ اور باقی سب آبادی جو کہ واپڈا گیٹ کے باہر تھی، حکومت نے زبردستی بلڈوزر چلا کر گرادی ہے اور لوگوں کو اُٹھوا دیا ہے۔ وہ ملبہ اٹھا کر لا رہے ہیں، اس سے شاید آپ کے لیے دو کمرے تعمیر کروائیں۔ یہ گویا کہ شادی کی ابتدا ہوگی۔

آپ جب واپس آویں گے تو پھر اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ خوشی بھی نصیب فرماوے۔ آمین۔ بدھ ۲۳/فروری کو سعید احمد اور نجیب احمد کا ختم قرآن پاک ہے۔ اس خوشی کی آپ سب کو مبارک باد پیش ہے۔ آپ تینوں ایسا پروگرام بنائیں جب کبھی اللہ تعالیٰ کو منظور ہو، تاکہ شادیاں اکٹھی ہو جاویں۔ خلیل احمد کل (سے) گھر آیا ہوا ہے۔ جمعہ ۲۵/فروری کو واپس ساہیوال جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ عزیز احمد، خلیل احمد...رشید احمد، سعید احمد، نجیب احمد اور اپنی پھوپھو کی طرف سے بہت بہت سلام و دعوات۔ والسّلام

۸/جمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ ازخانقاہ سراجیہ

۳/۵۹۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم محمد حامد صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ گھر میں سب راضی خوشی اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آپ سب کو آپس میں پیار و محبت اور اتفاق کے ساتھ رکھے۔ اور صلاح و فلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

آپ سب پر لازمی ہے کہ نماز کی پابندی سب سے مقدم ہونی چاہیے۔ فارغ وقت ٹی وی اور ریڈیو پر صَرف نہ ہو۔ اچھا انسان اپنے اچھے اعمال ہی سے بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ دارین کی اچھائیوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

اس ہفتہ یہاں رونق رہی۔ باگڑ (سے) ایک ویگن باگڑ والوں کی بھر کر آئی۔ تین چار روز خوب چہل پہل رہی۔ آج ان کی واپسی ہوئی اور آپ کی والدہ ماجدہ بھی ان کے ہمراہ باگڑ تشریف لے گئی، تا کہ اپنی ہونے والی بہو سے مل آوے اور اپنے بیٹے کی جدائی والے جذبات کو اِس طرح تسکین پہنچاوے۔

فقیر ان دنوں بہت مصروف ہے۔ ایک دن گھر اور ہفتہ عشرہ سفر ہوتا ہے۔ آج بڑی مشکل سے یہ چند حروف لکھنے کا موقع ملا ہے۔ صبح ۶ مئی کو پھر سفر کی تیاری ہے اور اس میں کم از کم ۱۵ ر یوم لگ جاویں گے۔ ۲۷ ر شعبان تک یہی سلسلہ جاری رہے گا۔ انشاء اللہ۔ آج خلیل احمد بھی اپنی سالانہ رخصتوں کی وجہ سے ملتان والی ''عطاء اللہ'' پر آ رہا ہے۔ اپنے مدرسہ میں بھی یکم شعبان کو چھٹیاں ہو جاویں گی۔ انشاء اللہ۔

اس (مرتبہ) بارشوں کی وجہ (سے) فصل کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ ہمارے رقبے ''نکیرہ'' میں تو بڑی سخت ژالہ باری ہوئی ہے اور ساری کھڑی فصل بالکل ختم ہو گئی ہے۔

فقیر کی طرف سے اور سب گھر والوں کی طرف سے آپ سب کو فرداً فرداً بہت بہت سلام و دعوات۔ عزیز القدر راشد میاں کو بہت بہت پیار، سعید، نجیب کی طرف سے بھی راشد میاں کو بہت بہت سلام۔

والسّلام

۲۲ ر رجب ۱۴۰۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

۴
۵۹۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم محمد حامد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی اور آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا پڑھ کر مسرّت اور جمعیت و سکون ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنی حفاظت میں خوشیوں اور مسرتوں کے ساتھ رکھے۔ اور بہترین ملازمتوں سے سرفراز فرماوے۔ اور صلاح و فلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات اور حادثات سے محفوظ و مصئون رکھے۔ آمین۔

نماز ہر حال میں پڑھنی لازمی ہے۔ وساوس کے ہجوم کے ساتھ نماز پڑھنا، اس کا

Marfat.com

بہت بڑا ثواب ہے۔ لہٰذا وساوس کی وجہ سے نماز نہ پڑھنا بہت بڑا گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ بچاوے۔ اور نماز کا سختی (سے) پابند بناوے۔ آمین۔ تم سب کو نماز اور روزہ اور تراویح میں بالکل کوتاہی نہیں کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اعمالِ صالحہ کا پابند بناوے۔ اور بُری عادتوں اور بُرے کاموں سے بچاوے۔ آمین۔

یہاں رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ پہلا عشرہ قاری عبدالرحیم صاحب نے سنایا۔ دوسرا عشرہ قاری فتح محمد صاحب سنا رہے ہیں۔ تیسرا عشرہ باگڑ والے قاری محمد عابد صاحب سناویں گے۔ انشاء اللہ۔

رشید احمد نے ہم سب کو مایوس کیا ہے۔ خیال تھا کہ چھوٹی تراویح میں قرآن پاک سناوے۔ لیکن ایسا نہ کر سکا۔ بس چند پارے سنائے گا۔ بیس سال عمر ہوگئی، ایک قرآن پاک نہ پڑھ سکا، جس کا کم از کم مجھے بڑا دُکھ ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

گھر میں آپ کے والد صاحب اور والدہ صاحبہ اور دادی صاحبہ اور دونوں ہمشیرگان بالکل خیریت سے ہیں۔ آپ کی کمی کا احساس اثر انداز ہے اور یہ فطری بات ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اور آپ سب کو بھی خیریت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو سب کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔ عزیز احمد، خلیل احمد، رشید احمد، نجیب احمد... امی جان سب کی طرف سے بہت بہت سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۳؍رمضان المبارک ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

۵/۵۹۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم محمد حامد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات و کوائف معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اور آپ سب کی صحت و عافیت کا پڑھ کر خوشی ہوئی۔ مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ آپ سب کو خیریت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو صلاح و فلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور مستقل باعزت ملازمت کا سبب از غیب پیدا فرما کر بہترین ملازمت نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں

Marfat.com

عزت وآبرواور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔

آپ نماز پابندی سے پڑھا کریں اور ہر نماز کے بعد جو تسبیحات پڑھی جاتی ہیں، ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمدللہ، ۳۴ بار اللہ اکبر اور ایک بار کلمہ شہادت، اس کے بعد ۳۳ بار "یَارَبِّ" پڑھ کر پھر اپنے مقصد کے لیے دعا کیا کریں۔ اس پر پابندی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ گھر میں سب راضی، خوشی اور صحت (سے) ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. سب گھروں میں خیریت ہے... اپنے امتحانوں میں کامیاب ہوگئی ہیں۔ ...اپنی کلاس میں اوّل آئی ہے۔ آپ کے ابو اور اماں بھی بالکل خیریت سے ہیں۔ ۲۹/ مارچ کو دو تین روز کے لیے یہ سب پنڈی گئے تھے، بعافیت واپس آگئے ہیں۔ البتہ آپ کی پھوپھی صاحبہ، سعید احمد کی والدہ کو آج کل تکلیف زیادہ ہے۔ ان دردوں والی تکلیف کے ساتھ ساتھ بخار بھی شروع ہو گیا ہے۔ علاج جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر آج کل بہت مصروف ہے۔ قادیانیت کے مسئلہ نے سارے ملک کو پریشان کر رکھا ہے۔ فقیر کل ۱۲/ اپریل کو لاہور، کوئٹہ، کراچی، حیدرآباد کے لیے روانہ ہو رہا ہے۔ ایک ہفتہ کا یہ سفر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے جناب محمد زاہد صاحب، ملک محمد نعیم صاحب، ملک محمد اقبال صاحب... عزیزی راشد میاں سب کو بہت بہت سلام ودعوات۔

والسّلام

۸/ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ — از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا حافظ محمد داؤدؒ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا حافظ محمد داؤد صاحب سلمک اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ رمضان المبارک ۱/۵۹۴

Marfat.com

اپنے معمول کے مطابق نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

حافظ نذیر احمد صاحب کو لکھا تھا کہ وہ حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ حدیث جواہر الحکم کے تین حصے اور تین نسخے فوری ارسال کریں، لیکن اُن کا ابھی تک جواب نہیں آیا، لہٰذا یہ رسائل ضرور بھجوائیں۔ قنوت نازلہ کی چند کاپیاں ارسال ہیں۔ ایک ڈبی کھجور طیبہ بھی ارسال ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲؍رمضان المبارک ازخانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت شیخ محمد راشد صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد ۱/۵۹۵
عفی عنہ، بگرامی خدمت جناب اعلیٰ مرتبت شیخ راشد صاحب دام ظلہ العالی!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

سلام مسنون کے بعد التماس ہے کہ مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی کے عزیز ضیاء اللہ صاحب اپنے مدرسہ کے سلسلہ میں حاضر ہو رہے ہیں۔ حسبِ دستور سابق خصوصی تعاون سے سرفراز فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماویں گے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے جملہ متعلقین کی خدمت میں سلام مسنون۔ والسّلام

۹؍شوال المکرّم ۱۴۲۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد ۲/۵۹۶
عفی عنہ، مکرم ومحترم جناب شیخ محمد راشد صاحب زید مجدہا!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

Marfat.com

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے، حاملِ رقیمہٴ ہٰذا حاضری کی غرض سے عرضِ خدمت کرے گا۔ خصوصی شفقت فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب متعلقین کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۳ر محرم الحرام ۱۴۲۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: مولانا قاری محمد رزین (زرین) صاحب، راولپنڈی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۵۹۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر ۲۳ر کو واپس خانقاہ پاک پہنچا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت وسلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور علوم نافعہ دینیہ سے مشرف فرما کر اپنے دینِ حنیف کی خدمت و اشاعت کے لیے قبول فرماوے اور جمعیت وسکونِ قلبی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

پہلا تعویذ محفوظ رکھ لیں۔ دو تعویذ ارسال ہیں۔ + نشانی والا بچے کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا والدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ مولا پاک مفید کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے مولانا صاحب ودیگر احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۸ر ذی قعدہ ۱۳۸۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲/۵۹۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

حافظ غلام ربانی صاحب کی زبانی عزیز عبدالرشید کی صحت کا معلوم کر کے مسرّت

Marfat.com

ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اوراپنی حفاظت میں صحت وعافیت سے رکھے۔ اور آپ سب کو علوم نافعہ سے مشرف فرماوے۔ اوراپنے دین کی خدمت واشاعت کے لیے قبول فرماوے۔ اور دنیا وآخرت کی عزت وآبرو مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۴ر ربیع الاوّل ۱۳۸۵ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۳/۵۹۹ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز ومکرم قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ خیریت وعافیت اور سلامتی کا معلوم کر کے ازحد مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے، اوراپنی حفاظت میں صحت وعافیت اورعزت وآبرو سے رکھے۔ اور علومِ نافعہ سے سرفراز فرما کر اپنے دین کی خدمت واشاعت کے لیے قبول فرماوے، اور دارین کی سعادتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر ۷ر اکتوبر کی صبح کو راولپنڈی پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مولانا نے مدرسہ کے جلسہ کے لیے ازحد اصرار کیا ہے۔ دو چار روز وہاں رہنا ہوگا۔

فقیر کی طرف سے عزیز عبدالرشید کو دعوات۔ والسّلام

۱۸ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴/۶۰۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم قاری محمد رزین صاحب مطالعہ کریں کہ ابھی ابھی آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ حافظ صاحب کا ابھی تک فقیر کو گرامی نامہ نہیں ملا۔ اب یہاں متبادل انتظام بھی نہیں ہوسکتا۔ پچیس کو آپ کا آنا بیکار ہوگا۔ اکیس کو ختم کر کے آسکیں تو آ

Marfat.com

جاویں۔ اگر ختم نہ ہو تو حافظ خود کر لیں گے۔ آپ بہر حال ۳ رجنوری / ۲۱ ر رمضان منگل کی شام کو یہاں پہنچ آئیں۔

فقیر کو دو روز سے پھر نزلہ کی تکلیف زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۸ ر رمضان ۱۳۸۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۵/۶۰۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم قاری صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اسباق کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ اِس وقت کو غنیمت سمجھیں۔ جوانی ہے، صحت ہے، فراغت ہے، خوب محنت کریں اور نہایت شوق و ذوق سے، نہایت جانفشانی سے کام کریں۔ اور کوئی چھوٹا سا چھوٹا سبق بھی بغیر مطالعہ کے نہ پڑھائیں۔ اگر کوئی بات نہ سمجھ آئے تو مدرسہ کے بڑے اساتذہ سے پوچھنے میں بالکل عار نہ سمجھیں۔ اِنَّمَا شِفَاءُ الۡعِیِّ السُّوَالُ۔ مطالعہ سے پہلے اور اسباق شروع کرنے سے پہلے، نیز ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ بار مندرجہ ذیل دعا پڑھ کر اپنے سینہ پر دَم کر دیا کریں۔ اَللّٰهُمَّ نَوِّرۡ قَلۡبِیۡ بِعِلۡمِکَ وَاسۡتَعۡمِلۡ بَدَنِیۡ بِطَاعَتِکَ۔

اس کے علاوہ فرصت کے وقت میں طبیعت کو ذکر قلبی اسم ذات کی طرف مائل کریں۔ شجرہ شریف ارسال ہے۔ اس کے آخر میں ذکر کا پورا طریقہ لکھا ہوا ہے، اُس کے مطابق کرنے کی سعی کریں۔ جس قدر توفیق ہو جاوے اُس کو بہت سمجھیں اور اُس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مزید توفیق ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے اور جمیع مکروہاتِ کونیہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور عافیت کے ساتھ رکھے۔ اپنے دین کی خدمت و اشاعت کے لیے مزید توفیق کرامت فرما کر ان مساعی کو اپنی رضامندی کا باعث بنا دے۔ آمین

ایک چھوٹا سا مضمون مراسلہ کی صورت میں ارسال ہے۔ حافظ صاحب کی خدمت

Marfat.com

میں عرض کریں کہ اس کو جنگ، کوہستان، نوائے وقت میں ضرور شائع کروا دیں۔ نہایت ضروری ہے۔ اس کی کاپیاں آپ خود کر لیں۔

نیز حافظ حبیب صاحب کا پتہ کریں۔ ان سے کچھ عمارتی سامان منگوانا ہے۔ جن دنوں میں وہ پنڈی ہوں، اُن دنوں میں یہاں سے آدمی بھیجا جاوے، تا کہ سامان لے آویں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔

نیز حافظ صاحب کی خدمت میں عرض کریں کہ اس مراسلہ کو انگریزی میں کر کے پاکستان ٹائم میں بھی شائع کروانے کی ضرور سعی کریں۔ نیز جن جن اخباروں میں شائع ہو، وہ آپ لے کر یہاں بذریعہ ڈاک بھیج دیں۔

والسّلام

۶/ ذی قعدہ ۱۳۸۶ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۶
۶۰۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ ابھی آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر صوفی صادق صاحب کو ضروری سامان کے لیے بھیج رہا ہے۔ آپ نے جب عید کی تعطیلات میں آنا ہے تو صوفی صاحب کے ہمراہ آجاویں تا کہ سامان لانے میں سہولت ہو، کیونکہ سامان کچھ نازک قسم کا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے مولانا عبدالحکیم صاحب و دیگر احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۵/ ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ — فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

(ضمیمہ)

وَ اَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَ تَخَلَّتْ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَ حُقَّتْ اِھْیًا اَشْرَاھِیًا.

پاک کپڑا میں باندھ کر بائیں ران پر باندھے۔ برائے دردِ زہ۔

چہار آیت سورہ بقرہ آیۃ الکرسی و دو آیت (دیگر) تا خٰلِدُوْنَ، وسہ آیت سورہ بقرہ لِلّٰہِ تا آخر وسہ آیت سورہ اعراف اِن ربّکمُ اللّٰہُ تا مُحْسِنِیْنَ وآخر سورہ بنی اسرائیل قُلِ ادْعُو اللّٰہَ اَوِ ادْعُو الرَّحْمٰنَ، دس آیتیں اوّل سورہ صافات تا لَازِبٍ، دو آیت سورہ رحمٰن یَامَعْشَرَ الْجِنِّ تا تَنْتَصِرَانِ وآخر سورہ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْآنَ دو آیت قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ تا شَطَطًا، بعض زیادہ کرتے ہیں سورہ فاتحہ، سورہ کافرون، سورہ اخلاص، سورہ فلق والناس۔ دو بار سورہ جن سے شَطَطًا تک۔

برائے صلح ہر روز یَاوَدُوْدُ، ہزار بار اوّل آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

۷/۶۰۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی مولوی قاری محمد رزین صاحب سلمہ ربہٗ مطالعہ فرماویں، خیریت نامہ ملا، حالات کا علم ہوا۔ فقیر آپ کے لیے اور جناب قاری عبدالغفور صاحب کے لیے دعا گو ہے۔ اللہ پاک ان کو بھی اپنی یاد پاک کی توفیق بخشے اور آپ کو بھی دینی دنیاوی استقامت سے نوازے۔ آمین۔

یہاں پر بفضلہٖ تعالیٰ خیریت ہے۔ آپ کے واقف ساتھی سلام کہتے ہیں۔ حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب کو تسلیمات۔ عزیزوں کو دعوات۔

والسّلام

دوشنبہ ۱۳ ربیع الاوّل ۱۳۸۸ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸/۶۰۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر یہاں ہی رہا ہے، اور یہاں ہی رہے گا۔ سرِ دست کسی طرف جانے کا

Marfat.com

ارادہ نہیں ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

پچھلے دنوں حافظ ریاض احمد صاحب وغیرہ اور اُن کے بعد حافظ محمد رمضان صاحب بھی آئے تھے۔ اُن سے معلوم ہو گیا ہوگا؟

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۱/جمادی الاولیٰ ۱۳۸۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۹/۶۰۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے اور خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

آپ نے سرہند شریف عرس پر جانے کے لیے کہا تھا اور اُس کا اعلان اخبار میں ہو گیا ہے۔ آپ ۲۲/فروری کی جنگ دیکھیں۔ اس کے آخری صفحہ پر پہلے کالم کے نصف میں وہ اعلان درج ہے۔ اُس کے مطابق آپ صوبائی ہوم سیکرٹری کو درخواست دے دیں۔ اور ساتھ تین فوٹو بھی بھیج دیں۔ درخواست واپسی رجسٹری کے طور پر دیں اور فقیر کو بھی اس کی اطلاع کر دیں۔

فقیر کی طرف سے مولانا عبدالحکیم صاحب ودیگر احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۸/ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۰/۶۰۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیزم جناب مولوی قاری محمد رزین صاحب رزنہٗ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں۔ خیریت نامہ ملا۔ خیریت معلوم ہو کر مسرت ہوئی۔

Marfat.com

جناب مولانا صاحب کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اِس زمانۂ قحط الرجال میں مولانا کا وجود از بس ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو صحت وعافیت کے ساتھ خدمت دین کے لیے دیرگاہ سلامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔

تمام احباب کو سلام، عزیزوں کو دعوات۔

۲۵ر محرم ۱۳۸۹ھ والسّلام

۱۱
۶۰۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبّ مکرم وعزیز محترم جناب قاری رزین صاحب سلمہ ربہٗ مطالعہ فرماویں۔ آپ کا خط کافی دنوں سے آیا رکھا تھا، جواب کی فرصت نہ ملی۔

آپ کو تعویذات کی اجازت ہے، لکھ دیا کریں۔

مولانا صاحب ساتھ سرگودھا یکجار ہے۔ سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۷ر رجب ۱۳۸۹ھ از ملکوال، ضلع گجرات

۱۲
۶۰۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۱ر اکتوبر کو لاہور سے عوامی پر راولپنڈی پہنچے گا اور پھر راولپنڈی سے ۲۲ر اکتوبر کو تیز رَو پر سوار ہو کر مانکی روانہ ہو جائے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ محترم محمد اکرم صاحب، جو ایکسائیز کے محکمہ میں ہیں، اُن سے کہیں کہ وہ راولپنڈی فقیر کو ضرور ملیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے مولانا عبدالحکیم صاحب ودیگر احباب کو سلام مسنون۔ قیام مولانا محمد عمر صاحب کے ہاں ہوگا۔ اُن کو اطلاع فرمادیں۔ والسّلام

۲۹ر رجب ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۳/۶۰۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی ومحترمی جناب مولانا محمد رزین صاحب معلوم فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ مل کر کاشف حالات ہوا۔آپ کے اہلِ خانہ کے لیے تعویذات ارسال ہیں۔ رسید وصول ہوگئی ہے۔

فقیر آپ کے لیے دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ ہر حال میں اپنا رحم وکرم فرمائیں اور ہر شر سے محفوظ فرمائیں۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۰/ذی الحجہ ۱۳۸۹ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۴/۶۱۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔گھر والوں کی علالت اور کراچی سامان کی گمشدگی کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے گھر والوں کو صحت عطا فرماوے۔اور سامان کی برآمدگی کا ازغیب کوئی سبب پیدا فرماوے۔اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

آپ کی بعافیت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔مولا پاک اپنے فضل سے حج مبرور اور زیارت مقبول گردانے اور اپنے انعامات سے مزید برآں سرفراز فرماوے۔آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

۱۹/اپریل کو پھر ایک ہفتہ کے لیے باہر جا رہا ہے۔۸، ۹/مئی تک انشاء اللہ تعالیٰ واپسی ہوگی۔حافظ صاحب والے روپے یہاں بھیج دیں۔وہ یہاں سے بھیج دیے جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے مولانا صاحب وحضرت قاضی صاحب و دیگر احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

یکم ربیع الاوّل ۱۳۹۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۵/۶۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ مولوی محمد یوسف صاحب کی بچی کی پیدائش کا معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے زچہ وبچی کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور بچی کو نیک وصالحہ اور باعفت و عصمت اور باحیا بناوے اور اقبال مند کرے۔ اور آپ سب کو اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

تعویذ ارسال ہے۔ بچی کے گلے میں ڈال دیں۔ مولا پاک مفید کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۵؍رجب ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۶/۶۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور نیک وصالح اولاد عطا فرماوے۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی اتباع ظاہراً و باطناً، قولاً وفعلاً نصیب فرماوے۔ اور نفس وشیطان کے مکائید سے محفوظ ومصئون رکھے۔ اور ظاہری اور باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ کے دوست کے بچوں کے لیے بھی دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم

Marfat.com

فرماوے۔ اور اُن سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات سے محفوظ فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۹؍رجب ۱۳۹۳ھ — فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۷ / ۶۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک حج مقبول و زیارت مبرور نصیب فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

مولانا صاحب کا خط آیا تھا۔ وہ رکھا ہوا ہے۔ فقیر کی شرکت کی توقع نہ رکھیں۔ حیرت ہے کہ باوجود معلوم ہونے کے پریشانی کا باعث کیوں بنتے ہیں؟ وہ اپنے حال میں مست رہیں اور ہمیں اپنے حال پر چھوڑ دیں۔

فقیر آج چند روز کے لیے سفر پر جا رہا ہے۔ ۲۷، ۲۸؍اپریل تک مصروفیت ہوگی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۳؍ربیع الثانی ۱۳۹۵ھ — فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۸ / ۶۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جنگ سے عزیز مریض کے انتقال کی خبر معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ.

اللہ تعالیٰ عزیز کو والدین کے لیے اجر، ذخر، فرط بناوے اور اِس کا نعم البدل عطا

Marfat.com

فرماوے۔ اور سب کو اس صدمے کا اجر عظیم عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸ر جمادی الثانیہ ۱۳۹۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۹/۶۱۵ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ خانقاہ شریف پر مل گیا تھا۔ فقیر دو چار روز کے لیے یہاں باگڑ آیا ہے۔ اور آج یہاں سے یہ خط لکھ رہا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ کو اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۵ر رجب ۱۳۹۵ھ از باگڑ سرگانہ

۲۰/۶۱۶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کا منی آرڈر بھی مل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون

Marfat.com

نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹ رمضان المبارک ۱۳۹۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۱/۶۱۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۸/نومبر کو ملتان سے خیبر میل پر سوار ہو کر ۲۹/نومبر کراچی پہنچے گا۔ اور یکم دسمبر کو کراچی سے جدہ روانگی (ہوگی)۔

فقیر کی طرف سے مولوی محمد یوسف صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۹/ذی قعدہ ۱۳۹۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۲/۶۱۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اُن کو صحت کاملہ وصحت عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر ۱۴/فروری تک یہاں ہے۔ پھر شاید ہفتہ عشرہ کے لیے باہر جانا پڑے۔

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۳/صفر ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۲۳
۶۱۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

آپ کا منی آرڈر بھی مل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور نیک وصالح اور لمبی عمر والا فرزند عطا فرماوے۔ اور آپ کی آمدن اور اعمالِ خیر میں ترقی اور برکت عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ کی ضرور کوشش کریں۔ شعبہ قرأت میں داخلہ آسانی سے مل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں سلام۔ والسّلام

۱۴؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۴
۶۲۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ ہمشیرہ مرحومہ ومغفورہ کے انتقال کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرماوے اور مرحومہ کو اپنی قبر میں جنت کی آسائشیں اور راحتیں عطا فرماوے، اور جنت عطا فرماوے۔ اور جملہ پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو اس صدمے کا اجرِ عظیم مرحمت فرماوے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام۔ والسّلام

۲۱؍ رمضان ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲۵/۶۲۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب قاری محمد زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔فقیر دعا کرتا ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت سے رکھے اور یاد کی زیادہ سے زیادہ توفیق ارزانی فرما کر صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

مکرمی محمد یوسف صاحب وعبدالغفور کو سلام ودعوات۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. خدا کرے کہ آپ سب بھی بعافیت ہوں۔احباب کو سلام۔

والسّلام

یکم ربیع الاوّل (۱۳۹۷ھ) از خانقاہ پاک سراجیہ مجددیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲۶/۶۲۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب مولوی زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔گرامی نامہ موصول ہوکر کاشفِ احوال ہوا۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کی والدہ صاحبہ کو صحت کلی عطا فرما کر ان کا سایۂ عاطفت آپ کے سروں پر تادیر قائم ودائم رکھے۔آمین۔

فقیر کو جو حادثہ پیش آیا تھا اُس وقت تو معمولی چوٹوں کی وجہ سے کچھ خیال نہ ہوا، لیکن اب جب تکلیف بڑھنی شروع ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ سب اندرونی چوٹوں کا اثر ہے۔چنانچہ ۳ ربیع الثانی کو فقیر بغرض علاج ملتان آیا اور اب علاج شروع ہے۔اس علاج کے سلسلے میں بیس پچیس روز ملتان ہی میں قیام کرنا پڑے گا۔اس وجہ سے فقیر نہ آئے گا۔دعا فرمائیں کہ اللہ پاک علاج کامیاب فرما کر صحت کلی عطا فرمائے۔خدا کرے کہ آپ اب بعافیت ہوں۔ پرسانِ حال کو سلام۔

والسّلام

۹ ربیع الثانی (۱۳۹۷ھ) فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۲۷/۶۲۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب مولوی زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ موصول ہوکر کاشفِ احوال ہوا۔ فقیر کو بفضلہٖ تعالیٰ اب کچھ افاقہ معلوم ہوتا ہے۔ دعا فرمائیں کہ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے علاج کامیاب فرما کر صحت عاجلہ وصحت کاملہ عطا فرما کر جلد خانقاہ پاک واپس فرمائے۔ آمین۔

واپسی کے متعلق ابھی کچھ نہیں کہا جا سکتا، یہ حکیم صاحب کی اجازت پر منحصر ہے۔ بہر حال صحت یاب ہونے پر ہی واپسی ہو سکے گی۔ فقیر کو آپ اپنی دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں، اس کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

عزیز محمد یوسف صاحب کے بچوں کے لیے دعا ہے کہ مولا پاک ان کو جلد صحتِ کلّی عطا فرمائے۔ آمین۔ اور اللہ پاک آپ کو بھی دینی حرمت کی جدوجہد میں لگائے رکھے اور آپ کی سعی کو قبول فرما کر آپ کو جملہ ظاہری وباطنی پریشانیوں سے اپنی حفظ وامن میں رکھ کر اطمینان وسکون کی زندگی بخشے۔ آمین۔ خدا کرے کہ آپ سب بعافیت ہوں۔ عزیزان کو دعوات۔ احباب کو سلام۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۸ ربیع الثانی (۱۳۹۷ھ)

۲۸/۶۲۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب محمد زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔ فقیر کو پہلے سے بفضلہٖ تعالیٰ اب بہت کچھ افاقہ ہے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ پاک علاج کامیاب فرما کر جلد واپس خانقاہ پاک لے جائے۔ ابھی ہفتہ عشرہ علاج کے لیے اور ملتان رہنا ہوگا۔ اطلاعاً تحریر ہے۔ پتہ حسب ذیل مہر محمد حسین منیر صاحب وکیل کچہری روڈ، سرگانہ ہاؤس کے مکان پر قیام ہے۔

دعا ہے کہ مولا پاک آپ کو جملہ مقاصد خیر میں کامیاب وبامراد کرے۔ آمین۔ خدا

Marfat.com

کرے کہ آپ سب بعافیت ہوں۔احباب کو سلام۔ والسّلام

۹رجمادی الاولیٰ (۱۳۹۷ھ) فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۹/۶۲۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

آپ کا منی آرڈر مل گیا ہے۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔اور آپ کی آمدن میں برکتیں عطا فرماوے۔آمین۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۳رجب ۱۳۹۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۰/۶۲۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔لیکن لفافہ میں جو خط نکلا وہ کسی اور صاحب کے نام تھا،لہٰذا واپس ارسال ہے۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

سرہند شریف جانے والے ساتھیوں میں سے جن کے نام کاغذ آئے اور انہوں نے واپس داخل نہیں کیے،اُن میں سے کسی ایک سے وہ کاغذ لے کر فوراً بھجوانے کا انتظام کریں، نہایت ضروری ہے۔ والسّلام

۵رصفر ۱۳۹۸ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳۱
۶۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اُن کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ جمعہ ۸/ شعبان کی شام پنڈی پہنچے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۳/ شعبان ۱۳۹۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳۲
۶۲۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مطالعہ کریں کہ آپ کے گرامی نامے سے خیریت و عافیت معلوم ہو کر اطمینان ہوا۔ گھر میں بھی صحت ٹھیک ہے، اس سے مزید مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی مبارک ساعات و روز و شب کی رحمت سے بہرہ ور فرماوے۔ فقیر دعاؤں میں مصروف ہے۔

والسّلام

۱۹/ رمضان المبارک ۱۳۹۸ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۳
۶۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر نے ۱۶؍اکتوبر کو حج کے لیے روپے جمع کروا دیے ہیں۔ اب روانگی کی اطلاع کی انتظار ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۰؍ذی قعدہ ۱۳۹۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۴/۶۳۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنے فضل سے آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور مکان کے سلسلہ میں آسانی فرماوے۔ اور تکمیل کے اسباب از غیب پیدا فرماوے اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۹؍محرم ۱۳۹۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۵/۶۳۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور مکان کی تکمیل میں آسانیاں پیدا فرماوے۔ اور قرض سے نجات عطا فرماوے۔ اور اپنے ہمہ مقاصد میں کامیابیاں نصیب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲؍ربیع الثانی ۱۳۹۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۶/۶۳۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری محمد زرین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور مکان کی تکمیل باعثِ برکت کرے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کو نزلہ وکھانسی کی تکلیف ہے۔ علاج کے لیے ملتان جانا ہے۔ لہٰذا آپ اپریل کے پہلے ہفتہ کے بعد تشریف لے آویں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔ والسّلام

۲۸؍ربیع الثانی ۱۳۹۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۷/۶۳۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ مولانا صاحب کے پرچہ سے معلوم ہوا کہ بنک والوں نے درخواست رکھ لی ہے اور اُس کا نمبر ۲۵۱ ہے۔ مولانا صاحب کی محنت کو اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور باقی جملہ رکاوٹیں دور فرماوے۔ آمین۔

تصویریں اور شناختی کارڈ ارسال ہے۔ عزیز احمد کی شادی کا مرحلہ بھی ہے اور کچھ کام مجلس تحفظ ختم نبوت کے بھی ہیں۔ اس لیے فقیر بالکل آخری تاریخوں میں جانا چاہتا ہے۔ ۲۹؍اکتوبر کو حج ہے۔ جو آخری جہاز ہو یا ۲۴، ۲۵؍اکتوبر کو کسی فلائٹ میں سیٹ مل جاوے، اس کی سعی فرماویں۔ وَالۡاَجۡرُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى.

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۰؍شوال ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۳۸/۲۳۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا اور قاضی صاحب کا اور مولانا صاحب کا علیحدہ علیحدہ تینوں گرامی نامے قریباً ایک دن کے وقفے میں موصول ہوئے۔ آپ کے حادثہ کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور بے عیب صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آئندہ ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رکھے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

ڈرافٹ میانوالی سے بنوانا ہے۔ آج جانا مشکل ہوا۔ کل جمعہ ہے۔ فقیر نے کل دو روز کے لیے ملتان جانا ہے۔ اس لیے ملتان سے واپسی کے بعد ڈرافٹ بھیجا جاسکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ٹکٹ کے متعلق کوشش فرماویں کہ واپسی جدہ-کویت اور کویت سے کراچی کی ٹکٹ بن جاوے، کیونکہ واپسی پر کویت جانے کا ارادہ بھی ہے۔ اس میں وہ کہیں گے کہ حاجی کو چونکہ حکومت کرایہ میں کچھ رعایت دیتی ہے، لہٰذا اس طرح کا ٹکٹ نہیں بن سکتا۔ تو آپ کہہ دیں کہ وہ رعایت آپ نہ دیں، لیکن ٹکٹ اسی طرح کا بنا دیں۔ اس کے متعلق ضرور سعی فرماویں۔ کرنسی ڈالر کی صورت میں لینی چاہیے۔ اور معلّم کا نام سلیمان اکرام الدین، محلّہ شبیکہ، مکہ مکرمہ لکھوائیں۔ مدینہ منورہ میں معلّم کا نام حیدر الحید ری لکھوائیں۔ روانگی بالکل آخر میں ہو۔ ۲۹/اکتوبر کو حج ہوگا۔ اگر سب سے آخری فلائٹ مل جاوے تو بہت ہی اچھا ہو۔ بہر حال آخری تاریخوں کی کوشش فرماویں۔ وَالۡاَجۡرُ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی.

عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی شادی کی تاریخ مقرر ہوگئی ہے۔ ۱۱/اکتوبر جمعرات کو شادی ہوگی، اور ۱۲/اکتوبر جمعہ کے روز ولیمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون اور گھر میں سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۰/شوال ۱۳۹۹ھ/۱۳/ستمبر ۱۹۷۹ء

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳۹/۶۳۵ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ڈرافٹ -/۱۳۵۳۵ کا ارسال ہے۔ وصولی سے اطلاع فرماویں۔

ٹکٹ جس طرح کا وہ بنادیں، یہی غنیمت ہے۔ کرنسی اگر ڈالروں میں نہ ملے تو جو بھی دے دیں، کوئی حرج نہیں ہے۔ البتہ روانگی کے متعلق گذارش ہے کہ آخری تاریخوں میں ہونی چاہیے۔ ۲۰؍اکتوبر کے بعد کوئی تاریخ مقرر کردیں۔ آپ کی اس محنت کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ.

ایک گذارش ہے کہ فقیر کا پاسپورٹ جو آپ کے پاس ہے، اس کے اُن دو ورقوں کی فوٹوسٹیٹ چاہیے جن پر نام، پتہ، تاریخ اجراء، آخری میعاد وغیرہ کوائف درج ہوتے ہیں۔ یہ فوٹوسٹیٹ فوری طور پر بھجواسکیں تو بہت اچھا ہو۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۴۰/۶۳۶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کی اِس تکلیف فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ.

فلائیٹ نمبر سے بھی مطلع فرماویں، تاکہ وہاں دوستوں کو اطلاع دے دی جاوے۔ فوٹو ورقے اس لفافے میں نہیں تھے، شاید رکھنے بھول گئے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹/ ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۱ / ۶۳۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ فوٹو کاپی مل گئی۔ آپ کی تکلیف فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا خَيْرَ الْجَزَآءِ.

گذارش ہے کہ کاغذات (کے لیے) کوئی آنے والا نہ ملے تو بذریعہ ڈاک بھیج دیں۔ محمود صاحب پی آئی اے والے ۱۲/ اکتوبر جمعہ کو یہاں آنے والے ہیں۔ جمعرات کو وہاں سے روانہ ہوں گے۔ اُن تک پہنچ جائیں تو وہ لیتے آئیں گے۔ لیاقت باغ والے تو یہاں آگئے ہیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۵/ ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۲ / ۶۳۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ مولانا صاحب کے ہاتھ کاغذات مل گئے۔ آپ کی اس سعی و کوشش کے نتیجہ میں فقیر کو اِس سفر کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ چنانچہ فقیر ۲۲/ اکتوبر کو فیصل آباد سے ہوائی جہاز کے ذریعے کراچی روانہ ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

فقیر دل وجان سے آپ کا شکر گزار ہے۔ جَزَاکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ.
فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۷/ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

۴۳ / ۶۳۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مکان کی تکمیل کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ باقی ماندہ کمی بھی پوری فرماوے، اور باعثِ برکت کرے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

محمود صاحب نے پاسپورٹ بنوا کر پہنچا دیا تھا۔ دوسرا کام نہیں ہوا۔ زین العارفین صاحب نے کہا ہے کہ اب نہیں ہو سکتا۔ ۱۴/جنوری کو قافلہ کی لاہور سے روانگی ہے۔

فقیر کی طرف سے مولوی محمد یوسف صاحب ودیگر سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۰/صفر ۱۴۰۰ھ

از خانقاہ سراجیہ

۴۴ / ۶۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ چونکہ خیریت وعافیت آنجائی پر مشتمل تھا، باعث فرحت ہوا۔ اللہ

Marfat.com

تبارک وتعالیٰ آپ کو اپنی محبت ومعرفت وطاعت ورضا سے سرفراز فرمائے اور اتباع حضور سرور کونین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ اتباعہٖ اجمعین سے نوازے۔ آمین۔ اور اپنے ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

فقیر کا اِنشاء اللہ العزیز ارادہ ہندوستان جانے کا ہے۔ کئی احباب نے بھی پاسپورٹ، ویزہ کی کوشش جاری کی ہوئی ہے۔ آپ بھی اپنی پوری کوشش عمل میں لائیں، تاکہ انشاء اللہ العزیز آپ بھی رفیق سفر ہو سکیں:

ع چشم ما روشن دلِ ماشاد

اللہ تبارک وتعالیٰ ہماری یہ حاضری دیارِ ہند، دیوبند، سرہند شریف، دہلی اور مالیر کوٹلہ وغیرہ منظور ومقبول ومحمود فرمائے، اور سلامتی اور خیریت سے یہ سفر مبارک پایۂ تکمیل کو پہنچائے۔ آمین آمین آمین۔ والسّلام

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔

۳/ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ والسّلام

۴۵/۶۴۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ مولانا عبدالحکیم صاحب کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ ہندوستان کے سفر کا دریافت کیا۔ اس سلسلہ میں کوشش جاری ہے۔ پاسپورٹ پر ہندوستان کا اندراج تو کروالیا ہے، ویزے کے لیے کوشش کرنی ہے۔ مولانا بھی یہ سارے مراحل طے کریں۔ ہم لوگ بھی اس سلسلہ میں کسی کے دست نگر ہونا پسند نہیں کرتے، اس لیے خود پرائیویٹ طور پر کوشش جاری ہے۔ مولانا ہمارے ساتھ ہو جاویں تو اس سے ہمیں راحت ہوگی۔

فقیر آج گوجرانوالہ جانے کی تیاری میں ہے۔ گوجرانوالہ سے ویزے کے پروگرام کی تفصیل طے ہو سکے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

Marfat.com

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرمائے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۸ ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ

از خانقاہ سراجیہ

۴۶/۶۴۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب مولوی قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں، آپ کا وطن سے لکھا ہوا گرامی نامہ موصول ہوا۔ خیریت معلوم ہو کر مسرّت ہوئی اور یہ پڑھ کر کہ آپ اپنی والدہ محترمہ کی خدمت میں وطن گئے ہوئے ہیں، مزید خوشی ہوئی۔ آپ کی خوش قسمتی قابلِ رشک ہے کہ آپ کی دعا گو والدہ بقید حیات آپ کے سر پر سایہ افگن ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو دیر تک صحت و عافیت سے رکھے اور آپ کو ان کی خدمت کی مزید توفیق بخشے۔ یہاں اللہ کے فضل سے بالکل خیریت ہے۔ مولانا عبدالحکیم صاحب کو اور دوسرے پرسانِ حال احباب کو سلام کہیں۔

۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۰ھ

والسّلام

۴۷/۶۴۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک اپنا فضل فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۳ جمادی الثانیہ ۱۴۰۰ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم.

۴۸/۶۴۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد زرین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔کوائف خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔فقیر دعا گو ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال ظاہری وباطنی خیر وبرکت،عفو وعافیت،صحت وسعادت و سلامتی دارین سے نوازے اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرما کر ذکر،شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔آمین۔

منی آرڈر مل گیا ہے۔اطمینان فرماویں۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور برکت عطا فرماوے۔آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۳؍رمضان المبارک ۱۴۰۰ھ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم.

۴۹/۶۴۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۵؍اگست کی صبح کو راولپنڈی ایکسپریس ملتان سے آنے والی پر راولپنڈی پہنچے گا۔تھوڑی دیر ریلوے اسٹیشن پر ٹھہر کر پھر بھوئی گاڑ کے لیے حویلیاں والی ریل کار پر سوار ہو کر بھوئی گاڑ روانہ ہو جاوے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹؍شوال ۱۴۰۰ھ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم.

۵۰/۶۴۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور

Marfat.com

مدرسہ کو ترقیات نصیب فرماوے اور آپ سب کے اخلاص میں ترقی اور کام میں برکت عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۹/ جمادی الثانیہ ۱۴۰۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

۵۱/ ۶۴۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کا ۸/ مئی کو پنڈی آنے کا ارادہ نہیں ہے۔ فقیر نے ۸/ مئی کو لاہور جانا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس لیے ۹/ مئی کے پروگرام میں شرکت سے معذرت پیش ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کا ساتھ نصیب فرماوے۔ اور مولانا عبدالواحد صاحب کو اپنی بچی کے فریضہ سے باعزت فراغت نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۶/ جمادی الثانیہ ۱۴۰۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

۵۲/ ۶۴۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف خیریت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع متعلقین ظاہری وباطنی خیر وبرکت، صحت وسعادت اور سلامتی دارین سے نوازے اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

تحریر ۶/ رمضان المبارک ۱۴۰۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۵۳
۶۴۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو اپنے اپنے امتحانات میں کامیاب فرماوے۔ اور اِن امتحانات کو دین حقہ اسلام کی خدمت کا ذریعہ بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرما کر جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

۲۹ر جون کی رات کو اٹک میں ختم نبوت کے سلسلہ میں جلسہ ہے۔ اُس میں شرکت کرنی ہے۔ ۳۰ر جون کو مانسہرہ جانا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

رشید صاحب کے بچے خیریت سے ہیں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹ر ذی قعدہ ۱۴۰۱ھ

۵۴
۶۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر اِنشاء اللہ العزیز ۲۸ر ۹ر ۸۱ء کو خانقاہ شریف سے روانہ ہو کر عازم حرمین الشریفین برائے حج ہو جائے گا۔ مولیٰ کریم عزاسمہٗ آپ کو مع متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت اور صحت وسعادت وسلامتی دارین سے سرفراز فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

تحریر ۲۴ر ذی قعدہ ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

۵۵
۶۵۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بعافیت واپس آیا ہے اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور مشاغلِ دینیہ میں جمعیت وسکون کے ساتھ مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طبیعت واپس آنے کے بعد نزلہ وکھانسی کی وجہ سے خراب ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔

گذارش ہے کہ حافظ حبیب صاحب سے فوری طور پر رابطہ پیدا فرماویں۔ اور اُن سے پاکستان کی بنی ہوئی ٹائل، جو ہمیں فرش کے لیے ضرورت ہے، معلومات حاصل کریں۔ ۴ انچ والی، ۶ انچ والی، ۸ یا ۹ انچ والی کا بھاؤ کیا ہے؟ نیز یہ بھی معلوم کریں کہ کراچی کی بنی ہوئی، یا اسلام آباد اور سوات کی بنی ہوئی میں کونسی مضبوط اور بہتر ہے؟ اور اِس کے متعلق فوری جواب سے مطلع فرماویں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ رمحرم ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۵۶
۶۵۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

ایک نیا مکان بنوایا ہے۔ اس کے غسل خانوں اور برآمدہ کے فرش کے لیے ٹائل کا خیال تھا۔ ابھی تک کوئی بات پختہ نہیں ہورہی، اس لیے اُس کے متعلق کوئی اقدام نہیں کیا۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸؍ربیع الاوّل ۱۴۰۲ھ

۵۷
۶۵۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی تکلیف اور اِسقاط کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اُن کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور نیک و صالح اور لمبی عمر والی اولاد عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرما کر اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کو بھی نزلہ و کھانسی کی تکلیف بدستور چل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۲؍ربیع الاوّل ۱۴۰۲ھ

۵۸
۶۵۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ عقد ثانی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک مبارک کرے اور اِس کے متعلق جملہ امور کو آسانی کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچاوے۔ اور نیک و صالح اور لمبی عمر والی، اقبال مند اولاد عطا فرماوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات سے محفوظ رکھے اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِن دنوں بہت مصروف رہا، اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۳۰؍مئی کو ریل کار سے، جو صبح کندیاں سے چلتی ہے، پنڈی پہنچنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ فقیر کی طرف سے مولانا صاحب و دیگر احباب کو سلام مسنون و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۲؍رجب ۱۴۰۲ھ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۵۹/۶۵۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

مطلوبہ تعویذ ارسال ہے۔ کسی چیز میں بند کروا کر یہ تعویذ کمر کے ساتھ بندھوا دیویں، تاکہ تعویذ ناف کے نیچے رہے اور ہر حالت میں بندھا رہے۔ جب کبھی اپنے پورے وقت پر پیدائش کی تکلیف شروع ہو تو تعویذ کو اُتار لیا جاوے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ اور لمبی عمر والی اقبال مند اولاد عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۴ر رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۶۰/۶۵۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور گھر والوں کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے پورے وقت پر فراغت نصیب فرماوے۔ اور نیک و صالح اور لمبی عمر والا فرزند عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو رمضان المبارک کے برکات سے مالا مال فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۰ر رمضان المبارک ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. ۶۱/۶۵۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور جس مقصد کے لیے یہ سفر کیا ہے اُس میں کامیاب وکامران فرماوے۔ اور ذکر اسم ذات اور حسنِ عبادت کی توفیق زیادہ سے زیادہ نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کو تو یاد نہیں، آپ کن لطائف پر ذکر کرتے ہیں؟ بہر حال ان لطائف پر ذکر جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے ذکر سے باطن کو مانوس ومسرور رکھے۔ آمین۔

یہاں حج پالیسی پر دو روزہ کانفرنس صدر صاحب نے اسلام آباد بلوائی تھی۔ ۵/ جنوری سے درخواستوں کی وصولی کا اعلان ہو گیا ہے۔ ۲۵/ ہزار حجاج کا اعلان کیا ہے۔ سپانسر والے اس کے علاوہ ہوں گے۔ فقیر کا درخواست دینے کا ارادہ تو نہیں ہے۔ دوسرے ذرائع سے کوشش ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کامیاب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکہ مکرمہ ملاقات ہو گی۔ آپ کی تجویز کے مطابق اللہ کرے گھر والے بھی عمرہ کے لیے وہاں پہنچ جاویں۔ اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا فرماوے۔ آمین۔

۳/ دسمبر کو فقیر تھوڑے وقت کے لیے راولپنڈی گیا تھا تو وہاں آپ کی روانگی کا علم ہوا۔ جمعہ فرقانیہ میں پڑھا۔ مولانا عبدالحکیم صاحب نے دوسرا رُخ اختیار کر لیا، جس کا فقیر کو صدمہ ہے۔ ۸/ نومبر کو جو انتخاب ہوا اور مولانا سراج احمد صاحب دین پوری کو امیر بنایا گیا، اس سے دوسرے فریق پر بڑی زَد پڑی۔ مولانا سراج احمد صاحب کے امیر بنانے میں سب سے زیادہ کوشش فقیر کی تھی۔ اس بات کا بدلہ لینے کے لیے دوسرے فریق نے کوشش کر کے مولانا عبدالحکیم صاحب کو اپنے ساتھ ملایا۔ فقیر نے مولانا کو کہا تھا کہ سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا۔ لیکن اتنی بات وہ نہ سمجھ سکے کہ اُن کے اِس اقدام کی زد براہِ راست فقیر پر پڑی ہے۔ مولانا عبیداللہ صاحب انور کو فرقانیہ لے گئے۔ پھر اُن کے ساتھ ایبٹ آباد، مانسہرہ وغیرہ کا دورہ کیا۔ پنجاب میں بھی بعض جگہ زاہد راشدی صاحب کے ساتھ گئے۔

فقیر آپ کی اطلاع کے لیے آپ کو لکھ رہا ہے۔ فقیر نے مولانا سے یہ بات نہیں کی۔

Marfat.com

اور نہ اس کی ضرورت سمجھتا ہے۔ بظاہر رسمی تعلق اس طرف ہے۔ اور دل و دماغ کی بہترین صلاحیتیں دوسری طرف ہیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

شجرہ شریف ارسال ہے۔ اس کے پڑھنے اور ذکر کرنے کا پورا طریقہ اس میں درج ہے۔ اُس کے مطابق اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔ آمین

سب احباب کی طرف سے سلام مسنون۔ والسّلام

۲۴؍ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۳ / ۶۵۸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو نیک صالح فرزند عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

غالب اُمید یہی ہے کہ فقیر مطلوبہ تاریخ کو یہاں ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۵؍جمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۴ / ۶۵۹ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اہلِ خانہ و اعزہ، صحت،

Marfat.com

عافیت اور سلامتی ایمان سے اپنی رضا و خوشنودی کے اعمال کی توفیق رفیق فرماویں۔ آمین

معلوم ہوا ہے کہ عمرہ کے ویزہ پر ۲۸ر جون کے بعد پی آئی اے نے بکنگ پر پابندی لگا دی ہے اور عرب ریاستوں میں ۹ر جولائی کے بعد پابندی ہے۔ اس سلسلہ میں شاید این او سی سے کام کروانا پڑے گا جو وزارت امور مذہبی والے جاری کرتے ہیں۔ مزید معلومات آپ پی آئی اے کے دفتر سے کرلیں۔ اگر وہ سیٹ بک کر کے او کے کر دیں تو پھر کسی قسم کا فکر نہیں۔ اللہ تعالیٰ خیر و برکت فرماویں۔ تمام احباب اور مولانا صاحب کو سلام و دعوات۔

۲۵ر محرم ۱۴۰۴ھ والسّلام

۶۴/۶۶۰ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین

اولاد والے تعویذ ارسال ہیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

سیالکوٹ ۱۷ر فروری کو یومِ اسلم قریشی کے سلسلہ میں ضرور سعی فرماویں۔ پنڈی سے کافی لوگ جانے چاہئیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۶ر ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۵/۶۶۱ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری محمد زرین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی

Marfat.com

ایمان سے رکھے اور تمام معاملات میں دستگیری فرمائے۔آمین

چاند کے بارہ میں صرف بنوں کی خبر سن کر خانقاہ پاک میں روزہ نہیں رکھا گیا تھا۔ آپ حضرات سے یہی معلوم کرنا تھا کہ واقعی راولپنڈی میں بھی چاند نظر آیا ہے یا نہیں؟ کیونکہ بنوں والے لوگ چاند دیکھنے میں صحیح خبر نہیں دیتے۔

تمام احباب اور اہلِ خانہ کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳ر رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶۶/۶۶۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

ریاض سے لکھا جانے والا گرامی نامہ مل گیا تھا۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہرطرح سے عافیت ہے۔رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے مولانا عبدالحکیم صاحب،مولانا محمد یوسف صاحب اور دیگر سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲ر رمضان المبارک ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۶۷/۶۶۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ پہلا عشرہ حافظ عبدالرحمٰن صاحب، جو کہ مولانا نذرالرحمٰن صاحب کے فرزند ہیں، سنا رہے ہیں۔دوسرا عشرہ قاری فتح محمد صاحب سنائیں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔تیسرا عشرہ آپ کے حصہ میں ہے۔اللہ تعالیٰ فراغت اور آسانی فرماوے۔اور

Marfat.com

جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۶ ر رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۶۸/۶۶۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک عمرہ اور زیارتِ روضۂ حبیب خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم قبول ومنظور فرماوے۔ اور بار بار یہ سعادتیں نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر ۹ روز کے بعد واپس آیا ہے۔ اور اب طبیعت وصحت بہتر ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۳۱ ر جنوری تک یہاں ہی ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۸ ر جمادی الاولیٰ ۱۴۰۷ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

۶۹/۶۶۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ کافی دنوں سے آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا رکھا تھا۔ راولپنڈی ملاقات کے وقت بھی اس سلسلہ میں بات نہ ہو سکی۔ اس تاخیر پر معذرت پیش ہے۔ ان دو ماہ میں بے پناہ مصروفیت رہی، جس کی وجہ سے جواب میں تاخیر ہوتی رہی۔ رمضان المبارک کے سلسلہ میں اس سال تو تینوں عشرے پُر ہو گئے ہیں۔ اگلے سال اللہ تعالیٰ نے زندگی عطا فرمائی تو اِنشاء اللہ تعالیٰ آپ دونوں کو موقعہ دیا جائے گا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۶ رشعبان ۱۴۰۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

۷۰/۶۶۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولانا کی اہلیہ اور آپ کی خوش دامن صاحبہ کی علالت اور آپریشن کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُن کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور رمضان المبارک کے برکات سے بہرہ ور فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۷ ررمضان المبارک ۱۴۰۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

۷۱/۶۶۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ سب کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔ معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت اور نصرت شاملِ حال رکھے اور اس تخریب کاری سے پاکستان کی حفاظت فرماوے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے آپ سب کو سلام و دعوات۔ مولانا صاحب کی خدمت میں خصوصیت سے سلام ونیاز۔

والسّلام

۶ ررمضان ۱۴۰۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

٧٢/٦٦٨

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے دینی مشاغل میں جمعیت وسکون کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور اپنی رضامندی اور خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

۲ ؍جون سے ایک ہفتہ کا سفر ہے۔ ۱۱ ؍جون تک واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲ ؍شوال ۱۴۰۸ھ ازخانقاہ سراجیہ

٧٣/٦٦٩

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی علالت کا پڑھ کر فکر ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُن کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور یہاں ہی ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۶ ؍صفر ۱۴۰۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

٧۴/٦٧٠

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے

Marfat.com

ساتھ رکھے۔اور گھر والوں کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور دیگر جملہ دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۵ ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۷۵/۶۷۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حرمین شریفین سے بعافیت واپسی معلوم کر کے اطمینان ہوا۔اللہ تعالیٰ مبارک کرے اور مقبول ومنظور فرماوے۔ اور بار بار یہ زیارتیں نصیب فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔آمین

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے مولانا صاحب ودیگر جملہ احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۷ رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۷۶/۶۷۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔مولانا کی علالت کا پڑھ کر تشویش ہوئی۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے مولانا کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرمائے۔اور آپ سب کو صحت وعافیت کرامت فرماوے۔اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور ہمیشہ اپنی

Marfat.com

حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۵رفروری کو باگڑ سرگانہ جانے کا ارادہ کر رہا ہے۔ ۳،۴ روز کے بعد واپسی ہو گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۷ررجب ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷۷/۶۷۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولانا مرحوم کا انتقال سب احباب کے لیے عظیم صدمے کا باعث ہوا۔ ایسے حضرات امت مسلمہ کا مشترک سرمایہ ہوتے ہیں۔ اس خلا کا نقصان امت مسلمہ کا ہی نقصان ہوتا ہے۔ ایسے حضرات کے ساتھ اُن کی حیثیت کے مطابق جو معاملات متعلق ہوتے ہیں، اُن سے عہدہ برآ ہونا عظیم پریشانی کا باعث ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب حضرات کو ایسے حالات سے محفوظ رکھے اور آپ سب کو آپس میں پیار ومحبت اور اتفاق کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ امور کو نہایت خوش اُسلوبی کے ساتھ مولا پاک سرانجام فرماوے۔ آمین

فقیر بھی وظیفۂ دعا گوئی سے غافل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور آثارِ قبولیت ظاہر فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔

والسّلام

یکم رمضان ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۷۸/۶۷۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا تفصیلی گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کو خطرہ تھا کہ یار لوگ ایسے مواقع پر گڑبڑ

Marfat.com

کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا اکرم اور احسان ہے کہ آپ حضرات کی اپنی فہم وفراست سے اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی اور کسی بڑے امتحان سے بچا لیا۔ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت ونصرت شاملِ حال رکھے اور ہر قسم کے ابتلاء اور امتحان سے بچاوے۔ اور آپس میں پیار ومحبت اور یگانگت واتفاق سے رکھے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

اسلام آباد کی مسجد کی تعمیر اور مدرسہ کے سلسلہ میں بھی فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آسانی اور کامیابی عطا فرماوے۔ اور حسبِ تمنا کام کی راہیں کشادہ فرماوے۔ آمین۔

فقیر بہر حال آپ سب کے لیے دعا گو ہے۔ اور کسی قسم کے تعاون سے گریز نہیں ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طبیعت اب بہتر ہے۔ علاج جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین

فقیر کی طرف سے آپ سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸ر محرم ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۷۹/۶۷۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ۔ فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی تکلیف کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُن کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے اور اپنے جملہ مقاصدِ حسنہ میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر نے جلدی واپس آنا تھا، اس لیے ہری پور کا پروگرام مختصر ہوا۔ اور آپ کو بھی اطلاع نہ کروا سکا۔

فقیر ۲ر ستمبر کو گوجرانوالہ جائے گا، اور ۴ر ستمبر کو گوجرانوالہ سے لاہور جانا ہو گا۔ لاہور سے ۵ر ستمبر کی صبح کو انڈیا روانگی ہو گی۔ ۱۰ر ستمبر کو واپسی ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ لاہور قیام کی جگہ تو مشہور سمن آباد میں ٹھیکیدار محمد خالد صاحب طور کے ہاں ہے۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۰ر صفر ۱۴۱۲ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸۰/۶۷۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ عمرہ کی ادائیگی اور بعافیت واپسی اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

شوال دس کے بعد تو مصروفیت ہی مصروفیت ہے۔ ذی قعدہ میں شاید ڈھاکہ جانا پڑے۔ بہرحال رمضان المبارک کے بعد آپ معلوم کرلیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۳ر رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸۱/۶۷۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام و احباب ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت، سلامتی دارین سے نوازے اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر میں فائز المرام فرمائے۔ آمین۔

جملہ احباب کرام کو سلام پہنچیں۔

فقط والسّلام مع الاکرام

۱۸ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳ھ

Marfat.com

۸۲/۶۷۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ حافظ صاحب مرحوم کے انتقال کا افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرماوے۔ آمین۔

دوسرا تعزیت نامہ ارسال ہے۔ اُن کو پہنچا دیویں۔ مجلس عمل کا اجلاس بڑا ضروری ہے۔ اس کے متعلق ضرور کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں ہمت و جرأت عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

بچے کا تعویذ ارسال ہے۔ چمڑے میں بند کروا کر گلے ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۸ / ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸۳/۶۷۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ مولانا مرحوم کے والد بزرگوار کے انتقال کا معلوم کرکے صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ.

اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرماوے اور جنت عطا فرماوے۔ اور جملہ پس ماندگان کو اس صدمے کا اجر جزیل عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۱۴/ ستمبر کو واپس بعافیت پہنچ آیا ہے۔ اور خانقاہ میں ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طبیعت کچھ خراب ہے۔ ملتان ڈاکٹر صاحبان کو دکھایا۔ دوا جاری ہے۔ سفر پر

Marfat.com

پابندی لگائی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ آمین۔

مولانا سیّد چراغ الدین شاہ صاحب کا گرامی نامہ آیا رکھا ہے۔ جمعیت اہل سنت و الجماعت کی شوریٰ کا ممبر نامزد کیا ہے۔ اس کی صورتِ حال سے مطلع فرماویں۔ فقیر نے ابھی تک جواب نہیں دیا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹ ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۸۴/۶۸۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا قاری محمد رزین صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ بصورت تعزیت موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

مرحوم محمد عابد فقیر کے لیے (اور) اپنے خاندان کے لیے بہت بڑے صدمے کا باعث ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرماوے اور اپنی قبر میں جنت کی راحتیں عطا فرماوے۔ اور ہم سب کو جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ سب کے لیے دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور اپنے مقاصد دینیہ میں کامیاب فرماوے اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر ۱۳ مارچ کو خانقاہ سے لاہور اور ۱۵ مارچ کو لاہور سے سفرِ حج کے لیے روانہ ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ آسان و قبول فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۰ ذی قعدہ ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۸۵/۶۸۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی و مخلصی جناب مولوی محمد زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ صادر ہو کر کاشف احوال ہوا۔ فقیر جناب مولانا صاحب کے صاحبزادہ سلمہٗ کے لیے دعا

Marfat.com

کرتا ہے کہ مولا پاک ان کو صحت عاجلہ وصحت کاملہ سے سرفراز فرمائیں اور آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرما کر اخلاص ومحبت کے ساتھ صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق بخشیں اور اس پر استقامت عطا فرمائیں۔آمین۔ نیز دعا ہے کہ جناب مولانا صاحب حج سے بخیریت تمام واپس تشریف لائیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بخیریت ہے۔امید ہے کہ آپ بھی بخیریت ہوں گے۔

۱۰ر صفر المظفر

والسّلام

۸۶/۶۸۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب محمد زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔گرامی نامہ موصول ہو کر کاشفِ احوال ہوا۔مولانا صاحب کو چوٹ لگنے کا حال معلوم ہو کر افسوس ہوا۔ فقیر دعا کرتا ہے کہ مولا پاک مولانا صاحب کو اپنے فضل وکرم سے صحت عاجلہ وصحت کاملہ سے سرفراز فرمائیں۔آمین۔

فقیر دعا کرتا ہے کہ مولا پاک آپ کو امتحان میں خاطر خواہ کامیاب فرمائیں۔فقیر پرسوں ہی سفر سے واپس خانقاہ پاک پہنچا ہے۔اب فی الحال کسی طرف بھی سفر کا ارادہ نہیں ہے۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ خیریت سے ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. خدا کرے کہ آپ سب بھی خیر وعافیت سے ہوں۔جناب مولانا صاحب ودیگر احباب کو سلام کہہ دیں۔

والسّلام

۱۳ر جمادی الاولیٰ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸۷/۶۸۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔حالات خیریت مطالعہ کر کے مسرّت مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال ومتعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورضا و

Marfat.com

رحمت سے نوازے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد خیر میں فائز المرام فرمائے۔ آمین۔ اور آپ سب کو ظاہری و باطنی سکون و اطمینان، خیر و برکت، حفظ و امان، صحت و سعادت و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔ آمین۔

فقیر اس وقت خانقاہ شریف پر ہی ہے۔ سرورق پر ٹیلیفون نمبر درج ہے۔ اس پر رابطہ کر کے پروگرام معلوم کر سکتے ہیں۔

۴ر شعبان — والسّلام مع الاکرام

۸۸/۶۸۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل و عیال و متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت و سعادت و سلامتی دارین، حفظ و امان، عفو و عافیت سے سرفراز فرمائے رکھے اور مقاصد و مہمات خیر میں کامیاب و کامران فرمائے اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی بیش بیش توفیق و سعادت کرامت فرمائے۔ آمین۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔ مولا کریم جل شانہٗ آپ کو خانقاہ شریف کی مقبول و مسعود حاضری نصیب فرمائے۔ آمین۔

فقط والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸ر رمضان المبارک

۸۹/۶۸۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے، مولا کریم جل شانہٗ آپ کو اپنے مقاصد خیر میں کامیابی بخشے اور ظاہری و باطنی عفو و عافیت، صحت و سعادت و سلامتی دارین سے سرفرازی بخشے اور اپنے ذکر،

Marfat.com

شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین آمین آمین

۲۸ رر رمضان المبارک والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۹۰ / ۶۸۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی و مخلصی جناب مولوی محمد زرین صاحب مطالعہ فرمائیں۔گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔

فقیر چند روز سے سفر میں ہے۔کل ہی گوجرہ سے باگڑ سرگانہ پہنچا ہے اور کل بروز جمعہ خانیوال سے خیبر میل میں سوار ہوکر انشاء اللہ العزیز صادق آباد پہنچے گا۔

فقیر آپ کے لیے دعا کرتا ہے کہ مولا پاک آپ کو عالم باعمل بنائے۔محنت اور جانفشانی سے اپنے کام میں لگے رہیں۔مولا پاک آپ کی کوششوں کو کامیاب فرما کر آپ کے علم میں ترقی و برکت عطا فرمائیں۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔امید ہے کہ آپ بھی خیر و عافیت سے ہوں۔جملہ احباب کو سلام کہہ دیں۔ والسّلام

۲۹ رشوال المکرّم ازباگڑ سرگانہ، ضلع ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۹۱ / ۶۸۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر کو آج اچانک اپنی زمینوں میں، جوکہ ضلع سکھر میں ہیں، جانا پڑ گیا۔چار پانچ روز فقیر کو اُس طرف لگ جائیں گے۔عجلت میں یہ چند حروف تحریر ہیں، تاکہ آپ کو انتظار نہ کرنا پڑے۔فقیر کی طبیعت پر آپ کی طرف سے بالکل کوئی بوجھ نہیں ہے۔ اور بحمد اللہ تعالیٰ فقیر کی طبیعت آپ کی طرف سے بالکل صاف ہے۔آپ اس طرف سے بالکل مطمئن رہیں۔لیکن فقیر یہ بھی نہیں چاہتا کہ آپ اس سیاسی اختلاف کی وجہ سے مولانا عبدالحکیم صاحب سے تعلقات ختم کرلیں۔مدرسہ مسجد کی امامت وغیرہ جو بھی کام آپ کے

Marfat.com

سپرد ہے، وہ آپ بدستور اپنا کام سمجھ کر سرانجام دیتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آپ کو صراطِ مستقیم کی ہدایت فرما کر اُس پر استقامت کرامت فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ فقیر کی طرف سے گھر والوں کو سلام اور مولوی عبدالرحیم صاحب کو بھی سلام۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۹۲ / ۶۸۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب نقشبندی سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ خیر وعافیت اور حالات اسفار مبارکہ مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے، اللہ کریم جل شانہٗ آپ کو مع اہل وعیال ومتعلقین کرام اپنے فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔ اور جملہ مقاصدِ خیر میں کامیاب بنائے اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔ والسّلام مع الاکرام

۹۳ / ۶۸۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ گذارش کرتا ہے کہ محترم قاری مولانا محمد رزین صاحب نے حضرت مولانا عبدالحکیم مرحوم ومغفور کے حالات زندگی لکھ کر اپنے آپ کو بہت بڑے فریضہ سے سبکدوش کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ محترم قاری صاحب کی اس محنت کو قبول فرماوے۔ اور مولانا عبدالحکیم مرحوم ومغفور کے حالات زندگی اس دور کے دینی کام کرنے والوں کے لیے معین ومددگار بناوے۔ اور محترم قاری صاحب کو اِس کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۹۴
۶۹۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب نقشبندی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ خیریت آنجائی مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے، مولا کریم جل شانہٗ آپ کو مع متعلقین کرام ظاہری و باطنی عفو و عافیت، صحت و سعادت وسلامتی دارین سے نوازے اور اپنے مقاصد میں فوز وفلاح نصیب فرما کر ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

نوٹ: رمضان المبارک میں حاضری خانقاہ شریف کی کوشش کریں۔ والسّلام

۹۵
۶۹۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو خانقاہ شریف کی حاضری کی جلد از جلد توفیق بخشے اور مع اہل وعیال و متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت و سعادت وسلامتی دارین سے نوازے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرما کر ذکر، شکر اور حسن عبادت اور خدمت دین حق اسلام کی بیش بیش توفیق بخشے۔ آمین۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔

فقط والسّلام مع الاکرام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۹۶
۶۹۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری محمد رزین صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔

Marfat.com

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو مع متعلقین ظاہری و باطنی عفو و عافیت، صحت و سعادت و سلامتی، خیر و برکت نصیب فرمائے اور اپنے ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین آمین آمین

سرہند شریف سے بعافیت واپسی ہوگئی ہے۔ محکمہ والوں نے شناختی کارڈ رکھ لیے تھے۔ وہ کارڈ فوری طور پر بھجوائیں۔ فہرست ارسال ہے۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۹۷
۶۹۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب قاری صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بعافیت ۷/دسمبر جمعہ کے روز واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ سارا سفر بفضلہٖ تعالیٰ نہایت آرام اور عافیت کے ساتھ سرانجام ہوا۔ خانقاہ پاک میں بھی بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ٹانگ کی تکلیف کو بے عیب دور فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

گذارش ہے کہ سرہند شریف کے لیے فقیر نے درخواست دی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے منظور نہیں کی۔ مولوی محمد یوسف صاحب کو بھیج کر اس کا پتہ کروائیں اور اگر کچھ تدارک ہو سکے تو اس کی بھی کوشش کریں۔ اگر کچھ امید لگے تو پھر پاسپورٹ نیا بنوانا ہو گا۔ اس سلسلہ میں فقیر نے روپے، فوٹو، شناختی کارڈ محمود صاحب پی آئی اے والوں کو دیا ہے۔ انہوں نے بھی فقیر کے ساتھ جانے کی درخواست دی تھی۔ ان کی منظور ہوگئی ہے۔ اس سلسلہ میں دستخط وغیرہ کرنے کی مولوی محمد یوسف صاحب کو فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔ ویسے پاسپورٹ فارم پر فقیر نے دستخط کر کے محمود صاحب کو دیا ہے۔ اور اگر کوئی امید نہ لگے تو پھر پاسپورٹ پر روپے خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا حافظ محمد رمضان علویؒ، راولپنڈی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۶۹۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ کی جانب سے مکرم جناب حافظ محمد رمضان صاحب زید مجدکم مطالعہ فرماویں کہ آج آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لایا۔ حالات سے اطلاع ہوئی۔

جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی ۴؍ جولائی کو واپس خانقاہ شریف تشریف لے آئے ہیں۔ ۲۵، ۲۶؍ شعبان المعظم تک خانقاہ پاک ہی میں رونق افروز ہوں گے۔ بعد میں مانسہرہ، ضلع ہزارہ رمضان شریف گزارنے کی غرض سے تشریف لے جانے کا قصد مبارک ہے۔ آپ بڑی خوشی سے ۲۰؍ شعبان کے بعد جلدی خانقاہ شریف میں حاضری کی سعی فرماویں۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی کی طرف سے سلام مسنون قبول باد۔ احقر کی طرف سے جناب حافظ غلام یٰسین صاحب السّلام علیکم قبول فرماویں۔

والسّلام

از خانقاہ شریف

ضلع میانوالی، کندیاں

۹؍ شعبان المعظم بروز جمعۃ المبارک ۱۳۶۴ھ/ ۲۰؍ جولائی ۱۹۴۵ء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۶۹۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی جناب مولانا حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی مع جملہ خدام کے چار شوال المکرّم واپس خانقاہ شریف تشریف فرما ہوئے ہیں۔ الحمد للہ یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ رمضان المبارک بھی نہایت اطمینان اور سکون سے بسر ہوا ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی

Marfat.com

ذٰلِکَ فَالْحَمْدُلِلّٰہ۔

آپ کو مولیٰ پاک نے حرمین شریفین کی زیارت کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ دعا ہے کہ مولیٰ پاک آپ کے اس سفر کو باعثِ فلاح و برکت گردانے اور بخیر و عافیت اِس سفر کا اتمام ہو۔ گزارش یہ ہے کہ اِن پُر معاصی دور افتادوں کو دعا سے فراموش نہ کرنا۔ اِس معصیت شعار کے لیے اتنی دعا ضرور بضرور فرمانا کہ مولیٰ پاک اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرماوے۔ اور حضرات نقشبندیہ مجددیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی صحیح معنوں میں غلامی نصیب گردانے۔ آمین۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی و بھائی محمد شریف صاحب کی طرف سے السّلام علیکم پہنچیں۔ اور ہر طرح خیریت ہے۔

والسّلام

بروز سہ شنبہ ۹ رشوال المکرّم ۱۳۶۴ھ/ ۲۰ رستمبر ۱۹۴۵ء ازخانقاہ شریف

۳
۶۹۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. احقر خان محمد عفا اللہ عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ کل بروز خمیس موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی مع جملہ خدام ہر طرح سے بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

جس روز آپ لوگ بکھربار سے آکر واپس چلے گئے، اُسی روز آنحضرت بکھربار پہنچے اور دو روز قیام فرما کر واپس تشریف لے آئے۔ اب کسی سفر کا کوئی ارادہ مبارک نہیں ہے۔ اگر ہوا تو ایک ماہ کے بعد ہوگا۔

باقی اُس طرف کے تمام احباب پر لازم ہے کہ جب کبھی خانقاہ شریف حاضری کی توفیق ہو تو آتے وقت ہر ایک، ایک ایک چارپائی کے پاوے جو کہ عام طور پر شہروں میں کیکر یا شیشم کے چارکونوں والے ملتے ہیں، لیتے آویں۔ تاکہ لنگر کی چارپائیوں میں اضافہ ہو جاوے۔ باقی جملہ احباب کی طرف سے خصوصاً مولوی امان اللہ صاحب و مولوی غلام محمد

Marfat.com

صاحب کی طرف سے السّلام علیکم قبول ہوں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

از خانقاہ شریف سراجیہ

۱۶؍ربیع الاوّل ۱۳۶۵ھ/ ۱۸؍فروری ۱۹۴۶ء ضلع میانوالی، کندیاں

۴/۶۹۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ احقر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جناب مکرم حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لایا تھا۔ جناب مولوی عبید اللہ صاحب سے حضرت مدظلہم العالی کے سفر کے پروگرام کا علم ہوا ہوگا؟ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی آج بروز جمعۃ المبارک خانقاہ شریف تشریف فرما ہوئے ہیں۔ اطلاعاً عرض ہے۔ جملہ احباب کو السّلام علیکم پہنچیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔ والسّلام

از خانقاہ شریف سراجیہ

۱۵؍شعبان المعظم ۱۳۶۵ھ/ ۱۵؍جولائی ۱۹۴۶ء ضلع میانوالی، کندیاں

۵/۶۹۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ۔ مسنون۔ منجانب خان محمد عفی عنہ، محترم ومکرم جناب محمد رمضان صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ معلوم فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی موصول ہوا۔ کوائف خیریت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا کریم آپ کو معہ اہل وعیال ہمیشہ امن وعافیت سے رکھے اور اپنی مرضیات وطاعات پر عمل کی توفیق کرامت فرما کر فلاح دارین سے نوازے۔ آمین۔

مولا پاک آپ کے عزیزان کو علم ظاہری وباطنی نافع سے بہ تمام وکمال بہرہ اندوز فرمائے اور اُن کی عمر دراز فرما کر آپ کے لیے ابدی فارغ البالی کا سامان مہیا فرمائے۔ آمین۔ سعادتمند شخص وہ ہے جو اپنے ظاہر کو اتیان احکام شریعت غرا سے آراستہ وپیراستہ کر کے اور اپنے باطن کو ذکر الٰہی جل شانہٗ مطابق ارشاد گرامی شیخ راہ دان وراہ بین، سے معمور کرے:

Marfat.com

ع دادیم ترا ز گنج مقصود نشاں[1]

اللہ تعالیٰ اپنی محبت و معرفت و رضا نصیب دوستاں فرمائے۔ آمین۔

اپنے کوائف ذکر و شغل سے گاہے گاہے اطلاع دینے کی سعی فرماتے رہا کریں۔ خطوط سے بھی نصف ملاقات ہو جاتی ہے۔ والسّلام

از خانقاہ شریف سراجیہ سعدیہ مجددیہ کندیاں

تحریر ۲ رشوال المکرّم ۱۳۶۵ھ / ۳۰ ر اگست ۱۹۴۶ء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۶ / ۶۹۹ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی جناب حافظ مولوی محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا محبت نامہ شرف صدور لا کر کاشفِ حالات ہوا۔ اور گزارش یہ ہے کہ ابھی تک ان کی طرف سے دعوت بھی نہیں پہنچی اور اُمید بھی نہیں ہے۔ گذشتہ سال سنگِ بنیاد رکھوانے کے لیے دعوت دی گئی تھی۔ اور چونکہ حضرت مدظلہم العالی جلسوں میں شرکت نہیں فرمایا کرتے اور یہ مشہور بات ہے، اس لیے اگر دعوت وصول بھی ہوئی تب بھی شرکت کا امکان نہیں ہے۔

علاوہ ازیں گزارش ہے، اگر آپ گنجیال تشریف لائے تو اِس صورت میں آپ کو ایک تکلیف کرنی ہوگی۔ اور وہ یہ کہ اگر کچھ کھانڈ میسر ہو سکے تو ہمراہ لیتے آویں۔ اور سرگودھا سے کپڑے دھونے کا صابن اچھی قسم کا پانچ روپے کا خرید کر لیتے آویں۔ قیمت یہاں پیش کر دی جائے گی۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی کی طرف سے جملہ احباب کو السّلام علیکم پہنچیں۔ بھائی محمد شریف صاحب کی طرف سے تمام ساتھیوں کو السّلام علیکم قبول باد۔

والسّلام۔

۱۰، ۱۱ ر ذی قعدہ ۱۳۶۵ھ / ۶، ۷ ر اکتوبر ۱۹۴۶ء از خانقاہ شریف سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۷ / ۷۰۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ کی

---

۱۔ ہم نے تجھے مقصود کے خزانے کا پتہ بتا دیا ہے۔

Marfat.com

طرف سے جناب مولانا حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ احقر آپ حضرات سے رخصت ہو کر کل بروز ہفتہ بخیر وعافیت خانقاہ شریف حاضر ہوا۔ راستہ میں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ یہاں خانقاہ شریف میں ہر طرح خیریت ہے۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی وعزیزان سلمہم اللہ تعالیٰ وجملہ احباب خیر وعافیت سے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی کا ۲۳، ۲۴/ اپریل بروز بدھ وار وخمیس کی درمیانی شب کو یہاں سے بکھر بار روانگی کا قصد مبارک ہے۔ ۲۴/ اپریل کے دن بکھر بار رسیدگی ہوگی۔ وہاں پانچ چھ روز قیام کا ارادہ مبارک ہے۔ پھر وہاں سے باگڑ تشریف لے جانے کا عزم شریف ہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔ جناب حضرت صاحب قبلہ مدظلہم العالی کی طرف سے السّلام علیکم قبول ہوں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام مع الرحمۃ والاکرام

بروز یک شنبہ ۲۹/ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۶ھ/ ۲۰/ اپریل ۱۹۴۷ء    از خانقاہ شریف

مولوی محمد افضل صاحب امام مسجد چک نمبر ۱۰ والے کو ضرور بضرور اِطلاع دینی آپ کے ذمہ ہے۔ اس میں تساہل سے کام نہ لیویں، اور اُن کو جیسے بھی ہو سکے آنحضرت مدظلہم العالی کے ورودِ مسعود بکھر بار کی اطلاع پہنچاویں۔ تاکیداً کید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۸/۱۰۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ مکرم ومعظم حافظ محمد رمضان صاحب کی خدمت میں عرض گذار ہے کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ابھی تک کوئی اجواب نہیں ہوسکا۔ معاملہ وہی کا وہی ہے۔ فقیر دعا گوئی میں غفلت نہیں کرتا۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ ظاہری وباطنی پریشانیوں سے نجات میسر فرما کر اطمینان وسکون روزی گردانے۔ آمین۔

مولانا عطا محمد صاحب ودیگر احباب کی طرف سے سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔

عزیز کو پیار ودعوات۔    والسّلام

۷/ ربیع الاوّل ۱۳۷۶ھ/ ۱۲/ اکتوبر ۱۹۵۶ء    از ڈنگ براستہ کندیاں، ضلع میانوالی

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۹/۷۰۲

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ، مکرم و معظم حافظ محمد رمضان صاحب کی خدمت میں عرض گزار ہے کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات معلوم کر کے صدمہ ہوا۔ حافظ صاحب کا بھی پریشانی کا خط آیا ہے۔ وہ فی الحقیقت بہت پریشان ہیں، اور ہونا بھی چاہیے۔ والدین کی فطرتی محبت کا تقاضا یہی ہے۔ مولا پاک اس ناگہانی مصیبت کو بہتر طریقہ پر دُور فرماوے اور اصلاح کی موزوں صورت پیدا فرماوے۔ آمین۔

صوفی صاحب کی خدمت میں عرض تو کیا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ وہ اِس معاملہ کی طرف متوجہ ہوں گے۔ فقیر بھی دعا گو ہے۔ مولا پاک رحم فرماوے۔ اور جملہ پریشانیوں و مصیبتوں سے نجات عطا فرما کر اطمینان و سکون روزی کرامت فرماوے۔ آمین

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ والسّلام

۱۹ رشوال ۱۳۷۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۰/۷۰۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اخوی ارشدی محمد رمضان صاحب معلوم فرمائیں کہ فقیر ۵ رستمبر واپس آ گیا تھا اور اگلے ہی روز سے بخار میں مبتلا ہے۔ بشرط صحت ۲۴-۲۵ رستمبر حجاز پاک روانگی کا ارادہ ہے اور وہاں ڈیڑھ دو ماہ کا قیام ہوگا۔ انشاء اللہ۔

فقیر آپ کے لیے دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور حافظ غلام محمد صاحب کو کامیابی عطا فرمائے۔ والسّلام

۲۰ رصفر ۱۳۷۷ھ از خانقاہ سراجیہ کندیاں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۱/۷۰۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ بڑی مدت کے بعد آپ کا والا نامہ صادر ہو

Marfat.com

کر باعث سرفرازی ہوا۔ یادفرمائی کا شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

موسمِ سرما کی ابتداء میں چاوہ جانا ہوا۔ دوروز وہاں قیام رہا۔ صوفی احمد یار صاحب سے واقعی یہ بہت بڑی فروگذاشت ہوئی تھی۔ فقیر نے بھی اُن کو بہت کچھ کہا تھا۔ وہ محسوس کرتے تھے کہ واقعی ہم سے غلطی ہوئی ہے۔

فقیر ۲۹؍جنوری ۱۹۵۹ء سے لے کر ۲؍مارچ تک سفر میں رہا۔ سفر میں جناب حافظ صاحب کا طویل مکتوب ملا تھا۔ واپس آ کر اُن کی خدمت میں جواب ارسال کیا تھا۔ فقیر کی عدم موجودگی میں یہاں سرقہ کی واردات ہوئی ہے۔ فقیر ۲؍مارچ کو خانقاہ پاک پہنچا۔ ۲۷؍فروری کی شب کو یہ حادثہ ہوا۔ چار ہزار کے قریب نقصان ہوا ہے۔ فقیر کے آنے سے پہلے پولیس میں اطلاع دے دی گئی تھی۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا۔ فقیر پر تو بفضلہٖ تعالیٰ اس نقصان کا کوئی اثر ہے۔ مکروہاتِ دنیا سے بہرحال گزرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایمان کے خسارے سے بچاوے اور اس پُرفتن دور میں ایمان کو محفوظ اور مصئون رکھے۔ آمین۔

اس زمانہ میں اپنی اولاد کو دین کی تعلیم دلانا بہت بڑا جہاد ہے۔ مولا پاک عزیزان سلمہم اللہ تعالیٰ کو عالم باعمل بناوے اور اپنے دین متین کا صحیح خدمت گار بناوے۔ اور آپ کے مشن کو پورا کرے۔ آمین۔ ان مدارس میں خیر المدارس ہی موزوں ہے۔ وہاں داخلہ ہو جائے تو بہتر ہے۔

مکرم حافظ غلام محمد صاحب کی خدمت میں سلام مسنون عرض کریں۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے اور مکروہاتِ دارین سے اپنی حفاظتِ خاصہ میں محفوظ رکھے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔ آمین۔ یہ فقیر بھی آپ حضرات کی مستجاب دعاؤں کا سب سے زیادہ محتاج ہے۔ والسّلام

۱۲؍رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲/۷۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. از فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

محبّ مکرم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں۔ گرامی نامہ عین انتظار میں ملا۔ خیریت معلوم ہو کر خوشی ہوئی۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ عزیزان گرامی قدر کی نقل مکانی کو باعث سعادت دارین فرماوے۔ فقیر دعا گو ہے۔

باقی سب خیریت ہے۔ والسّلام

از خانقاہ شریف

جمعہ ۱۵/ شوال ۱۳۷۸ھ کندیاں، ضلع میانوالی

(نوٹ) از فقیر محمد شمس الدین عفی عنہ، سلام مسنون، مطالعہ فرماویں، آج فقیر واپس جا رہا ہے۔

۱۳/۴۰۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا والا نامہ بڑی مدت کے بعد موصول ہو کر کاشف حالات ہوا۔ حافظ صاحب کی علالت اور گھر کی پریشانی معلوم کر کے صدمہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ محترم حافظ صاحب کو اپنے فضل وکرم سے شفائے عاجل اور صحت کامل عطا فرماوے اور دیگر جمیع پریشانیاں دور فرما کر اپنے جملہ مقاصد میں حسب منشا کامیابی کرامت فرماوے۔ اور ہمہ قسم کا اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

اتنی بے پرواہی آپ جیسے قدیم مشفق ومہربان کو زیب نہیں دیتی کہ عرصہ تک نصف ملاقات سے بھی محرومی رہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا متمنی ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ یہاں کے سب احباب سلام مسنون عرض کرتے ہیں۔ والسّلام

۲۸/ ذی الحجہ ۱۳۷۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۴/۴۰۷ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی

Marfat.com

طرف سے مکرم و محترم حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ بھائی صاحب کے انتقال کا پڑھ کر از حد ملال ہوا۔ مولا پاک اُن کی مغفرت فرماوے۔ اور پس ماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق رفیق گردانے۔ آمین۔ اور دیگر جمیع پریشانیوں کو بھی مولا پاک اپنے فضلِ عمیم سے دور فرماوے۔ اور دین و دنیا اور آخرت کی عزت و آبرو عطا فرماوے۔ اور ہمہ قسم کا اطمینان و سکون مرحمت فرماوے۔ آمین۔

مستری صاحب کی پریشانیوں کا فقیر کو علم ہے۔ اور مستری صاحب بھی بذریعہ خط و کتابت اپنی پریشانیوں کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ وہ بیچارہ بے فکر نہیں ہے۔ اس بیچارے کو کوئی حل سمجھ نہیں آ رہا ہے۔ مولا پاک اپنے فضل سے مستری صاحب کی سب پریشانیاں دور فرماوے اور بچیوں کے معاملہ میں باعزت طور پر فراغت نصیب فرماوے۔ اس کے از غیب اسباب پیدا فرماوے۔ آمین۔

فقیر آپ کے دوست کے لیے بھی دعا گو ہے۔ مولا پاک اُن کو اپنے مبارک مقصد میں حسب تمنا کامیابی نصیب فرمائے۔ آمین۔

حضرت شاہ صاحب وہاں اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ ان کی کچھ امداد کر سکیں۔ وہ ساری دنیا سے بے تعلق ہو کر گوشہ نشیں ہیں۔ فقیر کو اُن کا پتہ بھی معلوم نہیں ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

والسّلام

۱۲/ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۰ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۵
۲۰۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر خان محمد عفی عنہ محبّ مکرم حضرت حافظ صاحب سلّمہم اللہ تعالیٰ مطالعہ فرماویں۔ خیریت نامہ ملا۔ خیریت معلوم ہو کر خوشی ہوئی۔ یہاں بھی بحمد اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ خیریت ہے۔

حسنِ اتفاق سے آجکل یہاں جناب مولانا قاضی صدر الدین صاحب اور قاضی شمس الدین صاحب آئے ہوئے ہیں۔ ان سے بھی آپ کے مسئلے کا تذکرہ ہوا۔ سب کا خیال

Marfat.com

ہے کہ آپ تمتع کر سکتے ہیں۔ جو آدمی آپ کو بھیج رہا ہے، اس کو کہہ دیں کہ میں تمتع کروں گا۔ حج عمرہ دونوں کا ثواب آپ کے والدین کو ہو جائے گا۔ باقی سب خیریت ہے۔ جملہ احباب کو سلام کہیں۔ عزیزوں کو دعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

کندیاں، ضلع میانوالی

جمعہ ۱۳ر شعبان ۱۳۸۴ھ

۱۶ ۷:۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرمادیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بروقت جواب نہ دے سکا، جس کی معذرت پیش ہے۔ طبیعت کی خرابی کی وجہ سے جواب میں تاخیر ہوتی رہی۔

اِس سفر میں اتباعِ سنت کا پورا پورا خیال رکھیں اور ذکر الٰہی کی طرف طبیعت کو مائل کریں۔ اس کے بغیر اور کوئی ہدایت نہیں ہے۔ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ آپ کے اِس سفر کو اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ اپنی حفاظت میں عافیت و سلامتی سے رکھے اور بعافیت وصحت واپس لاوے۔ آمین۔

اِسی سات فروری والے جہاز میں فقیر کے چچازاد بھائی ملک محمد اسلم صاحب بھی حج کے لیے جارہے ہیں۔ وہ کوئٹہ میں انسپکٹر پولیس ہیں۔ ان کی درخواست بھی کوئٹہ سے ہے۔ سیکنڈ کلاس کے مسافر ہیں۔ وہ اکیلے ہیں، ان کا کوئی ہمسفر نہیں ہے۔ اُن کو اپنا ساتھی بنالیں تو اُن کے لیے سہولت ہوگی۔ کیونکہ ان کا یہ پہلا سفر ہے۔ جہاز میں لاؤڈ سپیکر پر اعلان کروا کر تلاش کرلیں۔ نہایت ضروری ہے۔ ملک محمد اسلم صاحب انسپکٹر پولیس کوئٹہ، سیکنڈ کلاس کے مسافر......کا پتہ ہوگا۔

فقیر کی طرف سے جناب حافظ صاحب کی خدمت میں سلام مسنون اور مضمونِ واحد۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۳ر رمضان ۱۳۸۴ھ

Marfat.com

۱۷ / ۱۰ــ۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ پہلے حافظ محمد زاہد صاحب سے واپسی کا علم ہو چکا تھا۔ وہ کراچی گئے تھے، لیکن آپ حضرات سے نہیں مل سکے تھے۔ ملک صاحب کو تو آتے ہی ایران کی سرحد پر کوئٹہ سے ساڑھے تین صد میل آگے بھیج دیا ہے۔ ایک دن بھی آرام نہیں کرنے دیا۔ ۱۸ر کو حاضری تھی اور فوراً تبادلہ کر دیا۔

بخیر و عافیت واپسی معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے اس سفر کو قبول فرماوے اور ہمیشہ اپنی رضامندی کے تحت زندگی گزارنے کی توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۰ر صفر ۱۳۸۵ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۸ / ۱۱ــ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ افسوس کے ساتھ گزارش کرنی پڑتی ہے کہ وہ خطوط محفوظ نہیں رہ سکے اور ضائع ہو گئے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔ اور اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے جناب حافظ اور جمیع احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵ر ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۹/۱۲ے

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عزیزان گھر میں ہی رہ کر کام کریں۔ اس کے اسباب اللہ تعالیٰ پیدا فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔ تو اِس سے بہتر اور کوئی صورت نہیں ہو سکتی۔ عزم و ہمت اور استقلال سے کام کریں گے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے آسانیاں پیدا فرماویں گے۔ کام کا آغاز تو ہو چکا ہوا ہے۔ اور حافظ صاحب قبلہ بنیاد ڈالے بیٹھے ہیں۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور اپنے ان عزائم حسنہ میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور آپ سب کی اِس جدوجہد کو اپنی رضامندی و خوشنودی کا وسیلہ بناوے۔ آمین۔ نام تو مدرسہ عربیہ تعلیم القرآن سراجیہ ہونا چاہیے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

عندالملاقات حافظ ریاض احمد صاحب کو سلام مسنون۔ اور دیگر احباب کو بھی اور عزیزوں کو دعوات۔

والسّلام

۶ ر رجب ۱۳۸۹ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۰/۱۳ے

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون کرامت فرماوے۔ آمین

آپ کے خط سے پہلے قاری محمد امین صاحب کا خط آیا تھا۔ انہوں نے آپ کی علالت کا تذکرہ کیا، لیکن اس سے پہلے عزیزم عزیز الرحمان صاحب سے فقیر والی، حاصل پور

Marfat.com

میں ملاقات ہوئی تو انہوں نے کوئی تذکرہ نہیں کیا۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۰ رصفر ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۱ / ۱۴ئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط محمد زاہد صاحب کے نام موصول ہوا۔ وہ تو یہاں ہیں نہیں۔ بہرحال جواب ارسالِ خدمت ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہرطرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر یہاں ہی ہے۔ باہر کا سرِ دست کوئی ارادہ نہیں ہے۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۷ رمحرم ۱۳۹۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۲ / ۱۵ئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

یہاں بارشوں سے اچھا خاصا نقصان ہوا ہے۔ پپلاں سے لے کر عیسیٰ خیل تک اور سارے تھل کے علاقہ میں بہت تباہی ہوئی ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی اچھا خاصا نقصان ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور اپنی نحیف وکمزور مخلوق کو ہرقسم کے ابتلاء اور آزمائش سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ میں بھی ہرطرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

Marfat.com

عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۴ر رمضان ۱۳۹۲ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۳ / ۲۱۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا حافظ محمد رمضان صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور عزیزہ کے فریضہ سے عزت و آبرو کے ساتھ فراغت نصیب فرماوے۔ اور عزیزہ کو اپنے گھر راحت و مسرّت اور پیار و محبت کے ساتھ آباد رکھے۔ اور آپ سب کو اپنی رضامندی و خوشنودی کے ساتھ سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون و دعوات۔ والسّلام

۱۴ر ربیع الاوّل ۱۳۹۴ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۴ / ۲۱۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ فقیر کی طبیعت اب بفضلہٖ تعالیٰ بالکل ٹھیک ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر علاج کی غرض سے ۲۵ر مارچ کو ملتان پہنچا تھا اور ۵ر مئی کو واپسی ہوئی ہے۔ صحت ٹھیک ہے۔ لیکن علاج بدستور جاری ہے۔ فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ مذاکرات کے لیے شاید اکابرین کی رہائی

Marfat.com

ہو۔کیا حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی سے بآسانی ملاقات ہو سکے گی؟

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون و دعوات۔ والسّلام

۱۴؍جمادی الثانیہ ۱۳۹۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۵ / ۱۸ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی و مخلصی محمد رمضان صاحب مطالعہ فرمائیں کہ گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف احوال ہو۔آپ کی پریشانیوں کا حال پڑھ کر افسوس ہوا۔اللہ آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرمائیں۔آپ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ ۴۱ بار پڑھ لیا کریں۔ بایں طور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ. نیز ذکر کی کثرت کریں۔جس قدر بھی زیادہ سے زیادہ ہو سکے کیا کریں اور استغفار بھی کرتے رہیں۔اللہ تعالیٰ توفیق بخشیں اور استقامت عطا فرمائیں۔آمین۔اپنی خیریت و دیگر حالات سے گاہ بگاہ اطلاع دیتے رہا کریں۔الحمدللہ فقیر بعافیت ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو بھی عافیت سے رکھے اور اپنے ذکر کی توفیق عطا فرمائیں۔ذکر سے ہی اطمینان قلبی نصیب ہوتا ہے۔

۶؍ربیع الاوّل والسّلام

## بنام:صوفی محمد ریاض الحسن گنگوہی صاحب

۱ / ۱۹ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم و محترم محمد ریاض الحسن صاحب گنگوہی کے مرتّب کردہ وظائف فقیر نے دیکھے ہیں۔سب صحیح اور بزرگانِ دین کے معمولات میں سے ہیں۔پڑھنے والے کے لیے باعثِ خیر و برکت ہوں گے۔(اللہ تعالیٰ) ریاض الوظائف کو سب مسلمانوں کے لیے باعثِ خیر و برکت فرماوے۔آمین۔

والسّلام

۱۲؍محرم الحرام ۱۴۲۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۲/۴۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرم ومحترم جناب گنگوہی صاحب زیدمجدکم! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

سلام مسنون کے بعد مطالعہ کریں۔ حاملہ رقیمہ ہٰذا اپنے ساتھی تلہ گنگ کے رہنے والے ہیں۔ ان کا کوئی کام ڈیرہ میں ہے۔ اس کے متعلق آپ خصوصی امداد فرماویں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حافظ محمد زاہد صاحب، خانقاہ سراجیہ

۱/۴۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی حافظ محمد زاہد صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کل بدھ کو بعافیت پہنچ گیا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. اور یہاں سے اتوار کے دن ۲۲؍اکتوبر کو راولپنڈی جانا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ راولپنڈی سے بدھ کے دن ۲۵؍اکتوبر کو گوجرانوالہ اور گوجرانوالہ سے انشاء اللہ تعالیٰ ۲۷؍اکتوبر تک لاہور پہنچنا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس جمعہ کے بعد ۲۷؍اکتوبر تک کی ڈاک لاہور مولوی ضیاء الدین صاحب مسجد چترال، میرہ منڈی کی معرفت بھیجتے رہیں۔ بعد کی ڈاک وہاں اپنے پاس جمع رکھیں۔

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر نے جو خانیوال سے خط لکھا تھا، وہ مل گیا ہوگا۔ پلنگ ضرور احتیاط سے بلٹی کردیویں۔

فقیر کی طرف سے جملہ احباب وطلاب کو سلام مسنون پہنچیں۔ گھر میں بھی سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ جملہ عزیزان کو دعوات۔ والسّلام

۱۹؍اکتوبر ۱۹۶۱ء از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۲ / ۲۲۲ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی واکرمی حافظ محمد زاہد صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر نے کل ایک خط لکھا ہے، وہ مل گیا ہوگا۔ آج جو ڈاک خانقاہ پاک سے ہوکر یہاں موصول ہوئی ہے، اُس میں ملک محمد اسلم صاحب کا خط کوئٹہ سے ملا ہے۔ وہ بعینہٖ ارسال ہے۔ اُس کے اندراج کے مطابق زیورات وہاں پہنچ گئے ہوں گے۔ آپ اِس خط کو پڑھ کر سب گھر والے آپس میں مشورہ کر کے جو اَمر طے ہو جاوے، اُس سے فقیر کو بہاولپور کے پتہ پر اِطلاع دیں، تا کہ فقیر ملک صاحب کو جواب بھی دے سکے اور بہاولپور خان صاحب کو جو کچھ کہنا ہو کہہ دیوے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. پروگرام وہی ہے جو کل لکھ دیا گیا ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۳۰/اپریل ۱۹۶۲ء از صادق آباد

۳ / ۲۲۳ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی حافظ محمد زاہد صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کے خانقاہ پاک سے رخصت ہونے تک آپ نہیں پہنچے تھے۔ لیکن جب حافظ غلام علی صاحب راولپنڈی پہنچے تو اُنہوں نے بتایا کہ اُس شام والی گاڑی سے آ گئے تھے۔ مولا پاک کے فضل وکرم سے کلس چڑھ گیا ہوگا۔ آپ جبلی استغنا کو بالائے طاق رکھ کر نہایت سمجھ اور سوچ اور تدبر سے کام کروا دیں۔ اور مستریوں کی ہر ضرورت کا خیال رکھیں۔ اور جو جو سامان کہیں، فوراً مہیا کرنے کی سعی کیا کریں۔ مسجد اور مدرسہ کے روپے حافظ احمد دین صاحب کو دے آیا تھا۔ وہ انہوں نے دے دیے ہوں گے۔ حساب نہایت چستی سے رکھیں۔ مزدوروں کی حاضری ہر روز نہایت احتیاط سے لگا دیں۔ اور جب بھی وہ روپے مانگیں، دینے میں سستی ہرگز نہ کریں۔ فارسی والے طالب علم کمزور ہیں، ان کے ساتھ نہایت جانفشانی کی محنت کی ضرورت ہے۔ ان بیچاروں پر ترس کریں اور اُن کو خوب محنت سے پڑھاویں۔ گندم کے متعلق محمد عارف

Marfat.com

صاحب کی خدمت میں گزارش کریں کہ وہ پانچ چھ بوری برداشت کروادیویں تو بڑی مہربانی ہوگی۔ واپسی پر آپس میں حساب کرلیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر آج ملکوال پہنچا ہے۔ کل ۲۶/اپریل جمعرات کو صوفی احمد یار صاحب کے پاس جانا ہوگا۔ پھر ۲۸/اپریل ہفتہ کے دن صبح کو بھلوال سے چناب پر سوار ہو کر سیدھا صادق آباد جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اُس طرف ہفتہ عشرہ لگ جاوے گا۔ آپ تا اِطلاع ثانی ڈاک معرفت رحمانیہ کمپنی، غلہ منڈی، رحیم یار خان کے پتہ پر بھیجتے رہیں۔ نیز خانقاہ پاک کے جمیع حالات سے بھی فوری اطلاع دیتے رہیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ راولپنڈی ملک صاحب کی کیفیت عزیز احمد کے خط میں لکھ چکا ہوں۔ فقیر کی طرف سے سب احباب اور طلبہ کو سلام مسنون پہنچیں۔ اور گھر میں بھی سب کو سلام و دعوات۔

مدرسہ کی بڑی کلاس کے لیے کتابوں کی ضرورت ہے۔ وہ اُن سے دریافت کر کے منگوا دیں۔ نیز مولوی قطب الدین صاحب سے دریافت کرلیں کہ اُنہوں نے کتابوں کے لیے خط تو نہیں لکھا۔ اگر نہ لکھا ہو تو پھر لکھ دیں۔ والسّلام

۱۸/ذی قعدہ ۱۳۸۱ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۴ / ۷۲۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ محمد زاہد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ چار دسمبر کا لکھا ہوا یہاں یکم جنوری کو موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ دوسرے روز محمد عارف کو چیک دے دیا۔ اور وہ بیس ہزار روپے کا ڈرافٹ بنا کر مطلوبہ آدمی کے نام رجسٹری کرآئے ہیں۔ اطمینان فرماویں۔ محمد عارف صاحب نے بھی شاید اطلاع دی ہوگی۔ معلوم نہیں اس دفعہ ڈاک میں کیا گڑبڑ ہے، بڑی دیر سے خطوط مل رہے ہیں۔

Marfat.com

یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہم سب آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

عزیزان محمد حامد اور محمود اقبال کے متعلق آپ نے جو محنت فرمائی اس کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَآءِ. اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کے بخت و مقدر بہتر کرے۔ اور بہترین ملازمتوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔ محمد حامد کی ملازمت سے سب کو بہت خوشی ہوئی۔ آئندہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم شاملِ حال ہووے۔ آمین۔

راشد میاں تو بہت خوش ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس کو دارین کی خوشیاں اور سعادتیں نصیب فرماوے۔ آمین۔ ہم سب کی طرف سے عزیزہ... راشد میاں سلمہ اللہ تعالیٰ اور ملک محمد نعیم صاحب کو بہت بہت سلام ودعوات۔ محمد قاسم آیا کرے تو اُس کو بھی بہت بہت سلام۔

والسلام

۲۲ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

## بنام: محمد سلیم صاحب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۴۲۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی محمد سلیم سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا کامیابی کا مژدہ لیے خط ملا تھا، جس سے از حد مسرّت وخوشی ہوئی تھی۔ دعا ہے کہ مولا پاک آئندہ بھی اپنے انعامات سے مشرف فرماوے۔ اور دارین کی راحتوں اور مسرتوں اور کامیابیوں سے ہمکنار کرے۔ اور والدین کی حقیقی مسرتوں کی آماجگاہ بناوے۔ آمین۔

فقیر ۱۹ رجولائی کی شام کو باگڑ پہنچا ہے۔ ۲۸ رجولائی کی صبح کو انشاء اللہ تعالیٰ واپس خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔ عزیزہ رضیہ سلمہا اللہ تعالیٰ کے دو خط فقیر کو ملے تھے۔ عزیزہ کی یاد فرمائی کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیْرَ الْجَزَآءِ. فقیر کو تو وہ بہت

Marfat.com

پیاری ہے۔اور فقیر اُس کے لیے بہت دعائیں کرتا ہے۔

فقیر کی طرف سے والدین کی خدمت میں سلام عرض کریں۔اور باقی جملہ عزیزان کو دعوات و پیار۔

والسّلام

۱۸ر صفر ۱۳۸۲ھ — از باگڑ سرگانہ

## بنام: مولانا محمد شریف جالندھریؒ (م ۱۴۰۵ھ/ ۱۹۸۵ء)، ملتان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱ / ۴۲۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد شریف صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ۹ر اگست/ ۸ر شوال اتوار کا روز شوریٰ کے اجلاس کے لیے مناسب ہے۔اس کی اطلاع حضرات ممبران کو دے دی جاوے۔جن ممبر صاحبان کے جواب نہیں آئے ان کو بھی اجلاس میں شرکت کی دعوت دے دی جاوے۔اس کے علاوہ ان کے نام مع پورا پتہ فقیر کو بھی لکھ دیں۔اب تو اجلاس کے موقع پر ہی ملاقات ہو گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔ والسّلام

۲۷ر شعبان ۱۴۰۱ھ/ یکم جولائی ۱۹۸۱ء — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲ / ۴۲۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد شریف صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے اور مزید برآں اپنے دین حقہ اسلام کی خدمت و اشاعت کی توفیق نصیب فرماوے۔اور کام میں برکت اور اخلاص میں ترقی عطا فرما کر اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔آمین۔

Marfat.com

یہ جملہ امور جو آپ نے تحریر فرمائے ہیں، مجلس شوریٰ میں زیر بحث آنے چاہئیں۔ اس میں جو طے پا جاوے گا، انشاء اللہ تعالیٰ اسی میں برکت ہوگی۔ دعوت نامے نامزد شدہ سب حضرات کی خدمت میں جانے چاہئیں اور وہ چلے جانے چاہئیں۔ نیز دعوت ناموں میں یہ ضرور گزارش کی جائے کہ کم از کم دو روز کا وقت لے کر حضرات تشریف لائیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵ر رمضان ۱۴۱۱ھ/ یکم اپریل ۱۹۹۱ء — از خانقاہ سراجیہ

**بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب مدظلہٗ، سرگودھا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱ / ۴۲۸ے

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

فقیر آج بتاریخ ۲۴ر فروری ۱۹۹۷ء مدرسہ مفتاح العلوم، سرگودھا کو افتتاح کے لیے حاضر ہوا۔ حضرت مولانا طیب صاحب اور حضرت مولانا مفتی طاہر صاحب ہر دو برادران کی محنت اور لگن قابلِ تحسین ہے۔ طلباء کی حاضری اور تعداد بھی ماشاء اللہ قابلِ تحسین ہے۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اِس مدرسہ کو دینِ حقہ کی خدمت کے لیے قبول فرمائے۔ اور علمائے حق کی جماعت یہاں سے نکلتی رہے۔ اللہ تعالیٰ اِس کو ترقیات سے نوازے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۶ر شوال ۱۴۱۷ھ/ ۲۴ر فروری ۱۹۹۷ء — خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۲ / ۴۲۹ے

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

فقیر کی آج بروز جمعہ ۴ار ذی قعدہ ۱۴۲۱ھ دار العلوم مفتاح علوم میں حاضری ہوئی۔ جمعہ کی نماز یہاں ادا کی۔ فقیر کی دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ مفتاح العلوم کو اور سارے دینی مدارس کو اِستحکام وسالمیت عطا فرماوے۔ اور اِن کے بنانے والے اور پڑھنے پڑھانے

Marfat.com

والے اور اِمداد و اعانت کرنے والوں کو اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور اِخلاص و للّٰہیت کے ساتھ دینِ حقہ اسلام اور دینی علوم کی خدمت و اشاعت کو قبول فرماوے۔ اور مزید توفیق سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۱۴ر ذی قعدہ ۱۴۲۱ھ / ۸ر فروری ۲۰۰۱ء

۳ / ۲۳۰ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

زیرِ نظر کتاب ''احکام السفر'' مؤلّف مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب زید مجدہٗ نے بزبان عربی تخصص فی الافتاء کے تیسرے سال دارالعلوم کراچی میں لکھی تھی۔ اب اس کا اختصار اُردو زبان میں کیا ہے۔ فقیر نے اس کتاب کے چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔ ماشاءاللہ کتاب سفر کے متعلقہ تمام مسائل، طہارت، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، قربانی، مستورات کے لیے سفر کے احکام، سفر کے اقسام، سفر کے آداب و مستحبات اور سفر کی دعاؤں پر بڑی جامعیت اور اِختصار کے ساتھ مشتمل ہے۔ کتاب میں ہر مسئلہ بحوالہ ذکر کیا گیا ہے۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کی اِس محنت کو قبول فرماوے۔ اور اِس کتاب کو مسلمانوں کے لیے نافع اور مؤلف کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ مولانا مفتی صاحب کو دارین کی سعادتیں نصیب فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۱۱ر ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ

۴ / ۲۳۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر خان محمد عفی عنہ نے دورۂ حدیث شریف ۱۹۴۰ء میں دیوبند میں پڑھا۔ حضرت مدنی، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہم اساتذہ تھے۔ بخاری شریف، ترمذی شریف حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تھیں۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے مولانا محمد طاہر مسعود صاحب کو حدیث پاک بخاری شریف اور دیگر تمام کتب حدیث کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ باعث برکت فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۵ر صفر المظفر ۱۴۲۴ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۵/ ۴۳۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے دورۂ حدیث پاک پڑھنے والوں کو درسِ حدیث پاک کی اجازت ہے۔ فقیر نے دارالعلوم ڈھابیل میں مشکوٰۃ شریف حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بنوری قدس سرہٗ العزیز سے پڑھی تھی۔ دورۂ حدیث ۱۹۴۰ء میں دارالعلوم دیوبند پڑھا تھا۔ دورۂ حدیث پاک کے اساتذۂ کرام اُس وقت حضرت مدنی قدس سرہ العزیز، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ العزیز اور حضرت مولانا اعزاز علی صاحب قدس سرہ العزیز تھے۔

فقیر کی طرف سے دورۂ حدیث پاک کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور برکتیں عطا فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۴ر صفر المظفر ۱۴۲۵ھ

خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۶/ ۴۳۳

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ.

اَمَّا بَعْدُ: نیک بخت اور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اِس پُرفتن اور پُر آشوب دَور میں اپنے آپ کو دین اور خدمتِ دین کے لیے وقت کیے ہوئے ہیں۔ اور عند اللہ قبولیت کا یہی قرینہ بہت کافی ہے کہ تحفیظ القرآن اور فارسی کے ابتدائی اسباق سے شروع کیا ہوا پروگرام اپنی مواج کو چھوتے ہوئے آج دورۂ حدیث شریف تک پہنچ گیا ہے۔ اللہ رب العزت مفتاح العلوم سرگودھا اور اِس کے متعلقہ افراد، اساتذہ، منتظمین اور اعیان کو نظرِ بد سے محفوظ

Marfat.com

رکھے۔ اور اپنے دین کی خدمت کے لیے مزید ہمت، حوصلہ اور اِستقامت نصیب فرمائے۔
آمین ثم آمین۔ فقیر خان محمد عفی عنہ
۴ ربیع الاوّل ۱۴۲۵ھ خانقاہ سراجیہ

۷
۷۳۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

اس کائنات میں انسان کی سعادت اور فرض شناسی احکامِ خداوندی کی اتباع میں ہے۔ احکامِ خداوندی میں بعض کا تعلق عقائد سے اور بعض کا اعمال سے ہے۔ عقائد کی اہمیت اعمال سے کئی گنا زیادہ ہے، کیونکہ ابدی نجات کا مدار عقائد ہیں۔ عقائد کے بغیر اعمال جسم بے روح ہیں۔ عمل کی کوتاہی اور فروگزاشت سے چشم پوشی کی بفضلِ حق جل شانہٗ امید ہوسکتی ہے لیکن عقیدہ کی باز پرس معاف نہیں ہوگی۔

ہر دور میں اسلامی عقائد کے صحیح ترجمان وحاملین اور جادہ حق واعتدال کے پیروکار اہل السنۃ والجماعۃ رہے ہیں۔ افراط وتفریط سے اپنا دامن بچا کے سلف صالحین سے وابستگی کو اپنا شعار اور راہِ نجات تصور کیا۔

زمانۂ حاضر کی ایمان سوز فضاؤں میں عقائد کی درستگی کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ عالمِ اسلام کو اس وقت عالمی ارتداد کا سامنا ہے، جدید اسلامی فکر و روشن خیالی اور اعتدال پسندی کے عنوان سے زندیقیت والحاد کی راہیں ہموار ہورہی ہیں۔ ایسے پُرسوز حالات میں اکابر اہل السنۃ والجماعۃ سے نظریاتی وابستگی کا اہتمام انتہائی اہم ہے۔

میری یہ خواہش رہی ہے کہ عقائد اہل السنۃ والجماعۃ کا ایک ایسا مجموعہ تیار ہو جو ہر طبقۂ فکر کے لئے یکساں مفید ہو، بالخصوص خانقاہ سے وابستہ حضرات کی اعتقادی رہنمائی عمدہ انداز میں ہو، وہ اعتقادی طور پر کسی بے احتیاطی کا شکار نہ ہوں۔

عزیزی مولوی خلیل احمد صاحب سلمہٗ نے اس عظیم کام کے لئے ہمارے مکرم مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب سلمہٗ، مہتمم جامعہ مفتاح العلوم، سرگودھا کو منتخب فرمایا۔ انہوں نے ماشاء اللہ اس کو بڑی ہی خوبی اور عمدگی سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ عقائد مسلمہ کو مدلّل

Marfat.com

وباحوالہ مرتب کیا ہے۔اس سے اہل علم بھی مستفید ہوں گے۔ میں ان ہر دو حضرات کو اس عظیم جدوجہد پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

اس مجموعہ کو ہر طبقۂ فکر تک عام کیا جائے۔دینی مدارس کے طلباء کو اہتمام سے اس کی تعلیم کرائی جائے۔سکول وکالجز اور دیگر شعبوں سے وابستہ مسلمانوں کو بھی اس سے بھر پور استفادہ کرنا چاہئے۔خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف سے وابستہ حضرات کو بالخصوص تاکیدی گزارش ہے کہ اپنے عقائد کی حفاظت اور درستگی کے لئے اس مجموعہ کو حرزِ جاں بنائیں۔غور و خوض سے مطالعہ فرمائیں۔اپنی اولاد کو بھی انہیں عقائد پر کار بند فرمائیں۔ان شاء اللہ یہ صراطِ مستقیم دنیوی واخروی فلاح کا ذریعہ ثابت ہوگا۔

آخر میں دعا گو ہوں کہ حق تعالیٰ عزیزی مولوی خلیل احمد صاحب سلمہٗ اور مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب سلمہٗ کی اس سعی عظیم کو قبول فرما کر دارین کی ترقیات کا ذریعہ بنائے۔گم گشتہ راہ ہدایت کے لئے ذریعہ رہنمائی اور فلاح بنائے۔

والسّلام

۱۵/ذی قعدہ ۱۴۲۷ھ

فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ

۸
۴۳۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

فانی سرحت النظر فی بعض المواضع من مقالة احكام السفر فوجدتها ممتعة مليئة بالعلم والفقه وجميع احكام السفر وآدابه. التی كتبها وحققها العزيز السيّد مولانا المفتی محمد طاهر مسعود سلمه رئيس جامعه مفتاح العلوم سرگودها وشيخ الحديث فيها. وانه قد اجتهد فی جمع الاحكام والمسائل من بطون الكتب فوجدت فی الاخ بارك اللّٰه فيه نزوعا الى المعرفة واكبابا على التحقيق وتصديا الى جمع المسائل واحاطة للبحث فی جميع زوايا الموضوع وان هذا البحث مقارن بالمذاهب الاربعة.

الفقير ابوالخليل خان محمد عفی عنه يدعو اللّٰه ان يتقبل جهده

Marfat.com

وجزاه خير الجزاء ويوفقه لمزيد من خدمات الدينية وبارک له في علمه عمله آمين.

والسّلام

فقیرخان محمد عفی عنہ

۲۳رجب ۱۴۲۸ھ

۹/۴۳۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

اسلامی عبادات میں سے حج نرالی و عاشقانہ شان کی عبادت ہے۔ اس کی ادائیگی محبت الٰہیہ کے پیدا ہونے اور ہر قسم کے گناہوں سے بچنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔ ہر عبادت اپنی شرائط، فرائض، واجبات، سنن اور مستحبات و آداب کی رعایت کے ساتھ ادا کی جائے تو عبادت کی صحیح بجا آوری ہوتی ہے، ورنہ الٹا وبال کا خطرہ ہے۔

ہمارے ہاں حج وعمرہ کے لیے جانے والے اکثر لوگ اس مقدس عبادت کے اہم اور ضروری مسائل سے بھی ناواقف ہوتے ہیں اور غلط سلط طریقے سے ارکانِ حج وعمرہ ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ اندریں حالات عرصہ سے ایک ایسی جامع کتاب کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ جس میں حج کے فضائل، مسائل، اقسامِ حج کی تفصیل، جنایات کے متعلقہ مسائل، زیارات وغیرہ کی تفصیل، عام فہم اور سادہ انداز میں بیان کی گئی ہو۔ اس سعادت کے حصول کا قرعہ صاحبزادہ مولانا خلیل احمد صاحب مدظلہم کی ترغیب وتشویق سے ہمارے عزیز القدر مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب مدظلہم کے نام نکلا، جنہوں نے ماشاءاللہ بڑی محنت وعرق ریزی سے ''احکام الحجاج'' کے نام سے شاندار کتاب تصنیف کی۔ اس میں حج واقسامِ حج، جنایات، زیارات، آداب، ادعیہ وغیرہ، متعلقہ تمام مباحث کو بڑی ترتیب وتنقیح سے تحریر کیا ہے۔ فَجَزَاہُ اللّٰہُ اَحۡسَنَ الۡجَزَآءِ.

ان شاءاللہ یہ کتاب حج وعمرہ کرنے والے احباب کے لیے صحیح معنوں میں زادِراہ ثابت ہوگی۔ فقیر کی خواہش ہے کہ اس کتاب کو ہر حج گروپ والے باقاعدہ تعلیماً مطالعہ کریں۔ حجازِ مقدس کے سفر میں ساتھ رکھیں۔ اسی کتاب کی روشنی میں حج وعمرہ کی ادائیگی اور سفر کریں۔

Marfat.com

حق تعالیٰ اس کتاب کو عزیز القدر مصنف زید مجدہٗ کے لیے صدقہ جاریہ اور حج و عمرہ کرنے والے احباب کے لیے زادِ راہ ثابت فرمائیں۔

فقیر عنداللہ وعندالناس قبولیت کے لیے دعا گو ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۷/رجب المرجب ۱۴۲۹ھ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ. اَمَّابَعۡدُ:

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا سفر مسلمان کے لیے انتہائی سعادت کا باعث ہے۔ عام طور پر یہ سفر حج یا عمرہ کی ادائیگی کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس مبارک سفر کے جیسے فضائل بہت اہم ہیں ویسے ہی اس کے مسائل و آداب کا لحاظ رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔

ہمارے عزیز القدر مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب زید مجدہم نے اس سے قبل عزیزم صاحبزادہ خلیل احمد صاحب سلمہٗ کی ترغیب و تشویق سے ''احکام الحجاج'' کے نام سے حج کے موضوع پر ایک اہم، وقیع اور مفصل کتاب تحریر کی ہے جو عوام و خواص میں یکساں قبولیت حاصل کر چکی ہے۔ اب ''احکامِ عمرہ'' کے نام سے عمرہ کے فضائل و مسائل اور احکام پر قابلِ قدر اور قابلِ مطالعہ کتاب تصنیف کی ہے۔ عمرہ پر جانے والے حضرات کے لیے اس کا مطالعہ اِن شاء اللہ قدم قدم پر صحیح اور درست رہنمائی کرے گا، اور مبارک سفر کی قبولیت و سعادتِ دارین کا ذریعہ بنے گا۔

مقدس ساعات و مقامات کے آداب بھی غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔ وہاں تھوڑی سی غفلت و بے فکری کسی بڑی محرومی کا ذریعہ بن سکتی ہے اس لیے بھی اس کتاب کی اہمیت میں دوچند اضافہ ہو گیا ہے۔

فقیر اِس عظیم صدقہ جاریہ پر عزیزم مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب زید مجدہم کو دِل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہے۔ اس کتاب کی عنداللہ وعندالناس قبولیت

Marfat.com

کے لیے دعا گو ہے۔ خدا کرے یہ کتاب حجازِ مقدس کے مسافروں کے لیے رہنمائی اور مفتی صاحب کے صدقاتِ جاریہ میں سے صدقہ جاریہ ثابت ہو۔ آمین۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۳ رصفر المظفر ۱۴۳۰ھ خانقاہ سراجیہ

۱۱/۴۳۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

اسلامی عبادات میں سے حج ایک اہم عبادت اور اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔ ہر اسلامی عبادت کا مغز دعا اور ذکر الٰہی ہے، جیسا کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا فرمان ہے: ''الدعاء مخ العبادة'' کہ دعا عبادت کا مغز و خلاصہ ہے۔

حج و عمرہ کے مقدس سفر میں اور مناسک حج و عمرہ کی ادائیگی میں قدم بقدم مسنون دعائیں منقول ہیں، جنہیں اس راہ کا مسافر زادِ راہ سمجھ کر پڑھتا ہے، بالخصوص مکہ مکرمہ میں داخلہ، احرام، طواف، سعی، عرفات، منیٰ میں قیام کی دعائیں اور مدینہ منورہ کی ادعیہ اور روضہ اقدس پر صلوٰۃ وسلام کے کلمات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔

بندہ کی عرصہ سے خواہش تھی کہ حج اور سفرِ حج کی مسنون دعاؤں کا ایک مجموعہ تیار کرایا جائے، جسے حج پر جانے والا ہر وقت پاس رکھ سکے اور بروقت و برمحل مسنون دعائیں پڑھنے کے انوارات و برکات سے مستفید ہو سکے۔ اس کام کا قرعہ بھی عزیزی مولانا خلیل احمد صاحب مدظلہم کی ترغیب وتشویق سے ہمارے عزیز القدر مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب مدظلہم کے نام نکلا۔ حج اور عمرہ کے موضوع پر مفتی صاحب اس سے پہلے ''احکام الحجاج'' اور ''احکام عمرہ'' دو کتابیں تحریر کر چکے ہیں، جنہیں حق تعالیٰ نے قبولیتِ عامہ اور خاصہ سے نوازا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حج و عمرہ کی ان دونوں کتابوں کی طرح ''حج اور سفرِ حج کی مسنون دعاؤں'' کے اس مستند مجموعہ کو بھی اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں۔ حج پر جانے والے حضرات اس مجموعہ کو اِس مقدس سفرِ عبادت میں حرزِ جاں بنائیں۔ خوب توجہ اور دھیان سے دعائیں مانگیں۔ قبولیت یقین اور حق تعالیٰ پر کامل اعتماد و بھروسہ سے حق تعالیٰ کی بارگاہ

Marfat.com

میں دعا مانگیں۔

فقیر کی دعا ہے کہ حق جل مجدہٗ حضرت مفتی صاحب کی اس کاوش کو قبولیتِ عامہ اور تامہ سے نوازیں۔ یہ مجموعہ ان کے صدقاتِ جاریہ میں اضافہ کا باعث بنے۔ فقیر اپنے تمام متعلقین و محبین کے لیے دعا گو ہے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو دارین کی ترقیات عطا فرمائیں۔ آمین۔

والسّلام

۱۲رمضان المبارک ۱۴۳۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۲/۲۳۹ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم مولوی طاہر مسعود صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ حالات خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین فی الدارین خیرِ کثیر سے نوازے۔ اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر، حسنِ عبادت کی بیش بیش توفیق مرحمت فرمائے۔ آپ کو ''مشکوٰۃ مصابیح'' تدریس کرنے کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ خیر و برکت نصیب فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو حج بیت اللہ شریف نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور اولادِ نرینہ صالح، سعادت مند، عمر دراز عطا فرمائے۔ آگے ذکر کا سبق خدمت میں حاضری اور ملاقات پر موقوف ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بنام: محمد ظہور صاحب، مانسہرہ

۱/۲۴۰ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے دعوات خیر مطالعہ کریں۔ آپ کا خط موصول ہو کر باعث دعا و توجہ غائبانہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ ملازمت مطلوبہ میں کامیاب فرمائے اور موجودہ کا شکر ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔ خواب نیک ہے۔ دشمن یعنی شیطان رجیم کے داؤ پیچ سے اللہ تعالیٰ نے بطفیل پیران کبار رہائی عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے۔ خدا کا شکر بجا

Marfat.com

لائیں اور معمولات طریقہ میں اور زیادہ سعی بجا لانے کی کوشش کرتے رہیں۔ دنیوی پریشانیاں آتی جاتی رہتی ہیں، ان کا کچھ خیال نہ کریں۔ قلبی اطمینان ذکر الٰہی سے حاصل ہوتا ہے، اس کی بیش از بیش سعی کرتے رہیں۔ فوج میں ملازمت مل جائے تو اچھا ہے۔ کوشش کریں، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

والسّلام

۱۸ ربیع الاوّل ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ شریف

۲
۷۴۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد ظہور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور آپ کی جملہ مشکلات آسان فرماوے۔ اور اِس تنگی کو وسعت و فراخی کے ساتھ تبدیل فرماوے۔ اور مستقل روزگار کا اَزغیب کوئی سبب پیدا فرما کر اِطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

مولانا غلام غوث صاحب کے نام خط ارسال ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ آپ کا کام ہو جاوے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

یکم جمادی الثانیہ ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳
۷۴۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد ظہور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ بچی کی پیدائش مولا پاک باعثِ خیر وبرکت فرماوے۔ اور آپ کے سب بچوں کو نیک وصالح اور اقبال مند بناوے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ملازمت کے سلسلہ میں آسانی پیدا فرما کر کامیاب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

بچی کا نام زینب رکھ لیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر نے آپ کے پہلے خط کا جواب دے دیا تھا۔ معلوم نہیں کیوں نہیں پہنچا؟ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۹ر جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. $\frac{۴}{۷۴۳}$

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد ظہور صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور مستقل روزگار کا اَز غیب کوئی سبب پیدا فرماوے۔ اور اِس تنگی کو وسعت و فراخی کے ساتھ تبدیل فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

تعویذ اَرسال ہے۔ اپنے پاس رکھیں۔ اللہ تعالیٰ مفید کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۰ر صفر ۱۳۹۴ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. $\frac{۵}{۷۴۴}$

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب محمد ظہور صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ کے اس کام میں برکتیں عطا فرماوے۔ اور دیانتداری سے کام میں کامیابی نصیب فرماوے۔ اور سب بچوں کو نیک وصالح اور سعادتمند بناوے۔ اور والدین کا فرمانبردار بناوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

دو تعویذ اَرسال ہیں۔ + نشانی والا تو مشین والے کمرہ میں دروازہ کے اندر اوپر چھپا کر رکھیں۔ اور دوسرا تعویذ چمڑے میں بند کروا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ مولا پاک مفید کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۱۳/شعبان ۱۳۹۴ھ از خانقاہ سراجیہ

۶/۴۲۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد صاحب مدظلہم العالی کی طرف سے خادم خانقاہ سراجیہ بخدمت ابوالمنصور محمد ظہور صاحب عرض گزار ہے کہ جناب قبلہ حضرت صاحب مدظلہم العالی ۲۷/دسمبر کی شام حج مبارک کے سفر پر تشریف لے گئے ہیں۔ انشاء اللہ دسمبر کے آخر تک واپس تشریف لائیں گے۔ آپ کا خط محفوظ رکھ دیا گیا ہے۔ انشاء اللہ واپسی پر پیشِ خدمت کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ ویزے کے سلسلہ میں کامیابی نصیب فرماویں اور سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھیں۔ اور زیادہ سے زیادہ اپنی یاد کی توفیق بخشیں۔ ظاہری اور باطنی اطمینان نصیب فرماویں۔ اور جملہ پریشانیوں سے نجات عطا فرماویں۔ اور دونوں جہانوں میں کامیاب فرماویں۔ آمین ثم آمین۔

بفضل تعالیٰ خانقاہ شریف پر ہر طرح خیریت ہے۔ سب احباب کو سلام مسنونہ فرما دیں۔ بچوں کو دعوات نصیب ہوں۔ سب احباب خانقاہ کی طرف سے سلام مسنون قبول ہو۔

والسّلام

۲۹/ذی قعدہ ۱۳۹۵ھ از خانقاہ سراجیہ، کندیاں

۷/۴۲۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب محمد ظہور صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔

Marfat.com

حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر گذشتہ ماہ اکثر سفر میں رہا۔ ڈاک بہت اکٹھی ہوگئی اس لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ویزے وغیرہ کے سلسلہ میں بھی کامیابی عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

بچی کا نام فاطمہ رکھ دیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۳؍ربیع الثانی ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۸ / ۴۴۷

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم محمد ظہور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت کے ساتھ ہے۔ اور اب بالکل طبیعت ٹھیک ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

انتخابات میں ساری مصلحتوں کو نظر انداز کر کے ووٹ ہل کو دیں اور اِس کے لیے جتنا کام بھی ہو سکے کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمت واستقامت عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۳؍صفر ۱۳۹۷ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۹ / ۴۴۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد ظہور صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا

Marfat.com

مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے۔ مولا کریم آپ کی بچی کو شفاء کاملہ نصیب فرمائے۔ آپ مزید ٹیکے اُن کو لگوادیں اور کورس پورا کریں۔

فقیر دعاگو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت و سعادت و سلامتی دارین سے نوازے اور مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

۶/رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ فقط والسّلام مع الاکرام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

10 / 749

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم محمد ظہور صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ خواب دیکھنے والی بچی بڑی خوش قسمت ہے۔ یہ آقائے کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ختم نبوت کی خدمت کے ثمرات ہیں۔ اللہ تعالیٰ مزید برآں اس کے برکات سے مشرف فرماوے۔ اور اِس کام کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

...ذکر جس قدر ہو سکے اُس کو کم نہ سمجھیں اور اِس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس کام کے لیے چن لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید برآں اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸/محرم ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

11 / 750

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد ظہور صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ فقیر دعاگو ہے۔ اللہ کریم ورحیم آپ کو ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت و سعادت وسلامتی دارین سے بہرہ ور فرمائے۔ اور اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق

Marfat.com

رفیق فرما کر اپنے مقاصد خیر میں فوز و فلاح نصیب فرمائے۔ آمین آمین آمین۔

تصحیح عقائد کے ساتھ اس دار العمل میں عمل مع الاخلاص کی ضرورت ہے، اسی کے لیے کوشاں رہنا چاہیے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نصیب فرمائے:

ع کار ایں است و غیر ایں ہمہ ہیچ

تحریر ۱۲ ار محرم الحرام فقط والسّلام مع الکرام

۱۲ / ۷۵۱ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد ظہور صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ خیریت آنجائی مطالعہ کر کے اور ذکر و شغل کا معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا کریم جل شانہٗ مزید مزید ترقی واستقامت و خیر و برکت، صحت وسعادت وسلامتی نصیب فرمائے۔ اور اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت سے سرفراز فرماتے ہوئے جملہ مقاصد خیر اور مہمات میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

والسّلام

**بنام: صاحبزادہ محمد عارف صاحب، خانقاہ سراجیہ**

۱ / ۷۵۲ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم صاحبزادہ محمد عارف صاحب مطالعہ فرماویں کہ ہم سب بخیر و عافیت یہاں پہنچ آئے ہیں۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

کل مہر محمد صاحب کا خط ملا، جس سے معلوم ہوا کہ بجلی کے بل آ گئے ہیں۔ لہٰذا اس کے متعلق گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر وہ بل ادا کر دیں۔ اور روپے کی تفصیل فقیر کو بھیج

Marfat.com

دیں۔ ممکن ہوسکا تو یہاں سے روپے بھیج دیے جاویں گے۔ ورنہ خانقاہ پاک پہنچنے کے بعد ادا کر دیے جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ امید ہے کہ آپ اس سلسلہ میں تساہل سے کام نہیں لیں گے۔ علاوہ ازیں اور بھی ہر طرح کا خیال رکھیں گے۔ یہاں سب کی طرف سے آپ سب کو بہت بہت سلام۔ حامد اور میمونہ کو پیار و دیدہ بوسی۔

والسّلام

از مانسہرہ

۲۵ ربیع الثانی ۱۳۸۹ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲/۷۵۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم صاحبزادہ محمد عارف صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے اطلاع دے کر احسان فرمایا۔ جَزَاکَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا خَیۡرَ الۡجَزَآءِ. ہم سب بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہم سب آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

یہاں بارشوں کا سلسلہ ابھی تک نہیں ہوا۔ معمولی بوندا باندی دو تین دفعہ ہوئی ہے، جس سے کوئی خاص فرق نہیں پڑا۔ یہاں والوں کے نزدیک، یہاں گرمی اِس سال زیادہ ہے۔ ہمارے نزدیک تو اوران بہشت است والا معاملہ ہے۔

ہم سب کی طرف سے سب کو فرداً فرداً درجہ بدرجہ سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

از مانسہرہ

۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۸۹ھ

بنام: حضرت مولانا محمد عبداللہ خالدؒ، مانسہرہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱/۷۵۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و مولانا خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف حالات ہوا۔ عزیز کی ولادت کا پڑھ کر از حد مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل

Marfat.com

سے عزیز کو نیک وصالح اور باعمل بناوے۔ اور لمبی عمر عطا فرما کر اپنے دینِ اسلام کی خدمت کے لیے قبول فرماوے۔ اور والدین کی حقیقی مسرتوں کی آماجگاہ بناوے۔ اور آپ کو اُن کی حقیقی خوشیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔

نام و عرف دونوں مبارک ہیں۔ نہایت موزوں ہیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے رحمت اللہ صاحب و دیگر احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۹؍ربیع الثانی ۱۳۸۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۲
۷۵۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ قاری غلام رسول صاحب کے خطوط آتے رہتے ہیں۔ ان کے لڑکے کی تکلیف کا پڑھ کر ازحد افسوس ہوا۔ مفتی صاحب کے صاحبزادے صاحب کی اہلیہ کی علالت کا بھی صدمہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کی جملہ مشکلات کو آسان فرماوے۔ اور جمیع مصائب کو دور فرماوے۔ اور سب بیماروں کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ مرحمت فرماوے۔ اور مخالفوں ...کے شر سے بچا کر آپ کو اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی کرامت فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۵؍ربیع الثانی ۱۳۸۶ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳
۷۵۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی بہرنوع عافیت ہے۔

Marfat.com

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت و آبرو سے رکھے۔ اور اپنے دین کی خدمت و اشاعت کی توفیق مزید برآں کرامت فرماوے۔ اور جمعیت ظاہری و باطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کا ارادہ جمعہ ۲۱ر جمادی الثانیہ کی شام کو روانہ ہو کر ہفتہ ۲۲ر جمادی الثانیہ کی صبح کو راولپنڈی پہنچنے کا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اطلاعاً عرض ہے۔ اگر محمد اشرف خان صاحب کو بہ سہولت فرصت مل سکے تو راولپنڈی آجائے۔ اس سفر میں فقیر کو ہفتہ لگ جاوے گا۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۵ر جمادی الثانیہ ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۴/۴۵۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ بچی کے انتقال کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور معصومہ کے والدین کے لیے اجر و ذخر اور فرط بناوے۔ اور اس کا نعم البدل عطا فرماوے۔ گھر والی کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ نصیب فرماوے۔ اور مخالفوں کے شر سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنے دینی مشاغل میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷ر صفر ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۵/۴۵۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے

Marfat.com

آ گاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور آپ سب کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور دیگر جملہ مشکلات کو آسان فرماوے۔اور عافیت اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مصروف رکھے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

کل ۸ رمحرم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عزیز رشید احمد کو ایک اور بھائی عطا فرمایا ہے۔اس کی صلاح وفلاح کے لیے احباب سے دعا کی درخواست ہے۔فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات اور احباب کو سلام مسنون۔

والسلام

۹ رمحرم ۱۳۸۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

۶/۷۵۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آ گاہی ہوئی۔اپنے احباب میں سے آپ کا نام آیا ہے۔دوسرے بھی کوشش کر رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔آمین۔

بہر حال لاہور والے احباب سے رابطہ رکھیں۔کیونکہ بعض اوقات دفتر والے اطلاعی خط دیر سے بھیجتے ہیں۔اور بروقت اطلاع نہیں ہوتی تو بروقت پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔اور بنا بنایا کام بگڑ جاتا ہے۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور جملہ مکروہاتِ زمانہ سے بچا کر اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔فقیر نے محمد اشرف خان صاحب کو کہا تھا کہ دو کاغانی کمبل پچاس پچاس روپے قیمت تک کے خرید کرنے ہیں۔کیونکہ وہ ہندوستان لے جانے ہیں۔وہاں گزشتہ سال کسی نے کہے تھے۔اگر انہوں نے نہ لیے ہوں تو آپ اچھے تلاش کر کے اس

Marfat.com

قیمت تک کے لاہور ہمراہ لیتے آویں۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۲رصفر ۱۳۸۹ھ از خانقاہ سراجیہ

۷ / ۷۶۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی و مخلصی مولوی محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ عن الآفات والشرور و رغم اعدائہ وقہرہم، مطالعہ کریں کہ گرامی نامہ سے احوال معلوم ہوئے۔ اب قدرے فقیر کو تکلیف سے افاقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان غلیظ عناصر کو خاک و خاسر فرماوے اور دینِ حق اور عقیدہ حق رکھنے والوں کی نصرت و تائید من عندہ فرما کر دنیوی و اخروی کمالات و ترقیات سے نوازے۔ مطمئن رہیں، ان شاء اللہ حق سے ٹکرانے والی ہر قوت پاش پاش ہو جائے گی۔ اگر چہ ہوسکتا ہے کہ عارضی طور پر اہلِ حق کچھ تکلیفیں بھی اٹھائیں کہ یہ تکلیفیں وہی ہیں جن کے متعلق حدیث شریف میں ہے: حُفَّتِ الۡجَنَّةُ بِالۡمَكَارِهِ.[1] اور یہ راحتیں اور آسائشیں اور عارضی کامیابیاں جو اہلِ باطل بعض اوقات حاصل کر لیتے ہیں وہ ان خواہشات نفس میں شامل ہیں جن کے متعلق ارشاد ہے کہ: حُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ عَصَمَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمۡ مِنۡهَا.[2]

والسّلام

۴رشوال المکرّم ۱۳۸۹ھ از خانقاہ شریف

۸ / ۷۶۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ اور حافظ نور حسین صاحب کا خط بھی موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ صوفی شیر محمد صاحب کے ذہن سے بھی وہ بات نکل گئی ہوگی۔ اور نہ حافظ صاحب کو اِس طرف کا خیال رکھنا

---

۱۔ گھیری گئی جنت تکلیفوں کے ساتھ۔

۲۔ گھیری گئی دوزخ شہوتوں کے ساتھ، اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو محفوظ رکھے۔

Marfat.com

چاہیے۔ حافظ صاحب تھوڑا سا صبر کریں۔ فقیر کے ذہن میں ایک رشتہ ہے۔ وہ حافظ صاحب کے لیے موزوں رہے گا۔ پہلے حافظ صاحب کو مستقل گزر اوقات کی صورت بنانی چاہیے تاکہ رشتہ میں آسانی ہو۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۵/شعبان ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۹/۷۶۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کو بہت افسوس ہے کہ یہ بدمزگی کیوں پیدا ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے اور مصالحت کی بہتر صورت پیدا فرماوے۔ اور آپس میں پیار و محبت اور اتفاق سے رکھے۔ اور جانبین کو اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ وجہ اختلاف جب تک رفع نہ ہو، یہ صورتِ حال پیدا ہوتی رہے گی۔ اس کا کوئی حل تلاش کریں۔ اگر صرف رہائش کا مطالبہ ہے تو یہ بیوی کا شرعی حق ہے، جو پورا ہونا چاہیے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

نور حسین شاہ صاحب کو وہم ہے۔ بدمزگی تو تب ہو کہ اکٹھے رہیں۔ وہ تو اپنا ٹھکانہ جہاں کہیں بناوے گا وہاں رہے گا۔ کبھی کبھی ملنا ملانا ہوگا۔ بچی کو اپنی طرز پر ڈھال سکتا ہے۔ میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی مثل مشہور ہے۔ بہر حال یہ اُس کی مرضی کی بات ہے، کوئی جبر نہیں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۹/رمضان ۱۳۹۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰/۷۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

ایک دوائی کے لیے برگ عناب کی ضرورت ہے۔ کم و بیش ۸، ۹ سیر درکار ہیں۔ کوئی ساتھی آنے والا ہو تو فراہم کر کے ارسال فرماویں۔ عنایت ہوگی۔

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔

برگِ عناب سبز ۸، ۹ سیر ہوں۔ اگر خشک ہو جائیں تو پھر سیر بھر کی ضرورت ہے۔

والسّلام

۱۸ محرم ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۱/۷۶۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ کی ساری پریشانیاں دور فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنے مشاغل حسنہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۷ شعبان ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱۲/۷۶۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ بچے کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ و شفائے

Marfat.com

عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور پاکستان کی نصرت فرماوے۔ اور جمیع کفار کے منصوبوں اور عزائم کو ناکام بنادے۔ اور پاکستان کو فتح مبین عطا فرماوے۔ اور ہمہ قسم کی کامیابیوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے احباب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۷ر شوال ۱۳۹۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۴
۷۶۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اپنے مقاصدِ خیر میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔ اور بچوں کو آپ کی تمنا کے مطابق حافظ قاری عالم باعمل بناوے۔ اور آپ سب کو ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۲۳ر مئی کو ہفتہ عشرہ کے لیے باہر جا رہا ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۶ر ربیع الثانی ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۴
۷۶۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیوں کو دُور فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. یہاں آج منگل کو پہلا روزہ ہے۔محمد اشرف خان صاحب بعافیت پہنچ آئے ہیں۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

یکم رمضان المبارک ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۵
۴۶۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۷ر دسمبر بروز جمعرات براستہ خشکی سفرِ حج پر جانے کے لیے خانقاہ پاک سے روانہ ہوگا۔اور ظہر تک راولپنڈی پہنچے گا۔محمد اشرف خان صاحب کو پیغام بھجوائیں کہ وہ خانقاہ پاک پہنچ آئے۔نہایت ضروری ہے۔فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۴ رشوال ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۶
۴۶۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا خالد صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر نے خانقاہ پاک سے راولپنڈی پہنچنے کی اطلاع بذریعہ خط کی تھی۔وہ شاید آپ کو خط نہیں ملا۔یہاں بڑی انتظار رہی۔محمد اشرف خان صاحب کے متعلق لکھا تھا کہ وہ ۷ر دسمبر تک خانقاہ پاک پہنچ آئیں۔لیکن وہ بھی نہیں پہنچے۔فقیر سفرِ حج کے ارادہ سے ۷ر دسمبر کی شام کو پنڈی پہنچا ہے۔اور ابھی تک پنڈی میں ہے۔کل ۱۱ر دسمبر سوموار کو ویزوں کی تکمیل کی کوشش ہوگی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔اگر ویزے مکمل ہو گئے تو اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۱ر دسمبر کی شام تک پشاور روانگی ہو سکے گی، ورنہ تو پنڈی رہنا پڑے گا۔محمد اشرف خان صاحب کو فوری پیغام بھیج کر فرمائیں کہ وہ ہمیں

Marfat.com

پنڈی ملے یا پشاور ملے۔ اور اِس میں سستی اور کاہلی بالکل نہ کرے۔ اگر کل ویزے مکمل ہو گئے تو ہم انشاءاللہ تعالیٰ ۱۲/دسمبر منگل کو دوپہر تک باڈر پاس کر جاویں گے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۴/ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ/ ۱۰/دسمبر ۱۹۷۲ء

از راولپنڈی، مدرسہ فرقانیہ

۱۷
۷۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولوی محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ ابھی محمد اشرف خان صاحب پہنچے ہیں۔ ان سے والدہ ماجدہ مرحومہ مغفورہ کے انتقال کی خبر معلوم کر کے از حد صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرماوے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرماوے۔ اور آپ سب پس ماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق رفیق گردانے۔ اور اِس مصیبت کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

والدہ مرحومہ کی شفقت اور دعاؤں سے محروم ہونا یقیناً بہت بڑا صدمہ ہے۔ لیکن سوائے صبر کے اور چارۂ کار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صبر و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر ٹیلیفون کی انتظار میں ہے۔ پنڈی سے جو اِطلاع ملے گی اُسی کے مطابق کیا جاوے گا۔ کل آپ کو ایک تار بھی دی تھی۔ وہ مل گئی ہوگی۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۶/ذی قعدہ ۱۳۹۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۸
۷۷۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. احقر محمد اشرف عفی عنہ سرحدی کی طرف سے مکرمی و معظمی جناب خطیب صاحب ملاحظہ فرماویں۔ احقر کراچی

Marfat.com

سے بمعہ سب بچوں کے بخیریت ۲۷؍جنوری کی شام خانقاہ شریف آ گیا ہے۔آج ہی قبلہ حضرت صاحب مدظلہم العالی کا درج ذیل گرامی نامہ ملا کہ فقیر مناسکِ حج سے بصحت و عافیت فارغ ہوکر ۲۰؍جنوری کو مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ حاضر ہو گیا ہے۔اور یہاں ۴؍فروری تک قیام ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔یہاں سے ۴؍فروری کو روانہ ہوکر ۶؍فروری کو کویت پہنچنا ہو گا۔اور کویت سے ۹؍فروری کو ہوائی جہاز پر سوار ہوکر ۹؍فروری کو ہی کراچی پہنچ جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔کراچی سے پھر بذریعہ تار اِطلاع دی جاوے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔آپ لوگوں کی طرف سے ابھی تک کوئی ایک خط بھی نہیں ملا۔اللہ تعالیٰ خیر کرے۔آمین۔

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو فرداً فرداً سلام مسنون و دعوات اور سب بچوں کو دعوات و پیار۔خیال ہے کہ کراچی سے ۱۰؍فروری کو خیبر میل پر سوار ہوں۔ والسّلام

بروز منگل ۲۳؍جنوری ۱۹۷۳ء/۲۴؍ذی الحجہ ۱۳۹۲ھ از مدینہ منورہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۹/۷۷۲

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق کرامت فرماوے۔اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

محمد زاہد صاحب کے گھر بچہ آپریشن کے ساتھ ہوا تھا۔اس کے بعد آپریشن میں کوئی خرابی ہوگئی،جس کی وجہ سے دوبارہ پھر پیٹ کا آپریشن ہوا اور بہت سی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔اب قدرے افاقہ ہے۔ابھی تک ملتان ہیں۔اللہ تعالیٰ صحت و عافیت کے ساتھ واپس لاوے۔آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۹ر رجب ۱۳۹۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۰ / ۲۷۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور کُوۡنُوۡا مَعَ الصَّادِقِیۡنَ پر عمل کرنے کی رہنمائی فرماوے۔ اور اُس پر اِستقامت کرامت فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

محمد اشرف خان صاحب کو فرماویں کہ اگر وہ مناسب سمجھیں تو آتے ہوئے قاضی صاحب کو درویش مل کر آئیں۔ ان کے پاس کچھ کھانڈ رکھی ہے۔ وہ لیتے آویں۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۲۵ر شعبان ۱۳۹۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۱ / ۲۷۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ پڑھ کر اَفسوس ہوا۔ قاری غلام رسول صاحب کی بیوی کے انتقال کا پڑھ کر اَفسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرماوے اور جنت نصیب فرماوے۔ اور جملہ پس ماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق کرامت فرماوے۔ اور آپ کے گھر والوں کو بھی صحت و عافیت نصیب فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و

Marfat.com

سکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۱؍رمضان ۱۳۹۳ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۲۲/۴۷۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور اپنی یاد کی زیادہ سے زیادہ توفیق مرحمت فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مشغول رکھے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۲۰؍ربیع الاوّل ۱۳۹۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۲۳/۴۷۶ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔اور سب گھر والوں کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔اور آپ سب کو اعمالِ صالحہ کا پابند بناوے۔اور اپنی رضامندی وخوشنودی کی فکر عطا فرماوے۔اور اپنی یاد، ذکر، شکر اور حسنِ عبادت میں مصروف رکھے۔اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے عبدالقیوم صاحب کو سلام مسنون کے بعد شادی خانہ آبادی کی مبارکباد۔ اللہ تعالیٰ باعثِ خیر و برکت کرے اور معین و مددگار بناوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۸؍ جمادی الثانیہ ۱۳۹۴ھ

از خانقاہ سراجیہ

۲۴ / ۲۲۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور عزیز فاروق کے رشتہ کے معاملہ میں کامیاب فرماوے۔ اور جملہ رکاوٹوں کو دُور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۵ھ

از خانقاہ سراجیہ

۲۵ / ۲۲۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ عزیز کے پاؤں جلنے کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ مولا پاک اپنا فضل فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو صلاح و فلاح سے سرفراز فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ

Marfat.com

لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ فقیر ۱۴ر فروری کے بعد ہفتہ عشرہ کے لیے ملتان بہاولپور کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ والسّلام

۲ر صفر ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۶ / ۴۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد اور مشاغلِ دینیہ میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے جناب حافظ محمد سعد اللہ خان صاحب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۴ر رجب ۱۳۹۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۷ / ۴۸۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبد اللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بہت جلد واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا تھا اور اب خانقاہ پاک میں ہے۔ خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنی رضامندی اور خوشنودی سے مشرف فرماوے۔ اور سب بچوں کو صلاح و

Marfat.com

فلاح سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

بابو محمد یعقوب مرحوم کے انتقال کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ مغفرت فرماوے۔ اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرماوے۔ اور پس ماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۸ربیع الاوّل ۱۳۹۸ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲۸ / ۴۸۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ رحمت اللہ مرحوم کے انتقال کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرماوے۔ اور بے پایاں رحمت سے سرفراز فرماوے۔ اور اُن کے پس ماندگان کو اِس صدمے کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مشغول رکھے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر آج لاہور جانے کی تیاری میں مصروف ہے۔ ۲۶رجنوری کو لاہور سے سرہند شریف روانگی ہے۔ ۳۱ر جنوری کو واپسی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۴رصفر ۱۳۹۹ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲۹ / ۴۸۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر انشاءاللہ تعالیٰ جمعرات ۹رشعبان کو ہری پور پہنچے گا۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور

Marfat.com

سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ مقاصد میں کامیابیاں نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

منی آرڈر مل جاوے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۴ رشعبان ۱۳۹۹ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۰
۴۸۳

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عزیز کے متعلق معلوم کر کے افسوس وفکر ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ دینیہ میں مشغول رکھے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

تعویذ ارسال ہیں۔ ایک اُس کے گلے میں ڈال دیں، باقی پینے کے لیے ہیں۔ ایک روزانہ پانی میں حل کر کے اُس کو پلا دیا کریں۔ اس کے ساتھ وظیفۂ سعدیہ میں جو تینتیس آیات ہیں، وہ اپنے سامنے بٹھا کر اُس پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہو گا۔ پڑھتے وقت تھوڑا سا پانی بھی پاس رکھ لیا کریں۔ اُس پر بھی دم کر کے وہ پلا دیا کریں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۷ رشوال ۱۳۹۹ھ
از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۱
۴۸۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ متعلقین کو صلاح وفلاح سے مزیّن

Marfat.com

فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۴ ربیع الاوّل کی شام کو ملتان روانہ ہونے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ایک ہفتہ اِس سفر میں لگ جاوے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۷ ربیع الاوّل ۱۴۰۰ھ　　　　　　　　　　ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔

۳۲/۷۸۵ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور عزیز کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات سے محفوظ رکھے۔ اور آپ کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر ۷ مارچ کو گوجرانوالہ پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس سفر میں دو چار روز لگ جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کا ارادہ دیوبند جانے کا بھی ہے۔ ۲۱، ۲۲، ۲۳ مارچ کو وہاں صد سالہ جشن کا اجتماع ہے۔ سعی جاری ہے۔ اگر سب مراحل طے ہو گئے تو نصف مارچ کے بعد اِس سفر کا بھی ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۴ ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ　　　　　　　　　　ازخانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۴۳
۴۸۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال ظاہری و باطنی عفو وعافیت، خیر و برکت، صحت وسعادت وسلامتی دارین سے نوازے اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرما کر ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

فقیر بحمد اللہ تعالیٰ آج ۱۶؍ جمادی الاولیٰ کو خانقاہ شریف پر پہنچ چکا ہے۔ آپ تشریف لا سکتے ہیں۔

در فیض محمدؐ کا ہے آئے جس کا جی چاہے
درِّ مقصد سے دامن بھر لے جائے آئے جس کا جی چاہے

فقیر ۱۱؍ اپریل تک یہاں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

تحریر ۱۶؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۰ھ فقط والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۴۴
۴۸۷

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر پندرہ بیس روز خانقاہ پاک ہی رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۷؍ جمادی الثانیہ ۱۴۰۰ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳۵/۴۸۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر ۲۰ رمئی کی شام کو روانہ ہو کر ۲۱ رمئی کی صبح کو ملتان پہنچے گا اور پھر ملتان سے اُسی روز دوپہر کے وقت ۱۲ بجے ہوائی جہاز پر سوار ہو کر کراچی روانہ ہوگا۔ اور پھر کراچی سے اُسی روز جدہ روانہ ہو جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس سفر میں ۳ ہفتے لگ جاویں گے۔ رجب کے آخیر میں واپسی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ واپسی کے بعد کوشش تو یہی ہوگی کہ مجوزہ پروگرام کی تکمیل ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ توفیق نصیب فرماوے۔ آمین۔

خان صاحب اپنے لڑکوں کو لکھیں کہ وہ مندرجہ پتہ پر پتہ کریں۔ ملاقات ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جناب محمد زبیر صاحب صدیقی، منیجر الجزیرہ بنک، مکہ مکرمہ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسلام

۳ رجب ۱۴۰۰ھ
از خانقاہ سراجیہ

۳۶/۴۸۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کراچی جانے کی تیاری میں ہوں گے۔ واپسی پر خانقاہ پاک شاید حاضر ہو سکے یا نہ۔ بہرحال سفر کا پروگرام کچھ اس طرح ہے کہ ۱۸، ۱۹ رجون کو ہری پور فیکٹری میں جلسہ ہے۔ فقیر ۱۹ رجون کو جمعہ کے بعد ہری پور سے راولپنڈی آجاوے گا۔ ۱۹، ۲۰ رجون کو راولپنڈی قاری محمد امین صاحب کا جلسہ ہے۔ ۲۱ رجون کی صبح کو راولپنڈی سے مانسہرہ کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اطلاعاً تحریر ہے۔ فقیر

Marfat.com

بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۳ر شعبان ۱۴۰۱ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۳۷ / ۷۹۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور گھر والی کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ قاری صاحب کو بھی شفاء کامل عطا فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ عزیز بھی راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲۹ر شوال کو لاہور جانے کا ارادہ کر رہا ہے۔ اور ۳۰ر شوال کو ہندوستان جانے کا ارادہ ہے۔ اس سفر پر ہفتہ عشرہ لگ جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۷ر شوال ۱۴۰۱ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۳۸ / ۷۹۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے اور اُن کی تکلیف کو دُور فرماوے۔ اور صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور آپ سب کو اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

۳۳ آیات کی کاپی ارسال ہے۔ اس سے بڑھ کر دفع سحر کے لیے اور کوئی چیز نہیں

Marfat.com

ہے۔آپ پڑھ کر دم کریں۔ پانی پر دم کر کے پلائیں۔اُس پانی کا ترکاؤ مکان اور باورچی خانے میں کریں۔صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد دِن میں دو دفعہ دم کرنا ضروری ہے۔ وہ خود بھی پڑھیں۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آمین۔عزیز کو فوراً بھیج دیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۲/شوال ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۹
۹۲ کے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور ہر قسم کے شر و فتنہ اور فساد سے محفوظ رکھے۔اور مسجد و مدرسہ کو حاسدین کے حسد سے محفوظ فرما کر ترقی عطا فرماوے۔اور آپ کو جمعیت و سکون کے ساتھ کام کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۵/ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۰
۹۳ کے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔خیریت مطالعہ کر کے مسرّت ہوئی۔خانقاہ شریف پر بحمد للہ تعالیٰ عافیت ہی عافیت ہے۔آپ صرف اور صرف تاریخ جلسہ یکم جون مقرر کر سکتے ہیں، نہ آگے نہ پیچھے۔صرف یہی تاریخ قابلِ گنجائش ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔اگر

Marfat.com

قبول ہے تو واپس مطلع فرمائیں۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال، متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت وسعادت وسلامتی دارین سے نوازے اور مقاصد ومہماتِ خیر میں کامیاب و کامران فرمائے اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ دینِ حق کے خلاف افراط وتفریط کی راہیں، جو بعض لوگوں نے اختیار کر لی ہیں، ان سے بچ کر وسط دین حق اسلام پر، جو ہمیں اکابر کرامؒ سے ورثہ میں ملا ہے، مواظبت اور استقامت سے ڈٹے رہیں:

اللہ تبارک و تعالیٰ حافظ و ناصر و حامی و معین باد

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد[1]

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔ آپ کے خلف الرشید سلمہ ربہٗ خیریت سے ہیں۔

تحریر ۳۰ر جمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ فقط والسّلام مع الاکرام

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۴۱ / ۴۹۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ گھر والوں کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور گھر والوں کو صحت و عافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ اور ساری پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر سفرِ حج کی تیاری میں مصروف ہے۔ ۲۵ر کو یہاں سے روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۱۲ر ذی قعدہ ۱۴۰۳ھ

---

۱۔ اللہ تبارک وتعالیٰ حافظ وناصر وحامی اور مددگار رہے۔ یہ میری دعا ہے اور سارے جہاں کی طرف سے آمین ہو۔

Marfat.com

۴۲
۴۹۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور گھر والوں کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور اقبال مند بناوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

آئندہ سال کے لیے جس طرح مشورہ ہوگا، کرلیا جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۳
۴۹۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ الحمدللہ ہم بخیریت خانقاہ شریف پہنچ گئے تھے۔

ہمارا پروگرام ہری پور فیکٹری کا ہے اور ساتھ آپ کے لیے بھی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو حق گوئی پر ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ ومامون رکھیں۔ اور اپنی رضا وخوشنودی کے اعمال کی مزید توفیق عطا فرماویں۔ آمین۔ تمام احباب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳۰ جمادی الثانیہ ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۴
۴۹۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی مولانا محمد خالد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم

Marfat.com

فرماوے۔اور عزیز کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور آپ سب کو اُس کی طرف سے اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔اور مدرسہ کو ترقیات عطا فرماوے۔اور ہر قسم کے ابتلاء سے محفوظ رکھے۔آمین۔

قاری فضل ربی صاحب کو تعزیت نامہ، جب آپ کا اطلاعی خط آیا تھا، بھیج دیا تھا۔ اس حادثہ کا بڑا صدمہ ہوا۔اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔آمین۔

فقیر کا سفرِ حج کا انتظام اللہ تعالیٰ نے فرما دیا ہے۔۳۱ر جولائی تک روانگی متوقع ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۵رذی قعدہ ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۵ / ۴۹۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔عزیز وقار کی تکلیف کا علم ہو کر فکر ہوا۔اللہ تعالیٰ اُس کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔اور محنت ومحبت کے ساتھ اپنی تعلیم میں مشغول رکھے۔اور کامیاب فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنے بچوں کی طرف سے جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۳۱ر جولائی کو سفرِ حج کے لیے یہاں سے روانہ ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۰رذی قعدہ ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۶ / ۴۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے بخدمت جناب حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

مزاج گرامی۔کافی دن پہلے آپ کا مکتوب موصول ہوا۔جواب میں تاخیر اس لیے ہوئی کہ قبلہ حضرت صاحب کا پروگرام معلوم نہیں تھا۔اب حضرت صاحب کی اطلاع آئی

Marfat.com

ہے۔آپ کو یہ چند سطور تحریر کر رہا ہوں۔ حضرت قبلہ ۲۰ ؍ ستمبر کو شام تک خانقاہ شریف پر تشریف لے آئیں گے۔اور سب خیریت ہے۔ والسّلام

۱۰ ؍ ستمبر ۱۹۸۵ء/۲۴ ؍ ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ خلیل احمد

۴۷/۸۰۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بندہ محمد عبدالرشید عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ انشاء اللہ العزیز حضور حضرت صاحب قبلہ مدظلہ العالی سفر مبارک حج سے واپس ۱۹ ؍ ستمبر ۸۵ء کو جدہ سے کراچی اور ۲۰ ؍ ستمبر ۸۵ء کو بذریعہ طیارہ کراچی سے ملتان تشریف لائیں گے۔اور اُسی دن بعد نماز جمعہ ملتان سے خانقاہ شریف کے لیے روانہ ہو کر تقریباً مغرب اور عشاء کے درمیان خانقاہ شریف پہنچیں گے۔اطلاعاً تحریر حاظرِ خدمت ہے۔

عزیزاں اور احباب کی خدمت میں سلام و دعوات و پیار۔خانقاہ شریف پر بحمد للہ تعالیٰ خیریت ہے۔جناب محمد اشرف خان صاحب اور دیگر احباب کو مطلع فرمادیں۔

یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ فقط والسّلام مع الاکرام

۴۸/۸۰۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا خالد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔اللہ تعالیٰ آپ کو صحت،عافیت اور سلامتی ایمان سے رکھے اور اپنی رضا و خوشنودی کے اعمال کی توفیق نصیب فرماوے۔آمین۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مسجد،مدرسہ اور مال،اولاد میں ہر طرح سے خیر و برکت فرماویں اور آپ کی تمام دینی مصروفیات میں دستگیری فرماویں۔آمین۔

انشاءاللہ ۲۴،۲۵ ؍ کو ربوہ میں ملاقات ہوگی۔تمام احباب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲ ؍ صفر ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۴۹/۸۰۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب بچوں کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور گھر میں جملہ تکالیف دور فرماوے۔ اور سب بچوں کو علومِ نافعہ کا عالم باعمل بنا کر اپنے دینِ حقہ اسلام کی خدمت کے لیے قبول فرماوے۔ اور آپ کو جمعیت وسکون سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۹؍ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

۵۰/۸۰۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۹؍جون کو کسی وقت اٹک شہر پہنچے گا۔ ۲۹؍جون کی رات کو وہاں جلسہ ہے۔ ۲۹؍جون کی رات وہاں اٹک مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب کی مسجد میں جلسہ ہوگا۔ سواری وہاں پہنچ جانی چاہیے۔ نہایت ضروری ہے۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۲؍ذی قعدہ ۱۴۰۸ھ ازخانقاہ سراجیہ

۵۱/۸۰۴ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم

Marfat.com

فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب بچوں کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸؍ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۵۲/۸۰۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابیاں عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

بچی کے لیے تعویذ ارسال ہے۔ اُس کے گلے میں ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

اچانک عمرہ کا پروگرام بن گیا ہے۔ ۲۶؍جنوری کو خانقاہ پاک سے روانگی ہوگی۔ ۲ ہفتہ کا سفر ہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ مقبول ومنظور فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵؍جمادی الثانیہ ۱۴۰۹ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۵۳/۸۰۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و

Marfat.com

عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب بچوں کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرما کر اپنی تعلیم میں کامیاب بناوے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

ابھی سفرِ حج کی کوئی تاریخ متعین نہیں ہوسکی۔ شاید یکم دو جولائی تک روانگی ہو جاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۲/ ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۵۴/۸۰۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین۔ اور آپ کو مع اہل وعیال ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت، سلامتی دارین سے نوازے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

تحریر ۲۳/ محرم الحرام ۱۴۱۱ھ فقط والسّلام مع الاکرام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۵۵/۸۰۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر انشاء اللہ تعالیٰ عمرہ کی ادائیگی کے لیے ۱۵/ نومبر کی صبح کو روانہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آسان وقبول فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۳؍ربیع الثانی ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵۶/۸۰۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا خالد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب فرزندوں کو علومِ نافعہ کا عالم باعمل بناوے۔ اور گھر میں سب کو صحت کاملہ اور شفائے عاجلہ سے سرفراز فرماوے۔ اور آپ کو جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۰؍رجب ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵۷/۸۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے دینی ودنیاوی مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور اپنے سب بچوں کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۰؍شعبان ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۵۸/۸۱۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ گھر والوں اور بچی کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ عزیزان کو علومِ نافعہ سے آراستہ فرما کر اپنے دین کی خدمت کے لیے قبول فرماوے۔ اور آپ کو اُن کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۹ رجون کی صبح کو سفرِ حج کے لیے روانگی کی تیاری میں ہے۔ اللہ تعالیٰ آسانی اور کامیابی عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۶ رذی قعدہ ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۵۹/۸۱۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ بچی اور اُس کی والدہ کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو اپنی تعلیم میں محنت ومحبت کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور کامیاب فرماوے۔ اور آپ کو جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے دینی مشاغل میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۰ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

۶۰/۸۱۳ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ پتری ارسال ہے۔ مریضہ کے گلے ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ اور صحت وعافیت نصیب فرماوے۔ آمین۔

یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸ر شوال المکرّم ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶۱/۸۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ باعزت رہائی کا پڑھ کر اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ ایسے ابتلاآت میں ثابت قدم رکھے۔ اور استقامت وجرأت ایمانی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸ر محرم ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶۲/۸۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ تکلیف کا پڑھ کر فکر ہوا۔ فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے مقاصد دینی ودنیاوی میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۱ر ربیع الاوّل ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد ٦٣/٨١٦
عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ آپ کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ صدیق آباد کی کانفرنس پر آپ حضرات کا شریک نہ ہونا باعثِ تعجب اور فکر ہوا تھا۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اور گھر کے سب بیماروں کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب کی سب تکالیف دور فرماوے۔ اور مدرسہ کو ترقیات سے سرفراز فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۳ رربیع الثانی ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد ٦٤/٨١٧
عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور عزیزہ کو صحت کاملہ عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ مشکلات آسان فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۱ رجمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد ٦٥/٨١٨
عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد خالد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ

Marfat.com

موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولوی وقار صاحب ایبٹ آباد ملے تھے۔ اُن سے آپ کی تکلیف کا معلوم کر کے فکر ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو، دوسرے سب بیماروں کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور رمضان المبارک کے برکات سے سب کو سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲ ررمضان المبارک ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

٦٦/٨١٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ علالت کا پڑھ کر فکر مند ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ بیماریوں اور تکالیف سے نجات عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

۲۵ راگست کو فقیر واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵ رربیع الاوّل ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

٦٧/٨٢٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم محبی ومخلصی جناب مولوی محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف احوال ہوا۔ علالت کا حال پڑھ کر افسوس ہوا۔ دعا ہے کہ مولا پاک اپنے رحم وفضل وکرم سے آپ کے اہل وعیال کو صحت عاجلہ وصحت کاملہ سے سرفراز فرما کر صحت وعافیت سے رکھے اور جملہ پریشانیاں دور فرمائے۔ آمین۔

فقیر کل ۲۴ رمارچ کو بہاولپور کی طرف احباب کے اصرار پر جا رہا ہے۔ غالباً دو ہفتے اس میں لگ جائیں گے۔ دعا فرمائیں کہ خیر وعافیت سے یہ سفر پوری ہو۔

Marfat.com

جہاں تک ہو سکے توبہ واستغفار کرتے رہیں اور کوشش کر کے ذکر کی طرف اپنے آپ کو مشغول رکھیں۔ مولا پاک اپنے فضل وکرم سے جملہ مکروہاتِ زمانہ سے آپ کو محفوظ فرما کر اپنی یاد کی زیادہ سے زیادہ توفیق نصیب فرمائے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خدا کرے کہ آپ سب بھی روبصحت ہوں۔ احباب کو سلام۔ والسّلام

۲۵ محرم الحرام ازخانقاہ پاک سراجیہ مجددیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۶۸/۸۲۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور اِس تکلیف اور پریشانی کو دُور فرماوے۔ اور گھر میں امن، چین اور سکھ کی فضا پیدا فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر ۱۳ر جنوری کے بعد خانقاہ پر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

۳۳ آیات کمرہ میں بیٹھ کر ۷ بار پڑھیں اور پانی دم کر کے پلائیں اور ترکا وَ بھی کریں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۴ ر ربیع الثانی ازخانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۶۹/۸۲۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی ومخلصی جناب محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرمائیں۔ گرامی نامہ موصول ہو کر کاشف احوال ہوا۔ فقیر پرسوں ہی سفر سے واپس خانقاہ پاک پہنچا ہے۔ اور اب رمضان المبارک تک کسی طرف بھی سفر کا ارادہ نہیں ہے۔ فقیر دعا کرتا ہے کہ مولا پاک

Marfat.com

جلسوں کو کامیاب فرمائے۔ اور آپ کو اپنے مقصد میں خاطر خواہ کامیابی نصیب ہو۔ اور جملہ پریشانیاں بھی مولا پاک اپنے فضل و کرم سے دور فرما کر آرام و سکون کی زندگی نصیب فرمائیں۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ خیریت سے ہے۔ خدا کرے کہ آپ بھی مع متعلقین خیر و عافیت سے ہوں۔ احباب کو سلام۔ والسّلام

۱۳ر جمادی الاولیٰ ازخانقاہ پاک سراجیہ مجددیہ

۷۰/۸۲۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولانا قاری محمد حنیف صاحب سے تاریخ طے ہوگئی ہے۔ وہ ۳۱ر مئی منگل کے روز کسی وقت مانسہرہ پہنچ جاویں گے۔ اور بدھ کے روز یکم جون کو مانسہرہ سے واپس ہو آویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر نے خود اُن کی ڈائری پر یہ تاریخ لکھی ہے۔ انہوں نے پختہ وعدہ کرلیا ہے۔ آپ اپنے پروگرام کے مطابق اشتہارات شائع کروادیں۔ اللہ تعالیٰ کامیاب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۸ر رجب ازخانقاہ سراجیہ

۷۱/۸۲۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولوی محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو مع اہل و عیال ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت و سعادت و سلامتی دارین سے سرفراز فرمائے۔ اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرما کر اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت سے نوازے۔ آمین آمین آمین۔

Marfat.com

تعویذ اَرسال ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو خانقاہ شریف حاضری کی توفیق بخشے۔
آمین۔

تحریر ۲۹؍شعبان المعظم والسّلام

۷۲/۸۲۵ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو رمضان المبارک میں تاحیات اپنے خاص فضل وکرم سے خانقاہ پاک کی مقبول حاضری نصیب فرمائے رکھے۔اور ظاہری وباطنی خیر وبرکت،عفو وعافیت،حفظ و امان،صحت وسعادت وسلامتی دارین سے آپ کو مع اہل وعیال سرفراز فرمائے۔اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔اور ذکر،شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔
آمین آمین آمین۔

۳۰؍شعبان المعظم فقط والسّلام مع الاکرام

۷۳/۸۲۶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔کوائف مندرجہ مطالعہ میں آئے۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال ظاہری وباطنی خیر وبرکت،عفو وعافیت،حفظ و امان،صحت وسعادت،سلامتی دارین سے سرفراز فرمائے۔اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔اور ذکر،شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

تحریر ۷؍رمضان المبارک فقط والسّلام

۷۴/۸۲۷ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف خیریت مندرجہ مطالعہ کر کے اطمینان ہوا۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو ذکر و شغل و عبادت میں مزید مزید ترقیات مع استقامت نصیب فرمائے۔ اور اپنی محبت ومعرفت وطاعت ورضا اور محبت، طاعت و رضا محبوب اکرم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم دائماً سرمداً نقد وقت فرمائے۔ اور مع اہل وعیال و متعلقین ظاہری و باطنی خیر وبرکت، حفظ وامان، عفو وعافیت، امن وسکون، صحت وسعادت، سلامتی دارین سے نوازے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

تحریر ۲۴؍ رمضان المبارک فقط والسلام مع الاکرام

۷۵
۸۲۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ مولا کریم عز اسمہٗ آپ کو مع اہل وعیال و متعلقین ظاہری و باطنی خیر وبُرکت، عفو وعافیت، صحت و سعادت وسلامتی دارین سے نوازے۔ اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

تحریر ۲۷؍ رمضان المبارک فقط والسلام

۷۶
۸۲۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی موصول ہو کر مندرجات مطالعہ میں آئے۔ خیریت کا معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ دائماً اپنے فضل وکرم و رضا و رحمت سے سرفراز فرمائے۔ اور خیر کثیر اور فوز وفضل کبیر سے دارین میں بہرہ ور فرمائے۔ آمین۔ اور اپنی محبت، معرفت، طاعت نصیب دوستاں فرمائے۔ آمین۔

Marfat.com

حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین جناب سیّد نذر امام صاحب مدظلہٗ مع اہل وعیال بخیریت مغربی پاکستان پہنچ چکے ہیں۔

تحریر ۸/ ذی الحجہ والسّلام

۷۷
۸۳۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لایا۔کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو مع اہل وعیال شفاء کاملہ اور صحت کاملہ عطا فرمائے۔اور آپ سب کو ظاہری و باطنی خیر و برکت،عفو و عافیت،حفظ و امان،صحت و سعادت،سلامتی دارین نصیب فرمائے۔اور ذکر،شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین

فقط والسّلام مع الاکرام

۷۸
۸۳۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔آپ کا مکتوب گرامی ملا۔کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔آمین۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل خاص سے آپ کی پھوپھی مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں غفران و رضوان سے سرفراز فرمائے۔آمین۔اور آپ کو بخیر وخوبی شفاء،صحت وسلامتی سے ہمکنار فرمائے۔آمین۔اور جملہ اخراجات کے باحسن وجوہ اپنے پردۂ غیب سے اسباب مہیا فرمائے۔آمین۔اور آپ کے فرزند سلمہ اللہ تعالیٰ کی شادی خانہ آبادی کے بہترین اسباب مہیا فرمائے۔آمین۔اور یہ شادی دائمی امن وسکون کا باعث بنائے۔آمین۔فقیر سفر مبارک حرمین الشریفین پر روانہ ہو رہا ہے...

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۷۹/۸۳۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

قبلہ حضرت صاحب مدظلہ بغرض علاج ملتان تشریف لے گئے ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے روبصحت ہیں۔ ۱۲رنومبر کو اِنشاءاللہ تعالیٰ واپسی ہوگی۔ اطلاعاً عرض ہے۔

والسّلام

عزیز احمد

خانقاہ سراجیہ

۸۰/۸۳۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا محمد عبداللہ صاحب خالد مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ واپس بعافیت پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حافظ محمد سعد اللہ خان صاحب تشریف لا رہے ہیں۔ رہائش وغیرہ کے لیے پوری پوری امداد فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۸۱/۸۳۴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. بندہ محمد عبدالرشید کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ حضور حضرت صاحب قبلہ مدظلہ العالی ۳را کتوبر ۸۳ء شام کو اِنشاءالعزیز واپس سفر مبارک حج سے خانقاہ شریف تشریف لا رہے ہیں۔ جملہ احباب کو مطلع کر دیں۔ علی الخصوص جناب محمد اشرف خان صاحب کو ضرور مطلع کریں، خاص قاصد بھیج کر۔

Marfat.com

آپ اگر ملاقات اور زیارت کرنا چاہیں تو کوشش کر کے ۳ر اکتوبر ۸۳ء دن کو خانقاہ شریف پہنچنے کی سعی فرمائیں تاکہ استقبال میں شامل ہو کر سعادت حاصل کر سکیں۔

فقط والسّلام

۸۲/۸۳۵ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف مندرجہ واضح ہوئے۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مع اہل و عیال و متعلقین کرام اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ہر قسم کے شرور و شرار سے بچائے۔ آمین۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، حفظ و امان، صحت و سعادت و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

فقط والسّلام مع الاکرام

۸۳/۸۳۶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب مولانا محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا (گرامی نامہ) موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، صالح اور خوش بخت بنائے۔ آمین۔

آج عزیز وقار الحق کا خط موصول ہوا۔ جواب تحریر کر دیا ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۸۴/۸۳۷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد خالد عبداللہ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو

Marfat.com

صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ چھوٹے بچے کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو علومِ نافعہ دینیہ کا عالم باعمل بناوے۔ اور آپ کو سب بچوں کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور ظاہری وباطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

سفرِ حج کی تیاری ہے۔ ۲۴ر جولائی کو خانقاہ سے اسلام آباد روانگی ہوگی۔ ۲۵ر جولائی کی شام اسلام آباد سے کراچی روانگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ خلیل احمد اور دوسرے افراد کی اسلام آباد سے جدہ ۲۷ر جولائی کو روانگی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ اگر عریضہ بروقت پہنچ جاوے تو عزیزان راولپنڈی آجاویں...

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۸۵
۸۳۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

محمد عبداللہ خالد صاحب مطالعہ فرمائیں۔

اِنَّ مَنْ اَرَادَ اَنْ تَلِدَ اِمْرَأَتَهُ الذُّكُوْرَ فَيَضَعُ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى سُرَّتِهَا وَهِيَ نَائِمَةٌ يَّمْسَحُ عَلَى السُّرَةِ وَهِيَ فِيْ اِبْتِدَآءِ حَمْلِهَا وَلَوْ كَانَ فِعْلَهُ ذٰلِكَ فِيْ اِبْتِدَاءِ الشَّهْرِ الثَّالِثِ مِنْ حَمْلِهَا وَيَقُوْلُ ثَلَاثُ مَرَّاتٍ فَهُوَ مَدِيْمَ الْمَسْحِ بِيَدِهٖ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِيْ بَطْنِ زَوْجَتِيْ هٰذِهٖ فَكَوِّنْهُ ذَكَرًا وَاسْمَيْهُ مُحَمَّدًا بِحَقِّ صَاحِبِ هٰذَا الْاِسْمِ الشَّرِيْفِ الْمُكَرَّمِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ.

تِسْهِيْلُ الْوِلَادَةِ فِيْ آنَآءٍ نَظِيْفٍ طَاهِرٍ. كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا لَا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا لَمْ يَلْبَثُوْا لَاسَاعَةً مِنْ نَّهَارٍ بَلَاغ وَاِذًا لَا يَلْبَثُوْنَ خِلَافَكَ اِلَّا قَلِيْلًا وَّمَا تَلَبَّثُوْا بِهَا اِلَّا يَسِيْرًا لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا

Marfat.com

وَتَخَلَّتْ.

تَمْحُوْ الدِّمَآءَ وَتَسْقِيهَا وَيَمْسَحُ بِبَاقِيَةِ عَلٰى سُرَّتِهَا وَبَطْنِهَا فَاِنَّهَا تَلِدُ سَرِيْعًا كَذٰلِكَ اِنْ عَلَقَ عَلٰى فَخِذِهَا الْاَيْمَنِ سَعَةٌ شَبٌّ بمانی... فَاِنَّهَا تَلِدُ سَرِيْعًا كَذٰلِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ.[1]

---

۱۔ ترجمہ: اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بیوی کے ہاں بیٹا پیدا ہو تو وہ (اپنا) دایاں ہاتھ اُس کی ناف پر رکھے، جب وہ سو رہی ہو اور ناف پر ہاتھ پھیرے اور یہ (عمل) حمل کے شروع میں ہو۔ اور حمل کے تیسرے ماہ کے شروع میں یہ (عمل) کرے اور تین دفعہ (یہ) کہے، جبکہ وہ اس (کی ناف) پر ہاتھ پھیر رہا ہو: اے اللہ! اگر تو نے میری اس بیوی کے پیٹ میں اولاد پیدا فرمائی ہے تو اُس کو بیٹا بنا دے اور اُس کا نام محمد ہو، اس مبارک مکرم نام سیّدنا و مولانا (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کے طفیل۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ (سورۃ قصص، آیت:۸۹)، فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ (سورۃ ھود، آیت:۷۱)، وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ. (سورۃ الذاریات، آیت ۲۸)

ولادت میں آسانی اور پاکیزگی و صفائی: جیسے کہ تو اُن کو دیکھے کہ وہ نہ رات اور نہ چاشت میں اس کو ظاہر کریں اور نہ دن کو واضح کریں، مگر اشارۃً۔ اور نہ وہ خود اس کو پھیلائے مگر سہولت سے۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ. (سورۃ یوسف، آیت:۱۱۱) یعنی: ان کے قصے میں عقلمندوں کے لیے عبرت ہے۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ. (سورۃ انشقاق، آیت:۱-۴) یعنی: جب آسمان پھٹ جائے گا اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی اور جو کچھ اس میں ہے نکال باہر ڈال دے گی اور بالکل خالی ہو جائے گی۔ وہ خون کو صاف کرے اور پانی ڈالے اور باقی ناف اور پیٹ پر مسح کرے تو وہ اس طرح جلدی سے جنے گی۔ ایسے ہی اگر اُس کی دائیں ران پر پھٹکری لگائے تو بھی وہ اس طرح جلدی سے جنے گی، اللہ کے حکم سے۔

Marfat.com

۸۶/۸۳۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

تمام متعلقین اور متوسلین خانقاہ سراجیہ سے گزارش ہے اور متوجہ کیا جاتا ہے کہ ضلع مانسہرہ میں جمعیت علماء اسلام کے نامزد اُمیدواران قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کا بھرپور قدمے، سخنے، درمے مدد اور تعاون کیا جائے۔

| | |
|---|---|
| جن میں مفتی کفایت اللہ صاحب | پی ایف ۵۵: (پکھل) |
| سیّد ہدایت اللہ شاہد صاحب | پی ایف ۵۴: (بالاکوٹ) |
| مولانا ناصر محمود صاحب | پی ایف ۵۶: (اوگی، بٹل) |
| مولانا فخر الحسن صاحب | پی ایف ۵۸: (کالا، ڈھاکہ) |

بھی شامل ہیں۔

فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ کتاب کے نشان والوں کو کامیاب کرے۔ اور اِن حضرات سے دینِ اسلام اور ملک پاکستان کی خدمت لے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

## بنام: مولانا محمد عطاء الحق قلبی صاحب، حاجی شاہ، اٹک

۱/۸۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب مولانا عطاء الحق صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ مطالعہ میں آئے۔ باعث اطمینان ہوئے۔

فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید استقامت و خیر و برکت اور سعادت و سلامتی دارین نصیب فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر و شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق کرامت فرمائے۔ آمین۔ مزید برآں آپ درود شریف اور کلمہ طیبہ صد بار جس وقت روزانہ فرصت ہو، پڑھ

Marfat.com

سکتے ہیں۔ استغفار پورا پڑھا کریں، یعنی "مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہ" تک۔ یہ اسلام کے پانچویں کلمہ استغفار کا مخفف ہے۔

والسّلام مع الاکرام
فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ ۲/۸۴۱

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب مولانا محمد عطاء الحق قلبی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ بالا مطالعہ میں آئے۔

فقیر دعا گو ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو مع متعلقین کرام اپنے خاص فضل و کرم و رحمت و رضوان سے نوازے۔ آمین۔ اور جملہ مقاصد و مہمات خیر میں فائز المرام فرمائے۔ آمین۔ اور فی الدارین خیر کثیر سے سرفراز فرمائے۔ آمین۔ اور ذکر و شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔

شجرہ شریف روزانہ صبح و شام پڑھ سکتے ہیں۔ نیز ۳۳ آیات بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یہ کیفیت خوف وخشیت، بے بسی و ناکسی، عجز و انکساری، اظہار عبودیت ہے، پسندیدہ ہے۔

والسّلام مع الاکرام

## بنام: محمد فاروق صاحب، راولپنڈی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ ۱/۸۴۲

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترم و مکرم محمد فاروق صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا، خالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی و عافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جمعیت ظاہری و باطنی نصیب فرماوے۔ آمین۔ اللہ آپ کی تمام پریشانیاں دور فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

۲۱ رشوال المکرّم ۱۴۲۱ھ

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

## بنام: حضرت مولانا محمد قاسم قاسمی صاحب، بہاولنگر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۸۴۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

حضرت مولانا مرحوم و مغفور کے انتقال کا پڑھ کر بیحد رنج و افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ حضرت مولانا مرحوم کی مغفرت فرماوے اور ان کو اپنی قبر میں بہشت کی راحتیں نصیب فرماوے اور مدارج قرب کے اعلیٰ مراتب پر سرفراز فرمائے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: محمد منظور وٹو صاحب، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب، لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۸۴۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرم و محترم جناب محمد منظور صاحب وٹو، وزیر اعلیٰ پنجاب زید مجدکم

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ قاری عبدالرحمٰن صاحب فقیر کے مخلص ساتھی ہیں، حاضر ہو رہے ہیں۔ کام کی تفصیل زبانی عرض کریں گے۔ ضرور شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حافظ و ناصر ہووے۔ آمین

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: محمد نذیر رانجھا صاحب، راولپنڈی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۱/۸۴۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم جناب محمد نذیر صاحب رانجھا سلمہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے مولا کریم عزاسمہٗ آپ کے والد ماجد کی گمشدگی کا راز افشا فرمائے اور آپ لوگوں کے لیے اپنے فضل

Marfat.com

خاص سے اطمینان کی صورت و سامان مہیا فرمائے اور آپ لوگوں کو ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت، سعادت و سلامتی دارین سے نوازے۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔ پیڈ کا ایک کاغذ برائے رسید ارسال خدمت ہے۔

بروز ہفتہ ۱۶ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ / یکم جنوری ۱۹۸۳ء فقط والسّلام

۲/۸۴۶ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم محمد نذیر صاحب مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ والد بزرگوار کے ملنے کا معلوم کر کے خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و عافیت نصیب فرماوے اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور صلاح و فلاح سے مزین فرماوے اور جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

بروز منگل ۲۶ ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ / ۱۱ جنوری ۱۹۸۳ء از خانقاہ سراجیہ

۳/۸۴۷ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم محمد نذیر صاحب رانجھا مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو مع متعلقین ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت و سعادت و سلامتی و ہدایت سے نوازے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب، فائز المرام فرمائے اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق رفیق فرمائے اور اپنی حفظ خاص نصیب فرمائے۔ آمین۔ ''نسائم گلشن'' کا ایک نسخہ ارسال فرمائیں۔

بروز منگل ۲۳ صفر المظفر ۱۴۰۴ھ / ۲۹ نومبر ۱۹۸۳ء فقط والسّلام

۴/۸۴۸ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم محمد نذیر صاحب مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ عزیزم خلیل احمد کے نام جو کتابیں آپ نے بھیجی ہیں وہ مل گئی ہیں۔ اطمینان فرمایئے۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ مزید برآں اعمالِ صالحہ کا پابند بناوے اور اپنی رضامندی سے مشرف فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

بروز بدھ ۶ رجمادی الاولیٰ ۱۴۰۴ھ/ ۸ رفروری ۱۹۸۴ء از خانقاہ سراجیہ

۵/۸۴۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم رانجھا صاحب مطالعہ فرماویں کہ گرامی نامہ بھی موصول ہوا اور کتاب بھی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے اور نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

۲۵ راپریل کو ان شاء اللہ راولپنڈی اسلام آباد میں کانفرنس ختم نبوت کے موقع پر امید ہے ملاقات ہو سکے گی۔ تمام احباب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

بروز اتوار ۳ ررجب المرجب ۱۴۰۴ھ/ ۴ راپریل ۱۹۸۴ء از خانقاہ سراجیہ

۶/۸۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم ومکرم محمد نذیر صاحب مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ اب طبیعت بہتر ہے۔ اطمینان کریں۔ شجرہ طیبہ اور تحفہ سعدیہ دونوں ختم ہیں۔ چند روز کے بعد دستیاب ہو سکیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

پیڈ کے چند ورق ارسال ہیں۔ فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب

Marfat.com

ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔والسّلام
بروز اتوار ۲۲رشوال ۱۴۰۹ھ/ ۲۸رمئی ۱۹۸۹ء فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۷/۸۵۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب محمد نذیر صاحب رانجھا سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں۔
آپ کا مکتوب گرامی شرف ملاحظہ لایا۔لیکن بوجہ مصروفیات کثیرہ اور سفر در سفر جواب میں تاخیر ہوئی۔آپ کے کوائف خیریت اور اسلامی نظریاتی کونسل میں اطمینان بخش ملازمت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔فقیر دعا گو ہے اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو دائماً اپنے فضل وکرم، رضا ورحمت سے نوازے آمین۔اور مع اہل وعیال ظاہری وباطنی خیر وبرکت،عفو وعافیت، حفظ و امان،صحت وسعادت وسلامتی دارین نصیب فرما کر ذکر،شکر اور حسن عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔

کتاب مستطاب ''تحفہ سعدیہ'' دستیاب ہے۔ہدیہ یک صد روپے ہے۔آپ یہ رقم حاجی محمد یعقوب کے حوالہ کریں۔وہ خود کسی اُدھر آنے والے دوست کے ذریعے یہ کتاب آپ تک پہنچائیں گے۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔

بروز بدھ ۱۲صفر المظفر ۱۴۱۳ھ/۱۲راگست ۱۹۹۲ء والسّلام مع الاکرام

**بنام: محمد نعمان احمد صاحب، ٹیکسلا**

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۵۲ (اللہ تعالیٰ) اس مذہبی کتاب کے دین وایمان کے فوائد حاصل کرنے کی توفیق نصیب فرماوے۔آمین۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ
خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

## بنام: ملک محمد نعیم صاحب، خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۸۵۳/۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد غفی عنہ کی طرف سے محترم ومکرم ملک محمد نعیم صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا رجسٹری گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ایک ہزار روپے کا ڈرافٹ بھی مل گیا تھا۔ وہ ہزار روپیہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ آپ کی والدہ کو دے دیا تھا۔ وہ اگر مناسب سمجھیں تو پانچ سو روپے...کو دے دیں۔ اب معلوم نہیں کیا کہ انہوں نے دیا یا نہیں دیا؟

گھر میں سب خیریت ہے۔ ملک محمد منیر صاحب اور اُن کے دونوں بچے بیوی خیریت سے ہیں۔ ملک محمد اکرم صاحب مظفر آباد کالونی میں بدستور ہیں اور خیریت سے ہیں۔ ملک محمد سلیم صاحب مظفر آباد آزاد کشمیر میں ہیں۔ سسرال سے صلح ابھی تک نہیں کی۔ اکیلے کس طرح وقت گزار رہے ہیں، کم از کم اس فقیر کو تو کوئی پتہ نہیں؟ حج سے واپسی کے بعد صرف ایک دفعہ ملاقات، وہ معمولی طور پر ہوئی۔ فقیر کے پوچھنے پر کچھ نہیں بتایا۔ آپ کی والدہ صاحبہ بھی بالکل خاموش ہیں۔ انہوں نے بھی کبھی کوئی بات نہیں کی۔ حالانکہ والدہ کو تو ایسے کاموں میں بہت فکر ہوتا ہے۔ چھوٹے بچے کی کوئی فکر ہونی چاہیے تھی۔ بہر حال اس معاملے میں کیا سوچ رکھا ہے، کچھ معلوم نہیں؟ اللہ تعالیٰ بہتری کرے۔ آمین۔

اار جون کو رمضان المبارک سے صرف دو دِن پہلے عزیزم خلیل احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی منگنی کی گئی، اس کی مبارک باد قبول کریں۔ آپ سب اکٹھے تیاری کر کے آئیں، جب آنے کا پروگرام بنے، تاکہ اکٹھا سب کا مسئلہ حل کیا جاوے۔ اور اللہ تعالیٰ سب کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی سب راضی خوشی اور صحت کے ساتھ ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. ہم سب آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کے طالب ہیں۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ سب گھر والوں کی طرف سے بہت بہت سلام ودعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۱۳ار رمضان المبارک ۱۴۰۳ھ

Marfat.com

## بنام: مولانا محمد یار فاروقی صاحب، کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱/۸۵۴ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب قاری ابو الطاہر محمد یار فاروقی صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ مولا کریم جل شانہ آپ کو اپنے جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت و سعادت و سلامتی دارین سے نوازے۔ اور اپنے ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین آمین آمین۔

آپ ماشاء اللہ حافظ و قاریٔ قرآن مجید ہیں۔ آپ کو سورۃ مزمل کے ساتھ ساتھ سارا قرآن مجید پڑھنے کی اجازت ہے۔ لیکن پڑھنے میں تلاوت کی نیت مقدم ہے اور بطور وظیفہ پڑھنا مؤخر۔ اللہ تبارک و تعالیٰ مبارک کرے۔ آمین۔ دعائے حزب البحر بھی اگر فرصت ملے تو پڑھ سکتے ہیں، لیکن شجرہ شریف کا پڑھنا بہت ہی خیر و برکت و استقامت و سلامتی کا ذریعہ ہے۔ کم از کم ایک مرتبہ پڑھنے کی کوشش فرماتے رہیں۔

فقیر دعا گو ہے، مولا کریم و رحیم عزاسمہٗ آپ کو اپنے جملہ مقاصد خیر میں کامیابی بخشے۔ اور قرآن مجید کے تعلیم و تعلم کی مزید مزید توفیق رفیق فرمائے۔ آمین آمین آمین۔

معلوم فرمائیں کہ آپ کا اصل فریضہ اشاعت قرآن مجید ہے۔ اس پر پوری توجہ دیں۔ انشاء اللہ العزیز سارے وظائف اسی کے ضمن میں پورے ہو جائیں گے۔

تحریر: ۲ ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ والسّلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲/۸۵۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ محمد یار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حزب البحر کے عمل کے متعلق دریافت کیا۔ فقیر حزب البحر کی زکوٰۃ کا عمل کسی کو نہیں بتاتا، کیونکہ اس کی شرائط پوری کوئی کر نہیں سکتا۔ اُلٹا نقصان موجب بنتا ہے۔ اس کے بجائے اگر آپ

Marfat.com

باقاعدگی سے پابندی کے ساتھ جو تعداد مقرر کرلیں، اگر روزانہ ایک بار پڑھنا ہے، ہمیشہ ایک بار عصر کی نماز کے بعد پڑھا کریں۔ دوبار پڑھنا ہے تو ہمیشہ صبح اور عصر کی نمازوں کے بعد پڑھیں اور پھر اس میں ناغہ بالکل نہ کریں تو وہی زکوٰۃ والا فائدہ ہو جاتا ہے۔ اور آپ اسی طرح شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور آپ کو اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسلام

۵ ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۳/۸۵۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری محمد یار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مطلوبہ تعویذ ارسال ہیں۔ + نشانی والا بچے کے لیے ہے۔ چمڑے میں بند کروا کر اُس کے گلے میں ڈال دیں۔ دوسرا تعویذ بچے کی والدہ کے لیے ہے۔ اس کو بھی چمڑے میں بند کروا کر اُن کے گلے میں ڈال دیں۔ مولا پاک فائدہ مند کرے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کا کراچی آنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسلام

۲۲ رجب ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۴/۸۵۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری محمد یار فاروقی صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی اور عافیت سے رکھیں۔ اور اپنی رضا وخوشنودی کے اعمال میں ذوق وشوق اور ترقی نصیب

Marfat.com

فرماویں۔ آمین۔

یکم دو اپریل تک خانقاہ شریف ہی میں قیام ہوگا۔ آپ بڑی خوشی سے تشریف لاویں۔

تمام احباب کو سلام و دعوات۔

۷ر جمادی الثانیہ ۱۴۰۴ھ　　　　والسّلام

۵/۸۵۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا محمد یار فاروقی صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا، پڑھ کر حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، عافیت اور سلامتی ایمان سے رکھے۔ اور ہر قسم کے دکھ تکلیف اور بیماری پریشانی سے محفوظ و مامون رکھے۔ ۳۳ر آیات صبح شام تلاوت کیا کریں اور پانی پر دَم کر کے استعمال کریں۔ اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جادو وغیرہ سے عافیت عطا فرماویں گے۔

تمام احباب کو سلام و دعوات۔

۹ر شعبان ۱۴۰۴ھ　　　　والسّلام

۶/۸۵۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، مکرم و محترم مولانا محمد یار صاحب مطالعہ فرماویں۔ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ مسجد والی اور دوسری ساری پریشانیاں دور فرماوے۔

سورۃ لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں۔ اور دوسرے وظائف جو آپ نے لکھے ہیں، ان پر بھی پابندی کرتے رہیں۔ یہ مختصر سی دعا بھی اپنا معمول بنالیں۔ ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ'' ۳۱۳ دفعہ یومیہ پڑھنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ آسانی فرماوے۔

Marfat.com

فقیر بحمد اللہ بعافیت ہے۔ والسلام

۳؍ربیع الاوّل ۱۴۰۵ھ خانقاہ سراجیہ

۷
۸۶۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولانا ابوالطاہر محمد یار صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کو صحت وعافیت اور سلامتی نصیب فرماوے۔ مسجد کی تکمیل فرماوے۔ اور اپنے ہمہ مقاصد خیر میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ حزب البحر کی اجازت ہے۔ مولا پاک باعث برکت کرے۔ آمین۔

جو حزب البحر فقیر نے بھیجی ہے، اُسی کے مطابق پڑھیں اور اُسی طریقہ پر پابندی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ یکم اگست کو کراچی پہنچے گا۔ اور ۲؍ اگست کو کراچی سے سفرِ حج کے لیے روانہ ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسلام

۱۰؍ذی قعدہ ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۸
۸۶۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم قاری محمد یار صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ مع پرچۂ تعارف موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ جمعیۃ العلمائے اسلام سے تعاون جاری رکھیں اور عہدہ کی ذمہ داری قبول نہ کریں۔ ختم نبوت کے کام کو جاری رکھنا بہت ضروری ہے۔ جامعہ اور مسجد کی ذمہ داری بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اپنے دینِ حقۂ اسلام کی خدمت واشاعت کے ان تمام شعبوں کے ساتھ تعاون کی ہمت کی توفیق نصیب فرماوے۔ اور جامعہ کو ترقی اور کامیابی سے سرفراز فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۹؍ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ — از خانقاہ سراجیہ

۹/۸۶۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا محمد یار فاروقی صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی موصول ہوا۔ کوائف مندرجہ سے باتفصیل آگاہی ہوئی۔ مولا کریم عزاسمہٗ آپ کو اس کاوش وکوشش کے صلہ میں ظاہری وباطنی خیر وبرکت، جزاً اوفی، صحت وسعادت وسلامتی دارین نصیب فرمائے اور مقاصد ومہمات خیر میں فوز وفلاح نصیب فرمائے اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

آپ کے نقد ونظر کے پیشِ نظر تصحیح وتحسین کا کام مولانا غلام محمد صاحب جھنگوی کے ذمہ لگا دیا گیا ہے۔ وہ اس بارے میں پوری جانسوزی سے مصروفِ عمل ہیں۔

تحریر: ۶؍رمضان المبارک — فقط والسّلام

۱۰/۸۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب مولانا ابوالطاہر محمد یار صاحب فاروقی سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی شرف صدور لایا۔ کوائف خیر وعافیت آنجائی مطالعہ کر کے مسرّت واطمینان ہوا۔ مسجد کے سنگ بنیاد رکھنے اور اُس کی تعمیر کے سلسلے میں آپ کی مساعی کو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل خاص سے مشکور ومقبول فرمائے اور جملہ مجوزہ مصارف تعمیر کا خاص اپنے فضل وکرم سے انصرام فرمائے۔ آمین۔ اور مسجد کی بنیاد اور تعمیر سراسر اپنے فضل وکرم خاص سے تقویٰ وصلاح پر رکھے۔ اور آپ کو اہلِ اسلام کے تعاون سے دین حق اسلام کی بیش بیش خدمت مع الاخلاص کرنے کی توفیق بخشے اور ظاہری وباطنی خیر وبرکت، عفو

Marfat.com

وعافیت، صحت وسعادت سلامتی دارین (نصیب فرمائے۔ آمین۔) والسّلام

۸رشوال الکرام فقیر خان محمد عفی عنہ

۸۶۴/۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم المقام جناب قاری محمد یار فاروقی صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ تعمیر مسجد کے راستے میں سے جملہ موانعات اپنے فضل وکرم اور قدرت کاملہ سے ہٹائے اور ایک عظیم الشان مسجد (جس کی بنیاد تقویٰ پر ہو) کی تعمیر وتکمیل پایۂ تکمیل کو پہنچائے اور اُس مسجد کو نماز باجماعت، تلاوت قرآن وحدیث اور ذکر اللہ جل شانہٗ سے دائماً سرمداً آباد فرمائے رکھے اور آپ کو مع معاونین کرام دین حق اسلام کی خدمت ونصرت، تائید، اشاعت کی بیش بیش توفیق عطا فرمائے اور آپ کی نسلوں کو بھی اسی نعمت سے نوازے۔ دائماً سرمداً کثیراً کثیراً۔ اور ظاہری و باطنی خیر و برکت، عفو و عافیت، صحت وسعادت، سلامتی دارین سے مع متعلقین واہل وعیال سرفراز وشادکام فرمائے اور جملہ مقاصد ومہمات خیر میں کامیابی بخشے اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین۔

کثرت استغفار اور ذکر اسم ذات اللہ اللہ پر (جیسا کہ آپ کو تلقین کیا گیا تھا) ہر حال میں مداومت کریں۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشے۔ آمین۔ اگر آپ فقیر کو ملنا چاہیں تو یکم اپریل اور دو اپریل کو خانقاہ شریف پر مل سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مصروفیت ہی مصروفیت ہے۔ دعا: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُکَ فِیۡ نُحُوۡرِھِمۡ وَنَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شُرُوۡرِھِمۡ بصیغہ جمع متکلم پڑھا کریں تو زیادہ خیر وبرکت کا ذریعہ ہے۔ کیونکہ امت کے لیے اجتماعی دعا میں زیادہ اجر و ثواب اور رضامندی ہے۔

عزیزان اور احباب پرسان حال کو فقیر کا سلام ودعا وپیار۔

فقط والسّلام مع الاکرام

Marfat.com

## حاجی محمد یعقوب صاحب، اسلام آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۶۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بہ گرامی خدمت مکرم ومحترم حاجی محمد یعقوب صاحب زید مجدکم!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ! سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ خانقاہ شریف موسیٰ زئی شریف سے محترم مولانا محمد شہاب الدین صاحب زید مجدہم تشریف لا رہے ہیں۔ اپنے خانقاہ کے مدرسہ کے سلسلہ میں امداد کی ضرورت ہے۔ اِس سلسلہ میں ہر ممکن امداد سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون وشکر گزار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۲ ربیع الاوّل ۱۴۲۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۶۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بہ گرامی خدمت حضرت مولانا محمد یوسف صاحب مدظلہ العالی

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ محترم قاری عبدالرحمٰن صاحب راولپنڈی سے حاضر ہو رہے ہیں۔ فقیر کے مخلص ترین ساتھیوں میں سے ہیں۔ اپنی شفقتوں سے سرفراز فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کا حافظ وناصر ہووے۔ آمین والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: ملک محمود اقبال صاحب، خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۶۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ملک محمود اقبال صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ ملازمت ملنے کا پڑھ کر از حد خوشی ہوئی۔ مولا پاک مبارک کرے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپس میں پیار ومحبت اور اتفاق کے ساتھ رکھے۔ اور صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور ہر قسم کے مکروہات وحادثات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

ملازمت کے سلسلے میں اس کا خیال رہے کہ جو ملازمت مستقل اور لمبے عرصے کے لیے ہو، اگرچہ تنخواہ کچھ کم ہو، اس کو ترجیح دینی چاہیے۔ جو کوائف اس ملازمت کے آپ نے لکھے ہیں یہ بھی اُسی قسم کی معلوم ہوتی ہے۔ بہتر سے بہتر کی تلاش میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ ہر جگہ اپنی قابلیت کام آتی ہے۔ آپ اپنا کام وقت اور محنت کے ساتھ کریں گے تو اس کی قدر وقیمت ہوگی۔ اس کے علاوہ اپنے نفع ونقصان کی تمیز بھی لازمی ہے۔

ملازمت مل جانے کے بعد کھلونوں پر روپیہ ضائع نہ کریں، یہاں سے فرمائشات کی بھی کوئی حد نہیں رہے گی۔ آپ نے اپنی دنیا خود ہی بنانی ہے اور زندگی کے جملہ لوازمات خود فراہم کرنے ہیں۔ حالات ہمیشہ ایک طریقے کے نہیں رہتے۔ انسان جب اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتا ہے تو اس کی قدر وقیمت بھی ہوتی ہے۔ ورنہ ہر کوئی نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نفع ونقصان اور اپنے خیر خواہوں اور بدخواہوں میں تمیز عطا فرماوے۔ آمین۔

۷رفروری کو صوفی محمد عبداللہ صاحب کا انتقال ہوگیا ہے۔ اور ہم لوگ اپنے ایک پرانے مخلص دعا گو رفیق سے محروم ہوگئے۔ اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرماوے۔ آمین۔

...کو باگڑ سے واپسی کے بعد بخار ہوا، اور خسرہ نکلا۔ اب اگرچہ آرام ہے، لیکن طبیعت چڑچڑی ہوگئی ہے اور اکثر اوقات روتی رہتی ہے۔ تمہاری والدہ کا علاج حکیم محمد رفیق صاحب میانوالی سے شروع ہے۔ پہلے دو ہفتے منزج ہوا، پھر دو جلاب دیے۔ اب ایک معجون عرق کے ساتھ صبح نہار منہ لینا پڑتا ہے۔ یہی علاج جاری رہے گا۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

عزیز احمد، خلیل احمد نے محمد خان خاکوانی سے موٹر کا سودا کیا ہے۔ مزدا ۷۶، ۷۷

Marfat.com

ماڈل ہے۔۱۸۰۰سی سی ہے۔۷۰ ہزار روپیہ دیا ہے۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آمین۔

بدھ ۲۳رفروری کو سعید احمد، نجیب احمد کا ختم قرآن پاک ہے۔خلیل احمد اِسی سلسلے میں گھر آیا ہوا ہے، اچھا خاص اہتمام کیا جارہا ہے۔آپ کو بھی اس کی مبارک ہو۔محمد قاسم صاحب کو فقیر کی طرف سے بہت بہت سلام و دعوات۔اس کی ہمشیرہ صاحبہ خیریت سے ہیں۔قاری عبدالرحیم صاحب نے اپنی ہمشیرہ صاحبہ، جو کہ مولوی شیر محمد صاحب کی بیوہ ہے، کے ساتھ حج کی درخواست دی ہے۔اپریل میں قرعہ اندازی ہوگی۔محمد خان، محمد عارف صاحب کے ٹریکٹر پر کام کرتا ہے اور خیریت سے ہے۔

آپ سب کو یہ ہدایت ہے کہ نماز میں ہرگز ہرگز سستی نہ ہو۔آپ لوگ نماز کی پابندی کریں گے تو بہت سی آفات سے بچے رہیں گے۔اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔آمین۔

ہم سب بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہیں۔گھر میں بھی سب راضی خوشی اور صحت و عافیت کے ساتھ ہیں۔وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. آپ (کو) والدہ صاحبہ، عزیز احمد، خلیل احمد، رشید احمد... سعید احمد، نجیب احمد، بشیر احمد... سب کی طرف سے بہت بہت سلام و دعوات۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۸رجمادی الاولیٰ ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

## بنام: مختار احمد صاحب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۱/۸۶۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مختار احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔

دو تعویذ ارسال ہیں۔ایک آپ چمڑے میں بند کروا کر اپنے پاس رکھیں۔دوسرا کسی ڈبی میں رکھ کر دکان کے دروازے کے اوپر اندر کی طرف چھپا کر رکھیں۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور کاروبار کی جملہ رکاوٹوں کو دور فرما کر جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔آمین۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِ. یہ درود شریف کسی ایک نماز کے بعد ایک سوایک بار پابندی سے پڑھا کریں۔اور اس درود پاک کی برکت سے اپنے مقاصد میں کامیابی کی دعا کیا کریں۔اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسلام

۴؍رجب ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲/۸۶۹ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مختار احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسلام

۱۹؍شوال ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۳/۸۷۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مختار احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر ۲۷؍ذی قعدہ تک یہاں ہے۔پھر سفرِ حج کے لیے روانہ ہو جاوے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔آپ ان دنوں میں آسکتے ہیں۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔اور اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسلام

یکم ذی قعدہ ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

۴/۸۷۱ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مختار احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ قادر وکریم ہے۔ وہ پہلے سے بہتر وقت عطا فرمانے پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۶ ربیع الاوّل ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۵/۸۷۲ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مختار احمد صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸ شوال ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: ڈاکٹر مطیع الرحمٰن صاحب، لاہور

۱/۸۷۳ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب ڈاکٹر مطیع الرحمٰن صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور

Marfat.com

سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

حاملِ رقیمہ ہذا مولانا نذیر احمد صاحب کندیاں کے خطیب اور اپنے مہربان شفقت فرما ہیں۔اپنے ایک مریض کو لے کر تشریف لا رہے ہیں۔ ہر ممکن امداد سے دریغ نہ فرماویں۔فقیر ممنون ہوگا۔فقیر کی طرف سے والدہ محترمہ اور ہمشیرہ صاحبہ کو سلام۔

والسّلام

۸رشوال ۱۴۰۳ھ　　　　ازخانقاہ سراجیہ

## بنام: معین اللہ جان صاحب، لکی مروت

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱/۸۷۴

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

محترم معین اللہ جان صاحب زید مجدہٗ!

حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی کامل اتباع کی کوشش کریں۔اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمیعت و سکون کے ساتھ رکھے۔آمین۔

والسّلام

۲۲رذی قعدہ ۱۴۲۲ھ/ ۵رفروری ۲۰۰۲ء　　　　فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حضرت مفتی صاحب

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۱/۸۷۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. منجانب فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، محترمی جناب حضرت مفتی صاحب سلمہ ربہٗ ملاحظہ فرمائیں۔گرامی نامہ تعزیت موصول ہو کر باعث تسکین غمزدگان ہوا۔اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔واقعی حضرت (مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی) نور اللہ مرقدہٗ کی وفات اور اس کا صدمہ جملہ اہلِ اسلام کے لیے صدمہ ہے اور ہر فرد مسلمان اس صدمہ کی تعزیت کا مستحق۔اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ.

حضرت کی تکلیف کی ابتدا تو ۵، ۶رشوال سے ہوئی۔علی العموم دوپہر کو سموم کی وجہ

Marfat.com

سے قلب مبارک پر اثر نمایاں ہوتا تھا اور گرنے لگ جاتا تھا جس کی وجہ سے ظہر وعصر کو باہر تشریف نہیں لا سکتے تھے۔ کبھی کبھی قے کا دورہ بھی ہو جاتا تھا۔ علیٰ ہذا دو چار دن آرام اور پھر تکلیف۔ بیس شوال کے بعد یہ قے کی تکلیف متواتر ہوتی چلی گئی۔ نوبت یہاں تک آئی کہ اگر ایک پیالی پانی یا دوائی اندر جاتی تو اس سے کئی گونہ زیادہ پانی اندر سے دو تین منٹ کے وقفہ کے بعد قے ہو جاتا اور ساتھ جلن اندر سے اتنی سخت تھی کہ پانی چھڑکے بغیر چین نہ ملتا تھا۔ مگر باہر کا وجود مبارک سرد ہوتا تھا۔ بالآخر حکماء اور ڈاکٹر کیفیت مرض کی تشخیص سے عاجز آئے اور ۲۶ر شوال کی عصر کے بعد حضرت کی طبیعت مبارک گھٹنے لگی۔ حتیٰ کہ ۲۶ر اور ۲۷ر شوال کی درمیانی شب، شب خمیس کے ٹھیک ساڑھے بارہ بجے کو روح مبارک نے رفیق اعلیٰ کو پرواز فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ.

حضرت کے خلفاء اور احباب کا کافی مجمع تھا۔ بقیہ رات سب اہلِ خانہ پر بھاری گزری جس طرح کہ ایسے حوادث کے وقت پر ہوا کرتا ہے۔ صبح کو فقیر اور مفتی صاحب اور دیگر رفقاء نے غسل و تکفین کا فریضہ ادا کیا اور پورے نو بجے کو جنازہ مبارک ادا ہوا۔ اطراف سے لوگوں کا ہجوم ہو گیا تھا۔

دفن سے فراغت ہوتے ہوئے احباب نے مسئلہ خلافت پیش کر دیا۔ حضرت اعلیٰ مولانا ابوالسعد رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء سے حکیم چن پیر احمد صاحب خوشاب والہ اور ڈاکٹر محمد شریف موجود تھے۔ اور ان حضرت مرحوم کے خلفاء سے جناب حکیم عبدالمجید صاحب سیفی اور حضرت مفتی عطا محمد صاحب ملازم خدمت عالیہ موجود تھے۔ تو اولاً جناب سیفی صاحب نے ضرورت قائم مقام کی واضح فرمانے کے بعد اس ذمہ داری کے لیے فقیر کا نام پیش کر دیا۔ اس کے بعد مفتی صاحب نے اس کی اہمیت اور طریقۂ انتخاب اور علی الفور ہونا مدلل فرما کر حکیم صاحب کی تائید کی۔ اور ساتھ ظاہر فرمایا کہ حضرت اپنے مخصوص احباب کو اسی تعین و تقرر کی نشاندہی اپنی زندگی میں اشارۃً فرمایا کرتے تھے۔ اور متعدد طرف سے اس نامزدگی پر دلالت فرماتے تھے۔ امامت اور ختمات و انتظام جملہ معاملات خانقاہ مدرسہ مولانا خان محمد صاحب کے حوالہ فرمانا اور وہ بھی کافی عرصہ سے ہر ایک کے مشاہدہ میں ہے۔ اس کے بعد

Marfat.com

حکیم چن پیر احمد صاحب نے تائید فرمائی اور ان حضرات کو بقیہ احباب نے بیعت کے لیے مجبور کر دیا۔ بیعت شروع ہوگئی۔ اس کے بعد حضرت اعلیٰ کے ورثہ نے کچھ تشویش پیدا کی اور کر رہے (ہیں)۔ ادھر وہ لوگ بھی تشریف لے آئے جو کہ خود حضرت مرحوم سے پہلے ان کے تقرر کے وقت باوجودیکہ خود شیخ نے تقرر فرمایا تھا، ناراض تھے۔ بلکہ مدت العمر حضرت مولانا مرحوم نور اللہ مرقدۂ سے مخالف اور علیحدہ رہے۔ اس وقت بھی انہوں نے اپنا فرض ادا کیا۔ مگر بحمدہٖ تعالیٰ بعد حضرت مرحوم یا خود حضرت اعلیٰ کے خلفاء و منتسبین جتنے بھی حاضر ہوئے ہیں سب نے منشرح الصدر ہو کر بلا تذبذب کے تجدید فرمائی اور اپنی اپنی تائیدات پیش کیں۔ حضرت میاں حاجی جان محمد جو کہ حضرت اعلیٰ کے خلفاء سے ہیں، نے آتے ہی فرمایا کہ میں نے اس آخری سفر سرہند شریف میں حضرت مرحوم سے اس تقرر کا یقین حاصل کر لیا تھا۔ اور حضرت نے عدم اظہار کی وجہ بھی ارشاد فرمائی تھی۔ اس اعلان کے اطراف و اکناف سے بھی علی العموم منتسب حضرات داخل بیعت ہو گئے۔ اور سلسلہ شریف کا نظم و نسق بفضلہٖ تعالیٰ بدستور جاری ہو گیا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. البتہ مخالفین کی سعی مبارک نے یہ کام کیا کہ اعلیٰ حضرت کے ورثہ نے ہمیں مجبور کیا کہ ہماری خانقاہ چھوڑ دو۔ علی الفور حضرت مرحوم کے بال بچوں کو بمع سامان کے خانیوال پہنچا دیا گیا اور فقیر مع احباب و طلبہ و اساتذہ کے اپنے آبائی قصبہ موضع ڈنگ، جو کہ خانقاہ شریف سے دو میل مغرب کی طرف کنارا اور باہر واقع ہے، چلے گئے ہیں اور یہیں بفضلہٖ تعالیٰ پورے اطمینان سے اپنے مشاغل میں مصروف ہیں۔ احباب سیدھے ڈنگ پہنچ جاتے ہیں۔ وَالْخَيْرُ فِيْمَا صَنَعَ اللّٰهُ وَلَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِکَ اَمْرًا.

التماس دعا ہے اور عرض ہے کہ آپ حضرات اپنی دعاؤں میں امداد فرماویں تاکہ اللہ تعالیٰ اپنے حضرات کے نقشِ قدم پر چلنے اور اہلِ حقوق کی صحیح خدمت کرنے کی توفیق رفیق فرماوے۔ والسّلام۔ احباب تسلیمات کہتے ہیں، علی الخصوص جناب مفتی صاحب تحائف تسلیمات گزارش کرتے ہیں۔

والسّلام

۱۱/ذی قعدہ ۱۳۷۵ھ

از ڈنگ ڈاکخانہ خاص براستہ کندیاں

Marfat.com

## بنام: محترمہ منور جہاں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۷۶ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، مکرمہ ومحترمہ منور جہاں صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ آپ کو جمعیت ظاہری و باطنی وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ کسی وقت عشاء کے بعد بیٹھ کر یہ خیال کریں کہ میں فلاں بزرگ کے ہاتھ پر بیعت ہو رہی ہوں۔ پھر ایک دفعہ ایمان مفصل اور ایک دفعہ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ، اور ایک دفعہ کلمہ شہادت پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا کریں۔ نماز پابندی سے پڑھیں۔ نماز کے علاوہ ایک تسبیح کلمہ شریف کی اور ایک تسبیح درود شریف اور ایک تسبیح استغفار کی صبح وشام پڑھا کریں۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔

۹ رصفر المظفر ۱۴۲۴ھ والسّلام

## بنام: حضرت مولانا نثار احمد الحسینی صاحب مدظلہٗ، حضرو

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۷۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے بعالی خدمت حضرت مولانا المعظم نثار احمد الحسینی مدظلہ العالی۔

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ سلام مسنون کے بعد متادبانہ گذارش ہے کہ آپ کا رسالہ (ذکر الجہر کا شرعی حکم) مع مکتوب گرامی موصول ہوا۔ فقیر نے رسالہ کو غور سے مطالعہ کیا۔ ذکر جہر کے متعلق حضرات علمائے کرام دیوبند زید مجدہم کو غور سے پڑھا۔ مروّجہ طرق باطنی نقشبند، چشتی، قادری، سہروردی میں جو جو طرق ذکر جاری ہیں، سب شریعت حقہ متحقق ہیں۔ جو جو حضرات ان طرق باطنیہ کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان حضرات کو حضرات مشائخ رحمۃ اللہ علیہم سے تعلق اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ رکھنے کی توفیق نصیب

Marfat.com

فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۳ر جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: حضرت صاحبزادہ نجیب احمد صاحب بسط اللہ ظلہم العالی، خانقاہ سراجیہ

۱/۸۷۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی نجیب احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ پڑھ کر اطمینان ہوا۔ سعید احمد اور خان محمد سے بھی حالات معلوم کر کے مزید اطمینان ہوا۔ اور آپ خوب پڑھیں اور محترم لیکچرار صاحب کو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہ دیں۔ یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

سعد ... اور آپ کی امی آپ کو بہت یاد کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور لیکچرار صاحب اور ان کے سب گھر والوں کو ہمیشہ صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ سب گھر والوں کی طرف سے آپ کو بہت بہت سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۲ر محرم الحرام ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۸۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی نجیب احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ کریں کہ کل شام فون کر کے اطمینان ہوا۔ آپ کا سرٹیفکیٹ ارسال ہے۔ ۲۳ر اگست کو انتظار رہے گی۔ خوب محنت اور دل لگا (کر) پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرماوے۔ اور صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ آمین۔ گھر میں سب خیر و عافیت سے ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

سعد آپ کو بہت یاد کرتا ہے۔ آج صبح بھی کافی دیر "چاچو جیبو! چاچو جیبو!" کہہ کر روتا رہا۔ فقیر کی طرف سے سلطان محمود صاحب و دیگر سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۸ر محرم الحرام ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

## بنام: حافظ نذیر احمد نقشبندی مجددی صاحب، گوجرانوالہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۸۸۰ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ مکرم ومحترم حافظ نذیر احمد صاحب کی خدمت میں عرض گزار ہے کہ آپ کا خط کئی روز سے آیا ہوا تھا۔ کل پارسل بھی پہنچ گیا ہے۔

یہاں خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

ہم سب سکّانِ خانقاہ پاک شریف آپ کے لیے دعا گو ہیں۔ مولا پاک آپ کو ظاہری وباطنی پریشانیوں سے محفوظ ومصئون رکھے۔ آمین۔

حضرت صاحب کے متعلق وہی پہلی اطلاع ہے۔ نئی کوئی اطلاع نہیں آئی۔ سب احباب کی طرف سے سلام مسنون مطالعہ فرماویں۔ والسّلام

۱۲ رمحرم الحرام ۱۳۷۵ھ — از خانقاہ پاک سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲/۸۸۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. احقر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے خطوط پہنچے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ جناب حضرت صاحب قبلہ ۴-۵ ر اکتوبر تک رونق افروز خانقاہ پاک ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

چندہ کی رسیدات ارسال خدمت ہیں۔ مولا پاک جزائے خیر عطا فرماوے۔ سب احباب خیریت سے ہیں اور سلام مسنون کہتے ہیں۔ والسّلام

۱۳ رصفر ۱۳۷۵ھ/ یکم اکتوبر ۱۹۵۵ء — از خانقاہ پاک سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۳/۸۸۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ: احقر خان محمد عفی عنہ مکرم حافظ نذیر احمد صاحب کی خدمت میں عرض گزار ہے کہ آپ کا منی آرڈر موصول ہوا جو کہ بصد شکریہ وصول کیا۔ مولا پاک جزائے خیر عطا فرماوے۔ آمین۔ مزید برآں کار

Marfat.com

دعائے خیر میں حصہ لینے کی توفیق رفیق گردانے۔ آمین۔

رسیدات چندہ ارسال ہیں۔ ہر ایک کو پہنچادی جاویں۔ اور سب حضرات کی خدمت میں سلام مسنون عرض کردیویں۔ والسّلام

یکم شوال ۱۳۷۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۴
۸۸۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ از فقیر خان محمد عفی عنہ۔ محبی مخلصی نذیر احمد صاحب سلمہ ربہٗ ملاحظہ فرماویں۔ گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر نے آپ کو اور والدہ محترمہ اور بھائی صاحب و ہمشیرہ کو غائبانہ طور پر داخل طریقہ عالیہ نقشبند کرلیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مقبول فرماوے۔ حسب المعمول حضرات کرام ذکر و اذکار کا مشغلہ جاری رکھیں۔ فقیر دعوات سے یاد کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرات کرام کی برکات سے علی الدوام مستفید رکھے۔ فقیر خانگی مناقشات کی بنا پر خانقاہ شریف سے اپنے آبائی وطن ڈنگ کو چلا گیا ہے اور مدرسہ و درویش بھی ساتھ آگئے ہیں۔ بحمدہٖ تعالیٰ یہاں ہر طرح سے عافیت ہے۔ اور حضرات کی برکات سے اسی طرح ہر طرف سے قائم احباب سیدھے یہاں آجاتے ہیں، لہٰذا آئندہ خط و کتابت ڈنگ کے پتہ پر ارسال فرمایا کریں۔ سب کو تسلیمات۔

کتاب کی اشاعت کے سلسلہ میں فی الحال توقف فرماویں۔ بعد کو مشورہ کر کے مناسب طریقہ سے طے کیا جاوے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

خصوصیت سے ماسٹر شادی خان صاحب کی خدمت میں حاضر ہوں اور اُن کی خدمت میں عرض کریں کہ وہ منی آرڈر فقیر نے واپس کردیا ہے۔ اور تفصیل اقبال احمد صاحب کو سمجھادی ہے۔ نیز فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۲،۲۳ر جون کو لاہور ہوگا۔ احباب کو اِطلاع کردیویں۔ قیام جناب سیفی صاحب کے ہاں ہوگا۔ والسّلام

خان محمد عفی عنہ

۷ر ذی قعدہ ۱۳۷۵ھ از ڈنگ ڈاکخانہ خاص براستہ کندیاں، ضلع میانوالی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۵/۸۸۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی و معظمی جناب نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ذکر و شغل کی پابندی معلوم کر کے فرحت و مسرّت ہوئی۔ مولا پاک استقامت کرامت فرماوے۔ اور بیش از بیش توفیق عطا فرماوے۔ اور جملہ پریشانیوں سے نجات میسر فرماوے۔ اور جمعیتِ قلب روزی گردانے۔ آمین۔

آپ کے پہلے خط کا جواب دے دیا ہے۔ امید ہے کہ پہنچ گیا ہوگا۔ اُس میں اٹھرا کے متعلق عمل لکھ دیا تھا اور اجازت بھی دے دی تھی۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۱۴ر جمادی الثانیہ ۱۳۷۶ھ/ ۱۶ر جنوری ۱۹۵۷ء از ڈِنگ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۶/۸۸۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمی و مکرمی نذیر احمد صاحب سلمہ ربہ، معلوم فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہو کر باعثِ مسرّت ہوا۔ مولا پاک آپ کو اپنی محبت اور معرفت سے سرفراز فرمائے اور جملہ امورِ خیر میں کامیاب و شادکام فرمائے۔ آمین۔ فقیر اپنے احباب کے لیے وظیفہ دعا گوئی سے فارغ نہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

آپ پر روشن ہے کہ فقیر حال ہی میں سفر مبارک حجازِ مقدس سے واپس آیا ہے۔ خانقاہ شریف سے فی الحال باہر سفر کرنے سے فقیر معذور ہے... اللہ تعالیٰ آپ کو شادی خانہ آبادی کے انصرام اور تکمیل کے لیے توفیق و استعانت عطا فرمائے۔ آمین۔

خانقاہ پاک پر بحمد اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت ہے۔ جملہ احباب پرسانِ حال کو فقیر کا سلام پہنچاویں۔

فقط والسّلام

تحریر: ۲۶ر ربیع الثانی ۱۳۷۷ھ از خانقاہ سراجیہ مجددیہ سعدیہ، کندیاں

Marfat.com

۷
۸۸۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. مسنون بجانب فقیر خان محمد عفی عنہ، محترمی میاں نذیر احمد صاحب سلمہ ربہٗ معلوم فرمائیں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوکر کاشف حالات ہوا۔ اور آپ کی خیریت کا حال معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ آمین۔

فقیر کا تعلق آپ سے محض اللہ تعالیٰ اور اُس کی رضا کے لیے ہے۔ یہی اصل مقصود ہے۔ دیگر اُمور تابع اور زوائد میں سے ہیں۔ تابع اور زائد کو اَصل مقصد پر مقدم رکھنا دوراَندیشی سے بعید ہے۔ آپ کے گرامی نامہ میں کیفیت ذکر اور اتباعِ شریعت سے متعلق کچھ مذکور نہیں ہے۔ مولا پاک توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔

دعا ہے کہ مولا پاک بشیر احمد کو صحت عطا فرمائے۔ آمین۔

جملہ احباب پرسان حال تک سلام پہنچیں۔ والسّلام

تحریر ۲۶ ؍ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۷ھ از خانقاہ پاک سراجیہ سعدیہ مجددیہ، کندیاں

۸
۸۸۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ذکر و شغل کی پابندی معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ کیفیت بہت اچھی صحیح ہے۔ خواب میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زیارت طریقۂ پاک کے ساتھ مناسبت پر دَلالت ہے۔ مولا پاک مزید توفیق واستقامت عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون روزی گردانے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بہر وجوہ عافیت سے ہے۔ سب احباب خیریت سے ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۵ ؍ جمادی الثانیہ ۱۳۷۷ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۹
۸۸۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ذکر وشغل کی پابندی معلوم کر کے مسرّت وفرحت حاصل ہوئی۔ مولا پاک مزید اپنی یاد کی توفیق عطا فرماوے۔ اور دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور فرماوے۔ اور کاروبار میں برکت وترقی عطا فرما کر اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

آپ حضرت اقدس قدس سرہ العزیز کے ارشاد کے موافق حضرت مجدد قبلہ قدسنا اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کا ختم شریف تو پڑھتے ہی ہیں۔ پڑھنے کے بعد حضرت کے روح پر فتوح کو ثواب ایصال کر کے حضرت کے وسیلہ سے اپنی حاجات کی دعا اللہ تعالیٰ سے مانگا کریں۔ مولا پاک سب پریشانیوں سے نجات عطا فرماوے گا۔ علاوہ ازیں سورۂ لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ اوّل وآخر ایک ایک دفعہ درود شریف پڑھا کریں۔ اور فجر کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اوّل وآخر ایک ایک بار درود شریف پڑھا کریں۔ مولا پاک شرِ اعداء سے محفوظ رکھے گا۔

نیز رَجب آرہا ہے۔ گذشتہ سال کی طرح زکوٰۃ کی مَد سے کچھ فراہمی ہو سکے تو کوشش کریں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۲۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۷۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰
۸۸۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ خواب معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ سانپ اور بچھو مولا پاک کے راستے کی رکاوٹیں ہیں، جن کو آپ عبور کر کے اپنے مقصد تک پہنچ گئے ہیں۔ مولا پاک استقامت کرامت فرماوے۔ اور اپنے مقاصد میں کامیابی نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بہر وجوہ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسلام
۴ رشوال المکرّم ۷۷ ۱۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۱/۸۹۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ شرف صدور لا کر کاشف حالات ہوا۔ کیفیت اور اپنے مشائخ سے محبت اور مشائخ عظام کے الطاف کا پڑھ کر مسرّت وفرحت حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس تعلق اور محبت کو اضعافاً مضعافاً کرے۔ آمین۔ اپنے مشائخ سے جس قدر تعلق اور محبت زیادہ ہوگی اُسی قدر اللہ تعالیٰ کے انعامات اور الطاف بڑھتے چلے جاویں گے۔ گزارش یہ ہے کہ جب کبھی کسی بزرگ کے مزار یا کسی زندہ بزرگ کی زیارت کا اِتفاق ہو تو اُس وقت اپنے مشائخ عظام کی طرف متوجہ رہنا چاہیے۔ اور جو کچھ باطنی اور روحانی فائدہ پہنچے اُس کو اپنے مشائخ کی طرف منسوب کرنا چاہیے، کیونکہ اپنے مشائخ کرام ہی کی برکت سے وہ اس قابل ہوا ہے جو اُس کو حاصل ہو رہا ہے۔ فقیر دعا گو ہے، اللہ تعالیٰ محض اپنے فضلِ عمیم سے آپ کو صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھ کر برکاتِ طریقہ سے مستفیض فرماوے۔ اور مکروہاتِ دارین سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسلام
۱۲ رشوال المکرّم ۷۷ ۱۳ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۲/۸۹۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کا خط پڑھ کر فقیر کو بہت مسرّت ہوئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے مشائخ کے ساتھ جو تعلق اُلفت اور محبت نصیب کی ہے وہ خال خال کسی کو نصیب ہوتی ہے۔ یہ بہت بڑی

Marfat.com

نعمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے نصیب فرمائی ہے اِس کا جس قدر شکر ادا کیا جائے، تھوڑا ہے۔ حضرات کبار نقشبندیہ مجددیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے برکات و وسیلہ سے دوسرے دنیاوی تفکرات آہستہ آہستہ ختم ہوتے جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر دعا گو ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل وکرم سے صراطِ مستقیم پر استقامت عطا فرما کر اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ اور کاروبار میں برکت عطا فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان وسکون عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بہر وجوہ عافیت سے ہے۔ اور بھی خانقاہ پاک میں بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. آپ کی مرسلہ دو لنگیاں پہنچ گئی ہیں۔ جو چیز اللہ تبارک و تعالیٰ بے خواست اور بغیر سعی وکوشش اور بن مانگے عطا فرماوے وہ پسند ہی پسند ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۲۶ رشوال المکرّم ۱۳۷۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۳
۸۹۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. ازفقیر خان محمد عفی عنہ، بخدمت گرامی محبّ واعز میاں نذیر احمد گزارش آنکہ گرامی نامہ دیر سے مانسہرہ آموصول ہوا۔ خیریت معلوم ہو کر مسرّت ہوئی۔ ایک ہفتہ بعد واپس خانقاہ شریف پہنچنا ہوگا۔ باقی ہر طرح خیریت ہے۔ صوفی صادق صاحب بھی آگئے ہیں۔ والسّلام

۲۵ رذی قعدہ ۱۳۷۷ھ ازمانسہرہ

۱۴
۸۹۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ صادر ہو کر کاشف حالات ہوا۔ خیریت وعافیت معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ فقیر بھی بفضلہٖ تعالیٰ بہر نوع عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

وَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی سَلَامَتَکُمْ وَعَافِیَتَکُمْ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاِسْتِقَامَتَکُمْ عَلٰی جَادَةِ الشَّرِیْعَةِ وَالسُّنَّةِ الْمُصْطَفَوِیَّةِ عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّةِ آمِیْن بِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّم۔[1]

فقیر کی طرف سے شوکت صاحب ودیگر احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔

والسّلام

۲۲ / ربیع الاوّل ۱۳۷۸ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۵ / ۸۹۴

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ شراکت کا پڑھا۔ دعا ہے کہ مولا پاک اس کو باعث برکت کرے اور بخیر وخوبی اس کو سرانجام فرماوے۔ آمین۔

فقیر دعا گوئی میں کوتاہی نہیں کرتا۔ مولا پاک محض اپنے فضل وکرم سے مستقل دکان کا سبب ازغیب پیدا فرماوے۔ اور نیز کاروبار میں برکت عطا فرما کر ظاہری وباطنی اطمینان و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

آپ صرف دکان میں کامیابی کی نیت سے نصف شب کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَارَبّ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مولا پاک کامیابی عطا فرماویں گے۔ ہر روز پڑھنے کے بعد مولا پاک سے نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا مانگیں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔

والسّلام

۱۵ / شوال المکرّم ۱۳۷۸ھ — از خانقاہ سراجیہ

---

۱۔ اللہ تعالیٰ سے آپ کی دین، دنیا اور آخرت کی سلامتی وعافیت اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت اور سنت کے راستے پر استقامت کا سوال ہے۔ آمین، نبی الامّی صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل۔

Marfat.com

۱۶/۸۹۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ مولا پاک اپنے فضل و کرم سے آپ کی اس پریشانی کو بااحسن وجوہ رفع فرماوے اور اُس شریرہ سے آپ کو نجات میسر فرما کر ہمہ قسم کا اطمینان و سکون مرحمت فرماوے۔ آمین۔

آپ اِس قدر گھبرا کیوں گئے ہیں۔ ہمت بلند اور طبیعت کو مضبوط رکھیں اور اللہ تعالیٰ سے بہتری کی اُمید رکھیں۔ اس جمیلِ مطلق کی طرف سے جو کچھ ہوتا ہے، سراسر جمیل ہی ہوتا ہے۔ اور اِس طرح مایوس ہو جانا اپنے لیے نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ سورۂ لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اوّل و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف خاص اِسی شر کے دفع کی نیت سے پڑھا کریں۔ اور صبح کی نماز کے بعد ۱۰ دفعہ اوّل و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ مولا پاک اپنے فضل سے ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

جو دوپٹہ دیسی جارجٹ کا آپ نے کہا تھا کہ میں دُھلا کر بھیج دوں گا، وہ دو دوپٹے بھیجیں۔ ایک انگوری رنگ کا ہو اور دوسرا سفید ہو۔ اور قیمت سے بھی مطلع کریں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۶ رجمادی الاولیٰ ۱۳۸۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۷/۸۹۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ عزیز عبدالحمید کے ذریعے آپ کا رقعہ ملا۔ خیریت کا پڑھ کر مسرت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنی حفاظت میں محفوظ و مصئون رکھے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق

Marfat.com

گردانے۔ اور جمعیتِ خاطر وسکونِ قلب میسر فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ کے بھائی کے لیے بھی دعا کرتا ہے کہ مولا پاک اُس کو نیک وصالح اور لائق کرے اور آپ کا فرمانبردار بناوے۔ اور آپس میں صلح اور اِتفاق سے رکھے۔ اور اُس کو اولادِ صالحہ مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۶ رربیع الثانی ۱۳۸۱ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۸/۸۹۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ پریشانی کا پڑھ کر صدمہ ہوا۔ اِس دفعہ آپ بہت گھبرا گئے ہیں۔ اِس طرح بے چین ہونے سے کیا ہو جاتا ہے؟ اپنے آپ کو مضبوط رکھیں۔ اور نہایت اطمینان وسکون سے رہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فضل شاملِ حال ہو تو کوئی بھی کچھ نہیں کرسکتا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل شاملِ حال رکھے۔ اور اِن لوگوں کے شر سے اپنی حفاظت میں مصئون ومحفوظ رکھے۔ ان کو بااحسن وجوہ دفع فرماوے۔ اور آپ کو اِطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۱۳ رربیع الثانی ۱۳۸۱ھ ازخانقاہ سراجیہ

۱۹/۸۹۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ خیریت وعافیت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور اپنے انعامات سے

Marfat.com

نوازے۔ اور اپنی مرضیات پر عمل کرنے کی توفیق رفیق گردانے۔ اور دنیا و آخرت کی حقیقی مسرتوں اور راحتوں سے مشرف فرماوے۔ آمین۔

تعویذ اَرسال ہیں۔ بدستور سابق استعمال کروا دیں۔ اس کے علاوہ آدھ پاؤ سیاہ مرچ اور آدھ پاؤ اَجوائن دیسی لے کر اُس پر اِکتالیس بار سورۂ والشّمس، ہر بار اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ یعنی اکتالیس بار کے ساتھ ۸۲ بار درود شریف ہو جائے گا۔ پڑھ کر اُس پر دَم کریں۔ اور یہ اُن کو دیں کہ رات کو سوتے وقت تین دانے اَجوائن اور ایک دانہ مرچ کالے کر نگل لیا کریں۔ چبائے نہ جائیں اور نہ اوپر سے پانی پیا جائے۔ یہ بلا ناغہ شروع کر رکھیں۔ مولا پاک فضل فرماوے۔ اور اِس کی آرزو اور تمنا کو پورا کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۴ ررجب ۱۳۸۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۰/۸۹۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط اور منی آرڈر بھی موصول ہو چکے تھے۔ پارسل کی انتظار میں جواب میں تاخیر کی گئی۔ لیکن ابھی تک پارسل موصول نہیں ہوا۔ باعث بخیر ہو۔ طبیعت کی علالت اور مکان میں رہائشی لوگوں کی طرف سے پریشانی کا پڑھ کر اَفسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے صحت کاملہ و شفائے عاجلہ نصیب فرماوے اور مکان والی پریشانی سے فوری نجات عطا فرماوے۔ اور اُن کے شر سے کلیتًا اپنی حفاظت میں رکھے۔ اور ہمہ قسم کا اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

پریشانیاں بے شک آتی ہیں۔ وہ انسان ہی کیا جس کو اِس دورِ ابتلاء میں مختلف احوال سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ انسان کا جوہر نفیس انہی حوادث میں مبتلا ہونے سے آشکارا ہوتا ہے۔ جوانمرد وہ ہے جو تمام احوال کو من جانب اللہ سمجھ کر جو کچھ اس جمیل مطلق کی طرف سے آئے، نہایت تسلیم و رضا سے اُس کو قبول کرے۔ اور اُس کو اپنے لیے سراسر رحمت تصور

Marfat.com

کرے۔ اگر چہ بادی النظر میں اس کو وہ حالات اچھے نہ لگتے ہوں، لیکن حقیقتاً وہی اُس کے لیے خیر ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے رضا بقضاء کی کیفیت نصیب فرماوے۔ اور صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھے۔ اور دارین کی عزت وآبرو کرامت فرماوے۔ آمین۔

ہر نماز کے بعد سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس مرتبہ اوّل وآخر درود شریف پانچ پانچ مرتبہ ان کے دفع شر کے لیے پڑھنا شروع کر دیں۔ اور نہایت مضبوطی سے پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ہوگا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے والدہ صاحبہ ودیگر افراد کو سلام اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۳ر ربیع الاوّل ۱۳۸۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۲۱/۹۰۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ قرعہ میں نام نہ آنے کا پڑھ کر افسوس ہوا، لیکن سوائے افسوس کے اور بندہ کر ہی کیا سکتا ہے؟ اس سلسلہ میں پریشان ہو کر وقت کو ضائع نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کو اِسی طرح منظور تھا۔ مرضی مولا ہمہ اولیٰ۔ جب اُس کو منظور ہوگا تو اَسباب بھی پیدا فرما دیوے گا۔ آپ کے اختیار میں جو کچھ تھا وہ آپ کر گزرے ہیں۔ اس سلسلہ میں عند اللہ تو آپ ماجور ومناب ہیں۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. پانچ اپریل کے جہاز پر روانگی کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر آپ سب کی خیریت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون پہنچیں۔

والسّلام

۲۵ر شعبان ۱۳۸۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۲
۹۰۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور آپ کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

رمضان المبارک کا یہاں ہفتہ سے پہلا روزہ ہے۔ اور نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ آپ کے قرآن پاک سنانے کی وہاں کوئی صورت ہوئی ہے یا کہ نہیں؟ اگر قرآن پاک سنانے کی کوئی صورت نہیں اور فارغ ہیں تو پھر دس رمضان المبارک کی صبح تک یہاں پہنچ آئیں۔ درمیان والے عشرہ میں یہاں سنالیں۔ ختم کر کے بیس کو واپس ہو جائیں۔ اگر سنا رہے ہیں تو پھر حسبِ دستور بیس کی صبح تک یہاں پہنچ جائیں۔

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون پہنچیں۔ والسّلام

۴ رمضان المبارک ۱۳۸۲ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۲۳
۹۰۲

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات معلوم کر کے رنج اور صدمہ ہوا۔ اور اِس سے مزید افسوس ہوا کہ آخری عشرہ میں یہاں قرآن پاک سنانے کی سعادت سے بھی یہ پریشانیاں مانع ہوئیں۔ فقیر اپنی طرف سے وظیفۂ دعا گوئی میں غفلت نہیں کرتا۔ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور اِن جملہ پریشانیوں کو دُور فرماوے۔ اور دکان و مکان کا ازغیب بہتر سے بہتر سبب پیدا فرما کر جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۱ رمضان ۱۳۸۲ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۲۴
۹۰۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ ماسٹر صاحب کا ارسال کردہ منی آرڈر بھی مل گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کمائی میں برکت وترقی عطا فرماوے۔ اور کاروباری جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور اِنکم ٹیکس کے شر سے بھی بچاوے۔ مکان ودکان کے سلسلہ میں پوری پوری کامیابی نصیب فرماوے۔ اور جمعیت ظاہری وباطنی مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام مسنون۔

عزیز محمد عابد صاحب کی شادی خانہ آبادی کا ولیمہ ۲۳/اکتوبر (۱۹۶۴ء) جمعہ کے دن ہوگا۔ ولیمہ میں شرکت کی دعوت ہے۔ ۲۳/اکتوبر کی صبح کو خانیوال پہنچنا ہوگا۔

والسّلام

۲۴/جمادی الاولیٰ ۱۳۸۴ھ　　　　از خانقاہ سراجیہ

۲۵
۹۰۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ غم والم سے بھرپور خط فقیر کی طبیعت پر بہت ہی اثر انداز ہوا۔ فقیر اپنے ساتھیوں کی معمولی سی تکلیف کا بہت زیادہ احساس پہلے بھی کرتا ہے۔ اور اپنی طرف سے ہمت اور توجہ اور تضرع وزاری الی اللہ تعالیٰ میں کوتاہی نہیں کرتا ہے۔ اپنے بس میں جو کچھ ہوتا ہے اُس سے کبھی دریغ نہیں ہوا، لیکن کارخانۂ قدرت میں کسی کو دخل نہیں ہے۔ وہ ذاتِ کریم اپنے کسی عاجز بندے کی عاجزی وزاری اپنے فضل سے قبول کرے تو اُس کا احسانِ عظیم ہے۔ بہر حال بارگاہِ ایزدی میں بے حد عجز وافتقار سے دعا ہے کہ وہ اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کی جمیع مشکلات کو آسان فرماوے۔ اور جملہ پریشانیوں کو دُور فرماوے۔ اور اپنے ہمہ

Marfat.com

مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرما کر جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔آمین۔

فقیر ذیل میں ایک عمل درج کر رہا ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکلات حل ہوتی رہیں گی۔مگر اس کو ہمت اور استقامت کے ساتھ پابندی سے پڑھتے رہیں۔خلل نہ آئے۔اگر ممکن ہو تو تہجد کے وقت، ورنہ مغرب یا عشاء کی نمازوں کے بعد رات میں پڑھیں۔چار رکعت نفل بہ نیت دفع مصائب ومشکلات پڑھیں۔پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنتَ. وَکَذٰلِکَ نُنجِی الْمُؤْمِنِیْنَ تک پوری آیت سو بار، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ. سو بار۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ. سو بار۔چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ. سو بار۔سلام کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ. سو بار پڑھ کر دفعِ مشکلات و مصائب کے لیے بحضور قلب اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا مانگا کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی عرصے میں بہتر وعمدہ نتائج ظاہر ہوں گے۔

سو کا عدد گننے کے لیے نماز میں تسبیح ہاتھ میں لے سکتے ہیں۔ہاتھ باندھے نماز میں شمار کر سکتے ہیں۔اللہ تعالیٰ پابندی کی توفیق عطا فرماوے اور فائدہ مند گردانے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے والدہ صاحبہ ودیگر احباب کو سلام مسنون اور بچوں کو دعوات۔

والسّلام

۲۸ر جمادی الاولیٰ ۱۳۸۵ھ　　　　　　　　از خانقاہ سراجیہ

۲۶
۹۰۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۳ر نومبر منگل کی صبح کو

Marfat.com

ماڑی انڈس پر لاہور پہنچے گا۔اطلاعاً عرض ہے۔ والسّلام

۲۳؍رجب ۱۳۸۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۷/۹۰۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر جب واپس پہنچا تو بچوں کو بخار تھا۔ پھر وہ میعادی بن گیا۔ علاج کی مصروفیت اور دیگر مصروفیت کی وجہ سے عافیت کی اطلاع نہ دے سکا۔ اب بفضلہٖ تعالیٰ سب کو آرام ہے۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم رکھے۔ اور سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ کی مشکلات کو آسان فرماوے۔ اور جملہ پریشانیوں کو دُور فرماوے۔ کاروباری الجھنوں کو دُور فرماوے اور برکت وترقی عطا فرما کر اطمینان وسکون مرحمت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۴؍محرم ۱۳۸۶ھ ازخانقاہ سراجیہ

۲۸/۹۰۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مطالعہ کریں کہ گرامی نامہ مسرّت آمیز خیر کے ساتھ موصول ہوا۔ الحمدللہ ہر کام حسب منشا ہو گیا۔ مولا کریم مبارک کرے اور رزق حلال ووسیع عطا فرما کر اپنی یاد میں مشتغل رکھے۔ اور ماسوا سے نجات کلی مرحمت فرماوے۔ شکر خداوندی بجالائیں۔ لَئِنۡ شَکَرۡتُمۡ لَاَزِیۡدَنَّکُمۡ کا وعدہ خداوندی پیشِ نظر رکھئے۔ اللہ تعالیٰ برکات طریقہ پاک سے بہرہ اندوز فرمائے۔ آمین۔ والسّلام

ازاحقر محبوب الٰہی عفی عنہ بعد سلام مسنون ملاحظہ کریں کہ بندہ ادارہ کے سلسلہ میں

Marfat.com

تقریباً ایک ماہ سے زائد مدت سے سفر میں ہے۔اس وقت حضرت صاحب قبلہ کی خدمت میں حاضر ہے۔دو تین روز میں لاہور واپسی کا قصد ہے۔دعا فرماویں۔

دھوتیوں کی انتظار ہے۔ والسّلام

۲۹رصفر ۱۳۸۶ھ از خانقاہ پاک

۲۹
۹۰۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں عافیت اور عزت کے ساتھ رکھے۔اور کاروبار میں عنداللہ جو صورت بہتر ہو اُسی کے اسباب ازغیب پیدا فرماوے۔اور ہمہ قسم کا اِطمینان و سکون کرامت فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔اور والدہ ماجدہ کو بھی سلام اور بچوں کو دعوات۔ والسّلام

۲۲ر ربیع الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۰
۹۰۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ پاک میں بھی بہر نوع عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔اور اپنی حفاظت میں صحت اور عزت و آبرو سے رکھے۔اور اپنے ہمہ مقاصد میں پوری پوری کامیابی عطا فرماوے۔اور جمعیتِ ظاہری و باطنی مرحمت فرماوے۔آمین۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۱ / ربیع الثانی ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۱ / ۹۱۰ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے خطوط ملتے رہے۔ عزیز کی وفات کا پڑھ کر ازحد صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ. اللہ تعالیٰ اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور عزیز کو آپ کے لیے باعثِ اجر وذخر اور فرط بناوے۔ اور اُس کا نیک وصالح اور معمر نعم البدل عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

جمیع بنی آدم ایک مقررہ مدت کے لیے اس دنیا کو آباد رکھنے کے لیے آتے ہیں۔ وہ مدت ختم ہوئی اور تشریف لے گئے۔ اور وہ مدت دنیا پر آتے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ جو جو وقت گزرتا جاتا ہے، وہ معینہ وقت قریب آتا جاتا ہے۔ اور اِنسان اپنی غفلت کبریہ سے اس خیال میں ہوتا ہے کہ بچہ مہینہ کا ہو گیا، سال کا ہو گیا، چار سال کا ہو گیا۔ جوں جوں وقت گزرتا جاتا ہے، والدین کی توقعات بچے سے زیادہ وابستہ ہوتی جاتی ہیں، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اور وہ یہ کہ جوں جوں وقت گزرتا جاتا ہے وہ اُس کی عمر میں کم ہوتا جاتا ہے۔ ہمارے نزدیک وہ بڑا ہو رہا ہے، اور حقیقت میں گھٹ رہا ہے۔ عزیز اُتنی ہی مدت کے لیے یہاں آیا تھا جتنے دن وہ یہاں گزار گیا۔ جملہ بنی نوع انسان کی زندگی ایک مستعار چیز ہے۔ اور اصل مالک اِس کا قادر ومختار ہے کہ اس کو اپنی چیز واپس لیتے وقت جس کے پاس اتنی مدت رہی اس سے پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں۔ ایک طرف غنی اور قادر مطلق ہیں اور دوسری طرف عاجز ومجبورِ محض مخلوق ہے۔ اور مخلوق بچاری کو سوائے تسلیم ورضا کے کوئی چارۂ کار نہیں ہے، اسی لیے اس کی تعلیم یہی ہے کہ ایسے وقت میں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ہی پڑھ کر اپنے آپ کو تسلیم ورضا کے راستے پر ڈال دیں اور بس۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم شاملِ حال رکھے۔ اور اپنی حفاظت میں عافیت اور صحت وعزت اور آبرو سے رکھے۔

Marfat.com

اور سب گھر والوں کو صبرِ جمیل اور سکون و جمعیت عطا فرماوے۔ اور رضا بقضاء کی نعمت سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

آپ کے انتظار کی وجہ سے جواب میں قصداً تاخیر کی ہے، جس کی معذرت پیش ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب گھر والوں کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۸؍ جمادی الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۲
۹۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ نئے مولود کی وفات کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ.

مرضی مولا ہمہ اولیٰ۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے دونوں کو والدین کے لیے اجر و ذخر اور فرط بناوے۔ اور نیک و صالح اور معمر نعم البدل عطا فرماوے۔ اور سب کو جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آج ایک روز کے لیے باگڑ جا رہا ہے۔ باگڑ سے ۱۲؍ ستمبر کو گوجرہ ایک روز کے لیے جاوے گا۔ ۱۴؍ ستمبر کی صبح کو لائل پور جاوے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہاں بھی ایک دن قیام کا قصد ہے۔ جمعہ کی صبح کو خانقاہ پاک واپسی ہوگی۔ اسی روز شام کو مردان جانا ہے۔ اس عرصہ میں فوری حاضری مشکل ہے۔ معذور فرماویں۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۲۳؍ جمادی الاوّل ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۳
۹۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ عافیت اور صحت کا

Marfat.com

پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ آئندہ بھی مولا پاک اپنی حفاظت میں عافیت اور صحت و عزت کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیتِ ظاہری و باطنی کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کو ہفتہ عشرہ سے نزلہ و کھانسی کی شدید تکلیف ہے۔ اِسی وجہ سے خط و کتابت کا سلسلہ بھی رکا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۱۲/شعبان ۱۳۸۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۴/۹۱۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ کی خیریت و عافیت اور صحت کا متمنی ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور اپنے خزانۂ غیب سے صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرما کر سب متعلقین کو جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۸/اگست کو ملتان کی طرف سے عوامی پر لاہور پہنچ جاوے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ فقیر کو لاہور ضرور ملیں۔ ایک ضروری کام بھی ہے۔ دیگر احباب کو بھی اطلاع کر دیں۔ فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۶/ربیع الثانی ۱۳۸۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۳۵/۹۱۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محبی مکرمی حافظ نذیر احمد صاحب دعوات خیر و تسلیمات مطالعہ فرماویں۔ گرامی نامہ موجب دعا و توجہ غائبانہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ آثار قبولی مرتب فرماویں۔ احوال سے پوری اطلاع ہوئی۔ فقیر بڑی دلسوزی سے آپ کے حق میں دعا کرتا ہے کہ جملہ پریشانیوں

Marfat.com

سے حق تعالیٰ محفوظ رکھے۔ فریضہ حج سے بخیر وخوبی سبکدوشی ہو اور اِن مقاماتِ مقدسہ کی برکات سے بہرہ کامل نصیب ہو۔ کاروبار میں کوئی دشواری پیش نہ آئے، جو ہے وہ دور ہو جائے۔ اور رفقائے کار ایثار پیشہ اور نیک معاملہ مل جائیں۔ آمین۔

جنابِ رشید صاحب واہلِ خانہ سب کی خدمت میں سلام و دعوات خیر پہنچا دیں۔

والسّلام

۲؍رمضان المبارک ۱۳۸۷ھ — از خانقاہ پاک

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۳۶ / ۹۱۵ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر کو ایک تعزیت کے لیے فوری طور پر باگڑ جانا پڑ گیا تھا، اس وجہ سے جواب میں تاخیر ہوتی رہی۔ کل صوفی صاحب نے دنبہ خرید کر کے ذبح کروا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ آمین۔

نماز والا مسئلہ وہاں بڑا مشکل ہے۔ ہر حال میں ہمت سے کام لیں۔ جماعت کی پابندی بھی کریں اور اعادہ بھی کرتے رہیں۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور آپ کو حج مقبول ومبرور نصیب فرماوے۔ اور اِس مبارک سفر کو اپنی حفاظت میں بصحت و عافیت سرانجام فرماوے۔ اور صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ واپس لاوے۔ آمین۔ اور گھر کے جملہ امور کی بھی حفاظت فرماوے۔ آمین۔

اَللّٰهُمَّ اَحۡسِنۡ عَاقِبَتَنَا فِي الۡاُمُوۡرِ كُلِّهَا وَاَجِرۡنَا مِنۡ خِزۡيِ الدُّنۡيَا وَعَذَابِ الۡاٰخِرَةِ. آمین.

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

وہاں مقدس مقامات میں اس فقیر کو بھی اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

والسّلام

۱۲؍شوال ۱۳۸۷ھ — از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۳۷/۹۱۶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ سفرِ مبارک حج سے بعافیت واپسی کا معلوم کر کے از حد مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنے فضل سے آپ کے اس سفر کو مقبول کرے اور اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ اور بار بار حرمین شریفین کی حاضری کی سعادت سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۱۸ ر محرم کو واپس خانقاہ پاک پہنچ آیا تھا۔ خانقاہ پاک میں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ یہاں سے یکم مئی بدھوار کی صبح کو روانہ ہو کر ملکوال پہنچے گا۔ اور ملکوال سے اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲ ر مئی جمعرات کے روز براستہ لالہ موسیٰ عوامی ایکسپریس پر سوار ہو کر لاہور جاوے گا۔ اطلاعاً عرض ہے۔ احباب کو اِطلاع فرمادیں۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۷ ر محرم ۱۳۸۸ھ

از خانقاہ سراجیہ

۳۸/۹۱۷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. از فقیر خان محمد عفی عنہ، محبّ مکرم اعزی وارشدی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں۔ خیریت نامہ ملا۔ خیریت معلوم ہو کر خوشی ہوئی۔ فقیر بھی بحمد اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ بخیریت ہے۔

ذکر وفکر کی پابندی کا پڑھ کر بہت ہی مسرّت ہوئی۔

ع کار این است و غیر این ہمہ ہیچ

جملہ احبابُ بخیریت، فقیر آپ کی سلامتی دارین کے لیے دعا گو ہے۔ مولا پاک شر اعداء دارین سے بچائے۔ ماسٹر صاحب بخیریت ہیں۔ ان کی اور دوسرے احباب کی طرف سے سلام مطالعہ فرماویں۔ وہاں سب احباب کو سلام کہیں۔

والسّلام

۱۹ ر صفر المظفر ۱۳۸۸ھ

از کوئٹہ

Marfat.com

۳۹ / ۹۱۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بچی کی پیدائش سے دل تنگ نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی اِس دین پر راضی ہوں۔ حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ اپنے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی چار صاحبزادیاں ہیں، جن میں سے ایک فقیر کی اہلیہ مرحومہ کا انتقال ہو گیا ہے اور باقی تین زندہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ آئندہ اپنا فضل فرماوے۔ اور نیک و صالح اور لمبی عمر والے فرزندوں سے سرفراز فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

مولا پاک اپنے فضل سے ان بچیوں کو نیک و صالحہ اور باحیا اور بختاور بناوے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۷/ ذی قعدہ ۱۳۸۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۰ / ۹۱۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بچی کی پیدائش سے آپ سب کا غمگین ہونا فطری اَمر ہے۔ اور یہ تقضائے بشریت ایسا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اِسی طرح منظور تھا۔ اور یہ فعل سراسر اُسی کی قدرتِ کاملہ کا اَثر ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے بچیاں عطا فرماتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے بچے عطا فرماتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے عقیمہ بنا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اس صفتِ تخلیق میں کسی کا کوئی دَخل نہیں ہے۔ اور نہ کوئی ایسا کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ یہ چیز جادو وغیرہ کے اثر سے بالاتر ہے۔ جادو ہوگا، اُس کے ہونے سے کوئی انکار نہیں، لیکن اُس کے اثرات دوسرے قسم کے ہوتے ہیں۔ بہر حال اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ فضل فرماوے۔اور دستگیری فرماوے۔اور آئندہ اپنے فضل سے سرفراز فرماوے۔اور نیک وصالح اور لمبی عمر والا فرزند عطا فرماوے۔اور غمگین دلوں کو فرحت ومسرّت اور خوشیاں نصیب فرماوے۔آمین۔

دفع سحر کے لیے بہت کچھ ہوسکتا ہے۔ یہ کوئی مشکل امر نہیں ہے۔عند الملاقات اِنشاءاللہ تعالیٰ اس کے متعلق گزارش ہوگی۔فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۸رنومبر اتوار کی صبح کو ملتان کی طرف سے عوامی پر لاہور پہنچے گا۔اور پھر گوجرانوالہ کا بھی ارادہ ہے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔

والسّلام

۵رشوال ۱۳۹۱ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۴۱/۹۲۰

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

مکرم حافظ صاحب زیدمجدکم! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

آپ کے تینوں خط ملے۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر اِنشاءاللہ تعالیٰ ۲۸رجنوری کو کراچی پہنچے گا۔کراچی سے اُسی روز روانہ ہوکر ۲۹رجنوری کو خیبر میل پر ملتان پہنچے گا۔ ملتان سے ۳۰رجنوری کی صبح کو خانقاہ پاک پہنچ جاوے گا۔اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸رذی الحج ۱۳۹۲ھ/۱۳رجنوری ۱۹۷۳ء

از مکہ مکرمہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. ۴۲/۹۲۱

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط مکہ مکرمہ ملا تھا۔اور بشیر سے ملاقات ہوئی تھی۔انہوں نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کوئی اور معلم کیا تھا۔اور وہ خیریت سے تھے۔ہم لوگ ۲۰رجنوری کو مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔ یہاں سے ۴رفروری کو روانگی ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔۶رفروری کو کویت پہنچیں گے۔اور کویت سے موٹر اور ڈرائیور کو بحری

Marfat.com

جہاز پر بک کریں گے اور ہم لوگ ۹ رفروری کو ہوائی جہاز پر سوار ہوکر رات کو کسی وقت کراچی پہنچیں گے۔ اور کراچی سے ۱۱ رفروری کو خیبر میل پر سوار ہوکر ملتان روانہ ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ہم سب ساتھی بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

آپ سب احباب کے لیے دعاؤں میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔ آمین۔ سب احباب کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔

والسّلام

۲۲ رذی الحج ۱۳۹۲ھ / ۲۷ رجنوری ۱۹۷۳ء — از مدینہ منورہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴۳/۹۲۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ابھی خانیوال پہنچنے پر موصول ہوا۔ مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے اور آپ کو ہر فتنہ و فساد سے محفوظ رکھے۔ اور مخالفوں کو اپنے عزائم میں ناکام فرماوے۔ اور آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ محفوظ و مصئون رکھے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

رات کو سوتے وقت: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تین بار اور بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار اپنے سارے مکان کا تصور کر کے پڑھا کریں۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ گیارہ بار پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے محفوظ و مصئون رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون ودعوات۔ والسّلام

۳؍صفر ۱۳۹۴ھ از خانیوال

۴۴/۹۲۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط موصول ہوا۔ گھر والوں کی تکلیف کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آئندہ اِس تکلیف سے محفوظ رکھے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغلِ خیر میں مصروف رکھے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۸؍جمادی الثانیہ ۱۳۹۴ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۵/۹۲۴ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں گرامی نامے یکے بعد دیگرے موصول ہوئے۔ حالات معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ اور آپ سب کو اپنی حفاظت میں صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ پریشانیوں کو دُور فرماوے۔ اور جمیع مخالفوں کے شر اور کینہ وحسد سے محفوظ رکھے۔ اور اُن کے مکائد کو ناکام فرماوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

پہلے معلوم نہیں، بتایا ہے یا کہ نہیں؟ بہر حال آپ صبح، ظہر، عشاء کی نمازوں کے بعد درود شریف تین بار، الحمد للہ مع بسم اللہ سات بار، آیت الکرسی سات بار، چاروں قل مع بسم اللہ سات سات بار پڑھ کر اپنے اوپر بھی دم کر دیا کریں اور پڑھتے وقت تھوڑا سا پانی دم کر لیا

Marfat.com

کریں، وہ گھونٹ گھونٹ سب گھر والوں کو پلا دیا کریں۔ اور اِس پر پابندی کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر آسیب والا قصہ ختم ہو جاوے گا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۱/رجب ۱۳۹۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۶/۹۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کی مصیبتیں دور فرماوے۔ اور آپ کو نیک و صالح اور عمر والے فرزند عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

میاں خان محمد صاحب سرگانہ عمرہ کے لیے ویزے حاصل کرنے کے لیے دو چار روز سے اسلام آباد گئے ہوئے ہیں۔ اگر ویزے مل گئے تو اِنشاءاللہ تعالیٰ ایک ہفتہ تک روانگی ہو جاوے گی۔

فقیر کی طرف سے گھر میں سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۱/ربیع الاوّل ۱۳۹۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۴۷/۹۲۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل شاملِ حال رکھے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور مخالفوں

Marfat.com

کے شر سے بچا کر ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو کے ساتھ محفوظ رکھے۔ اور ایک لحہ بھی اپنی یاد سے علیحدہ نہ فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرما کر ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

وظیفہ سعدیہ میں شروع شروع صفحہ ۵ سے لے کر صفحہ ۱۰ تک تینتیس آیات ہیں۔ وہ صبح و شام پابندی سے پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ مخالفوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

پنکھوں میں دو پنکھے خراب نکلے ہیں۔ ایک سفید پنکھا اور ایک رنگدار پنکھا۔ لہٰذا وہ کسی جانے والے کے ہاتھ بھیج دیے جاویں گے۔ ان کے بدلے دو پنکھے بھجوانے ہوں گے۔ آخری سیتنہ پنکھا جو حافظ صاحب لے آئے ہیں وہ بہت اچھا ہے۔ اس کے ساتھ کے ہوسکیں تو بہتر ہوگا۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

یکم شعبان ۱۳۹۸ھ — از خانقاہ سراجیہ

۴۸ / ۹۲۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپسی معلوم کر کے مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بھی بعافیت پہنچ آیا ہے۔ اور یہاں بہرنوع عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۹ر محرم ۱۳۹۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۴۹ / ۹۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب حافظ نذیر احمد سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا گرامی

Marfat.com

نامہ ملا۔کوائف مندرجہ مطالعہ میں آئے۔فقیر دعا گو ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو ظاہری و باطنی خیر و برکت، صحت وسعادت وسلامتی دارین سے نوازے۔اور اپنے مقاصد خیر میں کامیاب فرما کر ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق ارزانی فرمائے۔آمین۔مولا کریم جل شانہٗ آپ کو اولادِ نرینہ صالح، سعادتمند، عمر دراز نصیب فرمائے۔آمین۔اور آپ کی والدہ ماجدہ سلمہا کو صحت کاملہ نصیب فرمائے اور حسن خاتمہ سے سرفراز فرمائے۔آمین۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔ فقط والسّلام مع الاکرام

تحریر ۵؍شوال المکرّم ۱۴۰۰ھ از خانقاہ سراجیہ

۵۰/۹۲۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔۱۷-۱۸؍مارچ کو سرگودھا تحفظ ختم نبوت کانفرنس ہے۔ سرگودھا سے فارغ ہو کر ۱۹؍مارچ کو شام تک فقیر لاہور پہنچے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔لاہور ۱۹؍ مارچ کو بعد نماز عشاء مکی مسجد انارکلی میں جلسہ ہے۔فقیر ۲۰؍مارچ کی شام کو یا ۲۱؍مارچ کی صبح کو گوجرانوالہ کا ارادہ رکھتا ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸؍جمادی الاولیٰ ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۵۱/۹۳۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ ہم سب بعافیت پہنچ آئے ہیں۔اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

پتھر کے لیے تصحیح کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی سعی کو قبول فرماوے اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۷ر جمادی الاولی ۱۴۰۲ھ/۲۳ر مارچ ۱۹۸۲ء از خانقاہ سراجیہ

۵۲/۹۳۱ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت کے ساتھ ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ عریضہ ہٰذا اپنے مخلص ساتھی ہیں۔ بھکر میں رہتے ہیں۔ اپنے محلے میں ایک بڑی مسجد کی بنیاد فقیر سے رکھوائی ہے جس کا کام بنیادوں تک ہو چکا ہے۔ اُس مسجد کی تکمیل کے لیے یہ سفر کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہر ممکن ذریعہ سے امداد فرماویں۔ اللہ تعالیٰ اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۹ر شوال ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

۵۳/۹۳۲ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَارۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بعافیت واپسی کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور خانقاہ مجددیہ کے برکات وفیوضات سے بہرۂ کامل نصیب فرماوے۔ اور سب متعلقین کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور کاروبار میں برکت اور ترقی عطا فرماوے۔ اور اِس سلسلے میں جملہ الجھنوں اور پریشانیوں کو دُور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر کو اِن دنوں نزلہ وکھانسی کی تکلیف زیادہ ہوگئی۔اس وجہ سے چنیوٹ بھی نہیں جاسکا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔خانقاہ پاک بھی ہر طرح عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

قریب قریب لاہور کا ارادہ نہیں ہے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۲ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۵۴/۹۳۳ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر ۲۲ر اپریل کو عصر کے وقت واپس خانقاہ پاک پہنچا تھا۔اور ۲۳ر اپریل کو ظہر کے بعد ڈیرہ، بنوں، پشاور، ہری پور، اسلام آباد، مانسہرہ کے سفر پر روانہ ہوگیا۔اس سفر سے ۳رمئی کو بعافیت خانقاہ پاک واپسی ہوئی۔ڈاک میں آپ کا گرامی نامہ دیکھا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور جملہ مکروہات اور حاسدوں کے حسد سے محفوظ رکھے۔اور مخالفوں کو اپنے عزائم میں ناکام اور ذلیل ورسوا فرماوے۔اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۸رمئی کو کسی وقت گوجرانوالہ پہنچے گا۔اطلاعاً تحریر ہے۔فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۲۱رشعبان ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

۵۵/۹۳۴ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا رجسٹری گرامی نامہ موصول ہوا۔ڈرافٹ مل گیا ہے۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔اور برکتیں نصیب فرماوے۔اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

Marfat.com

رسیدات اُرسال ہیں۔ یہ دوسرا (مکتوب) صاحبزادہ محمد داؤد صاحب کو دے دیں۔

حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کے رسالے حدیث پاک میں جواہر الحکم نام ہے، تین حصے ہیں۔ صاحبزادہ محمد داؤد صاحب کے ذریعے تلاش کروا کر جلدی پارسل کروا دیں۔ دو دو نسخے ہونے چاہئیں۔

یہاں بفضلہ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۹؍رمضان المبارک ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۵۶ / ۹۳۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی پرچہ اور کتابیں مل گئی ہیں۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت و آبرو اور جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۵؍اگست کی رات کو چناب پر سوار ہو کر پشاور جاوے گا۔ پھر پشاور سے ۲۷؍اگست کو ہوائی جہاز پر سوار ہو کر ملتان جاوے گا۔ ملتان سے ۲۸؍اگست کو ہوائی جہاز پر سوار ہو کر کراچی روانہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کراچی سے جدہ کی سیٹیں ابھی او کے نہیں ہو سکیں۔ اللہ تعالیٰ آسانی پیدا فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ — والسّلام

۲؍ذی قعدہ ۱۴۰۳ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ۵۷ / ۹۳۶

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں۔ الحمد للہ خانقاہ پاک

Marfat.com

میں ہر طرح سے خیریت ہے۔ مدرسہ عربیہ سعدیہ خانقاہ سراجیہ کے طلبا کے لیے پارہ "عم یتساءلون" اور نورانی قاعدہ کی مناسب مقدار مطلوب ہے۔ اگر آپ کے پاس موجود ہوں تو آنے والے ساتھی کے ہاتھ ارسال فرماویں۔

تمام احباب واہلِ خانہ کو سلام ودعوات۔ والسّلام

٨ر جمادی الثانیہ ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۵۸/۹۳۷ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ الرحمٰن مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ کوائف مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے۔ مولا کریم جل شانہٗ آپ کو مع اہل وعیال، متعلقین ظاہری وباطنی خیر وبرکت، عفو وعافیت، حفظ وایمان، صحت وسعادت، سلامتی دارین سے نوازے اور جملہ مقاصد خیر میں کامیاب فرمائے۔ اور ذکر، شکر اور حسنِ عبادت کی توفیق رفیق فرمائے۔ آمین۔ اور آپ کو رمضان المبارک میں خانقاہ شریف کی مقبول حاضری نصیب فرمائے۔ آمین۔

جملہ احباب پرسان حال کو سلام پہنچیں۔ فقط والسّلام

٩ر رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۵٩/۹۳۸ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمی ومحترمی حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ حاملِ ہٰذا نے آپ کا دستی والا نامہ پہنچایا تھا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور اِس پریشانی کو دور فرماوے۔ اور اُس موذی کے شر سے حفاظت ونصرت فرماوے۔ اور آپ سب کو جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

رمضان المبارک میں گوجرانوالہ سے کوئی نہیں آیا۔ خیال تھا کہ عید کے بعد جمعہ کو شاید آپ لوگ آجاویں، لیکن یہ بھی نہ ہوا۔ بہرحال فقیر اپنی دعاؤں میں آپ سے غافل نہیں

Marfat.com

ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے اثرات ظاہر فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزرا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے عزیز محمد احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کو دعوات و پیار اور سب کو سلام۔

والسّلام

۳ر شوال ۱۴۰۵ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۶۰ / ۹۳۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کی تکلیف کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور دیگر جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

ابھی تک تو مہمانوں کی کثرت سے آمد و رفت ہے۔ جس کی وجہ سے کچھ بھی نہیں سوچ سکا۔ سرہند شریف کے لیے فقیر کا نام آیا ہے۔ عابد صاحب کا نہیں آیا۔ پاسپورٹ عابد صاحب کے پاس ہے۔ فقیر تو کچھ بھی نہیں کر سکا۔ اور نہ کوئی بات سمجھ آ رہی ہے۔ صدیق آباد ۸ر اکتوبر کو ظہر تک پہنچنے کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۸ر صفر ۱۴۰۷ھ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. ۶۱ / ۹۴۰

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اِنکم ٹیکس والوں کے شر سے محفوظ رکھے۔ اور کاروباری حالات کو سازگار بناوے۔ اور عزیز محمد احمد کو صلاح و فلاح سے مزیّن فرماوے اور حافظ کامل و مکمل بناوے۔ اور اپنے والدین کی خوشیوں کا باعث

Marfat.com

بناوے۔ اور آپ سب کو جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

لندن کا جانا مؤخر ہو گیا ہے۔ اب صرف سفرِ حج ہوگا۔ عابد صاحب سے کوئی رابطہ نہیں ہو رہا، اس لیے کچھ معلوم نہیں۔ یہاں کا فون پورا ہفتہ خراب رہا۔ آج سے ٹھیک ہوا ہے۔ حاجی احمد دین صاحب کے پوتے کے لیے تعویذ ارسال ہے۔ وہ اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۴۰۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۶۲/۹۴۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ صاحب مطالعہ فرماویں۔ قاری نذیر احمد صاحب ابھی پہنچے ہیں۔ راستہ میں پولیس والوں نے خراب کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے واپسی بخیر وعافیت ہو جاوے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو رمضان المبارک کے فیوضات و برکات بہرۂ کامل عطا فرماوے۔ اور رمضان المبارک کی برکت سے جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور ظاہری و باطنی جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔ یہاں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ رمضان المبارک نہایت اطمینان سے گزر رہا ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

تحفہ سعدیہ کی طباعت کا بہت بہت شکریہ۔ جَزَاكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا خَيۡرَ الۡجَزَآءِ.

فقیر کی طرف سے عزیزی محمد احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کو پیار اور سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۹ر رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ — از خانقاہ سراجیہ

۶۳/۹۴۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و

Marfat.com

عافیت کے ساتھ رکھے۔اور سب کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔عزیز محمد احمد سلمہ اللہ کو اقبال مند وسعادتمند بناوے۔اور کاروباری جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔اور کاروبار میں برکت وترقی عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر ۲۸ر کو ملتان اور ملتان سے کراچی اور لندن کا اِرادہ رکھتا ہے۔اللہ تعالیٰ آسان اور کامیاب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۵ر ربیع الاوّل ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۶۴
۹۴۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔واپسی پر آپ کا مرسلہ مسودہ بھی ملا۔اتفاق سے قاضی شمس الدین صاحب ایک دن کے لیے آ گئے تھے۔وہ اور حاجی عبدالرشید صاحب نے مل کر دیکھا۔اور کچھ نوک پلک درست کی۔

اس کے علاوہ نکاح کی تاریخ کی تبدیلی باعثِ پریشانی ہوئی۔۱۲ر اپریل کو یہاں میانوالی میں راؤ جمشید صاحب کی بچی کا نکاح ہے۔یہ تاریخ بھی فقیر نے خود مقرر کی ہے، جس کی وجہ سے ۱۲ر اپریل کو وہاں حاضر ہونا متعذر رہے۔

رسالہ واپس ارسال ہے۔اللہ تعالیٰ قبول فرماوے۔اور اپنی مخلوق کی ہدایت کا باعث بناوے۔آمین۔لیکن اس کو فقیر کے نام سے نہ چھپوائیں۔فقیر آج ۴-۵ر روز کے لیے ملتان اور رحیم یار خان کی طرف جا رہا ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔مولا پاک نصیب فرماوے۔آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۶۵
۹۴۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

آج اسلام آباد سے حافظ محمد عابد صاحب نے اطلاع دی ہے کہ عرب شریف کا ویزا مل گیا ہے۔ ان کے یہاں پہنچنے کے بعد روانگی کا نظام طے ہوگا کہ کیا ہوگا؟ حافظ کا آپ سے بھی باقاعدہ رابطہ ہوگا۔ ویزے کا تو معلوم ہو چکا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس سفر کو اپنی رضامندی کا باعث بناوے۔ اور ہمہ قسم کے مکروہات اور حادثات سے محفوظ ومصئون رکھے۔ آمین۔

مسجد کے پنکھے ارسال ہیں۔ پہلے بھی کچھ پنکھے پچھلے سال سے آپ کے پاس پہنچے ہوئے ہیں۔ اب اس سے بہتر فیکٹری کے لگوائے تھے، لیکن افسوس کہ یہاں کی ایک بارش بھی برداشت نہ کر سکے اور سب کے سب بیکار ہو گئے۔ زیادہ ضرورت تو رمضان المبارک میں ہوگی۔ اور اِن کے نصب کی کیا صورت ہوگی؟ واللہ اعلم بالصواب۔ اب تو نیشنل کے بڑے پنکھے پیڈسٹل جو لیے تھے وہی کام دے رہے ہیں۔ یہ دو پنکھے ہیں۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

کیپری والوں کے پاس بھی تین پنکھے خدمت طلب بھیجے تھے، وہ لنگر کے تھے۔ وہ اگر مرمت ہو گئے ہوں، یا اُن کے بدل مل سکیں تو وہ بھی بھجوانے کی سعی فرماویں۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶۶ / ۹۴۵

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم جناب حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ فقیر کی واپسی کا علم ہو گیا ہوگا؟ اور یہاں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

Marfat.com

گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی ربوہ میں ۲۷-۲۸/اکتوبر کو بہت بڑے پیمانہ پر مرکزی کانفرنس ہو رہی ہے۔ گذشتہ سال سے بڑھ کر گوجرانوالہ کی طرف سے شرکت کا اہتمام نہایت ضروری ہے۔ جماعت والوں کو بلا کر اُن کی حوصلہ و ہمت افزائی فرماویں۔ اور ہر ممکن تعاون سے دریغ نہ فرماویں۔ فقیر ممنون ہوگا۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

از خانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. ٦٧/٩٤٦

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

کتاب رحمۃ اللعالمین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حیاتِ برزخیہ کے اجتماعی عقیدہ کے بیان میں حافظ نذیر احمد صاحب نے بڑی محنت سے ترتیب دی ہے۔ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم اس دنیا سے رخصت ہونے کے بعد اپنے اُسی جسم اطہر عنصری کے ساتھ جسم مع الروح اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں، اور جو مسلمان روضہ اطہر پر حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام پیش کرتا ہے، وہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم خود سماعت فرماتے ہیں۔ اور دُور سے صلوٰۃ وسلام پیش کرنے والے کا صلوٰۃ و سلام فرشتے حضورؐ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ اور اُن فرشتوں کا کام ہی یہی ہے جو اِس کام کے لیے مقرر ہیں۔ یہ امت مسلمہ کا اجتماعی عقیدہ ہے۔ اسی عقیدہ کی حفاظت و اشاعت کے لیے حافظ صاحب نے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ فضائل درود شریف کا رسالہ بھی ترتیب دیا ہے۔ یہ دونوں کتابیں قابلِ قدر ہیں۔ تمام مسلمانوں کو اِن کتابوں سے اپنے عقیدہ کی اصلاح کے لیے پڑھنا اور اپنے گھر رکھنا بڑا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ حافظ صاحب کی اس محنت کو قبول فرماوے اور مسلمانوں کے لیے نفع مند گردانے آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

Marfat.com

## بنام: مولانا حافظ نذیر احمد صاحب، کندیاں، ضلع میانوالی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۱/۹۴۷ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ کوائف سے آگاہی ہوئی۔ والد صاحب قبلہ کی علالت باعثِ تشویش ہوئی۔ مولا پاک ان کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو اطمینان وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

ٹیکہ سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔ اطمینان سے لگواتے رہیں۔ یہاں پہلے حافظ عطا محمد صاحب سنا رہے ہیں۔ تین پارے روزانہ سنے جا رہے ہیں۔ مولوی قطب الدین صاحب بھی ۴؍رمضان المبارک ہفتہ کے روز پہنچ رہے ہیں۔ آپ پریشان نہ ہوں۔ اطمینان سے قرآن مجید سناتے رہیں۔ ختم کرنے کے بعد آجاویں۔ یہاں بفضلہٖ تعالیٰ عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے والد صاحب ودیگر سب احباب کی خدمت میں سلام مسنون عرض کر دیویں۔

والسّلام

۲؍رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

۲/۹۴۸ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی حافظ نذیر احمد سلمہ اللہ الصمد مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا تھا۔ مندرجات سے آگاہی ہوئی۔ خانقاہ پاک حاضری کے لیے موانع کا پڑھ کر صدمہ ہوا۔ اور بدیں وجہ آپ کی پریشانی مزید افسوس کا باعث ہوئی۔ عزیز! یہ سب فقیر ہی کا اثر ہے۔ اس فقیر حقیر لاشئے مسکین پر بھی سب اعزہ واقارب ناخوش رہتے ہیں۔ یہی اثر آپ کی طرف بھی منتقل ہو رہا ہے۔ فقیر کے ساتھ آپ کا جو تعلقِ خاطر ہے، فقیر کو اُس کا بہت احساس ہے۔ اللہ تعالیٰ اِس تعلق کو مزید برآں مضبوط کرے۔ اور اس کو اپنی خوشنودی اور رضامندی کا باعث بناوے۔ آمین۔ یہی تعلق اور گرویدگی معنوی کمالات کے حصول کا پیش

Marfat.com

خیمہ ہوتا ہے۔اس کے بغیر ظاہری تعلق بے سود و بے معنی ہوتا ہے۔لہٰذا اس کو مستحکم کرنے کی سعی کرنی چاہیے۔مولا پاک توفیق کرامت فرماوے۔آمین۔

ماحول کے اس انداز سے گھبرانا نہیں چاہیے۔آخر وہ بھی اہلِ حقوق میں سے ہیں۔ اور اپنی طرف سے خیر خواہی کی بنا پر کرتے ہیں۔ان کے حقوق کی بھی رعایت لازمی ہے۔ تاکہ نظام برہم نہ ہونے پائے۔فقیر نے اپنی طبیعت کے برعکس یہ لکھ دیا ہے، ورنہ فقیر اس طرح کے خطوط لکھا نہیں کرتا۔اور اِس وقت طبیعت کچھ اِس انداز میں ہے کہ بہت کچھ لکھنے کو جی چاہتا ہے:

اندکے پیشِ تو گفتم غمِ دل ترسیدم
کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است[1]

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔خانقاہ پاک میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔اور رمضان المبارک نہایت جمعیت و سکون سے گزر رہا ہے۔اللّٰھم زد فزد. وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

والسّلام

۹ر رمضان المبارک ۱۳۷۹ھ. — از خانقاہ سراجیہ

۳ / ۹۴۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

ہمیں بھی ابھی تک کہیں سے کوئی مصدقہ اطلاع نہیں ملی۔جو جو ساتھی بھی آئے ہیں، وہ یہی کہتے ہیں کہ چاند نظر نہیں آیا۔جس کسی نے روزہ رکھا ہے، ریڈیو کی اطلاع پر رکھا ہے۔ہم نے بھی اس بناء پر جمعہ کا روزہ نہیں رکھا۔اگر تو ہمارے ۲۹ روزے پورے ہوگئے تو پھر روزہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔اگر ہمارے حساب سے ۲۸ پر عید ہوگئی تو پھر روزہ لازمی ہوگا۔بہر حال لوگوں کے کہنے پر نہ جائیں۔اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہووے۔ آمین۔

والسّلام

(ربیع الثانی ۱۳۸۰ھ/ اکتوبر ۱۹۶۰ء) — فقیر خان محمد عفی عنہ

---

۱۔ میں نے تھوڑا سا غمِ دل بیان کیا ہے۔ڈر گیا ہوں کہ تو آزردہ دل ہوجائے گا، ورنہ باتیں بہت ہیں۔

Marfat.com

۴
۹۵۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی حافظ نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا مفصل والا نامہ ملا۔ مندرجہ اش سے آگاہی ہوئی۔ اکثر و بیشتر گھر والوں کی عجلت اس قسم کی پریشانیاں پیدا کردیتی ہے۔ خیر اس سے آپ پریشان نہ ہوویں۔ اور اپنے مشغلہ میں ہمہ تن مشغول رہیں۔ مترس از بلائے کہ شب درمیان مشہور ہے۔ اللہ تعالیٰ سے بہتری کی امید رکھنی چاہیے۔ اس جمیل مطلق کی طرف سے جو کچھ ہوتا ہے، سراسر جمیل ہی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت پاک کی رضا کے موافق زندگی گزارنے کے اسباب پیدا فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی عزت و آبرو اور عافیت کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر کے پاس رہنا بڑا مشکل ہے۔ فقیر کے پاس رہنا دنیا و جہاں کی مصیبتوں کو گلے لگانے کے مترادف ہے۔ خدا طلبی بلا طلبی[1] دوسرا جملہ ہے: درویشی دل ریشی۔[2] درویش کی تعریف میں کسی نے کہا ہے، خاکے بیختہ و آب بروریختہ نہ کفے پا را ازو دردے ونہ کسے را ازو گردے۔[3]

اس قسم کی درویشی اس زمانہ میں کون ہے جو کرلے گا؟ بہرحال یہ ہمت کا کام ہے۔ شعر:

کَیۡفَ الۡوُصُوۡلُ اِلٰی سُعَادَ وَ دُوۡنَھَا
قُلَلُ الۡجِبَالِ وَ دُوۡنَھُنَّ خُیُوۡفٌ[4]

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ عافیت سے ہے۔ خانقاہ پاک میں بھی خیریت و عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے عزیز رفیق کو سلام ودعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲/رجب ۱۳۸۰ھ

---

۱۔ خدا کو طلب کرنا بلا کو طلب کرنا ہے۔ ۲۔ درویشی دل کو زخمی کرنا ہے۔

۳۔ چھانی ہوئی مٹی اور اس پر پانی کا چھڑکاؤ۔ نہ پاؤں کے تلوے کو اس سے کوئی درد، اور نہ کسی شخص پر اس سے گرد۔

۴۔ محبوب تک پہنچنا کیسے ممکن ہو؟ کیونکہ اس کے اور میرے درمیان پہاڑوں کی بلند چوٹیاں اور غار حائل ہیں۔

Marfat.com

۵/۹۵۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. ازفقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، اعزی وارشدی حافظ مولوی نذیر احمد صاحب سلمہ ربہٗ مطالعہ فرماویں۔ خیریت نامہ ملا۔ آپ کی والدہ ماجدہ کی علالت کا پڑھ کر تو بہت افسوس ہوا، مگر آپ کی استقامت کا پڑھ کر بہت مسرّت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اِس استقامت دینی میں مزید پختگی بخشے اور آپ کی والدہ ماجدہ کو صحت کاملہ وعاجلہ بخشے۔ اور ان کا بابرکت سایہ دیرگاہ آپ کے سروں پر قائم دائم رکھے۔ اگر جمعرات کو گھر چلے جایا کریں اور ہفتہ کی صبح کو واپس آجایا کریں تو کوئی حرج نہیں۔ فقیر کا ۲۲/ اگست یا ایک آدھ دن بعد خانقاہ شریف پہنچنے کا قصد ہے۔ باقی سب خیریت (ہے)۔ مولوی قطب الدین صاحب کا خط بھی پہنچ گیا۔ ان کی فرمائش کی تعمیل کی جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ مولوی عطا محمد صاحب بخیریت ہیں۔ باقی سب خیریت ہے۔ سب احباب کو سلام۔ باقی خیریت ہے۔

والسّلام

۲۷/ صفر ۱۳۸۱ھ

از کوئٹہ

۶/۹۵۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

اعزی حافظ نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

بعد از سلام مسنون کے واضح ہو کہ مولانا فیض احمد صاحب از حد مستعجل ہیں۔ زیور کے لیے ہی مقیم ہیں۔ اس سلسلہ میں رانا بشیر احمد صاحب کو تاکید کریں۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۳/ ربیع الاوّل ۱۳۸۳ھ

از خانقاہ سراجیہ

۷/۹۵۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت

Marfat.com

ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی خیریت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ یہ دوسری چٹھی سعید صاحب چارج مین کو فوری بھیج دیں۔ فقیر کو اُن کا پتہ یاد نہیں ہے۔ اور انھیں لکھیں کہ یہی چٹھی لے کر ملتان ملک رحیم بخش صاحب کو خود جا کر ملیں جس طرح انھوں نے لکھا ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

از سکھر

۱۸ / رجب ۱۳۸۶ھ

۸/۹۵۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا ابھی ابھی رقعہ مع دس روپے موصول ہوا۔ رسمِ نکاح کا کوئی پروگرام وضع شدہ نہیں تھا، اس لیے کسی کو اِطلاع نہیں دی جاسکی۔ حتیٰ کہ محمد افضل صاحب وغیرہ بھی شریک نہیں ہو سکے۔ خود خانقاہ پاک پر رہنے والوں کو عین ایجاب وقبول کے وقت علم ہوا۔ ولیمہ کی دعوت کندیاں والے ساتھیوں کو دی تھی۔ باہر سے کسی ساتھی کو بالکل اطلاع نہیں دی۔ آپ کے نہ آنے کا طبیعت پر واقعی بوجھ تھا۔ آپ سے جو تعلق خاطر ہے وہ ایسی بے پرواہیوں سے بہت زیادہ بوجھ کا سبب بن جاتا ہے۔ اور یہ اپنے بس کی بات نہیں ہے۔ آپ کا نہ آنا اور روپے بھیج دینا بھی مناسب نہیں تھا۔ فقیر اس طرح کسی سے ہدیہ روپے نہیں لیتا۔ آپ زیادہ پریشان نہ ہوں، اس لیے رکھ لیے ہیں۔ بہر حال جس طرح مولا پاک کو منظور تھا، ہوگیا۔ آپ بھی اب زیادہ فکر نہ کریں۔ گھر والوں کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرماوے اور ان کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور جملہ پریشانیاں دور فرما کر جمعیت وسکون کے ساتھ اپنے مشاغل دینیہ میں مصروف رکھے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے عزیز کو دعوات ودیدہ بوسی۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۳۰ / جمادی الاولیٰ ۱۳۸۷ھ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم. ۹/۹۵۵

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی مولوی نذیر احمد مطالعہ کریں کہ فقیر آج صبح واپس آیا ہے اور پرسوں بدھ کی شام کو ملتان جانا ہے۔ جلدی واپسی ممکن نہیں۔ ہری پور خط مل گیا تھا۔ اشتہار راولپنڈی میں دیکھ لیا تھا۔ بہرحال دعا سے تو غفلت نہ ہے اور نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور ہمت واستقامت کے ساتھ اپنے دین کی خدمت واشاعت میں مشغول رکھے۔ اور اخلاص میں زیادتی نصیب فرما کر دارین کی سرخروئی نصیب فرماوے۔ آمین۔

طلبہ اور استاذ ضرور شریک جلسہ ہوں گے اور ہر طرح کی معاونت کریں گے۔ انشاء اللہ۔ سامان جو بھی ضرورت ہو وہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ حاضر ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۶/ذی قعدہ ۱۳۸۷ھ — از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم. ۱۰/۹۵۶

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے اعزی وارشدی حافظ نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ الصمد مطالعہ فرماویں کہ آپ کے خطوط فقیر کو خانقاہ پاک ملتے رہے ہیں۔ اور حالات سے اطلاع ہوتی رہی ہے۔ آئندہ بھی یہی امید ہے کہ آپ اس فقیر کو گاہے گاہے اپنی یاد کی اطلاع دیتے رہیں گے۔ فقیر بھی اپنے وظیفۂ دعا گوئی سے غافل نہیں ہے۔ اللہ پاک اپنے فضلِ عمیم سے آپ کو مع اپنے جمیع ہمراہیوں کے علومِ نافعہ سے مشرف فرماوے۔ اور اپنے دین متین کی خدمت و اشاعت کے لیے قبول فرماوے اور دارین کی سعادتوں سے سرفراز فرماوے:

ع ایں دعا زمن و از جملہ جہاں آمین باد[1]

---

۱۔ یہ میری دعا ہے اور سارے جہاں کی طرف سے آمین ہو۔

Marfat.com

فقیر ۵/ ذی قعدہ کو خانقاہ پاک سے روانہ ہوا۔ چھ ذی قعدہ کو لاہور پہنچا۔ لاہور سے سات ذی قعدہ کو روانہ ہو کر آٹھ ذی قعدہ سرہند شریف حاضر ہوا۔ یہاں کتنا قیام رہے گا، واللہ اعلم بالصواب۔ بہر حال ذی قعدہ کے اواخر میں خانقاہ پاک انشاء اللہ تعالیٰ واپسی ہو گی۔ اس دوران میں یہاں خط لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فقیر یہاں سے خط اس لیے لکھ رہا ہے تاکہ آپ یہ نہ سمجھیں کہ فقیر آپ کی طرف سے غافل ہے۔ آئندہ کے لیے یہ پوری طرح سے جان لیں کہ فقیر خط لکھے یا نہ لکھے، خط نہ لکھنے کو یاد و دعا میں غفلت پر محمول نہ کریں۔ فقیر کے ساتھ بابو عبدالوحید، عبداللہ خان صاحب، محمد اشرف خان صاحب ہیں۔ بعض احباب بعد میں پہنچیں گے۔ ہمراہی احباب سلام کہتے ہیں۔ فقیر کی طرف سے سب ساتھیوں کو سلام مسنون کہہ دیں۔

والسّلام

از دربار عالیہ روضہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ، سرہند، ضلع پٹیالہ (ہندوستان)

۹/ ذی قعدہ ۱۳۸۷ھ

۱۱/۹۵۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔

مکرم مولانا نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ بعد از سلام مسنون کے گزارش ہے کہ فقیر نے آج ایک رات کے لیے ایک چک نزد علو والی بعد از ظہر جانا ہے۔ آپ ایک رات کی فرصت نکال کر ظہر کی نماز یہاں آ کر پڑھیں۔ نہایت ضروری ہے۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

از خانقاہ سراجیہ

۲۵/ ذی قعدہ ۱۳۸۹ھ

۱۲/۹۵۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ۔ فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا رُقعہ

Marfat.com

پڑھا۔ مافیہا سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ کو صحت کاملہ و شفائے عاجلہ عطا فرماوے و دیگر جملہ پریشانیاں دور فرماوے۔ اور اپنی رضامندی وخوشنودی سے مشرف فرماوے۔ اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں صحت و عافیت اور عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

منظوم اسماء حسنیٰ کسی ایک وقت میں پڑھا کریں۔ اور دلائل الخیرات کی بھی اجازت ہے۔ وہ بھی شروع کردیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے وظائف عبودیت پر پابندی کی توفیق کرامت فرماوے۔ اور اپنی یاد سے آپ کے باطن کو منور کرے۔ اور اپنے انعامات سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۳/محرم ۱۳۹۱ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۳/۹۵۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا دستی لفافہ ملا۔ مندرجات سے آگاہی ہوئی۔ ایک روز پہلے حاجی محمد صدیق صاحب نے بھی زمین کا ذکر کیا تھا۔ اس قدر تھوڑی زمین سے اگر پورا فصل ہوتو دو چار بوری سے زائد آمدن ناممکن ہے۔ جس غرض کے لیے آپ زمین لینا چاہتے ہیں، پوری طرح پوری نہیں ہوگی۔ البتہ ہر سال زمین کی قیمت میں اضافہ ہوتا جاوے گا۔ اور جب کبھی آپ فروخت کریں گے، کچھ روپے زائد مل جاویں گے۔ باقی زمین بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ فقیر اِس سلسلہ میں کوئی حتمی رائے عرض نہیں کرسکتا۔ اپنے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جس طرف اطمینانی کیفیت معلوم ہو، وہ کریں۔ نیز والد بزرگوار سے مشورہ ضرور کریں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

والسّلام

۲۳/جمادی الاولیٰ ۱۳۹۳ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۴/۹۶۰ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ حضرات کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ جزَاکُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا خَيۡرَ الۡجَزَآءِ. بازار سے (سیمنٹ کی بوری) ساڑھے بائیس روپے میں پہلے خرید کی گئی تھی۔ آپ لوگوں کو اگر خرید کرنی پڑے تو بازار کی قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ لہٰذا اِس میں مسجد کا نقصان ہوگا۔ اس واسطے ساڑھے بائیس کے حساب سے قیمت -/۲۲۵ روپے ارسال ہیں۔

والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۳۹۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۵/۹۶۱ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ کریں کہ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

اس جمعہ پر اور آئندہ ہر جمعہ پر ربوہ کے نام کی تبدیلی کی...تحریک کریں، نہایت ضروری ہے۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔

والسّلام

۱۴/ذی الحجہ ۱۳۹۷ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۶/۹۶۲ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

۱۲/اکتوبر (۱۹۷۹ء) جمعہ کے روز صبح دس بجے فرزندی عزیز احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی شاملِ خانہ آبادی کے سلسلہ میں دعوت ولیمہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اُس میں شرکت کی دعوت پیش ہے۔ ضرور تشریف لاویں۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

(۸/ذی قعدہ ۱۳۹۹ھ/۳۰/ستمبر ۱۹۷۹ء) از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

۱۷/۹۶۳ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

کنونشن میں ضرور جائیں۔ فقیر کو بھی اسی قسم کا پرچہ آیا ہوا ہے۔ لیکن فقیر شریک نہیں ہوگا۔ آپ لوگ ضرور شریک ہوں اور اپنی صواب دید کے مطابق اپنی رائے کا اظہار کریں۔ باقی ملک امیر افضل خان کا تبادلہ کافی دنوں سے راولپنڈی ہو گیا ہے۔ اب معلوم نہیں وہ کچھ کر سکتا ہے یا کہ نہیں؟ اللہ تعالیٰ بہتری کرے۔ آمین

والسّلام

۱۲ر شوال المکرّم ۱۴۰۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۸/۹۶۴ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے۔ اس بچے کے والد کو فرمائیں کہ وہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ بار الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھ کر بچے کی واپسی کے لیے دعا کیا کرے۔ جب بچہ واپس آجاوے تو اس کو اسی طرح الحمد شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ اور ہر طرح سے عافیت ہے۔

والسّلام

۱۹ر صفر المظفر ۱۴۰۲ھ

از خانقاہ سراجیہ

۱۹/۹۶۵ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ بچی کے فوت ہونے کا افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ. لیکن بروقت اطلاع نہ دینے کا بھی افسوس ہے۔ کوئی تو جنازہ میں شریک ہو جاتا۔

اللہ تعالیٰ بچی کو والدین کے لیے اجر و فرط اور شافعہ بناوے اور اس کا نعم البدل عطا فرماوے۔ آمین۔

دَفۡنُ الۡبَنَاتِ مِنَ الۡمَکۡرُمَاتِ[1] ایک عربی محاورہ ہے۔ لیکن اولاد تو ہے اور اولاد کا صدمہ بہر حال بہت ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم و کرم فرماوے۔ آمین۔

۱۔ بیٹیوں کا دفن کرنا قابلِ قدر کاموں میں سے ہے۔

Marfat.com

فقیر بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.
فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ
۱۴؍ربیع الثانی ۱۴۰۵ھ از خانقاہ سراجیہ

۲۰/۹۶۶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں، فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔

حاملِ رقیمہٗ ہٰذا اپنے ساتھی ہیں، موسیٰ خیل کے رہنے والے ہیں۔ کام کی نوعیت زبانی بیان کریں گے۔ اس سلسلہ میں جو کچھ بھی ممکن ہو سکے اُس سے دریغ نہ کریں۔ فقیر ممنون ہوگا۔ فقیر کی طرف سے بچوں کو دعوات۔ والسّلام
بروز جمعۃ المبارک از خانقاہ سراجیہ

۲۱/۹۶۷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر کل شام کو لاہور جانے کا ارادہ کر رہا ہے۔ کل شام کے لیے سیٹ ریزرو ہو جائے تو اچھا ہے۔ روپے کندیاں دے دیے جاویں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ سلطان مبارک کو کہیں کہ ٹیکے والی کاپی تیار کروا کر کل اسٹیشن پر پہنچائے۔ والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۲/۹۶۸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم مولانا نذیر احمد صاحب! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ بعد از سلام مسنون کے گزارش ہے۔ مولانا صاحب کے متعلق کیا اطلاع ہے؟ مطلع فرماویں۔ کیا دوسرا کام ہو

Marfat.com

گیا، یا نہیں؟ آج یہاں اسباق تقسیم ہو رہے ہیں اور اچھی خاصی پریشانی ہے۔ کل فقیر نے گوجرانوالہ جانا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۳/۹۶۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

فقیر کو اِس سفر میں انشاء اللہ تعالیٰ ۲ ہفتے لگ جاویں گے۔ آپ کی صحت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک کامل مکمل صحت عطا فرماوے۔ آمین۔ حزب البحر کی دونوں کو اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ مفید کرے۔ آمین۔

خانقاہ پر ہر طرح سے عافیت ہے۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

(نوٹ: حضرت خواجہ خواجگان قدس سرہٗ نے درج ذیل عمل مولانا حافظ نذیر احمد صاحب کو اِس مکتوب کے ساتھ تحریر فرمایا۔)

وَاَلۡقَیۡنَا بَیۡنَهُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ. اَللّٰهُمَّ اَلۡقِ عَدَاوَةَ بَیۡنَ فُلَانِ ابۡنِ فُلَانٍ وَبَیۡنَ فُلَانٍ.

اکڑے کے سبز پتے پر لکھ کر قبرستان میں دفن کروائیں۔ یہ تعویذ جمعہ کے روز لکھنا ہے۔ ۷ جمعہ لکھا جاوے۔ نیز اس کے گھر والے یہ آیت صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھ کر پانی پر دَم کر کے اُس کو پلائیں۔ جب تک کام نہ ہو، وہ پڑھتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ سودمند کرے۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۴/۹۷۰

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے۔ فوٹوسٹیٹ کاپیاں مل گئیں۔ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا خَیۡرَ الۡجَزَآءِ. طبیعت بہتر ہے۔ اور ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ
از خانقاہ سراجیہ

۲۵/۹۷۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم مولانا نذیر احمد صاحب سلمک اللہ تعالیٰ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ بعد سلام مسنون گزارش ہے کہ وہ روپے میانوالی بھیج دیے ہیں، یا کہ یہاں سے بھیج دیے جاویں؟ اس کی اطلاع حامل ہٰذا کو دے دیں۔ اور ہر طرح سے عافیت ہے۔

والسّلام
فقیر خان محمد عفی عنہ
از خانقاہ سراجیہ

۲۶/۹۷۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ کریں کہ کل منگل کی صبح کو مولانا تاج محمود صاحب فیصل آباد والے ماڑی انڈس سے آ رہے ہیں۔ آپ ان کو اسٹیشن سے لے کر اپنے پاس لے جائیں۔ پھر اِنشاء اللہ تعالیٰ عزیز احمد اُن کو آپ کے پاس سے لے آوے گا۔ اطلاعاً تحریر ہے۔ باقی ہر طرح سے عافیت ہے۔

والسّلام
از خانقاہ سراجیہ

۲۷/۹۷۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے عزیز مکرم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ کریں۔ اُس روز میانوالی آپ کے آ جانے کے بعد پتہ چلا کہ آپ گھر والوں سے ناراض ہیں۔ آپ اور گھر والوں سے ناراضگی، تعجب ہوا۔ فوراً خاوند بیوی جا کر والدین کو راضی کریں۔ اور شکایت آئندہ ہرگز نہ

Marfat.com

پیدا ہونے دیں۔ یہ فقیر کی طرف سے حکم ہے۔ کوئی عذر مسموع نہیں ہوگا۔ اور ہر طرح سے عافیت ہے۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۲۸
۹۷۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ بچی کی علالت کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے اور بچی کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور سب بچوں کو صلاح وفلاح سے مشرف فرماوے۔ اور آپ سب کو ظاہری وباطنی اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

بابو محمد صدیق صاحب دہلوی کا دو چار روز ہوئے خط آیا ہے۔ آپ کے نام بھی ایک رقعہ ہے جو کہ ارسال ہے۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے گھر میں اور بچوں کو سلام ودعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

از خانقاہ سراجیہ

۲۹
۹۷۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. منجانب فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ، محترم جناب مولانا نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ فقیر آپ پر راضی اور خوش ہے۔ کسی نے غلط تاثر دے کر آپ کو پریشان کیا ہے۔ آپ بڑی خوشی سے تشریف لایا کریں:

ع کفر است در طریقت ما کینہ داشتن[1]

اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے فضل وکرم ورضا ورحمت سے نوازے۔ آمین۔ اور ہر قسم کے اغوائے نفسانی وشیطانی سے بچائے۔ آمین۔ اور ذکر، شکر اور حسن عبادت کی توفیق بخشے۔ آمین

والسّلام

---

۱۔ ہماری طریقت میں کینہ رکھنا کفر ہے۔

Marfat.com

۳۰/۹۷۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرم مولانا نذیر احمد صاحب سلمک اللہ تعالیٰ! سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آج ابھی اطلاع ملی ہے کہ فقیر کے حقیقی چچا ملک احمد صاحب کا اِنتقال ہو گیا ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ. لہٰذا گزارش ہے کہ آج کی دعوت کو ملتوی کر دیں۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

از خانقاہ سراجیہ

۳۱/۹۷۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم مولوی نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ مولوی... ابھی واپس آئے ہیں۔ ان سے کوائف معلوم ہوئے۔ اتفاق سے مولوی شیر محمد صاحب لاہور سے فارغ ہو کر آ گئے ہیں۔ وہ والا مسئلہ حل شدہ ہے کہ ان کے گھر والے بھی ہیں۔ ان کا کام ہو جاوے تو بہت اچھا ہے۔ کل جمعہ بھی مولوی صاحب وہاں پڑھائیں گے۔ اس سلسلہ میں ضرور کوشش جاری رکھیں۔ اور ہر طرح عافیت ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

## بنام: حضرت مولانا نذیر احمد رحمانی صاحب، لودھراں

۱/۹۷۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی زید مجدکم مطالعہ فرماویں کہ عزیزان آئے۔ گرامی نامہ سے مشرف ہوا۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کی سب مشکلات آسان فرماوے۔ بچے کو صحیح و سالم آپ سب تک پہنچاوے۔ اور دار العلوم کو ترقی و

Marfat.com

اِستحکام کرامت فرماوے۔ اور آپ کی محنتوں کو قبول فرماوے۔ اور اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

علیحدہ اپیل کی ضرورت نہیں، مدرسہ کے پیڈ پر فقیر کی سرپرستی ہی کافی ہے۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

عزیز کے لیے ایک تعویذ دیا ہے۔ اور طریقہ استعمال بھی سمجھا دیا ہے۔ والسّلام

۲۰ رشعبان ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۹۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا نذیر احمد صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ میں بھی ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

دو چار روز ہوئے ہیں۔ فقیر سفرِ حج سے واپس بعافیت پہنچ آیا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. اور ابھی پھر سفر کی ہمت نہیں ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۴ رصفر ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳/۹۸۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ خانقاہ میں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی

Marfat.com

ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۳؍صفر ۱۴۲۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۴/۹۸۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے جمیع مسلمانانِ پاکستان معلوم فرماویں کہ مولانا نذیر احمد صاحب رحمانی نہایت مخلص اور متدین عالمِ دین ہیں۔ بہ یک وقت دو مدرسے دینیہ کے مہتمم ہیں۔ اور نہایت پس ماندہ علاقوں میں دینِ حقہٗ اسلام کی اشاعت و تبلیغ کا کام کر رہے ہیں۔ ان کی جس قدر بھی کوئی مسلمان امداد کرے گا، وہ دینِ حقہٗ اسلام کی اشاعت و صیانت اور تبلیغ میں معین و مددگار ہو گا۔ اور اُن کی امداد بالکل صحیح طریقہ پر خرچ ہو گا۔ اس لیے فقیر کی جمیع مسلمانانِ پاکستان سے اپیل ہے کہ وہ مولانا موصوف کی ہر ممکن امداد سے دریغ نہ فرماویں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

یکم ذی قعدہ ۱۴۰۰ھ از خانقاہ سراجیہ

نوٹ: حضرت خواجہ خان محمد رحمہ اللہ نے حضرت مولانا نذیر احمد رحمانی صاحب کے مدرسے کی امداد اور تعاون کے لیے مختلف اشخاص کو ایک ہی مضمون کے مکتوبات تحریر کیے، جن میں سے ایک مکتوب شریف بطور نمونہ پیش کیا جا رہا ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

۵/۹۸۲ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ، بگرامی خدمت حضرت مولانا عبدالقادر صاحب آزاد مدظلہ العالی عرض گزار ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

والمسئول من اللّٰہ تعالٰی سلامتکم وعافیتکم واستقامتکم علٰی جادۃ الشریعۃ والسنۃ المصطفویۃ علٰی صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام والتحیہ. آمین.

Marfat.com

حاملِ رقیمۂ ہٰذا مولانا نذیر احمد رحمانی مہتمم دارالعلوم سراجیہ، ضلع لودھراں حاضرِ خدمت ہیں۔ دارالعلوم سراجیہ کی ہر قسم کی امداد اور تعاون کے آرزومند ہیں اور مستحق بھی ہیں۔

اس سلسلہ میں ہر ممکن امداد و تعاون کی شفقت فرماویں۔ فقیر ممنون و شکر گزار ہوگا۔

ع بر کریماں کارہا دشوار نیست

والسّلام

۳۰ر رجب ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: راجہ نور محمد نظامی صاحب، بھوئی گاڑ

۱/۹۸۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم جناب راجہ نور محمد نظامی صاحب مطالعہ فرمائیں۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات مندرجہ سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرمائیں اور آپ کے والد گرامی الحاج راجہ فضل الٰہی خان صاحب کو صحت و عافیت عطا فرمائیں۔ آمین۔

آپ اپنا کام جاری رکھیں۔ فقیر ہر وقت آپ کے لیے دعا گو ہے۔ فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام و دعوات۔ عزیزی مولانا حسین احمد قریشی صاحب کی خدمت میں فقیر کا سلام پہنچے۔ خانقاہ پاک میں بفضلہٖ تعالیٰ ہر طرح کی عافیت ہے۔ والسّلام

۲ر ذی قعدہ ۱۴۲۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۹۸۴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم جناب راجہ نور محمد نظامی صاحب مطالعہ فرماویں۔ آپ کا گرامی نامہ اور کتابیں سیرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ مل گئی ہیں۔ شکریہ۔

فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ پر اپنا خصوصی فضل و کرم فرماویں۔ آپ کی جملہ پریشانیاں دور فرماوے اور آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

خانقاہ پاک پر بفضلہ تعالیٰ عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب احباب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲۲ رجب ۱۴۲۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳/۹۸۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترم و مکرم جناب راجہ نور محمد نظامی صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کے گرامی القدر والد کی وفات کا پڑھ کر دلی صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. دعا ہے مولا پاک مرحوم کی مغفرت فرماویں۔ آپ اور آپ کے جملہ اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرماویں۔ آمین۔ فقیر آج کل آنے جانے سے معذور ہے۔ فقط دعا ہی کر سکتا ہے۔ فقیر کی طرف سے احباب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

بنام: حضرت مفتی وقار الحق عثمان صاحب، مانسہرہ

۱/۹۸۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم و محترم مولوی مفتی وقار الحق صاحب عثمان مطالعہ کریں کہ والد بزرگوار مولانا عبد اللہ خالد مرحوم و مغفور کے انتقال کا بہت صدمہ ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ.

اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرماوے۔ اور جنت عطا فرماوے۔ اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو اِس صدمے کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ اور آپ سب کو صبر اور جمعیت و سکون سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

ایسے حضرات کا دنیا سے رخصت ہونا ملت اسلامیہ کا اجتماعی نقصان ہے۔ مانسہرہ والے خصوصیت سے مولانا کی خدمات سے محروم ہوگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. فقیر آپ سب کے اس صدمہ میں برابر کا شریک ہے۔ اور فقیر کی ہمیشہ ہمدردی آپ کے ساتھ

Marfat.com

رہے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۹ محرم ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲/۹۸۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرم ومحترم مولوی وقار الحق صاحب مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور مزید برآں اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور اپنے گھر میں پیار ومحبت کے ساتھ رکھے۔ اور ہر قسم (کے) خلفشار سے محفوظ فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ دین کی خدمت میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۹ رجمادی الثانیہ ۱۴۱۶ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

## بنام: محترمہ ہمشیرہ صاحبہ (شوکت صاحب)، ملتان

۱/۹۸۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ سب کی خیریت معلوم کر کے اطمینان ہوا۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور سب کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور کاروبار میں برکتیں عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔

عزیز نومولود کے لیے تعویذ ارسال ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ اور عزیز کو اقبال منداور سعادت مند بناوے۔ اور خاندان کی حقیقی خوشیوں کا ذریعہ بناوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۸ رمحرم ۱۴۰۲ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۲/۹۸۹ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ہمشیرہ شوکت صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، سلامتی وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیاں دور فرماوے۔ آمین۔ اور محترمہ کا نکاح کسی اچھی جگہ کر دے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کے تمام مسائل حل فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۵/رجب ۱۴۰۵ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۳/۹۹۰ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ میاں صاحب کے آپریشن کا علم ہوا۔ اللہ تعالیٰ فضل فرماوے۔ اور اُن کو صحت کاملہ وشفائے عاجلہ عطا فرماوے۔ اور آپ کے سب عزیزوں کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کی دعائیں اُن کے حق میں قبول فرماوے۔ اور اُس کے اثرات ظاہر فرماوے۔ اور آپ کو سب کی طرف سے جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸/صفر ۱۴۰۶ھ ازخانقاہ سراجیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

۴/۹۹۱ بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ میاں صاحب کی صحت کا پڑھ کر مسرّت ہوئی۔ مولا پاک آئندہ بھی اپنا فضل وکرم شاملِ حال رکھے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو اعمالِ صالحہ کا

Marfat.com

پابند بناوے۔ اور سب کو جمیع مقاصدِ خیر میں کامیاب بناوے۔ اور آپ کو جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۱۰/ دسمبر کو ظہر تک ملتان پہنچے گا۔ گھر والے بھی ہمراہ ہوں گے۔ قیام سرگانہ ہاؤس ہوگا۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۰/ ربیع الاوّل ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۵/۹۹۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب متعلقین کو صلاح وفلاح سے مزیّن فرماوے۔ اور لین دین کے سلسلہ میں ہر قسم کی بدمزگی سے محفوظ رکھے۔ اور عزیز کو پوری ادائیگی کی توفیق عطا فرماوے۔ اور آپ کو جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یادِ کثیر اور مقبول عبادت میں مصروف ومسرور رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں ہر طرح سے عافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶/ ربیع الثانی ۱۴۰۶ھ از خانقاہ سراجیہ

۶/۹۹۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور حسین کی اصلاح فرماوے۔ اور مشتاق صاحب کے روپے کی واپسی کی توفیق عطا فرماوے۔ اور مشتاق صاحب کو مع اہل وعیال صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

Marfat.com

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی اہلیہ کو جوڑوں کے درد کی تکلیف آج کل زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ رحم فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۲؍رمضان المبارک ۱۴۰۷ھ ازخانقاہ سراجیہ

۷/۹۹۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مصروفیت کی وجہ سے ڈاک جمع پڑی ہے۔ آپ کا گرامی نامہ اس ڈاک میں پڑا ہوگا۔ آہستہ آہستہ دیکھنی شروع کی ہے۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آپ کو اپنے بچوں کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور دنیا و آخرت کی سرخروئیوں سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۲؍ربیع الثانی ۱۴۰۸ھ ازخانقاہ سراجیہ

۸/۹۹۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور سب متعلقین کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور جملہ مقاصد میں کامیابیاں عطا فرماوے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر جب کبھی ملتان آوے گا، تو انشاء اللہ اطلاع ہو جاوے گی۔

Marfat.com

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۵/ جمادی الثانیہ ۱۴۰۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۹/۹۹۶

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ کی خالہ کے انتقال کا معلوم کر کے افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ. اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت کرے اور جنت نصیب فرماوے۔ اور اُن کے پس ماندگان کو صبر و سکون عطا فرماوے۔ اور آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ اور سب اولاد کی طرف سے اطمینان و سکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

جب کبھی ملتان آنا ہوا تو اِطلاع ہو جاوے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۹/ ذی قعدہ ۱۴۰۸ھ از خانقاہ سراجیہ

۱۰/۹۹۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اپنی یاد میں مصروف رکھ کر اپنی رضامندی و خوشنودی سے سرفراز فرماوے۔ اور جملہ متعلقین کی خوشیاں عطا فرما کر جمعیت و سکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

آپ کا فون نمبر لکھ لیا ہے۔ جب بھی ملتان آنا ہوگا، انشاء اللہ تعالیٰ اطلاع دی جاوے گی۔ فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام مسنون۔ والسّلام

۱۱/ ربیع الاوّل ۱۴۰۹ھ از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۱/۹۹۸

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ چشتی کے ہاں بہت تھوڑے وقت کے لیے گئے تھے۔ اگر پتہ ہوتا کہ مکان قریب ہے، اطلاع کروادیتے۔ لیکن یہ معلوم نہیں تھا۔ فقیر ۲۲ رنومبر کو ملتان گیا۔ شام کے بعد فون کرتے رہے، کسی نے اٹھایا ہی نہیں۔ باعث بخیر ہو۔ بہر حال اپنی طرف سے کوشش کی۔ صبح کو جلدی جانا تھا۔

فقیر آپ سب کے لیے دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل وکرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے اور دین وایمان کی سلامتی عطا فرماوے۔ اور دنیا وآخرت کی رسوائیوں سے بچاوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد وعبادت میں مصروف رکھے۔ آمین۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۶ رربیع الثانی ۱۴۰۹ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱۲/۹۹۹

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیرابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی یادِ کثیر کی توفیق عطا فرماوے۔ اور اپنے سب بچوں کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور دین وایمان کی سلامتی سے سرفراز فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام مسنون۔

والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

۳۰ رربیع الثانی ۱۴۰۹ھ

Marfat.com

۱۳ / ۱۰۰۰ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ فقیر انشاء اللہ تعالیٰ ۲۸/جنوری ہفتہ کو عشاء کے [وقت] ملتان محمد اسحاق خان صاحب کے مکان پر پہنچے گا۔ اتوار ۲۹/جنوری کی صبح کو ملتان سے کراچی ہوائی جہاز کے ذریعہ روانگی ہوگی۔ یہ سفر عمرہ کے لیے ہے۔ اطلاعاً تحریر ہے۔

فقیر آپ سب کے لیے صحت و عافیت کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ بلقیس کو اِطلاع ہو سکے تو کر دیں۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۱۶/جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۴ / ۱۰۰۱ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کی کمزوری اور تکلیف کو دور فرماوے۔ اور سب متعلقین کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور جمعیت و سکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔ ملتان آنے کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہے۔ بچے کے لیے تعویذ ارسال ہے۔ چمڑے میں بند کروا کے گلے ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

۲۹/جمادی الاولیٰ ۱۴۰۹ھ — از خانقاہ سراجیہ

۱۵ / ۱۰۰۲ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ شوکت صاحب مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ

Marfat.com

موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب متعلقین کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور سب کو اپنے دینی و دنیاوی مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور رمضان المبارک کی برکات سے آپ کو سرفراز فرماوے۔ اور اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے چوہان صاحب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۵رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۶ / ۱۰۰۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ کل بھی آپ کے ایک خط کا جواب لکھا ہے۔ آج آپ کا یہ گرامی نامہ ملا۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کو اپنے جملہ متعلقین کی طرف جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ اور سب کو اپنی حفاظت میں ہر قسم کے نقصان سے بچا کر محفوظ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۱ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۷ / ۱۰۰۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر بعافیت واپس پہنچ آیا ہے اور یہاں ہر طرح عافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

Marfat.com

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ اور آپ کے عزیزوں کو... اپنی حفاظت میں رکھے۔ اور جنگ کی تباہی سے ساری دنیا کے مسلمانوں کو محفوظ رکھے۔ اور آپ سب کو جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

یکم رجب ۱۴۱۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۸ / ۱۰۰۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ آپ سب کو مولا پاک صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور ریاض والے عزیزوں کو بھی اپنی حفاظت میں محفوظ رکھے۔ اس جنگ کے عذاب الیم سے جملہ مسلمانوں کو نجات عطا فرماوے اور آپ سب کی فکر مندی کو دُور فرما کر جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

ملتان کا آنا جانا بس اچانک ہو جاتا ہے۔ اب اچانک وہاں جانا ہوا تھا۔ فقیر بفضلہ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۷/رجب ۱۴۱۱ھ

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۹ / ۱۰۰۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ آپ کے سب متعلقین کو صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور آپ کو اپنے عزیزوں کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد میں مصروف

Marfat.com

رکھے۔ آمین۔

وظیفہ سعدیہ کے دو نسخے مہر محمد امیر سرگانہ کو دے دیے ہیں۔ وہ آپ تک پہنچا دیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اُن کا مکان عزیز ہوٹل کے پاس ہے۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۱۸؍رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۰
۱۰۰۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور جملہ تکالیف کو دور فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ آمین۔

ناف کے لیے تعویذ اَرسال ہے۔ اس کو سکے میں بند کروانا ہے۔ پھر کمر کے ساتھ باندھا جاوے۔ تا کہ تعویذ ناف کے درد کی جگہ رہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ مند کرے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۸؍ربیع الاوّل ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۱
۱۰۰۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کے دونوں خط ملے۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ دونوں طرف تعویذ بھیج دیے تھے۔ مل گئے ہوں گے۔

ڈاک کا معاملہ بس میں نہیں رہا۔ مصروفیت اور ڈاک کی کثرت تاخیر کا باعث ہوتی ہے۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کی جملہ تکالیف دور فرماوے۔ اور جمعیت وسکون کے ساتھ اپنی یاد اور عبادت میں مصروف

Marfat.com

رکھے۔ اور اپنی رضامندی کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے میاں صاحب ودیگر سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۴ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۲ / ۱۰۰۹ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ (فقیر) ۶، ۷، ۸ر اپریل خانقاہ پاک ہوگا۔ آپ اطمینان سے ۶ر اپریل کو تشریف لائیں۔ کندیاں سے پہلے خانقاہ سراجیہ نام کا اسٹیشن آتا ہے، اس [پر] اتر جائیں۔ کوئی نہ کوئی آپ کو لینے کے لیے وہاں موجود ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

ریل کار صبح کندیاں سے ۶ بجے چلتی ہے جو کہ ۱۲ بجے راولپنڈی پہنچتی ہے۔ اُس پر آپ کو سوار کردیا جاوے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔

والسّلام

۱۳ر رمضان المبارک ۱۴۱۲ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۳ / ۱۰۱۰ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ بعافیت ملتان واپسی کا معلوم کرکے اطمینان ہوا۔

فقیر آپ سب کے لیے دعا کرتا ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت نصیب فرماوے۔ اور سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور آپ کو سب کی خوشیاں نصیب فرماوے۔ اور سب کی طرف سے جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر انشاءاللہ تعالیٰ سفرِ حج کے لیے ۲۷ر مئی کی شام کو ملتان پہنچے گا۔ ۲۸ر مئی کو ملتان

Marfat.com

سے کراچی کے لیے روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۸/ ذی قعدہ ۱۴۱۲ھ

٢٤ / ١٠١١

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا خط ملا۔ عزیزوں کی آمد اور بڑی مدت کے بعد ملا۔ آپ کی خوشیوں کا باعث ہوا۔ اللہ تعالیٰ یہ خوشیاں ہمیشہ نصیب فرماوے۔ اور سب کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ اور صحت و عافیت اور سب کو سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور آپ کی طرف سے جمعیت و سکون نصیب فرماوے۔ اور اطمینان و سکون کے ساتھ اپنی عبادت و یاد میں مصروف رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی سب بعافیت ہیں۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام۔ سب گھر والوں کی طرف سے آپ سب کو سلام و دعوات۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۶/ ربیع الثانی ۱۴۱۳ھ

٢٥ / ١٠١٢

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابو الخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک اپنا فضل و کرم فرماوے۔ اور آپ سب کو صحت و عافیت اور سلامتی کے ساتھ رکھے۔ اور یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں جمعیت و سکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. فقیر اِنشاء اللہ تعالیٰ ۲/ دسمبر کو ملتان پہنچے گا۔ ملتان دفتر ختم نبوت سے معلوم ہو سکے گا۔ فقیر کی طرف سے سب کو

Marfat.com

سلام و دعوات۔ والسّلام

۴رجمادی الثانیہ ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۶
۱۰۱۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ پہلے خط کا جواب بھی دیا تھا۔ وہ وقت پر نہیں پہنچا ہوگا۔ فقیر اب ۲۶ر جنوری کو براستہ لاہور پھر کراچی عمرہ کے لیے روانہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آسان وقبول فرماوے۔ آمین۔

۱۵-۱۶ر فروری کو واپسی ہوگی۔ ان تاریخوں کے قریب دفتر ختم نبوت والوں سے معلوم ہوسکے گا۔ فقیر آپ سب کی صحت وعافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

یکم شعبان ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۷
۱۰۱۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ و محترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ نے جن جن عزیزوں کے متعلق لکھا ہے، مولا پاک اُن سب کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔ اور سب کو اپنے اپنے مقاصد میں کامیاب فرماوے۔ اور سب کو اعمالِ خیر کا پابند بناوے۔ اور سب کو اپنی رضامندی و خوشنودی نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر ۱۴ر مئی کو خانقاہ پاک سے سفرِ حج کے لیے روانہ ہوگا۔ اور ۱۶ر مئی کو اسلام آباد سے روانگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام و دعوات۔ والسّلام

۸رذی قعدہ ۱۴۱۳ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۸
۱۰۱۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد

Marfat.com

عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور مزید برآں اپنی یاد وحسنِ عبادت میں مصروف رکھے۔ اور بچوں کو عقلِ سلیم عطا فرماوے۔ اور والدین کی قدر و قیمت کا احساس پیدا فرماوے۔ اور آپ کو اطمینان وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ گھر میں بھی سب بعافیت ہیں۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۱۸/ربیع الاوّل ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۹
۱۰۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں مشغول رکھے۔ اور اپنے ذکر کے نور سے آپ کے باطن کو منور ومسرور رکھے۔ اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔ آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۲۶/ربیع الاوّل ۱۴۱۴ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۰
۱۰۱۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَارْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر دعا گو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور اپنی یادِ کثیر اور حسنِ عبادت میں دلجمعی کے ساتھ مشغول رکھے۔ اور اپنے بچوں کی طرف سے اطمینان وسکون عطا فرماوے۔ اور اُن بچوں کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں

Marfat.com

عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر کی طرف سے میاں صاحب کی خدمت میں سلام ودعوات۔ والسّلام

۸ر محرم ۱۴۱۵ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۱/۱۰۱۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ.

محترمہ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا تفصیلی مکتوب موصول ہوا۔ قبلہ حضرت صاحب حج کے لیے تشریف لے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کی تمام مشکلات کو آسان فرماویں اور طلعت کو مقدمہ میں کامیابی عطا فرماویں۔ آمین۔ اور خانقاہ شریف میں ہر طرح خیریت وعافیت ہے۔ والسّلام

۱۸ر ذی قعدہ ۱۴۱۵ھ/ ۱۸ر اپریل ۱۹۹۵ء خلیل احمد

۳۲/۱۰۱۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ بھائی صاحب مرحوم کے انتقال کا پڑھ کر افسوس ہوا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ.

اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرماوے۔ اور آپ سب کو اِس صدمے کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین۔ فقیر سفرِ حج کا ارادہ رکھتا ہے۔ ۲۷ر ذی قعدہ کو روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

یکم ذی قعدہ ۱۴۱۷ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۳/۱۰۲۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِيۡمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ شوکت صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے

Marfat.com

آ گاہی ہوئی۔آپ سب کو صحت و عافیت (میں) معلوم کر کے اطمینان ہوا۔مولا پاک آئندہ اور ہمیشہ صحت و عافیت کے ساتھ رکھے۔اور صلاح وفلاح سے آراستہ فرماوے۔اور اپنے جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔خانقاہ میں بھی ہر طرح سے عافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ. فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳ر صفر ۱۴۱۸ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۴
۱۰۲۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط ملا۔میاں صاحب مرحوم ومغفور کے انتقال کا پڑھ کر بڑا صدمہ ہوا۔اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ.

اللہ تعالیٰ میاں صاحب کی مغفرت فرماوے۔اور اپنی قبر میں جنت کی راحتیں عطا فرماوے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرماوے۔اور آپ سب کو اِس صدمے کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔اور جمعیت وسکون کرامت فرماوے۔آمین۔

فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳ر ذی قعدہ ۱۴۱۹ھ فقیر خان محمد عفی عنہ

۳۵
۱۰۲۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

محترمہ! سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ آپ کا مکتوب موصول ہوا۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کی تمام خواہشات پوری فرمائیں اور سب کی دینی دنیوی مشکلیں حل فرمائیں۔آمین۔قبلہ حضرت صاحب لندن تشریف لے گئے ہیں۔اگست کے آخر میں واپسی ہوگی۔انشاءاللہ۔ والسّلام

خلیل احمد

۱۷ر ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ/۲۰ر جولائی ۲۰۰۰ء

Marfat.com

۳۶ / ۱۰۲۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ومکرمہ مطالعہ فرمائیں کہ آپ کا خط ملا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب فرماوے۔ آمین۔ اور ہمیشہ عزت وآبرو اور سکون واطمینان کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ تمام مشکلات، پریشانیاں اور تکالیف دور فرماوے۔ آمین۔

خانقاہ شریف میں ہر طرح خیریت ہے۔ والسّلام

۲۷؍رجب از خانقاہ سراجیہ

۳۷ / ۱۰۲۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ حسین کی روش کی اطلاع میاں صاحب نے دی تھی۔ جس کا بہت صدمہ ہوا۔ جب اولاد کا یہ حال ہو تو پھر اور کسی پر کیا بھروسہ ہوسکتا ہے۔ اس لیے اپنے خالق و مالک اور پروردگار کے ساتھ اپنے تعلق کو جوڑنے کی کوشش ہونی چاہیے۔ اسی ذاتِ قدیر کا تعلق ہی دنیا وآخرت میں کام آنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نصیب فرماوے۔ اور وہی حافظ وناصر ہووے۔ آمین۔

فقیر کا ارادہ سفرِ حج کا ہے۔ شاید ۲۸-۲۹؍جولائی کو ملتان سے پرواز ہو۔ اللہ تعالیٰ آسانی اور کامیابی عطا فرماوے اور خوش رہیں۔ آمین۔

بندہ اور سب گھر والوں کی طرف سے آپ سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

۳؍شوال از خانقاہ سراجیہ

۳۸ / ۱۰۲۵

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول

Marfat.com

ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ آپ جو دعائیں اپنے لیے کرتی ہیں، وہی دعائیں مجلس والیوں کے لیے بھی کر دیا کریں۔ ایک دو دعائیں قرآن پاک کی پہلے اونچی پڑھ لیں۔ اس کے بعد اپنی زبان میں دعائیں کرلیں۔ اور آخر میں درود شریف پڑھ کر ختم کرلیں۔

ابتداً تھوڑی سی گھبراہٹ ہوگی۔ پھر اِنشاءاللہ نہیں رہے گی۔ فقیر بفضلہٖ تعالیٰ بعافیت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ.

فقیر آپ سب کی صحت و عافیت اور سلامتی کا طالب ہے۔ مولا پاک نصیب کرے اور ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ والسّلام

۳۹ / ۱۰۲۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ گرانی کی پریشانی تو ہر فردِ پاکستان کے لیے لازمی ہوگئی ہے۔ لوگ خصوصاً دیہاتی کتنی پریشان کن زندگی گزار رہے ہیں۔ بس اللہ تعالیٰ ہی مدد فرماوے۔ آمین۔

فقیر دعاگو ہے کہ مولا پاک آپ سب کو صحت وعافیت کے ساتھ رکھے۔ اور مزید برآں اعمالِ خیر کی پابندی نصیب فرماوے۔ اور جمعیت وسکون نصیب فرماوے۔ آمین

جب کبھی ملتان آنا ہوگا تو وظیفہ سعدیہ بھجوادیا جاوے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ

فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۴۰ / ۱۰۲۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرمہ ومحترمہ! السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

قبلہ حضرت صاحب مدظلہٗ عمرہ کے لیے تشریف لے گئے ہیں۔ ۲۹ر دسمبر کو صبح جہاز سے ملتان پہنچے گے اور اُسی روز خانقاہ شریف کے لیے سفر ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

اطلاعاً عرض ہے۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ ۴۱ / ۱۰۲۸

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے مکرمہ ومحترمہ جنابہ ہمشیرہ صاحبہ مطالعہ فرماویں کہ آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا۔ اور آپ کے جملہ ورد، وظائف کا علم ہوا۔ اللہ تعالیٰ مزید برآں توفیق عطا فرماوے۔ اور دین وایمان کی سلامتی کے ساتھ ساتھ اپنی رضامندی سے سرفراز فرماوے۔ اور آپ کے جملہ متعلقین کو صلاح و فلاح سے آراستہ فرماوے۔ مرحومہ کی مغفرت فرماوے۔ اور جنت مقام بناوے۔ اور آپ سب کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں عزت وآبرو اور جمعیت وسکون کے ساتھ رکھے۔ آمین۔

فقیر سفرِ حج کی تیاری میں ہے۔ ۱۰ رجون کی صبح کو ملتان سے ہوائی جہاز پر سوار ہوکر کراچی روانگی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقیر کی طرف سے سب کو سلام ودعوات۔ وظیفہ سعدیہ پہنچ جاوے گا۔ اطمینان رکھیں۔ والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ ۴۲ / ۱۰۲۹

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوةِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِيْمَاتِ وَالتَّحِيَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے محترمہ ومکرمہ مطالعہ کریں کہ آپ کا خط موصول ہوا۔ حالات سے آگاہی ہوئی۔ مولا پاک عزت وآبرو کے ساتھ اپنی امان رکھے اور روحانی ترقی اور...عطا فرماوے۔ آمین۔

مولا پاک صحت وعافیت، سکون واطمینان کے ساتھ رکھے۔ آمین۔ فقیر رمضان المبارک تک مسلسل اسفار میں ہے۔ خانقاہ شریف اور گھر ہر طرح خیریت ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ. والسّلام

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

## تنظیم فکرِ ولی اللّٰہی کے متعلق حضرت اقدس کا مکتوب

۱/۱۰۳۰ سلام مسنون کے بعد گزارش ہے کہ یہ حضرات اِن عقائد کے حامل نہیں ہیں۔ صحیح العقیدہ لوگ ہیں۔ باقی حضرات انبیاء علیہم السّلام کے علاوہ خطاؤں سے کوئی پاک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کی خطاؤں کو معاف فرماوے۔ آمین

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۱۲ر جمادی الثانیہ ۱۴۱۸ھ

## دورۂ حدیث پاک کے طلبہ کے نام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۱۰۳۱ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ. فقیر ابوالخلیل خان محمد عفی عنہ کی طرف سے دورۂ حدیث پاک پڑھنے والوں کو درسِ حدیث پاک کی اجازت ہے۔ فقیر نے دارالعلوم ڈابھیل میں مشکوٰۃ شریف حضرت مولانا محمد یوسف صاحب بنوری قدس سرہ العزیز سے پڑھی تھی۔ دورۂ حدیث ۱۹۴۰ء میں دارالعلوم دیوبند میں پڑھا تھا۔ دورۂ حدیث پاک کے اساتذہ کرام اُس وقت حضرت مدنی قدس سرہ العزیز، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ العزیز اور حضرت مولانا اعزاز علی صاحب قدس سرہ العزیز تھے۔

فقیر کی طرف سے دورۂ حدیث پاک کی اجازت ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرماوے اور برکتیں عطا فرماوے۔ آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۲۴ر صفر المظفر ۱۴۲۵ھ

## بنام: علمائے کرام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

۱/۱۰۳۲ بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

جناب واجب الاحترام علمائے کرام زید مجدکم العالی!

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ آپ کو معلوم ہے قادیانی، مرزائی اندر اندر مسلمانوں کو مرتد

Marfat.com

بنانے میں مصروف ہیں۔ میں آپ حضرات سے اللہ کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ مہینہ میں صرف ایک ہی دفعہ سہی اپنے خطبے میں صرف دس پندرہ منٹ تحفظ عقیدۂ ختم نبوت اور قادیانی مرزائی کا مکروہ چہرہ کے متعلق نوجوانوں کو آگاہ فرمادیا کریں، تاکہ ہم حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اِس حق کو اَدا کرنے میں خدا کے ہاں اجر کے مستحق بن سکیں۔ امید ہے آپ توجہ فرمائیں گے۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

۲۷ رجمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ خانقاہ سراجیہ

**بنام: جناب فاروق ایچ نائیک چیئرمین سینٹ ومحترمہ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا صاحبہ اسپیکر قومی اسمبلی وجناب بابر اعوان وفاقی وزیر قانون ودیگر جملہ اراکین پارلیمنٹ**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. ۱/۱۰۴۳

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

مکرمی محترمی جناب...... السّلام علیکم!

مزاج گرامی!

گزارش ہے کہ جناب سرورِ کائنات حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور ان کی ختم نبوت کا یہ عقیدہ چودہ سو برس سے امت مسلمہ کا اجماعی عقیدہ چلا آرہا ہے۔ اسی طرح جناب نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عزت وناموس کا تحفظ دنیا کا ہر مسلمان اپنا ایمانی فریضہ سمجھتا ہے اور اپنی جان سے بھی بڑھ کر اُس کے تحفظ کے لیے کوشاں رہنے کو باعث سعادت ونجات سمجھتا ہے۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مسلمانوں کے اسی اجماعی عقیدہ کے تحفظ اور ایمانی جذبات کی ترجمانی کے لیے گزشتہ ساٹھ برس سے وطنِ عزیز پاکستان اور دنیا کے دیگر بہت سے ممالک میں سرگرمِ عمل ہے۔ مسلمانوں کو ان کے عقیدہ وثقافت سے محروم کرنے اور فکری و ذہنی انتشار کا شکار بنانے کے لیے استعماری قوتوں نے سازش کے تحت امت مسلمہ میں جو فتنے کھڑے کیے، ان میں ایک بڑا فتنہ قادیانیت کا ہے، جس کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی

Marfat.com

نے مفکر پاکستان علامہ محمد اقبالؒ کے بقول نئی نبوت اور نئی وحی کا دعویٰ کر کے مسلمانوں کے مرکزِ عقیدہ و اطاعت کو تبدیل کرنے کی مذموم کوشش کی ہے۔

مفکر پاکستان علامہ اقبالؒ نے ''قادیانیت'' کی حقیقت کو جس علمی و فکری انداز میں دنیا کے سامنے آشکارا کیا ہے، اس سے اس سازش کے پس منظر کو بخوبی سمجھا جا سکتا ہے اور پنڈت جواہر لال نہرو کے ساتھ اس مسئلہ پر علامہ اقبالؒ کی خط و کتابت نے اس عظیم فتنے کے فکری، تہذیبی اور سماجی پس منظر کو علمی حلقوں کے سامنے طشت از بام کر کے رکھ دیا۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قیام کے بعد ملک کے دینی و سیاسی حلقوں نے علامہ محمد اقبالؒ کے انہی ارشادات اور توضیحات کی روشنی میں قادیانیوں کو مسلمانوں سے الگ ایک غیر مسلم اقلیت کے طور پر معاشرتی درجہ دینے کی تحریک چلائی تھی جو مسلسل جدوجہد اور قربانیوں کے بعد ۱۹۷۴ء میں اپنے منطقی نتیجے تک پہنچی اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ نے وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی قیادت میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے کر نہ صرف ایک دیرینہ مسئلہ کو ہمیشہ کے لیے حل کر دیا، بلکہ اس سے مفکرِ پاکستان علامہ اقبالؒ کے خوابوں کو بھی تعبیر مل گئی۔ مگر قادیانیوں نے اس وقت سے اپنے بارے میں:

- اسلامی جمہوریہ پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ
- پورے عالم اسلام کی نمائندہ تنظیم ''رابطہ عالم اسلامی''
- سپریم کورٹ آف پاکستان
- دنیائے اسلام کے تمام مکاتب فکر کے علمی مراکز اور حلقوں

کے متفقہ فیصلوں کو مسترد کرتے ہوئے خود کو مسلمان تسلیم کرانے اور پارلیمنٹ کے فیصلے کو ناکام بنانے کی مہم شروع کر رکھی ہے، جسے ان کے استعماری آقاؤں اور پاکستان کے اسلامی نظریاتی تشخص کی مخالف بین الاقوامی لابیوں کی حمایت اور پشت پناہی حاصل ہے اور اسی پس منظر میں عالمی حلقوں کی طرف سے پاکستان پر:

۱۔ قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے اور انہیں اسلام کا نام اور اصطلاحات و شعائر کے

Marfat.com

استعمال سے روکنے کے دستوری وقانونی اقدامات کو ختم کرنے۔

۲۔ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموس وعزت کے تحفظ کے قوانین کو غیر موثر بنانے۔

۳۔ دستورِ پاکستان کی اسلامی دفعات بالخصوص قراردادِ مقاصد میں ترامیم کرنے۔

۴۔ حتیٰ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نام سے اسلامی کا لفظ حذف کرنے کے لیے مسلسل دباؤ ڈالا جارہا ہے۔

ان حالات میں جبکہ دستور ترامیم کا نیا پیکیج پیش کرنے کے لیے پارلیمنٹ کی قائم کردہ ''دستوری ترامیم کمیٹی'' اخباری رپورٹ کے مطابق ۲۳ر مارچ تک ترامیم کا مسودہ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنے کی تیاری کررہی ہے اور مختلف حلقوں کی طرف سے اسلامی دفعات کے بارے میں منفی مطالبات سامنے آرہے ہیں، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سمیت ملک کے تمام دینی حلقوں کو تشویش ہے کہ نئی دستوری ترامیم کے ذریعہ خدانخواستہ دستور کی اسلامی دفعات بالخصوص (۱) قراردادِ پاکستان، (۲) عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی دستوری دفعات، اور (۳) تحفظ ناموس رسالت کے قانون کو ختم یا غیر موثر کرنے کی کوئی منفی کوشش کامیاب نہ ہوجائے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اسلامی نظریاتی تشخص جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وناموس کے تحفظ اور عقیدہ ختم نبوت کی پاسداری میں خود آنجناب کے جذبات بھی کسی دوسرے مسلمان سے کم نہیں ہیں اور آپ بھی ان امور پر ہماری طرح ہی عقیدت وجذبات رکھتے ہیں، لیکن اپنے جماعتی اہداف اور مشن کے حوالہ سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اس سلسلہ میں آنجناب کو یاددہانی کرانا اپنی ذمہ داری سمجھتی ہے اور اسی جذبہ کے تحت آپ کی خدمت میں یہ عریضہ پیش کیا جارہا ہے۔

ہمیں امید، بلکہ یقین ہے کہ آپ اپنا ملی ودینی فریضہ سمجھتے ہوئے اس مسئلہ کو خصوصی توجہ اور ترجیحات سے نوازیں گے اور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت اور ناموس کے تحفظ میں بھرپور کردار ادا کرکے خود کو آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی

Marfat.com

شفقتوں اور شفاعت کا حقدار بنائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق دیں اور دونوں جہانوں کی خوشیوں اور سعادتوں سے نوازیں۔ آمین یا رب العالمین۔

والسّلام
آپ کا مخلص
فقیر خان محمد عفی عنہ
امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

## بنام: مدیر ماہنامہ "شمس الاسلام"، بھیرہ، ضلع سرگودھا

1/1034 حضرت مولانا ظہور احمد بگوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۶۴ھ/ ۱۹۴۵ء) کی وفات پر ماہ اپریل (۱۹۴۵ء) کے رسالہ (ماہنامہ شمس الاسلام بھیرہ جلد ۱۶ شمارہ نمبر ۴) کو دیکھا تو ایک دردناک اور وحشت انگیز خبر نظر سے گزری جس سے نہایت ہی رنج و ملال ہوا اور ہوش و حواس پر بجلی گری۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ. (الخ)۔

## وفاق المدارس کی عاملہ کے ممبران کے نام

1/1035 بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

بَعۡدَ الۡحَمۡدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرۡسَالِ التَّسۡلِیۡمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت جناب مولانا...... زید عنایتکم

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مزاج گرامی!

عرصہ ہوا عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مرکزی شوریٰ کے فیصلہ کی رو سے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی عاملہ کو خط لکھا گیا کہ وفاق المدارس کے وفاقی سال میں ردّ قادیانیت کے عنوان پر کسی کتاب کو شاملِ نصاب کیا جائے۔ چند تجاویز دی گئیں۔ ان میں سے وفاق المدارس نے اس تجویز کو پسند کیا کہ ختم نبوت، حیات عیسیٰ علیہ السّلام، کذب مرزا، تینوں عنوانات پر دس دس سوالات مرتّب کیے جائیں۔ ان میں سے کوئی دو سوال امتحانی پرچہ میں شامل ہوں۔ چنانچہ وفاق المدارس کی عاملہ کے فیصلہ کی روشنی میں جامعہ خیر المدارس کے دو فاضل اساتذہ حضرت مولانا محمد عابد صاحب اور حضرت مولانا محمد ازہر

Marfat.com

صاحب کو سوالات مرتب کر کے بھجوائے گئے۔ ان حضرات نے اس میں مناسب ردّو بدل کر کے حتمی طور پر ان کو تیار کیا۔ وہ سوالات وفاق کی عاملہ نے منظور کر کے ان کے جوابات پر مشتمل کتاب مرتب کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ کتاب مرتب کی گئی، جس کا نام ''آئینہ قادیانیت'' تجویز ہوا۔ اس میں خیال رکھا گیا کہ:

۱۔ سوالات کے جوابات جامع ہوں۔

۲۔ کوئی اہم بات رہ نہ جائے اور فضول طوالت بھی نہ ہو۔

۳۔ کتاب مختصر اور جامع ہو۔ طلبا ایک دو ہفتے کی تیاری میں اس پر مکمل عبور کر کے کوئی دو سوال کے جواب دینے پر تیار ہو جائیں تاکہ طلبا پر نصاب کا بوجھ نہ پڑے۔

۴۔ مختصر مباحث پر مشتمل ہو، تاکہ حجم بڑھنے سے مدارس یا طلبا پر کتاب کی خریداری کا بوجھ نہ پڑے۔

۵۔ کتاب تیار کر کے حضرت مولانا عبدالمجید صاحب مدظلہ کہروڑپکا، حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزی مدظلہ، حضرت مولانا محمد عابد مدظلہ، جامعہ خیر المدارس کو دکھائی گئی۔ پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔ وفاق المدارس کے صدر ذی وقار حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد سلیم اللہ خان مدظلہ نے اسے حرفاً حرفاً پڑھا۔ اغلاط کی نشاندہی فرمائی، مناسب ترامیم کیں۔ بعض جگہ حذف و اضافہ کا حکم دیا۔ چنانچہ بدقت نظر ایک ایک لفظ کی تعمیل کر کے دوسرا ایڈیشن شائع کیا جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ دوسرے ایڈیشن کی تصحیح کے بعد اشاعت سے قبل بھی مولانا محمد عبداللہ فاضل احمد پور شرقیہ، مولانا سعید احمد جلال پوری، مولانا علامہ خالد محمود، مولانا محمد عابد، مولانا منظور احمد چنیوٹی نے ان کو ملاحظہ کیا۔ دوسرا ایڈیشن بھی قریب الاختتام ہے، اس میں بعض اہلِ علم نے پروف یا دوسری معمولی تصحیح کی، جو تیسرے ایڈیشن میں پیشِ نظر رہیں گی۔ کتاب بعض مدارس، جیسے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے فضلاء کو سبقاً سبقاً پڑھائی گئی۔ بہت ہی نافع ثابت ہوئی۔ اب ۲۰ر جولائی ۲۰۰۳ء کے اجلاس عاملہ وفاق میں نئے نصاب کی منظوری دی جانی ہے۔ اس موقع پر پھر بطور یاددہانی عریضہ ارسال ہے کہ حسب وعدہ وفاق المدارس کی عاملہ اسے اپنے نصاب میں داخل کر

Marfat.com

کے فضلاء وفاق کو عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اور قادیانی فتنہ کی سنگینی سے باخبر کرنے کے لیے اقدام کرے۔ امید ہے کہ توجہ کی جائے گی۔ اِنَّ الْعَھْدَ کَانَ مَسْئُوْلاً.

والسّلام

دعا گو فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

۲
۱۰۳۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ وَاِرْسَالِ التَّسْلِیْمَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ.

بخدمت محترم رکن عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مزاج گرامی!

یہ معلوم کر کے قلبی صدمہ ہوا کہ وفاق المدارس کے عاملہ کے حالیہ اجلاس میں ''آئینہ قادیانیت'' کو تعلیمی نصاب سے خارج کر کے مطالعہ کے درجہ میں رکھ دیا گیا، حالانکہ:

۱۔ وفاق المدارس کے ذمہ دار حضرات سے طویل جدوجہد کے بعد اسے شامل کیا گیا تھا۔

۲۔ وفاق المدارس کے خط آنے پر ملک کے معروف جامعات، جو وفاق میں شامل ہیں، ان کی مشاورت سے سوالات مرتّب کیے گئے تھے۔

۳۔ جوابات پر مشتمل اس کتاب کو وفاق کے گرامی صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے گوناگوں مصروفیات کے باوجود حرفاً حرفاً پڑھا۔ ان کی نشاندہی پر ترمیم و اضافہ ہوا۔

۴۔ نصاب کمیٹی کے اجلاس میں درجہ مشکوٰۃ میں اسے شاملِ نصاب کیا گیا۔

۵۔ پھر وفاق المدارس کی عاملہ نے اس فیصلہ کی توثیق کی۔ تب کہیں ان مراحل سے گزرنے کے بعد شاملِ نصاب یہ کتابچہ ہوا۔ بڑے بڑے جامعات میں اس کو سلیبس کا حصہ بنا کر پڑھایا گیا۔

۶۔ چونکہ درجہ مشکوٰۃ اس وقت وفاقی سال نہ تھا، اس لیے بعض مدارس نے غیر وفاقی سال کے باعث توجہ نہ دی تو ماہنامہ وفاق المدارس صفر ۱۴۲۹ھ میں صدر وفاق اور ناظم اعلیٰ وفاق المدارس کی طرف سے پڑھانے کی تاکید کی گئی (تفصیلات لف ہذا ہیں)۔

Marfat.com

۷۔اس کتاب ''آئینہ قادیانیت'' کا عربی ترجمہ ''مراۃ القادیانیہ'' اور انگلش ترجمہ ''دی مرر آف قادیانیت'' شائع کر کے ساؤتھ افریقہ، برطانیہ کے جامعات میں پڑھانے کے لیے مجلس نے جدوجہد کی، تا کہ اندرون و بیرون ملک نئے فارغ ہونے والے علماء کرام کو قادیانی فتنہ سے آگاہی ہو، اسی طرح سندھ کے غیر وفاقی مدارس اور بہت سے وفاقی مدارس للبنات میں بھی اس کی تعلیم کے اہتمام کے لیے مجلس نے کامیاب کوششیں کیں۔

اب اسے وفاق المدارس پاکستان نے اپنے تعلیمی وامتحانی نصاب سے خارج کر دیا ہے۔فتنہ قادیانیت کی سنگینی سے آپ حضرات سے بڑھ کر کون واقف ہوگا؟ ہمارے مدارس کے نئے فارغ التحصیل حضرات کو کچھ اس سے معلومات مل جاتی تھیں۔ یہ رحمت عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے وصف خاص ختم نبوت کی خدمت تھی۔اس سے ہماری نئی نسل کو فائدہ ہوتا تھا۔اس کے اخراج سے یہ کارِ خیر بند ہو گیا۔

فقیر اپنی صحت و عمر کے لحاظ سے سفر کے قابل نہیں، ورنہ تلافی مافات کے لیے حاضری سے بھی دریغ نہ تھا۔آپ کے اخلاقِ کریمانہ سے امید ہے کہ فوری اسے امتحان لازمی کے لیے ضروری شامل کر کے حسب سابق ممنون فرمائیں گے۔جوابی لفافہ ارسال ہے۔جواب صواب کے لیے انتظار رہے گا۔اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔آمین۔

والسّلام

فقیر خان محمد عفی عنہ

امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

از خانقاہ سراجیہ

Marfat.com

Marfat.com

# مکتوب الیہان

۱۔ مولانا مفتی حکیم احمد حسن قریشی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۹۲ء)، بھوئی گاڑ، حسن ابدال، ضلع اٹک

۲۔ حضرت مولانا ایاز احمد حقانی، مہتمم جامعہ اسلامیہ فریدیہ، کانگڑہ، شبقدر فورٹ، پشاور

۳۔ حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۴ھ/ ۱۹۸۴ء)، مسجد محمود، ریلوے اسٹیشن، فیصل آباد

۴۔ ملک حاکم خان صاحب، خانقاہ سراجیہ شریف، کندیاں، ضلع میانوالی

۵۔ حضرت مولانا سیّد حامد میاں رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۸ھ/ ۱۹۸۰ء)، جامعہ مدنیہ، لاہور

۶۔ مولانا حسین احمد قریشی، بھوئی گاڑ، حسن ابدال، ضلع اٹک

۷۔ پروفیسر زاہد منیر عامر، صدر نشین مسند ظفر علی خان، ادارہ ابلاغیات جامعہ پنجاب، قائداعظم کیمپس، لاہور

۸۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہٗ، صدر وفاق المدارس پاکستان، جامعہ فاروقیہ، کراچی

۹۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہٗ، دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، ضلع نوشہرہ، خیبر پختونخوا

۱۰۔ مولانا قاضی شمس الدین احمد قریشی، بھوئی گاڑ، حسن ابدال، ضلع اٹک

۱۱۔ حضرت مولانا طارق محمود رحمۃ اللہ علیہ، مسجد محمود، ریلوے اسٹیشن، فیصل آباد

۱۲۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۸ء)، دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، ضلع نوشہرہ، خیبر پختونخوا

۱۳۔ حضرت مولانا عبدالحکیم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۹۱ء)، بانی جامعہ فرقانیہ

Marfat.com

مدنیہ، کوہاٹی بازار، راولپنڈی

۱۴۔ حضرت مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۹ھ/ ۲۰۰۸ء)، نصرۃ العلوم، گوجرانوالہ

۱۵۔ حضرت مولانا عبدالخالق بھترالوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۱۷ھ/ ۱۹۹۶ء)، خطیب جامع مسجد کوہ نور ملز، پشاور روڈ، راولپنڈی

۱۶۔ حکیم قاری عبدالرحمٰن، قادریہ دواخانہ، کمیٹی چوک، مری روڈ، راولپنڈی

۱۷۔ مولانا حافظ عبدالرحمٰن علوی، مرکزی جامع مسجد، گلشن آباد، راولپنڈی

۱۸۔ مولانا عبدالرحیم اشعر رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۳ھ/ ۲۰۰۳ء)، بستی عنایت پور، جلال پور پیروالا، ضلع ملتان

۱۹۔ حافظ عبدالرؤف راسخ صاحب، خطیب کوہ نور ملز، راولپنڈی

۲۰۔ حضرت مولانا سیّد مفتی عبدالشکور ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۱ھ/ ۲۰۰۱ء)، مدرسہ حقانیہ، ساہیوال، ضلع سرگودھا

۲۱۔ ڈاکٹر عبدالشکور عظیم صاحب، سول ہسپتال سنانواں، کوٹ ادّو، ضلع مظفر گڑھ

۲۲۔ حضرت مولانا عبدالغفور صاحب مدظلہٗ (خلیفہ خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد قدس سرہٗ)، مرکزی جامع مسجد زرگراں والی، گیلہ خورد، ٹیکسلا شہر، ضلع راولپنڈی

۲۳۔ مولانا عزیز الرحمٰن خورشید علوی صاحب، خطیب جامع مسجد فاروقیہ، ملکوال، ضلع منڈی بہاؤالدین

۲۴۔ حضرت مولانا مفتی عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہٗ، چودھوان، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

۲۵۔ جناب عقیل احمد کلیار، چک نمبر ۱۴۷- ج ب، پچمیکا کلیاراں، تحصیل و ضلع چنیوٹ

۲۶۔ حضرت ڈاکٹر غلام مصطفٰی خان رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۶ھ/ ۲۰۰۵ء)، حیدرآباد، سندھ

۲۷۔ مولانا غلام یٰسین صاحب، مدرّس مدرسہ تعلیم القرآن مجددیہ، سکھر

۲۸۔ جناب پروفیسر فتح شاہ ہاشمی، مدنی چوک، تلہ گنگ، ضلع چکوال

Marfat.com

۲۹۔ حضرت مولانا فضل محمد رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء)، بانی جامعہ قاسم العلوم، فقیروالی، ضلع بہاولنگر

۳۰۔ جناب سردار فضل محمود خان خاکوانی مرحوم (م ۱۴۱۵ھ/ ۱۹۹۵ء)، مکان نمبر ۱۵۵۴، تغلق روڈ، تولے خان، ملتان

۳۱۔ حضرت مولانا محمد اعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ، خلیفہ ارشد حضرت مولانا سیّد زوار حسین شاہ رحمۃ اللہ علیہ، نارتھ ناظم آباد نمبر ۳، کراچی

۳۲۔ حضرت مولانا قاری محمد امین رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۶ھ/ ۲۰۰۵ء)، جامعہ عثمانیہ، ورکشاپی محلّہ، راولپنڈی

۳۳۔ حضرت مولانا حافظ محمد داؤد رحمۃ اللہ علیہ، سرفراز کالونی، کنگنی والا، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ

۳۴۔ مولانا قاری محمد رزین (زرین) صاحب، ناظم جامعہ فرقانیہ مدنیہ، کوہاٹی بازار، راولپنڈی

۳۵۔ حضرت مولانا حافظ محمد رمضان علوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۱۰ھ/ ۱۹۹۰ء)، مرکزی جامع مسجد، گلشن آباد، راولپنڈی

۳۶۔ جناب صوفی محمد ریاض الحسن گنگوہی صاحب، جامع مسجد ختم نبوت، کشمیری بازار، ڈیرہ اسماعیل خان

۳۷۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب مدظلہٗ، مفتاح العلوم، سیٹلائٹ ٹاؤن، سرگودھا

۳۸۔ مولانا محمد عطاء الحق قلبی صاحب، مدیر دارالعلوم نورالاسلام، جی ٹی روڈ، حاجی شاہ، اٹک

۳۹۔ محمد فاروق، مکان نمبر ۲۳۲، گلی نمبر ۶، احمد آباد، دھمیال کیمپ، راولپنڈی

۴۰۔ حضرت مولانا محمد قاسم قاسمی صاحب، جامعہ قاسم العلوم، فقیروالی، بہاولنگر

۴۱۔ محمد نذیر رانجھا، مکان نمبر ۱۳۱، گلی نمبر ۲۱، غازی آباد، کمال آباد، راولپنڈی کینٹ

Marfat.com

۴۲۔ محمد نعمان احمد، موہڑہ شاہ ولی شاہ، ٹیکسلا

۴۳۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۴۲۱ھ/ ۲۰۰۰ء)، جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن، کراچی

۴۴۔ جناب معین اللہ جان، مشہ منصور، لکی مروت

۴۵۔ حضرت مولانا نثار احمد الحسینی صاحب مدظلہ، خانقاہ امدادیہ، مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام، مدینہ مسجد، محلّہ زاہد آباد، حضرو، اٹک

۴۶۔ حافظ نذیر احمد نقشبندی مجددی، انصاف کلاتھ مارکیٹ، گوجرانوالہ

۴۷۔ راجہ نور محمد نظامی، بھوئی گاڑ، حسن ابدال، ضلع اٹک

Marfat.com

# اشاریہ

Marfat.com

Marfat.com

# اشخاص


آغا ہاشم جان ۲۵۳
ابراہیم، حاجی ۱۱۹، ۱۲۰
ابوالحسن علی ندوی، مولانا ۸۴
ابوالسعد احمد خان، مولانا (حضرت اعلیٰ) ۱۹۲، ۲۹۶، ۲۹۷، ۳۰۴، ۳۴۹، ۵۳۲
ابوالقاسم رفیق دلاوری، مولانا ۸۴
ابوحنیفہ ۱۶۷
ابویوسف ۱۶۷
احسان احمد، مولانا قاضی ۲۵
احمد، سردار ۳۱۶
احمد، ملک ۵۸۸
احمد الرحمٰن، مفتی ۱۱۷
احمد حسن قریشی، مولانا مفتی حکیم ۲۵، ۲۱۶
احمد خان ۲۸۸
احمد دین، حاجی ۵۷۰
احمد دین، حافظ ۴۵۱
احمد علی ۳۵۶
احمد یار، صوفی ۱۲۶، ۱۵۳، ۳۳۸، ۴۴۱، ۴۵۲
ازہر شاہ ۳۳۷
اسعد میاں، مولانا سیّد ۱۴۲، ۱۴۴
اسلم قریشی ۴۴، ۴۱۸
اسلم، صوفی ۲۶۶، ۲۶۹، ۲۷۱
اسماء ۷۴، ۱۳۷، ۱۴۵، ۱۴۹، ۱۶۹، ۱۵۲، ۱۵۶، ۳۶۹
اشرف، میاں ۳۴۵
اصغر خان ۲۸۳
اعزاز علی، مولانا ۴۵۶، ۴۵۷، ۶۱۲
اقبال احمد ۵۳۷
اللہ بخش ۲۴۰
اللہ داد سرگانہ ۳۰۱
اللہ دتہ، میاں ۷۲
اللہ وسایا، مولانا ۲۶، ۷۹، ۱۱۶
الیاس، مولانا ۶۴
امان اللہ ۳۲۰
امان اللہ، مولوی ۴۳۶
امداد اللہ مہاجر مکی ۸۱
امیر افضل خان، ملک ۵۸۳
امیر الدین، حاجی ۲۹۰
امیر حسین شاہ گیلانی، مولانا سیّد ۴۷
امیر سراج احمد ۲۵۵
امیر عبداللہ خان ۳۰۶
انعام الحسن، مولانا ۱۹۳
انوار ۱۶۰
انور محمد ۳۳۳
ایاز ۲۴۶
ایاز احمد حقانی، مولانا ۲۶
ایاز خان ۲۱۸
بابر اعوان ۶۱۳


Marfat.com

بدرعالم میرٹھی، مولانا ۳۸۴، ۵۶۷
بشریٰ تبسم ۲۷
بشیر ۵۵۹
بشیر، ملک ۳۵۶
بشیر، میاں ۳۳۸
بشیر احمد ۱۶۰، ۳۲۲، ۳۵۲، ۵۲۸، ۵۳۹
بشیر احمد، رانا ۵۷۷
بنوری، مولانا ۲۶۱
بہادر، میاں ۲۹۵
بہاؤالدین نقشبند ۲۹۶
بیگم فضل حسین چوہان ۲۷-۳۴
پیر بھر چونڈی ۲۴۴
تاج محمود، مولانا ۳۴-۳۵، ۷۶، ۷۷، ۱۱۳، ۱۱۴، ۱۱۶، ۱۱۷، ۵۸۶
جامی، عبدالرحمٰن ۱۶۶
جان محمد، میاں حاجی ۵۳۳
جلال الدین، مولانا ۳۶-۴۴
جمشید، راؤ ۱۴۰، ۵۷۱
جمیل الدین احمد، سیّد ۱۹۳
جنید ۷۰
جواہر لال نہرو، پنڈت ۶۱۴
چراغ الدین شاہ، مولانا سیّد ۴۲۸
چن پیر احمد، حکیم ۵۳۲
حاکم خان، ملک ۴۵، ۲۰۲
حامد ۶۴، ۱۴۸
حامد میاں، مولانا سیّد ۴۵-۴۸
حبیب، حافظ ۳۸۸، ۴۱۳
حبیب الرحمٰن لدھیانوی، مولانا ۴۸، ۴۹
حبیب اللہ خان نیازی ۳۳۸
حذیفہ ۱۶۷
حسن بصری ۱۶۸
حسین رضی اللہ عنہ ۱۱۱
حسین ۶۰۹
حسین احمد ۱۰۶
حسین احمد قریشی، مولانا ۵۰-۵۴، ۵۹۱
حسین علی، مولانا ۳۰۲، ۳۰۳
حفظ اللہ ۲۹۷
حفیظ اللہ خان ۲۲۵
حق نواز ۳۲۲
حمیدہ ۱۷۷
حیدر الحیدری ۱۶۹، ۴۰۴
خالد ۷۰، ۲۹۸
خالد، شاہ ۳۴
خالد خان طور ۱۰۲، ۲۱۴، ۲۱۹، ۲۲۰، ۲۲۳، ۲۳۰، ۲۴۲، ۳۱۲، ۳۱۷
خالد محمود ۱۴۸
خالد محمود، مولانا علامہ ۶۱۷
خان محمد ۷۲، ۳۳۷
خان محمد، ملک ۲۵۵
خان محمد، میاں ۲۳۳، ۵۳۵
خان محمد سرگانہ، میاں ۱۷۶، ۵۶۲
خان مارکہ ۶۵
خاور محمود ۵۴-۵۸
خدا بخش ۳۰۵
خضر حیات ۳۰۱
خلاص خان ۲۵۶


Marfat.com

خلیل احمد، مولانا خواجہ ۵۸-۷۲، ۱۳۷، ۱۴۲، ۱۴۵-۱۴۹، ۱۵۲، ۱۵۶-۱۵۸، ۱۶۱، ۱۶۸، ۱۶۹، ۱۷۱، ۱۷۴، ۱۷۶، ۱۹۸، ۳۷۱، ۳۷۸، ۳۸۰-۳۸۲، ۴۶۰، ۴۶۱، ۴۶۲، ۴۵۸، ۴۵۹، ۴۹۵، ۵۱۱، ۵۱۷، ۵۱۹، ۵۲۷، ۵۲۸، ۶۰۷، ۶۰۸
خورشید احمد شاہ، پیر ۳۳۹
درخواستی، مولانا ۴۶، ۱۵۴، ۲۸۰
دوست محمد سرگانہ، حاجی ۳۴۰
دوست محمد قندھاری، خواجہ ۱۹۹
ذوالفقار، حکیم ۲۳۲، ۲۶۴
ذوالفقار سرگانہ، حکیم ۲۸۱
ذوالفقار علی بھٹو ۶۱۴
راشد میاں ۳۸۱، ۳۸۳، ۴۵۳
رائے پوری، حضرت ۸۱
رب نواز ۵۸
رحیم بخش، ملک ۵۷۸
رشید ۴۱۲، ۵۵۶
رشید احمد، صاحبزادہ ۵۹، ۶۷، ۱۳۸، ۱۴۵-۱۴۹، ۱۵۲، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۶۸، ۱۶۹، ۱۷۱، ۱۷۴، ۲۲۴، ۳۸۰، ۳۸۲، ۴۷۳، ۵۲۸
رشید احمد ارائیں ۲۴۳
رشید میاں ۴۶، ۴۸
رضاؒ، امام ۱۶۶
رضیہ ۴۳، ۳۶۹، ۴۵۳
رفیق ۶۸
ریاض احسن ۹۵
ریاض احمد ۳۳۴
ریاض احمد، حافظ ۳۹۰، ۴۴۶
ریاض حسین ۷۴
ریاض حشمت ۳۳۱
ریاض ہاشمی ۲۲۸
زاہد الحسینی، مولانا قاضی ۴۹۶
زاہد راشدی ۴۱۶
زاہد منیر عامر ۷۵-۷۷
زاہدہ ۱۴۵
زبیرؓ ۱۶۷
زوار حسین شاہ، سیّد ۳۶۷، ۳۶۸
زین العارفین ۴۰۷
زینب ۴۶۵
ساجد اعوان ۷۸-۸۰
سراج احمد دین پوری، مولانا ۴۱۶
سراج الحق نعمانی، مولانا قاضی ۸۰-۸۲
سعد احمد ۵۳۵
سعدی، شیخ ۳۱۸، ۳۳۱
سعدیہ ۷۰، ۷۱
سعید ۵۷۸
سعید احمد ۲۹۷
سعید احمد، صاحبزادہ ۶۷، ۷۰، ۷۱، ۱۴۴-۱۴۹، ۱۵۲، ۱۵۴، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۶۹، ۱۷۴، ۱۷۶، ۳۵۶، ۳۸۰، ۳۸۱، ۳۸۳، ۵۲۸، ۵۳۵
سعید احمد، مولوی ۱۱۲
سعید احمد جلال پوری، مولانا ۶۱۷
سعید احمد رائے پوری، مولانا ۳۲۰
سعید الرحمٰن ۱۰۷، ۳۲۹
سعید الرحمٰن، قاری ۹۰

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سعید انور | ۳۱۱ |
| سکندر | ۲۳۶ |
| سکندر خان | ۲۵۲،۲۵۱ |
| سلطان شاہ | ۲۵۴ |
| سلطان مبارک | ۵۸۴،۲۵۰ |
| سلمان فارسی | ۱۶۷ |
| سلمٰی | ۷۰ |
| سلیمان اکرام الدین | ۴۰۴ |
| سلیم | ۲۶۷ |
| سمیع الحق، مولانا | ۸۵-۹۱،۹۴،۹۷،۳۷۷ |
| سیف اللہ خان | ۳۰۵ |
| شادی خان | ۲۲۴،۵۳۷ |
| شاکر سکندر | ۱۴۲،۱۴۳ |
| شبیر، سیّد | ۶۱،۶۲ |
| شبیر حسین | ۳۱۵ |
| شریف، شیخ | ۲۴۴ |
| شفیع | ۲۴۵،۲۶۴ |
| شفیق | ۵۹ |
| شمس الدین احمد قریشی، قاضی | ۹۱ |
| شورش کاشمیری | ۳۵ |
| شیر محمد | ۳۰۲،۳۰۴ |
| شیر محمد، صوفی | ۶۶،۴۷۴ |
| شیر محمد، ملک | ۳۴۹،۳۶۵ |
| شیر محمد، مولوی | ۵۲۸،۵۸۸ |
| شیر دل | ۲۴۱ |
| صادق خان | ۲۴۲ |
| صدر الدین، مولانا قاضی | ۳۲۵،۴۴۳ |
| صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | ۵۳۹ |
| صغیر احمد، ملک | ۹۲ |
| صفدر | ۳۳۰ |
| صلاح الدین، حافظ | ۳۶ |
| ضیاء الحق، جنرل | ۲۶،۳۴،۷۲،۸۶ |
| ضیاء الدین، مولوی | ۴۵۰ |
| ضیاء الدین، مولانا | ۱۳۳ |
| ضیاء القاسمی، مولانا | ۱۵۴،۳۰۱ |
| ضیاء اللہ | ۳۸۴ |
| ضیاء اللہ خان | ۳۱۶ |
| ضیاء بخاری | ۳۴۶ |
| طارق محمود | ۹۲ |
| طاہر | ۶۸ |
| طاہرہ | ۱۰۷ |
| طفیل، چوہدری | ۲۲۷ |
| طلحہؓ | ۱۶۷ |
| طوفانی صاحب | ۱۸۳ |
| طیب، مولانا | ۴۵۵ |
| ظفر (بادشاہ) | ۷۳ |
| ظہور احمد | ۶۷ |
| ظہور احمد بگوی، مولانا | ۶۱۶ |
| عاتکہ | ۷۰ |
| عالم شیر | ۳۰۷ |
| عبد الحفیظ، میاں | ۲۶۴ |
| عبد الحق، مولانا | ۹۳-۹۶،۳۷۵ |
| عبد الحکیم | ۳۳۹،۳۵۱ |
| عبد الحکیم ہزاروی، مولانا | ۹۷-۹۹،۱۵۵، ۳۸۸، ۳۸۹، ۳۹۰، ۳۹۱، ۴۰۸، ۴۰۹، ۴۱۶،۴۱۹،۴۳۱،۴۳۲ |


Marfat.com

عبدالحمید ۳۴۶،۳۵۱،۵۴۴
عبدالحمید، حافظ ۲۲۷،۲۴۰
عبدالحمید، منشی ۳۴۲
عبدالحمید خان ۲۹۱
عبدالحمید خان سواتی، مولانا صوفی ۹۹
عبدالحی، مولانا ۲۵
عبدالخالق، مولانا ۱۲۰
عبدالخالق بھترالوی، مولانا ۹۹،۱۰۰
عبدالخالق خان ۲۲۵
عبدالرحمٰن ۱۱۱،۲۸۴،۳۱۱،۳۱۸،۳۴۰
عبدالرحمٰن، حافظ ۱۰۵،۴۱۹
عبدالرحمٰن، حکیم قاری ۱۰۸–۱۱۰
عبدالرحمٰن، قاری ۵۱۵،۵۲۶
عبدالرحمٰن بن محمد یعقوب، حافظ ۱۰۱–۱۰۶
عبدالرحمان خان ۲۲۴
عبدالرحمٰن سرگانہ ۳۲۸
عبدالرحمٰن علوی، حافظ ۱۰۶–۱۰۸
عبدالرحیم، قاری ۱۶۹،۳۸۲،۵۲۸
عبدالرحیم، مولوی ۷۰،۴۳۲
عبدالرحیم اشعر، مولانا ۱۱۱–۱۱۸
عبدالرحیم خان ۲۳۹،۲۴۲
عبدالرحیم خان، حکیم ۱۷۱،۲۹۴
عبدالرزاق ۳۰۹
عبدالرزاق سکندر، مولانا ڈاکٹر ۱۱۷،۱۱۹
عبدالرشید ۱۵۵،۳۳۲،۳۸۵
عبدالرشید، حاجی ۳۴۰،۳۴۹،۵۷۱
عبدالرشید، حافظ ۱۶۰
عبدالرؤف، مولوی ۳۵،۱۱۲،۱۸۹
عبدالرؤف خان ۳۴۰،۳۴۱
عبدالرؤف راسخ، حافظ ۱۲۰
عبدالستار ۱۲۰،۳۰۸
عبدالستار شاہ، سیّد ۳۱۱
عبدالسلام شاہ، مولانا سیّد ۲۲۱
عبدالشکور ترمذی، مولانا سیّد مفتی ۱۲۱،۱۲۲
عبدالشکور عظیم، ڈاکٹر ۱۲۳
عبدالعزیز خان ۲۸۶
عبدالغفور ۳۹۸
عبدالغفور، قاری ۳۸۹
عبدالغفور، مولانا ۱۲۳–۱۳۴
عبدالغفور خان ۳۴۰
عبدالغنی پٹیالوی، مولانا ۸۴
عبدالقادر آزاد، مولانا ۵۹۰
عبدالقادر جیلانی، شیخ ۱۶۷
عبدالقیوم ۴۸۳
عبدالقیوم، حافظ ۶۲،۶۳
عبدالقیوم، مولوی ۲۴۱،۲۴۲
عبداللطیف ۳۳۰
عبداللطیف شاہ، مولانا پیر سیّد ۲۳۲،۳۲۵،۳۳۹
عبداللہ انصاری ۱۶۶
عبداللہ بن جابرؓ ۱۶۷
عبداللہ خالد، مولانا ۵۹۲
عبداللہ خان ۲۲۱،۲۳۸،۲۴۶،۲۵۲،۲۵۳،
۲۶۵،۳۲۹،۵۸۰
عبدالماجد ۳۷۹
عبدالمجید، حکیم ۱۹۳
عبدالمجید، شیخ ۵۹


Marfat.com

عبدالمجید، مولانا ۸۳، ۶۱۷
عبدالمجید لدھیانوی، مولانا ۱۳۵
عبدالمجید احمد ۹۸
عبدالمجید خان ۱۳۶
عبدالمجید سیفی، حکیم ۱۶۴، ۵۳۲، ۵۳۷
عبدالواحد، مولانا ۴۱۱
عبدالوحید ۵۸۰
عبیداللہ ۲۴۱
عبیداللہ، مولوی ۴۳۷
عبیداللہ انور، مولانا ۴۱۶
عثمان ۲۳۳
عرفان احمد ۲۵۸
عزیز احمد، خواجہ ۵۸، ۶۰، ۶۵، ۷۰، ۷۱، ۹۶، ۱۳۷ - ۱۷۸، ۳۱۲، ۳۱۵، ۳۱۷، ۳۷۱، ۳۷۸، ۳۸۰، ۳۸۲، ۴۰۳، ۴۰۴، ۴۵۲، ۵۰۹، ۵۲۷، ۵۲۸، ۵۸۲
عزیز الدین ۳۴۶
عزیز الرحمان ۴۴۶
عزیز الرحمٰن جالندھری، مولانا ۷۶، ۱۱۳، ۱۱۶، ۱۸۸، ۱۹۵، ۱۹۶
عزیز الرحمٰن خورشید علوی، مولانا ۱۷۹-۱۸۷
عزیز اللہ، مولوی ۱۶۴
عزیز خان ۳۶۵
عزیز سعید ۳۲۹
عزیز ملک ۳۴۵
عصمت اللہ شاہ ۲۵۳
عطا محمد ۲۶۶
عطا محمد، حافظ ۵۷۴
عطا محمد، قاری ۱۴۸، ۱۶۸
عطا محمد، مفتی ۱۸۸، ۲۶۳، ۳۲۵، ۵۳۲
عطا محمد، مولانا ۴۳۹
عطا محمد، مولوی ۳۶۹، ۵۷۷
عطاء الرحمٰن، مولانا مفتی ۱۸۹، ۱۹۰
عظمت ۲۹۱
عظیم، حافظ ۱۶۰
عقیل احمد کلیار ۱۹۰، ۱۹۱
علم الدین، مستری ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۲
علی خان ۲۱۷، ۲۲۹، ۲۳۲، ۲۳۸، ۲۶۶، ۲۸۳، ۳۳۲، ۳۴۷
علی محمد، مولانا ۱۱۳
علی محمد قریشی ۲۳۶، ۲۳۷
عمر حیات، ملک ۳۳۶، ۳۶۵
عمری ۱۵۴، ۳۴۷
عمیر ۷۰
عیسیٰ علیہ السلام ۸۳، ۸۴، ۶۱۶
غزالی، امام ۱۶۷
غضنفر اللہ خان، سردار ۲۱۴
غلام احمد ۳۵۲
غلام احمد قادیانی، مرزا ۸۳، ۶۱۳، ۶۱۶
غلام اکبر ۲۹۳
غلام جیلانی، ملک ۳۴۱
غلام حسن، میاں ۳۳۰
غلام حیدر ۲۹۷
غلام حیدر، مولانا حافظ ۱۹۲
غلام ربانی، حافظ ۱۷۷، ۲۳۶، ۲۴۸، ۳۸۵
غلام رسول ۲۵۴

غلام رسول، قاری ۴۷۱، ۴۸۱
غلام سرور خان ۳۲۶
غلام علی، حافظ ۴۵۱
غلام غوث ہزاروی، مولانا ۹۹، ۱۵۴، ۱۸۵، ۴۶۲
غلام قاسم ۳۱۸
غلام محمد ۲۲۷، ۲۴۱، ۲۴۲، ۳۰۹، ۳۴۲
غلام محمد، حافظ ۴۴۰، ۴۴۱
غلام محمد، ملک ۳۲۷
غلام محمد، مولانا ۲۹۹
غلام محمد، مولوی ۴۳۶
غلام محمد جھنگوی، مولانا ۵۲۴
غلام مصطفیٰ خان، ڈاکٹر ۱۹۲
غلام یٰسین، حافظ ۴۳۵
غلام یٰسین، مولانا ۱۹۳–۱۹۷
فاروق ۴۸۳
فاروق ایچ نائیک ۶۱۳
فاطمہ ۱۶۹، ۴۶۷
فتح خان ۲۲۳، ۲۲۴
فتح شاہ ہاشمی، پروفیسر حافظ ۱۹۸–۲۰۸
فتح محمد ۱۶۸
فتح محمد، حافظ ۳۵۱
فتح محمد، قاری ۳۸۲، ۴۱۹
فخر الحسن، مولانا ۵۱۳
فخر الدین رازی، علامہ ۱۶۶
فضل الرحمان ۳۰۲
فضل المولیٰ، مولانا ۲۰۸–۲۰۹
فضل الٰہی خان، راجہ ۵۹۱
فضل حسین چوہان ۲۱۰
فضل ربی، قاری ۴۹۴
فضل کریم، شیخ ۲۳۲
فضل محمد، مولانا ۲۱۱–۲۱۳
فضل محمود خان خاکوانی، سردار ۷۴، ۱۳۹، ۲۱۴–۳۵۶
فہد، شاہ ۳۴
فہمیدہ مرزا، ڈاکٹر ۶۱۳
فیض احمد، مولانا ۵۷۷
فیض اللہ خان ۳۲۱
فیض علی شاہ، مولانا سیّد ۱۴۲، ۱۴۳
فیض محمد خان ۲۹۴، ۳۲۳، ۳۵۲
قاسم ۳۲۹
قریشی عبدالواحد، حکیم ۳۱۷
قطب الدین، مولوی ۴۵۲، ۵۷۴، ۵۷۷
کاظم، امام ۱۶۷
کفایت اللہ، مفتی ۵۱۳
کلثوم فاطمہ ۷۴، ۱۳۷، ۱۴۵–۱۴۹، ۱۵۲، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۶۰، ۱۶۹، ۱۷۴
کوثر، سیّد ۲۹۶
گل حبیب، مولانا ۳۵۷–۳۶۴
گل محمد سرگانہ ۲۲۱، ۳۰۶، ۳۴۸
گل محمد، حاجی ۷۲، ۲۳۲، ۲۶۸، ۲۸۴، ۳۱۷، ۳۳۶، ۳۳۷، ۳۴۲
لال حسین اختر، مولانا ۸۴
لیاقت حسین ۲۹۵
ماجد ۷۰
مائی صاحبہ کلاچی والیاں ۳۱۷
مبارک ۳۷۸

Marfat.com

مبارک علی، ملک ۳۶۶-۳۶۴

مجدد الف ثانی ۱۹۳، ۱۹۶، ۳۶۸، ۵۸۰

محمد ﷺ ۴۵، ۷۸، ۹۱، ۱۰۰، ۱۸۶، ۱۹۶، ۲۸۰، ۳۶۷، ۳۹۳، ۴۰۸، ۴۲۰، ۴۶۲، ۴۶۸، ۵۰۷، ۵۱۲، ۵۳۱، ۵۴۳، ۵۵۸، ۵۷۳، ۶۱۳، ۶۱۵، ۶۱۹

محمد آغا، مولانا ۳۵۸

محمد ابراہیم، میاں ۳۴۳

محمد ابراہیم بلیاوی، مولانا ۴۵۶، ۴۵۷، ۶۱۲

محمد احمد ۵۶۹، ۵۷۰

محمد اختر، رانا ۳۶۷

محمد ادریس کاندھلوی، مولانا ۸۴

محمد ادریس میرٹھی، مولانا ۳۷۵

محمد ازہر، مولانا ۶۱۶

محمد اسحاق خان ۵۹۹

محمد اسد اللہ خان ۲۳۰، ۲۳۴، ۲۳۵، ۲۳۶، ۲۵۲، ۲۵۹، ۲۶۱، ۲۷۷، ۳۰۳، ۳۵۳

محمد اسلم ۳۵، ۶۸، ۲۵۷

محمد اسلم، چوہدری ۷۰

محمد اسلم، سردار ۱۴۰

محمد اسلم، ملک ۱۷۶، ۲۱۹، ۲۶۶، ۴۴۴، ۴۵۱

محمد اشرف خان ۶۳، ۶۴، ۲۱۹، ۴۷۲، ۴۷۳، ۴۷۸، ۴۷۹، ۴۸۱، ۴۹۵، ۵۰۹، ۵۸۰

محمد اشرف علی تھانوی، مولانا ۳۷۴

محمد اطلس خان ۳۲۸

محمد اعظم خان ۲۲۸

محمد اعلیٰ، مولانا ۳۶۷

محمد افضل ۵۹، ۱۴۸، ۲۲۱، ۲۵۶، ۲۵۷، ۲۶۰، ۲۶۶، ۲۷۱، ۲۷۴، ۲۷۹، ۲۸۰، ۲۹۸، ۳۰۱، ۳۰۳، ۵۷۸

محمد افضل، ملک ۷۰

محمد افضل، مولوی ۴۳۹

محمد افضل سرگانہ ۳۵۶

محمد اقبال ۲۸۵

محمد اقبال، علامہ ۶۱۴

محمد اقبال، ملک ۳۸۳

محمد اکبر ۳۰۲، ۳۰۳

محمد اکرم، ملک ۳۷۹، ۵۱۹

محمد اکرم خان ۳۳۲، ۳۶۸، ۳۹۱

محمد اکرم عاصم ۳۶۹-۳۷۴

محمد امین ۲۲۵

محمد امین، مولانا قاری ۹۴، ۱۲۹، ۱۳۳، ۳۷۴-۳۷۶، ۴۴۶، ۴۸۹

محمد امین، مولوی ۶۲، ۶۳، ۶۹

محمد امیر ۲۹۱

محمد امیر، ملک ۳۶۵

محمد امیر خان مجذوب ۳۴۰

محمد امیر لنگڑیال ۳۳۵، ۳۳۶

محمد انور خان ۲۹۳، ۲۹۴

محمد انور شاہ کاشمیری، مولانا ۷۷

محمد بخش ۲۴۳

محمد جان ۲۵۴، ۲۵۵

محمد جمیل خان ۹۰

محمد حامد سراج، صاحبزادہ ۷۱، ۷۴، ۱۳۷، ۱۴۸، ۱۴۹، ۱۶۹، ۳۶۹، ۳۷۷-۳۸۲، ۴۵۳، ۴۷۰


Marfat.com

محمد حمید اللہ خان ۲۷۶، ۳۰۳، ۳۲۴، ۳۵۳-۳۵۵
محمد حنیف، قاری ۵۰۵
محمد حنیف اللہ، حکیم ۳۷
محمد حیات، مولانا ۱۱۵، ۱۱۶
محمد حیات خان نیازی ۲۵۱، ۲۵۲، ۳۳۶، ۳۳۸
محمد خالد ۳۰۶
محمد خالد طور ۴۲۵
محمد خان ۴۲، ۵۲۸
محمد خان بلوچ ۲۹۳، ۳۰۴، ۳۰۸
محمد خان خاکوانی ۵۲۷
محمد داؤد، مولانا حافظ ۱۳۸، ۱۳۹، ۱۴۴، ۱۴۸، ۱۵۲، ۱۵۵، ۱۶۰، ۳۸۳، ۵۶۷
محمد ذاکر ۳۳۹
محمد راشد، شیخ ۳۸۴
محمد رزین (زرین)، مولانا قاری ۳۸۵-۴۳۴
محمد رفیق ۳۴۶
محمد رفیق، حکیم ۶۶، ۵۲۷
محمد رمضان علوی، مولانا حافظ ۳۹۰، ۴۳۵-۴۳۹
محمد ریاض الحسن گنگوہی، صوفی ۴۴۹، ۴۵۰
محمد زاہد، حافظ ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۶، ۲۳۸، ۲۴۴، ۲۴۵، ۲۵۴، ۲۶۲، ۳۶۵، ۳۶۶، ۳۸۳، ۴۴۵، ۴۴۷، ۴۵۰-۴۵۲، ۴۸۰
محمد زبیر صدیقی ۴۸۹
محمد ساجد، پروفیسر ۳۳۶، ۳۳۷، ۳۴۵
محمد سراج الدین، خواجہ ۱۹۴
محمد سرور خان ۲۹۴
محمد سعد اللہ خان، حافظ ۲۲۰، ۲۲۵، ۲۳۷، ۲۶۹، ۴۸۴، ۵۰۹
محمد سلیم ۳۳۴، ۴۵۳
محمد سلیم، ملک ۳۷۹، ۵۱۹
محمد سلیم اللہ خان، مولانا ۸۳-۸۴، ۱۳۶، ۳۷۵، ۶۱۷، ۶۱۸
محمد سیف اللہ خان ۳۱۳
محمد شریف ۴۳۶، ۴۳۸
محمد شریف، ڈاکٹر ۵۳۲
محمد شریف جالندھری، مولانا ۷۲، ۱۱۳، ۱۱۶، ۱۱۷، ۴۵۴
محمد شفیع ۲۵۱
محمد شفیع، مفتی ۳۰۱
محمد شمس الدین، قاضی ۱۲۱، ۱۴۶، ۲۱۶، ۲۱۷، ۲۲۱، ۳۲۴-۳۲۶، ۴۴۲، ۴۴۳، ۵۷۱
محمد شہاب الدین، مولانا ۵۲۶
محمد صادق، صوفی ۲۶۲، ۳۳۲، ۳۵۰، ۳۸۸، ۵۴۲
محمد صدیق ۱۹۴، ۲۱۴، ۲۱۵
محمد صدیق، حاجی ۵۸۱
محمد صدیق، ماسٹر ۲۴۳
محمد صدیق، مولانا ۳۳۹
محمد صدیق دہلوی ۵۸۷
محمد طاہر مسعود، مولانا مفتی ۴۵۵-۴۶۳
محمد طیب ۲۴۰
محمد ظہور ۴۶۳-۴۶۹
محمد عابد، صاحبزادہ حافظ ۴۹، ۵۰، ۶۳-۶۶، ۶۹-۷۱، ۱۵۱، ۱۵۴، ۱۵۷، ۱۷۸، ۲۱۵، ۲۲۵، ۳۲۷، ۳۴۷، ۴۲۴، ۵۴۹، ۵۶۹، ۵۷۲
محمد عابد، قاری ۳۸۲

Marfat.com

محمد عابد، مولانا ۶۱۶، ۶۱۷
محمد عارف، مولانا صاحبزادہ ۷۰، ۱۶۳، ۱۷۱، ۱۷۶، ۲۲۱، ۲۴۸، ۲۷۳، ۲۷۴، ۲۸۱، ۳۱۰، ۳۲۲، ۳۷۸، ۳۸۰، ۴۵۱، ۴۵۲، ۴۶۹، ۴۷۰، ۵۲۸
محمد عبدالحق غزشینوی، مولانا ۱۸۶
محمد عبدالرشید ۴۹۵
محمد عبداللہ، مولانا ۷۱
محمد عبداللہ خالد، مولانا ۴۷۰-۵۱۱
محمد عبداللہ خان ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۴، ۲۵۱، ۲۶۶
محمد عبداللہ صوفی ۶۶، ۳۷۹، ۵۲۷
محمد عبداللہ فاضل، مولانا ۶۱۷
محمد عبداللہ لدھیانوی، مولانا خواجہ ۴۸، ۴۹، ۲۱۵، ۳۳۰، ۴۳۵، ۴۳۶، ۴۳۷، ۴۳۸، ۴۳۹، ۵۳۱
محمد عبیداللہ، مولانا ۱۲۵، ۱۲۶
محمد عبیداللہ انور، مولانا ۴۶
محمد عبیداللہ خان ۲۴۲، ۳۳۰
محمد عثمان، خواجہ ۳۰۳
محمد عثمان، مولوی ۲۱۴، ۲۱۵، ۲۱۸، ۲۲۳، ۲۴۵، ۲۷۰
محمد عطاء الحق قلبی، مولانا ۵۱۳، ۵۱۴
محمد عظیم ۱۳۹
محمد عظیم، حافظ ۱۳۸، ۱۵۲
محمد علی خان ۲۱۴، ۲۲۷، ۲۴۴، ۲۷۶، ۲۷۷، ۳۲۴، ۳۶۵
محمد عمر، مولانا ۳۹۱
محمد عمران ۱۰۵
محمد غلام سرور سرگانہ ۲۲۴
محمد فاروق ۵۱۴
محمد فیض اللہ خان ۳۲۱
محمد قاسم سرگانہ ۶۵، ۳۷۸، ۴۵۳، ۵۲۸
محمد قاسم قاسمی، مولانا ۵۱۵
محمد محبوب الٰہی، مولانا ۱۷۶، ۲۶۴، ۲۶۸، ۳۲۵، ۵۵۱
محمد مظہر، حکیم ۱۵۰
محمد معصوم، صاحبزادہ ۲۹
محمد مکرانی، مولانا شیخ ۲۹۶
محمد مکی، مولانا ۵۹، ۱۱۵
محمد منظور وٹو ۵۱۵
محمد منیر، ملک ۵۱۹
محمد نذیر رانجھا ۵۱۵-۵۱۸
محمد نصر اللہ خان، حافظ ۲۱۹
محمد نعمان احمد ۵۱۸
محمد نعیم، ملک ۳۸۳، ۴۵۳، ۵۱۹،
محمد نواز ۲۳۵، ۲۴۳، ۲۵۱، ۲۵۷، ۲۵۸، ۲۵۹، ۲۶۱، ۲۶۵
محمد نواز، ملک ۲۸۹
محمد وزیر ۳۴۴
محمد یار ۲۸۵
محمد یار فاروقی، مولانا ۵۲۰-۵۲۵
محمد یعقوب، بابو ۴۸۵
محمد یعقوب، حاجی ۵۱۸، ۵۲۶
محمد یعقوب خان ۳۲۴، ۳۲۵
محمد یعقوب خان، مولانا ۱۲۱
محمد یوسف ۳۹۹

Marfat.com

محمد یوسف، مولانا ۱۱۷، ۴۱۹
محمد یوسف، مولوی ۳۹۳، ۳۹۶، ۳۹۸، ۴۰۷، ۴۳۴
محمد یوسف بنوری، مولانا ۷۶، ۲۶۹، ۴۵۷، ۶۱۲
محمد یوسف خان ۲۲۵
محمد یوسف لدھیانوی، مولانا ۵۲۶
محمد یٰسین، مولانا ۶۱-۶۳، ۶۴، ۶۵
محمود ۴۰۶، ۴۰۷، ۴۳۴
محمود، مفتی ۸۶، ۱۵۴
محمود اقبال، ملک ۶۴، ۳۷۹، ۴۵۳، ۵۲۶
محمود میاں ۴۸
مختار احمد ۵۲۸-۵۳۰
مدنی، حضرت ۴۵۶، ۴۵۷، ۶۱۲
مسعود ۴۸
مشتاق، چوہدری ۳۰۱
مشتاق احمد قریشی ۳۳
مطیع الرحمٰن، ڈاکٹر ۵۳۰
مظفر ۱۴۰
معین اللہ جان ۵۳۱
مغیث الدین شاہ، مولانا ۲۲۱
مکی صاحب ۱۱۶
ملازم حسین شاہ، سیّد ۲۶۴
ممتاز احمد ۳۳۸
ممتاز علی ۳۱۹
منظور ۲۹۱
منظور، ماسٹر ۱۴۲
منظور احمد چنیوٹی، مولانا ۱۱۶، ۶۱۷
منظور الحق، مولانا ۱۳۸
منظور علی، سیّد ۳۵۴
منور ۶۰
منور جہاں ۵۳۴
منیر احمد، ملک ۶۵، ۳۷۸
مواز، میاں حاجی ۲۳۶، ۲۷۶
مہابت ۲۹۱
مہر محمد امیر سرگانہ ۲۶۸، ۳۲۹، ۳۵۶، ۴۶۹، ۶۰۲
مہر محمد حسین منیر ۳۹۹
مہر محمد ظہور سرگانہ ۳۱۷
میر عالم خان، سردار ۳۰۲
میر لئیق احمد ۲۴۵
میمونہ ۱۴۵، ۱۴۶، ۱۴۹، ۱۵۲، ۱۵۶، ۱۶۹، ۴۷۰
ناصر محمود، مولانا ۵۱۳
نثار احمد الحسینی، مولانا ۵۳۴
نجمہ ۱۷۶، ۱۷۷، ۳۶۶
نجیب احمد، صاحبزادہ ۶۷، ۷۰، ۷۱، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۶۹، ۱۷۴، ۳۸۰-۳۸۲، ۵۲۸، ۵۳۵
نذر الرحمٰن، مولانا ۴۱۹
نذر امام، سیّد ۵۰۸
نذیر ۲۴۴، ۲۴۹
نذیر احمد، حافظ (گوجرانوالہ) ۱۲۹، ۳۸۴، ۵۳۶-۵۷۳
نذیر احمد، قاری ۵۷۰
نذیر احمد، مولانا حافظ (کندیاں) ۶۷، ۵۷۴-۵۸۸
نذیر احمد رحمانی، مولانا ۱۱۹، ۱۲۰، ۱۹۲، ۳۸۴، ۵۳۱، ۵۸۸-۵۹۰
نصر اللہ خان ۲۲۵

Marfat.com

نصرت، میاں ۳۱۴
نصیر، میجر جنرل ۲۲۴
نصیر احمد ۱۴۵، ۱۶۴، ۱۷۱، ۱۷۲، ۲۵۴، ۲۵۵، ۲۵۷، ۲۶۷، ۲۷۱، ۲۷۷
نصیر الدین، راجہ ۹۵
نصیر الدین غور غشتوی، مولانا ۱۸۵، ۱۸۶
نظام الدین شامزی، مولانا مفتی ۱۳۶، ۶۱۷
نعیم آسی ۷۲
نور احمد ۲۹۱
نور حسین شاہ، حافظ ۴۷۴، ۴۷۵
نور خاں، ملک ۶۵، ۳۷۸
نور محمد ۳۴۴
نور محمد، مولوی ۲۸۴
نور محمد نظامی، راجہ ۵۹۱، ۵۹۲
وزیر خان ۲۹۴
وقار الحق عثمان، مفتی ۵۰۳، ۵۱۰، ۵۹۲، ۵۹۳
ولی داد، میاں ۲۹۵
ولی محمد ۲۹۱
ہارون الرشید، حافظ ۱۰۴
ہاشمی صاحب ۳۴۲
ہدایت اللہ شاہد، سیّد ۵۱۳
ہمدانی صاحب ۳۵
ہمشیرہ شوکت ۵۹۳، ۶۱۱
یامین، مستری ۶۱
یزید ۱۱۱
یعقوب باوا ۱۱۷
یعقوب، شیخ ۲۵۴

Marfat.com

# کتب، رسائل، اخبارات

آئینہ قادیانیت ۸۳، ۶۱۷، ۶۱۸، ۶۱۹
اثبات نبوۃ ۱۹۳
اجوبہ اربعین ۱۳۶
اجوبہ ثلاثین ۱۳۶
احتساب قادیانیت ۸۴
احکام الحجاج ۴۶۰، ۴۶۱، ۴۶۲
احکام السفر ۴۵۶، ۴۵۹
احکام عمرہ ۴۶۱، ۴۶۲
ارشاد الطالبین ۱۹۳
اسلام اور قادیانیت ۸۴
اشعۃ (اللمعات) ۹
الصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول اللہ خیر الانام ﷺ ۲۵
انعام الباری شرح بخاری ۱۳
برکات الحرمین الشریفین ۹۱
پاکستان ٹائم ۳۸۸
تحائف مرشدیہ ۲۲
تحفۂ سعدیہ ۱۹۵، ۳۲۵، ۵۱۷، ۵۱۸، ۵۷۰
تحقیق کلمہ طیبہ ۱۹۳
ترجمان اسلام ۱۸۵
جنگ (روزنامہ) ۳۴، ۱۸۹، ۳۷۵، ۳۸۸، ۳۹۰، ۳۹۴
جواہر الحکم ۳۸۴، ۵۶۷
چٹان (ہفت روزہ) ۲۵۳
حج اور سفرِ حج کی مسنون دعائیں ۴۶۲
داڑھی کی شرعی حیثیت ۱۴۶
درالمعارف ۱۹
دلائل الخیرات ۳۷۶، ۵۸۱
دی مرر آف قادیانیت ۶۱۹
ذکر الجہر کا شرعی حکم ۵۳۴
رئیس قادیان ۸۴
ریاض الوظائف ۴۴۹
سیرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ ۵۹۱
شجرہ طیبہ/شجرہ شریف ۵۸، ۶۷، ۱۹۱، ۳۷۲، ۳۸۷، ۴۱۷، ۵۱۴، ۵۱۷، ۵۲۰
شرح رباعیات حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۹۳، ۲۶۸
شمس الاسلام ۶۱۶
صحائفِ مرشدیہ ۱۷، ۲۰، ۲۲
عزائم (رسالہ) ۳۵
عقائد اہل السنۃ والجماعۃ ۴۵۸
فضائل درود شریف ۵۷۳
قادیانیت ۸۴
قنوت نازلہ ۳۸۴
کنز الہدایات ۱۹۳
کوہستان ۳۸۸
لولاک (ماہنامہ) ۳۵، ۹۲، ۱۱۶
مبداء ومعاد ۱۹۳
مراۃ القادیانیہ ۶۱۹

Marfat.com

مرزائیت (رسالہ) ۳۵
مشکوٰۃ مصابیح ۴٦۳
معارف السنن ۲٦۹
معارف لدنی ۱۹۳
مقدمہ شرح رباعیات ۲٦۸
مکاشفات غیبیہ ۱۹۳
مکتوبات امام ربانیؒ ۱۲، ۱۹، ۱۹٦
مکتوبات حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلویؒ ۱۹۳
مکتوبات حکیم الاسلام ۱۵
نسائم گلشن ۵۱٦
نوائے وقت (روزنامہ) ۳۸۸
وظیفۂ سعدیہ ۳۷۹، ۴۸٦، ۵٦۳، ٦۰۲، ٦۱۰، ٦۱۱

Marfat.com

# اماکن


آزاد کشمیر ۵۱۹
اباوڑہ ۲۴۲، ۲۷۴
ابوظہبی ۶۳
اٹک ۵۴، ۴۱۲، ۴۹۶، ۵۱۳
احمد پور ۲۳۹
احمد پور سیال ۱۶۲، ۳۳۹
احمد پور شرقیہ ۲۲۷، ۲۲۹، ۶۱۷
اسرائیل ۳۴
اسلام آباد ۳۴، ۳۵، ۸۵، ۸۹، ۱۸۲، ۱۹۲، ۲۰۴، ۴۱۳، ۴۱۶، ۴۲۵، ۵۱۱، ۵۱۷، ۵۲۶، ۵۶۲، ۵۶۶، ۵۷۲، ۶۰۵
افغانستان ۱۶۶
اکوڑہ خٹک ۸۵، ۹۳
الپہ ۳۳۶
امریکہ ۸۷، ۸۸
اوگی ۵۱۳
ایبٹ آباد ۷۸، ۲۰۴، ۴۱۶، ۵۰۳
ایران ۱۶۶، ۱۶۷، ۴۴۵
باگڑ سرگانہ ۶۱، ۶۲، ۶۵، ۶۶، ۶۹، ۷۲، ۱۴۶، ۱۷۸، ۲۲۷، ۲۳۲، ۲۶۰، ۲۶۱، ۲۶۹، ۲۸۷، ۲۹۱، ۳۰۱، ۳۱۷، ۳۳۸، ۳۴۲، ۳۵۱، ۳۵۶، ۳۷۹، ۳۸۱، ۳۸۲، ۳۹۵، ۴۲۴، ۴۳۱، ۴۳۹، ۴۵۳، ۴۵۴، ۵۲۷، ۵۵۴، ۵۵۶
بالاکوٹ ۳۴، ۵۱۳
بٹل ۵۱۳
بحرین ۲۱۶
برطانیہ/انگلینڈ ۷۹، ۸۸، ۱۰۷، ۱۱۴، ۱۱۶، ۱۸۴، ۲۰۵، ۲۰۶، ۶۱۹
بروجھی ۳۳۰
بصرہ ۱۶۷
بغداد ۱۶۷
بکھر بار ۴۳۶، ۴۳۹
بلوچستان ۱۱۵، ۲۰۴، ۳۶۳
بنگلہ دیش ۷۰
بنوں ۳۸، ۲۳۴، ۲۶۴، ۴۱۹، ۵۶۶
بورا منڈی ۳۰۶
بورے والا ۲۹۵
بہاولپور ۴۷، ۴۸، ۶۱، ۱۱۶، ۱۵۶، ۱۷۳، ۱۹۳، ۲۱۴، ۲۱۷، ۲۲۷، ۲۴۷، ۲۶۷، ۲۸۱، ۳۰۵، ۳۳۲، ۳۴۰، ۳۴۲، ۳۴۳، ۴۵۱، ۴۸۴، ۵۰۳
بہاولنگر ۲۱۱، ۲۶۹، ۲۹۱، ۳۳۲، ۵۱۵
بھکر بار ۱۵۰، ۲۷۰، ۵۶۵
بھلوال ۳۸، ۴۵۲
بھمبر ۳۶۴
بھوئی گاڑ ۲۵، ۵۰، ۹۱، ۴۱۰، ۵۹۱
بھیرہ ۳۶، ۳۸، ۴۱، ۱۸۱، ۱۸۴، ۶۱۶
پاکپتن ۲۹۷، ۳۵۲


Marfat.com

پاکستان ۶۸، ۱۶۵، ۱۹۹، ۲۹۰، ۳۷۵، ۴۱۳، ۵۱۳، ۶۱۰، ۶۱۳-۶۱۵
پپلاں ۳۷۸، ۴۴۷
پٹیالہ ۵۸۰
پشاور ۲۶، ۳۴، ۶۷، ۶۸، ۱۶۳-۱۶۵، ۲۶۴، ۳۴۰، ۴۷۹، ۵۶۶، ۵۶۷
پکھل ۵۱۳
پنج گور ۳۴۴
پنجاب ۶۲، ۷۶، ۴۱۶
تلمبہ ۲۹۴، ۳۱۴، ۳۴۸
تلہ گنگ ۱۹۸، ۲۰۷، ۴۵۰
ٹھٹھہ ۲۲۶، ۲۳۰
ٹیکسلا ۶۹، ۱۲۳، ۱۲۸، ۱۲۹، ۵۱۸
جابہ ۱۱۵
جدہ ۶۳، ۶۸، ۷۰، ۸۰، ۱۰۹، ۱۴۰، ۱۴۱، ۱۴۳، ۲۰۲، ۳۹۶، ۴۰۴، ۴۸۹، ۴۹۵، ۵۱۱، ۵۶۷
جلال آباد ۱۶۵
جنگ شاہی ۲۲۷
جوہر آباد ۲۳۴
جہانیاں ۲۹۹، ۳۲۶
جھاوریاں ۴۳، ۱۸۰
جھنگ ۷۲، ۱۱۶، ۱۱۷، ۱۶۲، ۳۱۵
چاوا ۳۳۸
چشمہ ۲۶۴
چکوک ۲۳۲
چناب نگر ۱۱۲
چنیوٹ ۳۹، ۴۱، ۶۵، ۱۹۰، ۳۳۰، ۵۶۶
چودھوان ۱۸۸
چیچہ وطنی ۱۴۶، ۱۶۰، ۲۱۷، ۲۳۲، ۲۳۳، ۲۵۶، ۲۷۶، ۲۸۴، ۳۴۷
حاجی شاہ ۵۱۳
حاصل پور ۱۶۰، ۲۱۱، ۲۶۹، ۲۹۴، ۴۴۶
حجاز ۴۴۰، ۴۶۲، ۵۳۸
حرمین شریفین ۴۴، ۲۰۸، ۳۷۳، ۴۱۲، ۴۲۳، ۴۳۶، ۵۰۸، ۵۵۷
حسن ابدال ۲۷، ۱۴۶
حضرو ۵۳۴
حویلی لال ۱۶۲
حویلیاں ۴۱۰
حیدرآباد ۷۲، ۱۹۴، ۲۲۸، ۳۸۳
خانپور ۲۳۹، ۲۸۰، ۳۵۳
خانیوال ۳۸، ۶۹، ۲۲۴، ۳۴۰، ۳۴۷، ۴۳۱، ۴۵۰، ۵۳۳، ۵۴۹، ۵۶۰
خسروی ۱۶۷
خوشاب والہ ۵۳۲
خیبر پختونخوا/سرحد ۷۶، ۸۰، ۱۲۱
درویش ۱۲۱
دریاخان ۱۰۳
دوآبہ ۳۷۸
دوبئی ۶۳
دہلی ۴۰۸
دیوبند ۷۷، ۸۱، ۹۳، ۴۰۸، ۴۸۷
ڈابھیل/ڈھابیل ۴۵۷، ۶۱۲
ڈنگ ۴۹، ۳۵۴، ۳۶۵، ۴۳۹، ۵۳۳، ۵۳۷
ڈھاکہ ۵۹، ۴۲۶، ۵۱۳
ڈیرہ اسماعیل خان ۴۷، ۱۸۹، ۲۹۷، ۳۳۰،


Marfat.com

۴۵۰، ۵۶۶
راولپنڈی ۴۱، ۵۴، ۶۹، ۷۲، ۷۳، ۹۰، ۹۱، ۹۴،
۹۷، ۹۹، ۱۰۶-۱۰۸، ۱۲۰، ۱۲۶، ۱۲۹، ۱۳۳،
۱۴۶، ۱۵۵، ۱۶۴، ۱۸۷، ۱۸۹، ۲۶۰، ۲۷۷،
۲۸۹، ۳۲۵، ۳۴۰، ۳۷۴، ۳۸۳، ۳۸۵،
۳۸۶، ۳۸۸، ۳۹۱، ۴۰۱، ۴۱۰، ۴۱۱، ۴۱۴،
۴۱۶، ۴۱۸- ۴۲۰، ۴۳۵، ۴۵۰- ۴۵۲،
۴۷۲، ۴۷۸، ۴۷۹، ۴۸۹، ۵۱۱، ۵۱۴، ۵۱۵،
۵۱۷، ۵۲۶، ۵۷۹، ۵۸۳، ۶۰۳
ربوہ ۳۹، ۶۲، ۸۸، ۴۹۵، ۵۷۳، ۵۸۲
رحیم یار خان ۱۵۸، ۲۱۴، ۲۲۷، ۲۲۸، ۲۳۰،
۲۴۷، ۲۵۷، ۲۷۲، ۳۷۶، ۴۵۲، ۵۷۱
رکن پور ۲۲۷
روہڑی ۲۳۹
ریاض ۴۱۹، ۶۰۱
ساؤتھ افریقہ ۶۱۹
ساہیوال ۱۲۱، ۱۲۲، ۲۹۷، ۳۸۰
سرائے سدھو ۲۸۷، ۲۹۳، ۳۳۰
سرحد دیکھئے: خیبر پختونخوا
سرگودھا ۳۶، ۳۸، ۳۹، ۴۱، ۴۲، ۴۴، ۱۰۱،
۱۰۳، ۱۲۲، ۱۵۳، ۱۸۳، ۲۳۴، ۲۳۹، ۳۲۰،
۳۲۱، ۳۳۸، ۳۹۱، ۴۳۸، ۴۵۵، ۴۵۷-
۴۵۹، ۵۶۴، ۶۱۶
سرہند ۹۳، ۱۱۳، ۱۳۷، ۱۸۹، ۲۷۱، ۳۹۰، ۴۰۰،
۴۰۸، ۴۳۴، ۴۸۵، ۵۳۳، ۵۶۹، ۵۸۰
سعودی عرب ۵۹، ۱۳۷، ۱۴۲، ۱۴۳، ۱۶۹،
۲۴۷، ۵۷۲
سفوان ۱۶۸
سکھر ۱۹۳، ۲۳۶، ۲۴۰، ۲۴۷، ۲۵۰، ۲۵۲،
۲۵۳، ۲۶۰، ۲۶۶، ۴۳۱، ۵۷۸
سمن آباد ۴۲۵
سمہ سٹہ ۳۳۲، ۳۴۰
سندھ ۶۱۹
سوات ۴۱۳
سیالکوٹ ۷۲، ۱۰۸، ۴۱۸
شاہ سنید ۱۶۶
شجاع آباد ۲۹۳
شکاگو ۸۷
شنکیاری ۳۴
صادق آباد ۲۲۷، ۲۲۸، ۲۶۲، ۴۳۱، ۴۵۱، ۴۵۲
صدیق آباد ۱۸۷، ۵۰۲
طائباد ۱۶۶
طورخم ۱۶۵
طہران ۱۶۶، ۱۶۷
عراق ۱۶۶، ۱۶۸
عرفات ۶۰، ۴۶۲
علووالی ۲۸۵، ۳۷۸، ۵۸۰
عیسیٰ خیل ۴۴۷
فخر آباد ۳۴۶
فضل آباد ۱۰۱، ۲۱۴
فقیروالی ۱۶۰، ۲۱۱، ۲۱۷، ۲۹۱، ۲۹۲، ۴۴۶
فیصل آباد/لائل پور ۳۴، ۶۹، ۷۲، ۷۶، ۹۲،
۱۱۲، ۱۴۶، ۱۶۲، ۲۳۹، ۲۴۴، ۲۵۴، ۳۰۱،
۳۳۶، ۳۳۸، ۳۴۸، ۴۰۶، ۵۵۴، ۵۸۶
قلعہ اسلام ۱۶۶
قندھار ۱۶۵، ۱۶۶

Marfat.com

کابل ۱۶۵، ۱۶۶
کالا ۵۱۳
کامونکی ۲۳۶
کبیروالا ۱۳۸، ۱۴۱، ۱۵۷، ۱۷۸، ۲۸۰، ۲۹۴، ۲۹۹، ۳۲۴، ۳۲۵، ۳۳۰، ۳۴۹
کراچی ۲۵، ۳۴، ۵۸، ۵۹، ۶۰، ۶۲-۶۴، ۶۸، ۷۲، ۷۶، ۷۹، ۸۳، ۸۴، ۹۶، ۱۰۹، ۱۱۲، ۱۱۴، ۱۱۷، ۱۱۸، ۱۳۶، ۱۳۹، ۱۴۱-۱۴۳، ۱۵۴، ۱۵۸، ۱۶۶، ۱۷۰، ۱۷۹، ۱۸۱، ۱۸۳، ۱۸۹، ۲۰۰، ۲۰۲، ۲۶۶، ۲۹۲، ۲۹۷، ۳۳۲، ۳۵۴، ۳۵۶، ۳۶۷، ۳۸۳، ۳۹۲، ۳۹۶، ۴۰۴، ۴۰۶، ۴۱۳، ۴۲۵، ۴۵۶، ۴۷۹، ۴۸۰، ۴۸۹، ۴۹۵، ۵۱۱، ۵۲۰، ۵۲۱، ۵۲۳، ۵۲۶، ۵۵۹، ۵۶۰، ۵۶۷، ۵۷۱، ۵۹۹، ۶۰۴، ۶۰۵، ۶۱۱
کربلا ۱۶۷
کشمیر ۲۳۴
کندیاں ۴۹، ۶۵، ۶۷، ۷۲، ۹۷، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۲۲، ۱۳۰، ۱۴۹، ۱۹۳، ۲۲۲، ۲۴۳، ۳۵۲، ۳۶۸، ۴۱۴، ۴۳۷-۴۴۰، ۴۴۲، ۴۴۴، ۴۵۹، ۴۶۶، ۵۳۱، ۵۳۳، ۵۳۷-۵۳۹، ۵۷۴، ۵۷۸، ۵۸۴، ۶۰۳
کنری ۱۱۲، ۱۸۹
کوٹ اڈو ۱۲۳، ۲۶۴
کوٹری ۵۹
کوٹلہ ارب علی خان ۳۶۴
کوٹلہ تولے خاں ۱۳۹
کوئٹہ ۳۴، ۷۲، ۲۰۸، ۲۲۳، ۲۵۶، ۳۵۷، ۳۸۳، ۴۴۴، ۴۴۵، ۴۵۱، ۵۵۷
کویت ۶۲-۶۴، ۶۸، ۱۶۸، ۱۶۹، ۱۹۸، ۲۹۶، ۴۰۴، ۴۸۰، ۵۵۹
کہروڑپکا ۸۳، ۳۲۵، ۶۱۷
کھاریاں ۲۲۴
کھولہ ۲۷۴
گجرات ۲۲۴، ۳۶۴، ۳۹۱
گل میری ۳۰۴
گنجی بار ۳۴۹
گنجیال ۴۳۸
گوجرا/گوجرہ ۳۹، ۴۴، ۶۰، ۱۴۶، ۱۶۲، ۲۹۹، ۳۳۹، ۳۴۰، ۴۳۱، ۵۵۴
گوجرانوالہ ۷۳، ۹۹، ۱۰۸، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۵۴، ۳۶۴، ۴۰۸، ۴۲۵، ۴۵۰، ۴۸۷، ۵۳۶، ۵۵۹، ۵۶۴، ۵۶۶، ۵۶۸، ۵۷۳، ۵۸۵
گھونکی ۲۴۳
لالہ موسیٰ ۲۷۳، ۵۵۷
لائل پور دیکھئے: فیصل آباد
لاہور ۳۴، ۳۹، ۴۳-۴۵، ۶۲، ۷۲-۷۵، ۸۰، ۱۰۲، ۱۱۳، ۱۱۸، ۱۲۴، ۱۲۷، ۱۳۷، ۱۴۷، ۱۵۴، ۱۵۵، ۱۶۰، ۱۶۴، ۱۷۰، ۱۷۱، ۱۷۴، ۱۷۶، ۱۸۲، ۱۸۹، ۲۱۹، ۲۳۲، ۲۳۴، ۲۵۳، ۲۵۵-۲۵۸، ۲۶۰، ۲۶۱، ۲۶۶، ۲۶۷، ۲۶۹، ۲۷۲، ۲۷۳، ۲۸۰، ۲۸۴، ۲۹۸، ۳۲۲، ۳۴۰، ۳۴۷، ۳۵۰، ۳۵۲، ۳۷۵، ۳۸۳، ۳۹۱، ۴۰۷، ۴۱۱، ۴۲۵، ۴۲۸، ۴۵۰، ۴۷۳، ۴۸۵، ۴۹۰، ۵۱۵، ۵۳۰، ۵۳۷، ۵۵۱، ۵۵۲، ۵۵۵، ۵۵۷، ۵۵۹، ۵۶۴، ۵۸۰، ۵۸۴،

Marfat.com

۵۸۸، ۶۰۵
لبنان ۳۴
لکی مروت ۵۳۱
لندن ۷۰، ۷۶، ۸۷، ۸۸، ۱۸۳، ۵۷۰، ۵۷۱، ۶۰۸
لودھراں ۱۱۹، ۱۲۰، ۳۴۲، ۵۸۸، ۵۹۱
لیہ ۱۶۲
ماچکا ۲۴۱
ماچھی گوٹھ ۲۴۰
مالیرکوٹلہ ۱۳۷، ۴۰۸
مانسہرہ ۳۴، ۷۰، ۹۲، ۲۰۴، ۲۸۰، ۲۸۱، ۳۰۶، ۳۰۷، ۴۱۲، ۴۱۶، ۴۳۵، ۴۶۳، ۴۷۰، ۴۸۹، ۵۰۵، ۵۱۳، ۵۴۲، ۵۶۶، ۵۹۲
مانکی ۳۹۱
مخدوم رشید ۳۲۶
مدینہ منورہ ۶۰، ۶۱، ۶۳، ۶۸، ۷۱، ۱۴۱، ۱۴۲، ۱۶۹، ۱۷۰، ۱۹۹، ۴۰۴، ۴۶۱، ۴۶۲، ۴۸۰، ۵۵۹، ۵۶۰
مردان ۵۵۴
مشہد ۱۶۶
مظفرآباد ۵۱۹
مظفرگڑھ ۱۳۹
مغربی پاکستان ۵۰۸
مکہ مکرمہ ۵۹-۶۱، ۶۳، ۶۸، ۷۰، ۷۱، ۱۴۲، ۱۴۳، ۱۶۷-۱۶۹، ۱۸۱، ۱۹۹، ۳۵۷، ۳۶۲، ۴۰۴، ۴۱۶، ۴۶۱، ۴۶۲، ۴۸۰، ۴۸۹، ۵۵۹
ملتان ۲۶، ۲۷، ۳۷، ۴۸، ۶۰، ۶۲، ۶۸، ۷۱، ۷۶، ۸۹، ۹۱، ۹۲، ۱۱۱، ۱۱۶، ۱۱۷، ۱۳۵، ۱۳۹، ۱۴۳، ۱۵۶-۱۶۰، ۱۶۳، ۱۶۴، ۱۷۳، ۱۷۶، ۱۷۷، ۱۷۹، ۱۸۸، ۲۰۰، ۲۱۰، ۲۱۴، ۲۲۳، ۲۲۴، ۲۲۶، ۲۳۲، ۲۳۸، ۲۴۶، ۲۴۷، ۲۵۳، ۲۵۶، ۲۶۱، ۲۶۷، ۲۷۲، ۲۸۰، ۲۸۴، ۲۹۰-۲۹۳، ۲۹۸، ۲۹۹، ۳۰۱، ۳۰۴، ۳۰۵، ۳۲۰، ۳۲۴، ۳۲۷، ۳۳۰، ۳۳۲، ۳۳۷، ۳۴۲، ۳۴۳، ۳۴۵، ۳۴۷-۳۴۹، ۳۵۲، ۳۵۵، ۳۵۶، ۳۷۶، ۳۸۱، ۳۹۶، ۳۹۸، ۳۹۹، ۴۰۳، ۴۰۴، ۴۱۰، ۴۲۷، ۴۳۱، ۴۳۸، ۴۵۴، ۴۸۰، ۴۸۴، ۴۸۷، ۴۸۹، ۴۹۵، ۵۰۹، ۵۵۵، ۵۵۹، ۵۶۰، ۵۶۷، ۵۷۱، ۵۷۸، ۵۷۹، ۵۹۳، ۵۹۵-۵۹۷-۵۹۹، ۶۰۱، ۶۰۳، ۶۰۴، ۶۰۹-۶۱۱
ملکوال ۱۵۱، ۱۷۶، ۱۷۹، ۲۲۴، ۲۷۳، ۳۹۱، ۴۵۲، ۵۵۷
منڈی شاہ جیونا ۳۱۵
منیٰ ۶۰، ۶۳، ۷۱، ۱۴۲، ۴۶۲
موچھ ۲۹۳
موسیٰ خیل ۵۸۴
موسیٰ زئی شریف ۸۱، ۱۹۲، ۲۱۸، ۲۶۶، ۵۲۶
میانوالی ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۲۲، ۱۵۴، ۲۱۵، ۲۲۱، ۲۳۵، ۲۴۲، ۲۵۰، ۲۵۳، ۲۹۳، ۳۰۴، ۳۲۴، ۳۳۸، ۳۴۷، ۳۶۸، ۴۰۴، ۴۳۷، ۴۳۹، ۴۴۲، ۴۴۴، ۵۱۷، ۵۳۷، ۵۷۱، ۵۷۴، ۵۸۶
میرپور ۳۶۴
میرپورخاص ۲۲۲
میلسی ۳۰۵، ۳۲۱، ۳۲۴، ۳۲۵

Marfat.com

نجف ۱۶۷
نواں شہر ۲۹۰
نوشہرہ صدر ۸۰
واں بھچراں ۲۳۵، ۲۳۹، ۲۵۳
ہرات ۱۶۶
ہری پور ۳۴، ۶۹، ۱۲۱، ۱۲۷، ۱۳۱، ۱۳۳، ۱۵۱، ۱۷۷، ۲۰۴، ۴۲۵، ۴۸۵، ۴۸۹، ۴۹۳، ۵۶۶، ۵۷۹
ہزارہ ۷۶، ۱۲۱، ۴۳۵
ہندوستان/انڈیا/بھارت ۷۷، ۹۳، ۱۳۷، ۱۴۲، ۲۲۴، ۲۳۴، ۴۰۸، ۴۲۵، ۴۷۳، ۴۹۰، ۵۸۰
ہوگاں ۲۲۶
یورپ ۲۳۴

Marfat.com

# مضامین

(ہر اندراج کے سامنے مکتوب کا نمبر شمار درج ہے)


اجازت کتب حدیث ۷۳۱، ۷۳۲، ۷۳۹، ۱۰۳۱

اردو زبان ۸۸، ۱۶۹

— فن خطابت ۱۶۹، ۱۷۲، ۱۷۳

اسفار: حضرت خواجہ خان محمد قدس سرہٗ

— اندرونِ ملک ۲، ۲۳، ۲۶، ۲۷، ۳۰، ۳۱،
۳۴، ۳۵، ۳۶، ۳۹، ۴۰، ۴۱، ۴۳، ۴۶،
۷۶، ۷۹، ۸۷، ۸۹، ۱۱۶، ۱۲۶، ۱۲۸، ۱۴۱،
۱۴۹، ۱۵۳، ۱۵۵–۱۵۸، ۱۷۲–۱۷۴، ۱۷۹،
۱۸۱، ۱۸۶، ۱۸۷، ۱۹۵، ۲۰۵، ۲۱۳، ۲۱۵–
۲۱۷، ۲۲۰، ۲۲۲، ۲۲۳، ۲۲۵–۲۲۷، ۲۲۹،
۲۳۰، ۲۳۲، ۲۴۰، ۲۴۵، ۲۴۶، ۲۵۰، ۲۵۲،
۲۵۴، ۲۵۶، ۲۶۱، ۲۶۲، ۲۶۴، ۲۷۰، ۲۷۲،
۲۷۳، ۲۹۳، ۳۰۴، ۳۱۰، ۳۲۰، ۳۲۸–
۳۳۰، ۳۳۲، ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۴۵–۳۴۷،
۳۵۰، ۳۵۷، ۳۶۷، ۳۷۰، ۳۷۳، ۳۸۴،
۳۸۶، ۳۸۷، ۳۹۲–۳۹۴، ۴۰۰، ۴۰۳،
۴۰۸–۴۱۰، ۴۱۵، ۴۲۱، ۴۲۲، ۴۳۹، ۴۴۱،
۴۵۱–۴۵۳، ۴۶۲، ۴۶۴، ۴۶۵، ۴۹۲،
۴۹۶، ۵۰۹، ۵۱۱، ۵۱۲، ۵۲۱، ۵۲۳–۵۲۵،
۵۳۰، ۵۳۵، ۵۳۸، ۵۴۰، ۵۴۳، ۵۴۷،
۵۵۱، ۵۵۹، ۵۶۹، ۵۷۰، ۵۸۷، ۵۹۱،
۵۹۹، ۶۰۸، ۶۱۰، ۶۱۳، ۶۱۵، ۶۱۸، ۶۲۷،
۶۴۱، ۶۴۵، ۶۴۷، ۶۴۹، ۶۵۴، ۶۵۷،
۶۶۴، ۶۶۸، ۶۷۲، ۶۷۵، ۶۷۹، ۶۸۲،
۶۸۶، ۶۹۳، ۷۰۰، ۷۱۷، ۷۲۱، ۷۲۳،
۷۴۶، ۷۵۶، ۷۶۶، ۷۷۸، ۷۸۲، ۷۸۴،
۷۸۹، ۷۹۰، ۷۹۶، ۸۰۳، ۸۲۰، ۸۲۲،
۸۴۹، ۹۰۵، ۹۱۱، ۹۱۳، ۹۱۵، ۹۱۶، ۹۱۹،
۹۲۹، ۹۳۳، ۹۴۳، ۹۵۱، ۹۵۵، ۹۵۷،
۹۶۷–۹۶۹، ۹۹۱، ۹۹۸، ۱۰۰۵، ۱۰۱۲،
۱۰۲۹

— بیرونِ ملک ۷۶، ۹۲، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۳۹،
۲۶۳، ۲۶۷، ۲۹۰، ۳۰۶، ۳۰۷، ۶۳۹،
۶۷۶، ۷۰۳، ۹۴۲، ۱۰۲۲

— حج ۷، ۲۸، ۵۷، ۶۵–۶۷، ۶۹–۷۱،
۷۵، ۷۷، ۸۰، ۸۱، ۸۷، ۹۴، ۱۴۳، ۱۴۴،
۱۴۶، ۱۴۹، ۱۹۷–۲۰۱، ۲۳۳–۲۳۹،
۲۵۸، ۲۵۹، ۲۹۵، ۲۹۹، ۳۰۴، ۳۶۷،
۳۷۰، ۵۵۴، ۵۶۵، ۵۸۰، ۵۸۶، ۶۱۷،
۶۲۹، ۶۳۳–۶۳۵، ۶۳۸، ۶۵۰، ۶۵۷،
۶۸۰، ۷۴۵، ۷۶۸، ۷۶۹، ۷۷۱، ۷۹۴،
۷۹۷، ۷۹۸، ۸۰۰، ۸۰۶، ۸۱۱، ۸۳۱،
۸۳۴، ۸۳۷، ۸۶۰، ۸۷۰، ۸۸۵، ۹۰۰،
۹۲۰، ۹۲۱، ۹۳۵، ۹۴۰، ۹۷۹، ۱۰۱۰، ۱۰۱۴،


Marfat.com

۱۰۱۸،۱۰۱۹،۱۰۲۴،۱۰۲۸
— عمرہ ۲۲، ۳۷، ۲۹۱، ۳۰۲، ۵۵۸، ۶۵۹،
۷۸۸، ۸۰۵، ۸۰۸، ۹۲۵، ۱۰۰۰، ۱۰۱۳،
۱۰۲۷
— ہندوستان ۱۱۴، ۱۵۰، ۱۹۲، ۲۷۳، ۶۰۵، ۶۲۶،
۶۴۰، ۶۹۲، ۶۹۳، ۷۸۱، ۷۸۵، ۹۵۶
اشتہار علماء ہزارہ ۱۶۴
اشیائے ضروریہ ۳۹۹، ۶۹۶، ۶۹۹، ۷۲۱،
۷۵۹، ۷۶۳، ۷۷۲، ۸۹۵، ۹۲۶
— کھانڈ ۴۲۴، ۴۲۵، ۴۲۷، ۶۹۹، ۷۷۳
— گاڑی ۷۳، ۷۴، ۵۸۹، ۸۶۷
ایصال ثواب ۸۸۸
بچی کا نام ۷۴۲، ۷۴۶
بیعت
— تجدید ۲۸۲، ۲۸۸
— غائبانہ ۸۷۶، ۸۸۳
بیماری (حضرت خواجہ خان محمد قدس سرہٗ) ۲۷،
۴۳، ۴۴، ۷۳، ۱۲۳، ۱۵۸، ۱۸۵، ۲۰۳،
۲۴۰-۲۴۳، ۲۵۹، ۳۵۶، ۳۷۳، ۳۷۹،
۳۹۷-۳۹۹، ۴۲۴، ۴۵۳، ۴۹۸، ۵۰۰،
۵۰۵، ۵۰۸، ۵۵۹، ۵۸۹، ۶۰۰، ۶۵۳،
۶۷۹، ۷۶۰، ۹۱۲، ۹۳۲
— بینائی کی کمزوری ۳۳، ۴۶، ۸۶
— علاج معالجہ ۶۲۲-۶۲۴، ۶۳۲، ۶۷۴، ۸۳۲
پاسپورٹ ۳۷۲، ۳۸۳، ۴۹۹، ۵۵۱، ۶۳۵،
۶۳۹، ۶۴۰، ۶۴۱، ۶۹۳، ۹۳۹
— ویزہ ۲۴۴، ۲۹۱، ۳۳۶، ۳۴۱، ۳۴۲،
۵۵۱، ۶۴۰، ۶۵۹، ۷۴۶، ۷۶۹، ۹۴۴

تربیت اولاد
— ستائش ۲۰۸
— سرزنش ۲۱۵، ۲۲۵، ۲۳۸، ۲۵۳
— نصائح/ہدایات ۶۵، ۶۸، ۷۵، ۸۰،
۱۹۳، ۱۹۴، ۱۹۸، ۲۰۳-۲۰۷، ۲۲۰، ۲۲۸،
۲۲۹، ۲۳۱، ۲۳۳، ۲۴۲، ۲۴۵، ۲۴۷، ۲۴۸،
۲۵۲، ۲۵۴، ۴۵۰، ۵۸۹، ۵۹۱، ۵۹۲،
۸۷۸، ۸۷۹
تربیت مرید: نصائح/ہدایات ۱، ۳۷، ۳۸،
۴۰، ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۵۰، ۱۶۹، ۱۷۳، ۱۸۹،
۵۷۱، ۵۷۴، ۵۸۴، ۶۸۷، ۶۹۵، ۷۰۹،
۷۴۰، ۷۶۲، ۷۹۳، ۸۶۷، ۸۷۴، ۹۴۸،
۹۷۳، ۱۰۲۵
ترجمہ قرآن ۴۸
تصور شیخ ۱۷۰
تعزیتی کلمات ۲، ۲۲، ۲۳، ۳۳، ۴۱، ۴۷، ۷۴،
۸۶، ۸۷، ۱۴۰، ۱۶۲، ۱۶۷، ۲۶۸، ۳۴۷،
۵۷۳، ۵۷۴، ۵۹۰، ۶۱۴، ۶۲۰، ۶۷۳،
۶۷۸-۶۸۰، ۷۰۷، ۷۵۷، ۷۷۰،
۷۷۴، ۷۸۰، ۷۸۱، ۷۹۷، ۸۳۱، ۸۴۳،
۸۶۷، ۸۷۵، ۹۱۰، ۹۱۱، ۹۶۵، ۹۸۴،
۹۸۶، ۹۹۶، ۱۰۱۹، ۱۰۲۱، ۱۰۲۸، ۱۰۳۴
تعمیر و مرمت
— بجلی ۳۵۲، ۳۶۶، ۷۵۲
— خانقاہ ۶۵، ۷۵، ۷۷، ۵۴۴، ۷۲۳، ۹۳۰
— گھر ۶۶، ۳۶۳، ۳۶۶، ۵۹۰، ۶۵۱، ۶۵۲
— مدرسہ ۶۸
— مسجد ۶۸، ۲۱۹، ۳۲۵، ۳۲۶، ۳۵۶،


Marfat.com

۳۶۶، ۳۶۷، ۹۴۴
تعویذات-اجازت ۱۳۶، ۶۰۷
تعویذات وعملیات ۴۹، ۲۵، ۷۸، ۱۲۱، ۱۲۹،
۱۸۸، ۱۹۶، ۲۸۴، ۲۹۸، ۳۰۷، ۳۱۷، ۴۰۹،
۵۵۵، ۵۷۹، ۵۹۷، ۶۰۲، ۶۰۹، ۶۱۱،
۶۵۵، ۶۶۰، ۶۷۸، ۷۴۳، ۷۴۴، ۷۸۳،
۸۰۵، ۸۱۳، ۸۲۴، ۸۳۸، ۸۵۶، ۸۶۸،
۸۸۴، ۸۹۸، ۹۴۰، ۹۶۹، ۹۷۸، ۹۸۸،
۱۰۰۱، ۱۰۰۷
تفریق بین زوجین ۴۱
تقریظ ۴، ۹۰، ۱۱۱، ۱۱۳، ۲۶۸، ۶۸۹، ۷۱۹،
۷۳۰، ۷۳۴-۷۳۸، ۸۵۲، ۸۷۷، ۹۴۶
توجہ شیخ ۹۷، ۵۵۶، ۸۹۰، ۸۹۱
جانشینی حضرت خواجہ خان محمد قدس سرہٗ ۴۷، ۸۷۵
جمعیت اہل سنت والجماعت ۶۷۹
جمعیت علماء اسلام ۴۳، ۴۴، ۱۱۹، ۱۷۷، ۲۱۷،
۲۴۰، ۳۴۳، ۴۲۱، ۴۵۴، ۵۸۸، ۶۵۷،
۸۳۹، ۸۶۱
چادر پوشی مزار ۲۸۷
چشتیہ صابریہ طریقہ ۹۵، ۹۶، ۲۸۲
حج (مریدین) ۴۸، ۲۸۰، ۳۲۳، ۳۲۸، ۵۵۴،
۵۶۵، ۶۱۰، ۶۸۱، ۷۰۹، ۷۰۸، ۸۶۷،
۹۱۴-۹۱۶
حزب البحر ۴۸، ۸۵۴، ۸۵۵، ۸۶۰، ۹۶۹
حیات النبی ﷺ ۴۲، ۵۷۲، ۹۴۶
حیات عیسیٰ علیہ السلام ۹۹، ۱۰۰، ۱۰۳۵
خانگی وبرادری کے معاملات
— بیماری ۲۴، ۷۳، ۷۴، ۸۳، ۱۱۹، ۲۰۳،
۲۰۷، ۲۰۹، ۲۴۹، ۲۵۲، ۴۷۶، ۴۸۲، ۴۸۶،
۵۷۸، ۵۸۹، ۹۹۳
— حادثہ ۵۸۹
— ختم قرآن ۸۶۷
— رشتہ ۵۷۰
— شادی ۶۸، ۶۹، ۷۳، ۲۳۳، ۲۴۱-۲۴۴،
۳۴۲، ۵۸۹، ۵۹۰، ۶۳۳، ۶۳۴، ۹۰۳،
۹۶۲
— محبت ۸۴
— منگنی ۵۹۰، ۸۵۳
— وفات ۹۷۶
— ولادت ۵۸۹
ختم خواجگان ۱۹۱
ختم نبوت ۳، ۸۶، ۱۰۲، ۱۱۳، ۱۹۰، ۲۶۸،
۲۸۶، ۶۳۳، ۷۴۹، ۸۶۱، ۱۰۱۲، ۱۰۱۳،
۱۰۳۲، ۱۰۳۳
— اجلاس ۷۶، ۱۵۶
— کانفرنس ۲۹، ۳۰، ۶۹، ۷۶، ۸۳، ۹۱، ۹۲،
۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۱۰، ۱۳۹، ۱۴۸، ۱۹۰، ۲۳۲،
۲۶۷، ۲۷۰، ۳۰۴، ۵۰۹، ۸۱۶، ۸۴۹،
۹۲۹، ۹۴۵
— مجلس شوریٰ ۱۰۹، ۷۲۶، ۷۲۷
— مجلس عمل ۴۱، ۷۹، ۱۱۲، ۱۵۰-۱۵۵،
۱۵۷، ۱۵۸، ۶۷۸
— میٹنگ ۱۰۵، ۱۰۷
خواب ۴۰، ۹۳، ۷۴۰، ۷۴۹، ۸۸۷، ۸۸۹
درود شریف ۴۲۲

Marfat.com

دعا برائے
— تعلیم ۳۱۲، ۳۱۷
— رہائی ۲۷۴
— شادی ۱۵
— شر سے حفاظت ۷، ۸، ۲۹، ۵۲، ۸۵، ۱۱۲،
۱۴۲، ۱۴۳، ۱۴۵، ۱۴۶، ۱۸۱، ۱۸۲، ۳۱۳،
۳۳۸، ۳۵۱، ۳۶۶، ۳۶۷، ۳۷۴، ۳۷۵،
۳۹۲، ۳۹۳، ۴۱۶، ۴۲۴، ۴۶۵، ۵۱۲،
۵۳۰، ۵۳۵، ۷۵۵، ۷۵۷، ۸۳۵، ۸۹۷،
۹۲۴، ۹۲۶
— شفائے کاملہ ۱۶، ۲۱، ۳۲، ۳۶، ۳۷، ۸۴،
۱۲۸، ۱۲۹، ۱۴۱، ۱۶۹، ۱۷۰، ۱۷۵، ۱۸۸،
۲۰۹، ۲۵۸، ۲۶۰، ۲۸۳، ۲۸۴، ۳۰۴، ۳۰۶،
۳۰۷، ۳۲۱، ۳۲۴، ۳۶۳، ۳۶۹، ۳۷۹،
۴۱۵، ۵۴۴، ۵۷۶، ۵۷۹، ۶۰۶، ۶۱۸،
۶۲۳، ۶۲۷، ۶۳۴، ۶۵۳، ۶۶۶، ۶۶۹،
۶۷۲، ۶۷۵، ۶۸۲، ۷۰۶، ۷۱۳، ۷۴۸،
۷۵۵، ۷۵۷، ۷۶۵، ۷۷۸، ۷۷۹،
۷۸۳، ۷۸۵، ۷۹۰، ۷۹۴، ۷۹۵، ۷۹۷،
۷۹۸، ۸۱۱، ۸۱۲، ۸۱۶–۸۲۰، ۸۹۹، ۹۱۳،
۹۲۳، ۹۳۹، ۹۴۷، ۹۵۱، ۹۵۴، ۹۵۵،
۹۵۸، ۹۷۴، ۹۹۰
— قرض سے نجات ۵۸، ۵۵۸
— کاروبار میں برکت ۱۳۸، ۹۰۲
— کامیابی ۲۷۳
— گمشدہ ۶۱۰، ۸۴۵، ۸۴۶
— مخالفین ۴۸
— مکان ۱۳، ۲۹۷، ۶۳۹
— ملازمت ۲۹۶، ۳۰۵
ڈرافٹ/چیک ۶۵، ۳۲۶، ۳۳۲، ۳۴۴،–
۳۴۶، ۳۴۹، ۳۵۱، ۳۶۹، ۳۷۵، ۴۰۰،
۴۰۵، ۴۰۷، ۶۳۴، ۶۳۵، ۷۲۴، ۸۵۳،
۹۳۴
ذکر
— اسم ذات ۶۵۷
— تلقینِ ذکر ۱۷۰، ۱۷۱، ۱۷۳، ۲۷۷، ۲۸۵،
۵۸۰، ۷۴۹، ۸۲۰، ۸۵۴، ۸۶۴، ۸۷۶
— جہر ۲۵۱
— خفی ۲۵۱
— قلبی ۵۸۴، ۶۰۱
ردقادیانیت ۲۳، ۸۴، ۹۹، ۱۰۰، ۱۰۲، ۱۰۷،
۱۵۱، ۱۵۲، ۵۸۵، ۵۹۳، ۱۰۳۲، ۱۰۳۳،
۱۰۳۵، ۱۰۳۶
رشتہ (مریدین) ۴۵۷، ۷۶۱، ۷۷۷
رمضان المبارک ۲۳، ۴۰، ۴۵، ۱۵۴، ۱۷۳،
۲۵۷، ۳۱۹، ۳۲۷، ۳۷۳، ۳۹۷، ۴۹۸،
۴۹۹، ۵۰۰، ۵۹۲، ۶۶۳، ۶۶۵، ۶۹۰،
۷۶۷، ۸۲۵، ۹۰۱، ۹۴۱، ۹۴۷
— اعتکاف ۴۸، ۳۹۹
— رویت ہلال ۶۶۱، ۹۴۹
ریٹائرمنٹ/پنشن: فضل محمود خاکوانی ۵۳۹،
۵۴۰، ۵۴۲، ۵۵۱
زکوٰۃ ۴۸، ۳۴۴، ۸۵۵، ۸۸۸
زمینداری ۳۲۵، ۳۲۶، ۳۲۷، ۳۳۱، ۳۴۴،
۳۴۶، ۳۵۱، ۳۶۶، ۳۶۸، ۳۷۳، ۳۷۹،
۳۸۶، ۴۰۷، ۴۱۷، ۵۳۰، ۵۴۳، ۵۴۸،


Marfat.com

۵۵۰،۵۹۱،۶۸۷،۷۱۵
زیارت مزارات ۲۳۶،۲۳۷
سفارش برائے
— بحالی ۴۵۵،۴۵۹،۵۱۹،۵۲۱،۵۳۵
— بھرتی ۳۴۱،۳۴۸،۳۵۶،۳۷۸،۳۸۸،
۴۰۱،۴۰۲،۴۱۳،۴۲۹،۴۳۷،۴۵۶،۴۵۸،
۴۶۰، ۴۶۶-۴۶۸، ۴۷۰، ۴۷۳، ۴۷۵،
۴۸۴، ۴۸۸، ۴۹۰، ۴۹۱، ۵۱۰، ۵۱۳، ۵۱۴،
۵۱۶ -۵۱۸ -۵۲۰، ۵۲۲، ۵۲۵، ۵۲۸،
۵۳۳
— تبادلہ ۳۵۳،۳۵۸،۳۵۹،۳۸۱،۳۹۸،
۴۳۱، ۴۳۶، ۴۴۵، ۴۴۸- ۴۵۰، ۴۶۳،
۴۷۴، ۴۸۱، ۴۹۸، ۵۰۰، ۵۰۱، ۵۰۴،
۵۰۶، ۵۰۹، ۵۱۵، ۵۲۷، ۵۳۱، ۵۳۲،
۵۳۴،۵۴۱
— ترقی ۵۴۵
— داخلہ تعلیم ۴۸۵
— رشتہ ۳۳۳
— سزا ۳۶۶
— مدد/ دادرسی ۲۶،۸۴،۱۰۶،۱۲۲،۳۲۸،
۳۳۷-۳۳۹،۳۴۴،۳۴۵،۳۶۰-۳۶۲،
۳۶۵،۳۷۲، ۳۷۷، ۳۸۵، ۴۰۷، ۴۱۴،
۴۲۰، ۴۲۲، ۴۲۳، ۴۳۰، ۴۳۳، ۴۳۸-
۴۴۰، ۴۴۲- ۴۴۴، ۴۴۶، ۴۴۷، ۴۴۹،
۴۵۳، ۴۵۴، ۴۶۱، ۴۶۴، ۴۷۱، ۴۷۲،
۴۷۷- ۴۸۰، ۴۸۲، ۴۸۳، ۴۸۹، ۴۹۲،
۴۹۳، ۴۹۵- ۴۹۷، ۴۹۹، ۵۰۲، ۵۰۳،
۵۰۷، ۵۰۸، ۵۰۹، ۵۱۱، ۵۲۱، ۵۲۳، ۵۲۴،
۵۲۶، ۵۲۹، ۵۳۰، ۵۳۶، ۵۳۷، ۵۴۴،
۵۴۶، ۵۵۲، ۷۲۰، ۸۳۳، ۸۴۴، ۸۶۶،
۸۷۲، ۸۷۳، ۹۶۶
— معافی ۱۳۲-۱۳۵، ۱۳۷، ۴۳۵، ۴۵۷،
۴۶۹، ۴۸۷، ۴۹۴
سیرت کانفرنس ۲۱۶
شادی (مریدین) ۱۲۵، ۱۳۰، ۲۵۲، ۳۵۶،
۳۷۶، ۵۴۷، ۷۷۶، ۸۳۱
شخصی تاثرات ۸۷، ۲۶۷، ۳۲۵، ۳۴۷،
۴۰۴، ۵۷۳، ۵۸۴، ۶۰۶
شریعت بل ۱۱۸
عالم اسلام کانفرنس ۱۵۲
عالمی حالات ۲۳، ۳۸۵، ۱۰۰۴، ۱۰۰۵
عقد ثانی حضرت خواجہ خان محمدؒ ۳۹۱، ۹۵۴
علماء کونسل اجلاس ۱۰۸
عمرہ (مریدین) ۴۰، ۵۸۲، ۶۶۴، ۶۷۱،
۶۷۶، ۷۰۸
فتویٰ ۵۳
فکرِ ولی اللہ ۱۶۳، ۱۰۳۰
قبلہ ثانی خواجہ محمد عبداللہ لدھیانوی قدس سرہٗ
— اسفار ۶۹۴-۶۹۷، ۷۰۰
— بیماری ۸۷۵
— وفات ۸۷۵
کلمات مبارکہ ۸۴، ۸۹، ۱۴۷، ۱۶۳، ۱۶۹،
۲۰۳، ۲۱۱، ۲۱۲، ۲۲۰، ۲۳۰، ۲۳۲، ۲۴۵،
۲۵۴، ۳۱۸، ۳۶۴، ۳۸۲، ۴۱۶، ۴۴۹،
۴۵۱، ۴۵۶، ۴۸۷، ۵۱۱، ۵۷۵، ۵۸۹،
۶۰۱، ۶۹۸، ۷۰۴، ۷۵۰، ۷۶۰، ۸۸۶۔

Marfat.com

۸۹۹، ۹۰۴، ۹۱۰، ۹۱۹، ۹۴۸، ۹۵۰
لائسنس ۳۴۸-۳۵۰، ۳۵۴، ۳۵۵، ۳۵۷،
۳۷۳، ۳۷۵، ۳۹۶، ۳۹۹، ۴۰۵، ۴۱۱
مجلس مشاورت علماء ۳۵۷
محبت شیخ ۵۷۵
مدارس دینیہ
— اجلاس ۱۱۵، ۱۱۷، ۱۱۹
— افتتاح ۷۲۸
— دعا ۳۰، ۵۰، ۱۱۴، ۱۱۷، ۱۱۹، ۱۲۱، ۱۶۶،
۱۸۱-۱۸۳، ۱۸۵، ۱۸۷، ۲۶۲، ۲۷۵، ۳۲۱،
۵۸۳، ۶۴۶، ۶۷۴، ۷۲۹، ۷۳۳، ۷۹۲،
۷۹۷، ۸۰۱، ۸۱۶، ۸۶۱، ۹۷۸
— مدد ۱۵۹-۱۶۱، ۳۷۱، ۵۹۵، ۵۹۶، ۸۶۵،
۹۸۱، ۹۸۴
— نام ۱۸۹، ۷۱۴
مدرسہ سعدیہ عربیہ ۹۳۶
مساجد
— دعا ۳۳، ۶۷۴، ۷۹۴، ۸۰۱، ۸۶۰، ۸۶۳،
۸۶۴
— مدد ۹۳۱
ملکی حالات ۳، ۳۵، ۸۳، ۱۰۵، ۱۰۸، ۱۱۰، ۱۱۹،
۲۱۸، ۲۶۱، ۲۷۳، ۳۳۴، ۳۴۲، ۳۴۶-
۳۴۸، ۳۵۲، ۳۷۳، ۴۰۰، ۴۲۵، ۴۲۸،
۴۳۴، ۴۳۷، ۴۴۱، ۵۴۴، ۵۹۳، ۶۵۷،
۶۶۰، ۶۶۷، ۷۴۷، ۷۶۵، ۱۰۲۶
منی آرڈر ۱۹۱، ۲۱۵، ۲۲۰، ۲۴۹، ۲۹۶، ۳۰۶،
۳۵۴، ۳۵۶، ۶۱۶، ۶۱۹، ۶۲۵، ۶۴۴،
۷۸۲، ۸۸۲، ۸۹۹، ۹۰۳
موئے مبارک نبی کریم ﷺ ۴۲۲
مہمان نوازی ۸۰، ۴۴۹
نقشبندیہ طریقہ ۲۵، ۴۷، ۹۶، ۲۸۱، ۲۸۷
نکاح (مریدین) ۹۴۳، ۹۸۹
واردات سرقہ ۷۰۴
وسیلۂ حضرات ۸۸۸
وظیفہ جات ۴۸، ۵۵، ۶۲، ۱۲۱، ۱۲۵، ۱۲۸،
۱۴۲، ۱۴۳، ۲۸۳، ۲۹۲، ۳۱۴، ۳۲۴، ۴۰۹،
۵۸۷، ۵۹۳، ۶۰۱، ۶۰۲، ۷۱۸، ۷۸۳،
۷۹۱، ۸۲۱، ۸۳۸، ۸۴۰، ۸۴۱، ۸۵۸،
۸۵۹، ۸۶۴، ۸۶۸، ۸۸۸، ۸۹۴، ۸۹۵،
۸۹۹، ۹۰۴، ۹۲۲، ۹۲۴-۹۲۶، ۹۵۸، ۹۶۴
وفاق المدارس
— اجتماع ۵۸۵
— نصاب ۹۹، ۱۰۰، ۱۹۰، ۱۰۳۵، ۱۰۳۶
وفیات ۲۱۴
ولادت ۱۲۱، ۲۰۸، ۲۵۵، ۳۴۷، ۶۱۱، ۷۵۴،
۷۵۸، ۹۱۸، ۹۱۹
ہدیہ ۱۴۱، ۲۹۸، ۳۰۴، ۳۶۲، ۳۶۶،
۳۶۷، ۳۶۹، ۳۹۶، ۴۱۴، ۴۱۸، ۴۱۹،
۴۲۵، ۴۲۶، ۴۴۹، ۵۰۰، ۵۳۵، ۵۳۹،
۵۴۳، ۵۵۰، ۵۵۳، ۵۵۴، ۸۹۱

Marfat.com

# محمد نذیر رانجھا نامه

نذیر، من تویی رانجھاے جانان        محمد ہستی و گوہر فشانان
دل تو مرکز مہر و محبت        زبان تو نشان پاک ایمان
نوشتی تذکرہ تاریخ نقشبند        بہ نقشبندی تویی پیوند خوبان
نسیم گلشن از تو گشتہ خوشبو        بہ شرح مثنوی داری دل و جان
اگر یعقوب چرخیؒ زندہ گشتی        تشکر می نمود احسنت گویان
اگر ابدالیہ خواہی بخوانی        بہ کوشش آمدہ تحقیق عرفان
نشان چرخی شیرازی ما        بہ فارسی آمدہ "تفسیر قرآن"
بہ انس و اُنس و دانش بستہ گشتی        "رسالہ اُنسیہ" شور نیستان
تصوف بر دل رانجھا رسیدہ        بہ چاپ و نشر آثارش سخندان
نوائے دلبری از گل شنیدم        ہمان گل آمد از سوئے گلستان
رسیدہ نور حق بر قلب رانجھا        محمد پاک دل چون ماہ تابان
بہ آبادی جلالش روح و رحمت        کہ زادگاہش بود در قلب انسان
اگر بحر الحقیقہ ترجمہ شد        صفائے زندگی را بستہ پیمان
سرِ کشور حسن خدائی        بہ مسجد دادہ او محراب رحمان
نماز و روزہ اش پیوند اللہ        صفات حضرت حق را ثنا خوان
بہ درگاہ خدا دست دعائش        بہ محراب و بہ مسجد در شبستان
طلوع زندگی در کار و کوشش        شود روشن ہمارہ قلب پژمان
امید ہر کسی آیندہ او        ہمین آیندہ گوید مہد نیکان
بہ اخلاق خوش و شیرین زبانی        چراغ روشن رانجھا درخشان
محبّ مردمان گردیدہ رانجھا        دما دم نغمہ ہائے خوش نوازان
شدم من ہم نشین رانجھائے گل        بہ گنج بخش کتاب و گنج احسان
سفر کردم بہ ہمراہش بہ گلزار        بہ گلزار خلیل و خانقاہان
الٰہی زندہ و پایندہ باشد        نذیر رانجھا امیر باغ و بستان

منم بندہ رہا خدمتگر علم
زبان فارسی را نغمہ خوانان

سرودۂ جناب آقائے دکتر محمد حسین تسبیحی
۱۳-شوال المعظم ۱۳۸۲ش/۳-جنوری ۲۰۰۴ء

Marfat.com

# دیگر مطبوعات

**مقاماتِ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد قدس سرہٗ** محمد نذیر رانجھا Rs. 600.

اِس کتاب میں حضرت خواجہ خان محمد قدس سرہٗ کی حیاتِ مبارکہ کے تمام پہلوذکر کیے گئے ہیں۔ آپؒ کی اولاد امجاد اور خلفائے عظام کے احوال بھی بیان کیے گئے ہیں۔ آپؒ کے محاسن، ملفوظات اور معمولاتِ مبارکہ بھی کتاب میں شامل ہیں، اور ساتھ ہی آپؒ کی کرامات بھی بیان کی گئی ہیں۔

**دُرّ المعارف** (ملفوظات حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ) محمد نذیر رانجھا Rs. 500.

یہ کتاب حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ اس میں ۱۲ ربیع الاوّل ۱۲۳۱ھ/ ۱۱ فروری ۱۸۱۶ء سے مسلسل یکم شوال ۱۲۳۱ھ/ ۲۵ اگست ۱۸۱۶ء تک کے ملفوظات جمع ہیں۔

**وسیلۃ القبول الی اللہ والرسولؐ** (مکتوبات حضرت نقشبند ثانیؒ) محمد نذیر رانجھا Rs. 600.

یہ حضرت محمد نقشبند ثانی قدس سرہٗ کے مکتوبات شریف کا مجموعہ ہے جو حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے منجھلے صاحبزادے ہیں۔ حضرت خواجہ محمد زبیرؒ کے ارشاد پر حضرت مولانا عماد الدینؒ نے ان کو جمع کر کے ''وسیلۃ القبول الی اللہ والرسولؐ'' کے تاریخی نام سے موسوم فرمایا۔

**حضرات کرام نقشبندیہؒ** حافظ نذیر احمد Rs. 550.

طریقہ عالیہ نقشبندیہ کی خصوصیات، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم سے لے کر حضرت خواجگان مولانا خان محمد رحمہ اللہ تک تمام شخصیات کے احوال و مناقب، مراقبات کی تفصیل، ختم خواجگان نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کے فضائل، شجرہ طیبہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ

**تحفۂ سعدیہ** مولانا محبوب الٰہیؒ Rs. 600.

بانیِ خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں، ضلع میانوالی: قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، قیومِ زماں، قطبِ دوراں، سیّدنا و مرشدنا حضرت مولانا ابوالسعد احمد خاں نقشبندی مجدّدی ادام اللہ فیوضہ کے احوال طیبہ واقوالِ متبرکہ

**کنز الہدایات** خواجہ محمد باقر لاہوریؒ، مترجم: محمد نذیر رانجھا Rs. 400.

رسالہ ''مبداء و معاد''، ''مکتوبات امام ربانیؒ'' اور ''مکتوبات معصومیہ'' (کے چھ دفتروں) سے سلوکِ نقشبندیہ مجددیہ کے منتشر معارف کو موضوعی اعتبار سے ''کنز الہدایات فی کشف البدایات والنہایات'' کے نام سے کتابی صورت میں جمع کیا گیا ہے۔

Marfat.com

**رسائل حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ** مترجم: محمد نذیر رانجھا Rs. 320.

پانچ رسائل کا اُردو ترجمہ مع فارسی متن: (۱) شرح اسماء الحسنٰی، (۲) حورائیہ، (۳) طریقہ ختم احزاب، (۴) ابدالیہ، (۵) اُنسیہ

---

**رسائل حضرت شاہ عبدالرحیم دہلویؒ** مترجم: محمد نذیر رانجھا Rs. 300.

رسائل: انفاس رحیمیہ، ارشاد رحیمیہ اور رسالہ شریفہ خواجہ خواجگان خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کا اُردو ترجمہ۔ حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمہ اللہ اور حضرت شاہ اہل اللہ دہلوی رحمہ اللہ کے حالات بھی کتاب میں موجود ہیں۔

---

**مکاتیب شریفہ حضرت شاہ عبدالرحیم دہلویؒ** مترجم: محمد نذیر رانجھا Rs. 650.

قدوۃ السالکین حضرت شاہ غلام علی دہلوی نوراللہ مرقدہٗ کے مکتوبات کا مجموعہ، جو للّٰہیت، حکمت، رشد و ہدایت اور بصیرت سے بھرپور اور سالکانِ طریقت و وارثانِ نبوت کے لیے عظیم خزانہ ہیں۔ حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ اور کتاب کے جامع و مرتب حضرت شاہ رؤف احمد مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے احوال و آثار بھی کتاب میں موجود ہیں۔

---

**میّا** محمد حامد سراج Rs. 240.

ماں کی یاد میں ایک لکھی گئی ایک ایسی کتاب جسے ہر بیٹے کو پڑھنا چاہیے۔

---

**آسان عربی گرامر** اُمّ انس Rs. 200.

اِس کتاب میں عربی گرامر کے زیادہ سے زیادہ قواعد کا اِختصار کے ساتھ احاطہ کیا گیا ہے، تاکہ طلبہ کو ایک مضبوط بنیاد میسر آ سکے۔ زیادہ تر مثالیں قرآن ہی سے لی گئی ہیں جس سے کتاب پڑھنے والے کا تعلق قرآن حکیم کے ساتھ مضبوط ہو سکتا ہے۔

---

**خواتین کے لیے رہنمائے حج وعمرہ** حافظہ زیتون حمید Rs. 300.

اِس کتاب میں حج وعمرہ کا طریقہ، احکام ومسائل کی تفصیل، مختلف مواقع کی دعائیں مع ترجمہ اور حج و عمرہ سے متعلق خواتین کے مسائلِ ضروریہ کو انتہائی عام فہم اور آسان انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

---

**تذکرۂ معاصرین** مالک رام Rs. 1500.

اِس کتاب میں ۱۹۶۷ء سے ۱۹۷۷ء کے عرصے میں وفات پانے والی ۲۱۹ شخصیات کا تذکرہ بیان کیا ہے۔ موجودہ ایڈیشن میں چاروں جلدوں کو ترتیبِ نو کے ساتھ ایک جلد میں پیش کیا گیا ہے۔

---

**اقبالیاتی مکاتیب بنام رفیع الدین ہاشمی** مرتب: ڈاکٹر خالد ندیم Rs. 360.

اس کتاب میں مشاہیر کے ایسے خطوط شامل ہیں، جن میں اقبالیات کے کسی نہ کسی موضوع پر گفتگو کی گئی ہے۔ یہ مجموعہ اس اعتبار سے یک سر مختلف ہے کہ کسی ایک موضوع (اقبالیات) پر اوّلین مجموعۂ مکاتیب ہے۔

Marfat.com

**عبارت کیسے لکھیں** — رشید حسن خاں — Rs. 220.

اِس کتاب کا مقصد طالب علموں کو اِملا کے بارے میں ضروری معلومات یک جا فراہم کرنا ہے تاکہ طالب علموں کی تحریر اُن خرابیوں سے محفوظ رہ سکے گی جن سے عبارت میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

---

**انشا اور تلفّظ** — رشید حسن خاں — Rs. 120.

اِس مختصر سی کتاب میں انشا اور تلفّظ سے متعلّق ضروری باتوں کو اِختصار کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ کتاب کے آخر میں اُن تمام الفاظ کا اشاریہ شامل کیا گیا ہے جن سے متعلّق کتاب میں بحث کی گئی ہے۔

---

**سلسلۂ نوشاہیہ کی اَدبی تاریخ** — ڈاکٹر محمد اصغر یزدانی — Rs. 600.

یہ برِصغیر میں تصوّف کے ایک اہم سلسلہ (قادریہ) نوشاہیہ کے ادیبوں، شاعروں اور مصنّفوں کے حالات اور تصانیف و آثار کے تعارف و تجزیہ پر مستقل بالذات تصنیف ہے۔

---

**جامی** — علی اصغر حکمت، مترجم: ڈاکٹر عارف نوشاہی — Rs. 950.

اِس کتاب میں فارسی شاعر مولانا عبدالرحمٰن جامی کے حالات اور تصانیف کا محققانہ جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ کتاب معاصر دَور میں جامی کے حالات پر ایک مستند مأخذ شمار ہوتی ہے۔

---

**آسان عروض اور نکاتِ شاعری** — سرور عالم راز سرور — Rs. 250.

اِس کتاب میں اصطلاحاتِ شعر، عروض کی بنیادی باتیں، تقطیع اور اس کے اصول، بحریں، صوتی قافیے، وغیرہ کے حوالے سے اہم قواعد اور نکات کو نہایت سادہ طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔

---

**تذکرۂ علما** — محمد حسین آزاد، تدوین: ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد — Rs. 200.

اس تذکرے کے فاضل مرتّب نے اس کی ترتیب میں کمالِ تحقیق سے جہاں یہ کھوج لگایا ہے کہ آزاد کے اس تذکرے کا اصل اور اہم ماخذ کیا ہے؟ اور آزاد نے اس سے کس حد تک استفادہ کیا ہے؟ اور اس کے دیگر مآخذ کون سے ہیں؟

---

**تصوف و منطق** — برٹرینڈ رسل، مترجم: پروفیسر محمد بشیر — Rs. 350.

نامور برطانوی فلسفی برٹرینڈ رسل کے مضامین میں ایک ایسا تہذیبی رویّہ ملتا ہے جس کے نمایاں پہلو گہری انسانی محبت، عمیق فکری دیانت، منصفانہ غیر جانبداری اور باوقار سکون ہیں۔

---

**تسخیرِ مسرّت** — برٹرینڈ رسل، مترجم: پروفیسر محمد بشیر — Rs. 220.

یہ کتاب نہ عالموں کے لیے ہے نہ اُن کے لیے جو عملی مسائل پر محض باتیں بناتے ہیں۔ کتاب میں کسی عمیق فلسفہ یا گہرے علم کا اظہار نہیں کیا گیا۔

Marfat.com

# صحائفِ مرشدیہ

(مکتوبات شریف خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد قدس سرہٗ)



تدوین و ترتیب:

**محمد نذیر رانجھا**

Marfat.com